سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ ﷺ

صحیح مُسلم

ابوالحسین مسلم بن الحجاج القشیری النیسابوری

(۲۰۴ھ-۲۶۱ھ)

اردو ترجمہ کے ساتھ

جلد پانزدہم 15

نور فاؤنڈیشن

نام کتاب : صحیح مسلم جلد پانزدہم (اردو ترجمہ کے ساتھ)۔

ایڈیشن اول : قادیان، انڈیا جنوری 2015ء

تعداد : 1000

ناشر : نظارت نشرواشاعت صدرانجمن احمدیہ قادیان،
ضلع گورداسپور، پنجاب-143516-انڈیا

مطبع : فضل عمر پرنٹنگ پریس قادیان

ISBN: 978-81-7912-195-X

SAHIH MUSLIM VOL 15

WITH URDU TRANSLATION

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیش لفظ

سید ولد آدم فخر المرسلین خاتم النبیّین رسول مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے بنی نوع انسان کے لئے بطور رہنما مبعوث کیا اور فرمایا:

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِمَنْ كَانَ يَرْجُو اللّٰهَ
وَالْيَوْمَ الْآخِرَ وَذَكَرَ اللّٰهَ كَثِيرًا (الاحزاب ۲۲)

یعنی یقیناً تمہارے لئے اللہ کے رسول میں نیک نمونہ ہے ہر اس شخص کے لئے جو اللہ اور یوم آخرت کی امید رکھتا ہے اور کثرت سے اللہ کو یاد کرتا ہے۔

نیز فرمایا:

مَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوا (الحشر:۸)

رسول جو تمہیں عطا کرے تو اسے لے لو اور جس سے تمہیں روکے اس سے رک جاؤ۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال کو جمع کر کے محدثین نے امت مسلمہ پر بہت بڑا احسان کیا ہے۔ بانئ سلسلہ عالیہ احمدیہ حضرت مرزا غلام احمد صاحب قادیانی مسیح موعود و مہدی معہود علیہ السلام فرماتے ہیں:

''قرآن شریف کی اور احادیث کی جو پیغمبر خدا سے ثابت ہیں اتباع کریں۔ ضعیف سے ضعیف حدیث بھی بشرطیکہ وہ قرآن شریف کے مخالف نہ ہو ہم واجب العمل سمجھتے ہیں اور بخاری اور مسلم کو بعد کتاب اللّٰہ اصحّ الکتب مانتے ہیں۔

(ملفوظات جلد ۴ صفحہ ۱۰۷، ۱۰۸)

نیز آپؑ نے احادیث کو پرکھنے کا یہ بہترین اصول پیش فرمایا ہے کہ:

''اگر ایک حدیث ضعیف درجہ کی بھی ہو بشرطیکہ وہ قرآن اور سنت اور ایسی احادیث کے مخالف نہیں جو قرآن کے موافق ہیں تو اس حدیث پر عمل کرو۔''

(روحانی خزائن جلد ۱۹، کشتی نوح، صفحہ نمبر ۶۴)

جو کتب صحاح ستہ میں شامل ہیں ان میں سے ایک صحیح مسلم ہے جسے حضرت امام مسلم نے جن کا پورا نام ابوالحسین مسلم بن الحجاج بن مسلم القشیری ہے جمع کیا۔ ان احادیث کے مختلف زبانوں میں تراجم بھی ہوئے۔ ہر مترجم نے اپنے اپنے علم اور فہم کے مطابق ترجمہ کرنے کی کوشش کی۔ اکثر ترجمے پرانی طرز کے ہیں جن کا سمجھنا عربی کا علم نہ رکھنے والوں اور مبتدیوں کے لئے آسان نہیں ہے۔

حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جماعت احمدیہ کی طرف سے احادیث کے تراجم کرنے کی غرض سے ''نور فاؤنڈیشن'' کا قیام فرمایا۔ حضور انور کے ارشاد کی تعمیل میں نور فاؤنڈیشن نے صحیح مسلم کا ترجمہ کر کے شائع کیا۔ اس ترجمہ میں حسب ضرورت حاشیہ میں ضروری نوٹ بھی دئے گئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس سلسلہ میں کام کرنے والوں کی خدمت کو قبول فرما کر ان کو اس دنیا اور اگلے جہاں میں احسن جزا عطا فرمائے۔ آمین

نظارت نشر و اشاعت قادیان حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ارشاد اور اجازت سے صحیح مسلم کے ان تراجم کو ہندوستان میں پہلی بار شائع کر رہی ہے۔ الحمدللہ

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہم سب کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد اور آپؐ کے عملی نمونہ کے مطابق اپنی زندگیاں گذارنے اور سنوارنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

والسلام

خاکسار

حافظ مخدوم شریف

ناظر نشر و اشاعت قادیان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقدّمہ

حضرت امام مسلم کا پورا نام ابوالحسین مسلم بن الحجاج بن مسلم القشیر ی تھا۔ابوالحسین آپ کی کنیت تھی اور عسا کرالدین لقب تھا۔آپ قبیلہ بنوقشیر سے تعلق رکھتے تھے جو عرب کا ایک مشہور خاندان تھا۔اور خراسان کا مشہور شہر نیشاپور آپ کا وطن تھا۔امام مسلم 204ھ میں پیدا ہوئے۔لیکن بعض علماءاور مؤرخین کی تحقیق یہ ہے کہ آپ کی ولادت 206ھ میں ہوئی۔آپ نے 24 رجب 261ھ کو 55 سال کی عمر میں نیشاپور میں وفات پائی اور وہیں آپ کی تدفین ہوئی۔آپ کی شہرۂ آفاق تالیف وتصنیف **صحیح مسلم** ہے جس کو بخاری کے بعد اصح الکتب کہا جاتا ہے۔جسے امام مسلم نے 3 لاکھ احادیث میں سے جانچ پڑتال کر کے تالیف کیا۔اور یہ احادیث ان کے مجوزہ معیار کے اعتبار سے مستند اور معتمد ہیں۔

صحیح مسلم کے ترجمہ کا عربی متن ہم اس کتاب سے لے رہے ہیں جو **دار الکتاب العربی** بیروت لبنان (طبع اولیٰ 2004) کے نسخہ کے مطابق ہے۔اس میں 7563 روایات ہیں۔مگر یہ بات ذہن نشین رہے کہ اس تعداد میں بعض جگہ صرف اسناد کی بحث ہے یا پھر ''مثلــــہ'' کہہ کر پچھلی حدیث کے ساتھ سند کے مضمون کو ملا دیا گیا ہے۔جبکہ ترقیم فؤادعبدالباقی کے مطابق **صحیح مسلم** کی احادیث کی تعداد 3033 بنتی ہے۔اس ترقیم میں بعض اوقات دو احادیث یا تین احادیث کے مضمون کو اکٹھا کر دیا گیا ہے۔

یہ مدنظر رہے کہ **صحیح مسلم** کے ابواب حضرت امام مسلمؒ کے تجویز کردہ نہیں ہیں جیسا کہ **صحیح مسلم** کے مشہور شارح حضرت امام نوویؒ کہتے ہیں:

''ان ابواب کا عنوان امام مسلم کا تجویز کردہ نہیں ہے۔بلکہ بعد کے لوگوں نے یہ عناوین مقرر کئے ہیں۔''

(المنہاج شرح مسلم صفحہ 23،24 دارابن حزم مطبع بیروت ایڈیشن 2002)

ترجمہ کرنا اور خصوصًا مذہبی کتب کا ترجمہ کرنا آسان کام نہیں۔کیونکہ مذہبی کتب کے ترجمہ میں جہاں متن

سے وفاداری کا خیال رکھنا پڑتا ہے وہاں عربی متن کا ایسا لفظی ترجمہ بھی درست نہیں ہوگا جو اصل مفہوم سے دور لے جائے۔ بڑی محنت اور جانفشانی سے ان باتوں کو مدنظر رکھ کر ترجمہ کیا جارہا ہے۔

اس وقت **صحیح مسلم** کے ترجمہ کا کام جاری ہے۔ جس کی پندرہویں جلد **صفة الجنة ونعیمها، کتاب الفتن وأشراط الساعة، کتاب الذهد والرقائق** اور **کتاب التفسیر** پر مشتمل ہے اور یہ صحیح مسلم کے اردو ترجمہ کی آخری جلد ہے۔ **الحمد للّٰہ علیٰ ذٰلک**

صحیح مسلم جلد پانزدہم میں ابواب کی ترقیم **دار الکتاب العربی بیروت الطبعة الاولیٰ** کے مطابق ہے۔ باب کے ساتھ 2 نمبرز ہیں۔ بریکٹ والا نمبر "**المعجم المفهرس**" کے مطابق ہے۔ بریکٹ سے باہر والا نمبر "**تحفة الاشراف للمزی**" کے مطابق ہے۔

اسی طرح ہر حدیث کے 3 نمبرز ہیں بریکٹ والا نمبر "**المعجم المفهرس للاحادیث**" کے مطابق ہے اور بریکٹ سے باہر والا نمبر نور فاؤنڈیشن کی قائم کردہ ترقیم کے مطابق ہے اور یہ نمبر مسلسل رہے گا۔ مثلاً جلد اول حدیث نمبر 1 سے 319 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد دوم حدیث نمبر 320 سے 799 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد سوم حدیث نمبر 800 سے 1384 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد چہارم حدیث نمبر 1385 سے 1778 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد پنجم حدیث نمبر 1779 سے 1997 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد ششم حدیث نمبر 1998 سے 2470 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد ہفتم حدیث نمبر 2471 سے 2765 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد ہشتم حدیث نمبر 2766 سے 3142 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد نہم حدیث نمبر 3143 سے 3374 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد دہم حدیث نمبر 3375 سے 3645 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد یازدہم حدیث نمبر 3646 سے 3959 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد دوازدہم حدیث نمبر 3960 سے 4374 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد سیزدہم حدیث نمبر 4375 سے 4766 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد چہاردہم حدیث نمبر 4767 سے 5034 تک کی احادیث پر مشتمل تھی اور جلد پانزدہم حدیث نمبر 5035 سے 5348 تک کی احادیث پر مشتمل ہے۔ ہر حدیث کے آخر پر جو نمبر دیا گیا ہے وہ **صحیح مسلم مطبوعه دار الکتاب العربی بیروت** کے مطابق ہے۔

جلد پانزدہم میں موجود ہر حدیث کی اطراف اورتخریج حاشیہ میں درج کی گئی ہے۔اطراف سے مراد یہ ہے کہ کوئی حدیث جومسلم میں موجود ہے وہ مسلم میں اور کہاں کہاں آتی ہے۔اسی طرح تخریج سے مراد یہ ہے کہ مسلم کے علاوہ وہ حدیث باقی صحاح میں کہاں کہاں موجود ہے۔ان احادیث کی اطراف اورتخریج کے ساتھ اس بات کی بھی وضاحت کر دی گئی ہے کہ کسی کتاب کی اندرونی تقسیم میں وہ حدیث کس نمبر،عنوان اور کتاب کے تحت آ رہی ہے۔مثلاً

مسلم جلد پانزدہم **کتاب الجنة وصفة نعيمها واهلها** کی روایت نمبر 5036 کے مضمون کی ایک اور روایت مسلم کی ہی کتاب کے **كتاب الجنة وصفة نعيمها واهلها** میں روایت نمبر 5037 **باب صفة الجنة** میں بھی موجود ہے جس کا ذکر اطراف میں کر دیا گیا ہے۔اسی طرح مسلم **كتاب الجنة وصفة نعيمها واهلها** کی حدیث نمبر 5036 بخاری میں **كتاب بدء الخلق** روایت نمبر 3244 **باب ماجاء في صفة الجنة وانها مخلوقة** میں بھی موجود ہے،جس کا ذکرتخریج میں کر دیا گیا ہے۔

مسلم کی احادیث کی اطراف کے لئے نور فاؤنڈیشن کے تجویز کردہ سیریل نمبر کو اختیار کیا گیا ہے اور **مسلم** کی احادیث کی تخریج کے لئے **بخاری** کی احادیث کے نمبر **فتح الباری** کی ترقیم کے مطابق ہیں۔ **ترمذی** کی احادیث کے نمبر **احمد شاکر** کی ترقیم کے مطابق ہیں۔**ابوداؤد** کی احادیث کے نمبر **محی الدین** کی ترقیم کے مطابق ہیں۔ **نسائی** کی احادیث کے نمبر **ابوغدة** کی ترقیم کے مطابق ہیں اور **سنن ابن ماجه** کی احادیث کے نمبر **عبدالباقی** کی ترقیم کے مطابق ہیں۔

مترجمین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فہرس

مضامین کا تفصیلی انڈیکس کتاب کے آخر پر ملاحظہ فرمائیں

عناوین

كتاب صفة الجنة ونعيمها وأهلها

كتاب الفتن واشراط الساعة

كتاب الزهد والرقائق

كتاب التفسير

بسم اللہ الرحمن الرحیم

كِتَاب: الْجَنَّةُ وَصِفَةُ نَعِيمِهَا وَأَهْلِهَا

کتاب: جنت اور اس کی نعمتوں اور اس کے اہل کا بیان

كِتَاب: صِفَةُ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ

کتاب: جنت اور آگ کے بارے میں بیان

[...]1: بَاب: صِفَةُ الْجَنَّةِ

باب: جنت کے بارہ میں بیان

5035{1} حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ قَعْنَبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ وَحُمَيْدٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُفَّتِ الْجَنَّةُ بِالْمَكَارِهِ وَحُفَّتِ النَّارُ بِالشَّهَوَاتِ و حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا شَبَابَةُ حَدَّثَنِي وَرْقَاءُ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ [7131,7130]

5035: حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جنت ناپسندیدہ باتوں سے گھری ہوئی ہے اور جہنم (نفسانی) خواہشات سے گھری ہوئی ہے۔☆

5036{2} حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَمْرٍو الْأَشْعَثِيُّ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا وَقَالَ سَعِيدٌ أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ

5036: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا اللہ عزّ وجل فرماتا ہے میں نے اپنے نیک بندوں کے لئے وہ کچھ تیار کیا ہے جسے نہ کسی آنکھ نے

5035 : تخریج : ترمذی :کتاب صفة الجنة باب ماجاء حفت الجنة بالمكاره 2559، 2560

5036 : اطراف: مسلم :کتاب الجنة وصفة نعيمها 5037 ، 5038، 5039

تخریج: بخاری : كتاب بدء الخلق باب ماجاء فی صفة الجنة وانها مخلوقة 3244 كتاب التفسير باب قوله فلا تعلم نفس ما اخفى لهم 4779 ،4780 كتاب التوحيد باب قول الله يريدون ان يبدلوا كلام الله 7498 **ترمذی** كتاب تفسير القرآن باب ومن سورة السجدة 3197 **ابن ماجه** كتاب الزهد باب صفة الجنة 4328

☆یعنی جنت کے حصول کے لئے بہت سی آزمائشوں، ابتلاؤں، جن کو انسان ناپسند کرتا ہے، ان میں سے گزرنا پڑتا ہے۔

أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ أَعْدَدْتُ لِعِبَادِيَ الصَّالِحِينَ مَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ وَلَا أُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلَى قَلْبِ بَشَرٍ مِصْدَاقُ ذَلِكَ فِي كِتَابِ اللَّهِ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَا أُخْفِيَ لَهُمْ مِنْ قُرَّةِ أَعْيُنٍ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ [7132]

دیکھا اور نہ کسی کان نے سنا اور نہ کسی انسان کے دل میں اس کا خیال گذرا۔ اللہ کی کتاب میں اس کی تصدیق یہ ہے: فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ ... (ترجمہ) پس کوئی ذی روح نہیں جانتا کہ ان کے لئے آنکھوں کی ٹھنڈک میں سے کیا کچھ چھپا کر رکھا گیا ہے اُس کی جزا کے طور پر جو وہ کیا کرتے تھے۔☆

5037{3} حَدَّثَنِي هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَيْلِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِي مَالِكٌ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ أَعْدَدْتُ لِعِبَادِيَ الصَّالِحِينَ مَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ وَلَا أُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلَى قَلْبِ بَشَرٍ ذُخْرًا بَلْهَ مَا أَطْلَعَكُمُ اللَّهُ عَلَيْهِ [7133]

5037: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا اللہ عزّ وجل فرماتا ہے میں نے اپنے صالح بندوں کے لئے ذخیرہ کے طور پر وہ کچھ تیار کیا ہے جسے نہ کسی آنکھ نے دیکھا اور نہ کسی کان نے سنا اور نہ کسی شخص کے دل میں اس کا خیال گذرا۔ اکتفا کرو اس پر جو اللہ نے تمہیں بتادیا ہے۔

5038{4} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ

5038: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ عزّ وجل فرماتا ہے میں نے اپنے نیک بندوں کے لئے ذخیرہ کے طور پر وہ کچھ تیار کیا ہے جسے نہ کسی آنکھ نے دیکھا اور نہ کسی

5037 : **اطراف: مسلم** :كتاب الجنة وصفة نعيمها 5036 ، 5038 ، 5039

تخريج: بخاری : كتاب بدء الخلق باب ماجاء فی صفة الجنة وانها مخلوقة 3244 كتاب التفسير باب قوله فلا تعلم نفس ما اخفى لهم 4779 ، 4780 كتاب التوحيد باب قول الله يريدون ان يبدلوا كلام الله 7498 **ترمذی** كتاب تفسير القرآن باب ومن سورة السجدة 3197 **ابن ماجه** كتاب الزهد باب صفة الجنة 4328

5038 : **اطراف: مسلم** :كتاب الجنة وصفة نعيمها 5036 ، 5037 ، 5039

تخريج: بخاری : كتاب بدء الخلق باب ماجاء فی صفة الجنة وانها مخلوقة 3244 كتاب التفسير باب قوله فلا تعلم نفس ما اخفى لهم 4779 ، 4780 كتاب التوحيد باب قول الله يريدون ان يبدلوا كلام الله 7498 **ترمذی** كتاب تفسير القرآن باب ومن سورة السجدة 3197 **ابن ماجه** كتاب الزهد باب صفة الجنة 4328

☆ **السجدة : 18**

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ أَعْدَدْتُ لِعِبَادِيَ الصَّالِحِينَ مَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ وَلَا أُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلَى قَلْبِ بَشَرٍ ذُخْرًا بَلْهَ مَا أَطْلَعَكُمُ اللَّهُ عَلَيْهِ ثُمَّ قَرَأَ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَا أُخْفِيَ لَهُمْ مِنْ قُرَّةِ أَعْيُنٍ [7134]

5039 {5} حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ وَهَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَيْلِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِي أَبُو صَخْرٍ أَنَّ أَبَا حَازِمٍ حَدَّثَهُ قَالَ سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ يَقُولُ شَهِدْتُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَجْلِسًا وَصَفَ فِيهِ الْجَنَّةَ حَتَّى انْتَهَى ثُمَّ قَالَ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي آخِرِ حَدِيثِهِ فِيهَا مَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ وَلَا أُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلَى قَلْبِ بَشَرٍ ثُمَّ اقْتَرَأَ هَذِهِ الْآيَةَ تَتَجَافَى جُنُوبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُونَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَطَمَعًا وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنْفِقُونَ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَا أُخْفِيَ لَهُمْ مِنْ قُرَّةِ أَعْيُنٍ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ [7135]

کان نے سنا اور نہ کسی شخص کے دل میں اس کا خیال گذرا۔ جو اللہ نے تمہیں بتا دیا اس پر اکتفا کرو اور یہ (آیت) پڑھی فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ[1]۔۔۔(ترجمہ) پس کوئی ذی روح نہیں جانتا کہ ان کے لئے آنکھوں کی ٹھنڈک میں سے کیا کچھ چھپا کر رکھا گیا ہے؟

5039: حضرت سہل بن سعد ساعدیؓ بیان کرتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کی ایک مجلس میں حاضر تھا جس میں آپؐ نے جنت کے بارے میں بیان کیا یہاں تک کہ آپؐ نے اپنی بات پوری کی اور آپ ﷺ نے اپنی گفتگو کے آخر میں فرمایا اس میں وہ کچھ ہے جو نہ کسی آنکھ نے دیکھا اور نہ کسی کان نے سنا اور نہ ہی کسی شخص کے دل میں اس کا خیال گذرا۔ پھر یہ آیت پڑھی تَتَجَافَى جُنُوبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ ....(ترجمہ): ان کے پہلو بستروں سے الگ ہو جاتے ہیں (جبکہ) وہ اپنے رب کو خوف اور طمع کی حالت میں پکار رہے ہوتے ہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو عطا کیا وہ اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔ پس کوئی ذی روح نہیں جانتا کہ ان کے لئے آنکھوں کی ٹھنڈک میں سے کیا کچھ چھپا کر رکھا گیا ہے اُس کی جزا کے طور پر جو وہ کیا کرتے تھے۔[2]

1:۔السجدة:18

2:۔السجدة:18,17

5039 : **اطراف**: **مسلم** كتاب الجنة وصفة نعيمها 5036 ، 5037، 5038، 5039

تخریج: **بخاری** : كتاب بدء الخلق باب ماجاء فی صفة الجنة وانها مخلوقة 3244 كتاب التفسير باب قوله فلا تعلم نفس ما اخفی لهم 4779، 4780 كتاب التوحيد باب قول الله يريدون ان يبدلوا كلام الله 7498 **ترمذی** كتاب تفسير القرآن باب ومن سورة السجدة 3197 **ابن ماجه** كتاب الزهد باب صفة الجنة 4328

[1]2: بَاب: إِنَّ فِي الْجَنَّةِ شَجَرَةً يَسِيرُ الرَّاكِبُ فِي ظِلِّهَا مِائَةَ عَامٍ لَا يَقْطَعُهَا

باب: جنت میں ایک ایسا درخت ہے جس کے سائے میں سوار سو 100 سال تک چلتا رہے گا لیکن وہ اس (فاصلے) کو طے نہ کر پائے گا

5040{6} حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ إِنَّ فِي الْجَنَّةِ لَشَجَرَةً يَسِيرُ الرَّاكِبُ فِي ظِلِّهَا مِائَةَ سَنَةٍ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا الْمُغِيرَةُ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحِزَامِيَّ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنْ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ وَزَادَ لَا يَقْطَعُهَا [7137,7136]

5040: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جنت میں ایک درخت ہے جس کے سائے میں سوار سو سال تک چلتا رہے گا۔ ایک روایت میں مزید ہے کہ **لَا يَقْطَعُهَا** یعنی وہ (سوار) اس (فاصلے) کو طے نہ کر پائے گا۔

5041{7} حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ أَخْبَرَنَا الْمَخْزُومِيُّ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ عَنْ أَبِي حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ فِي الْجَنَّةِ لَشَجَرَةً يَسِيرُ الرَّاكِبُ فِي ظِلِّهَا مِائَةَ عَامٍ لَا يَقْطَعُهَا [7138]

5041: حضرت سہل بن سعدؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جنت میں ایک درخت ہے جس کے سایہ میں سوار سو سال تک چلے گا وہ اسے طے نہ کر سکے گا۔

5040 :اطراف: مسلم باب ان فی الجنة شجرة يسير الراكب فی ظلها عام لا يقطعها 5041،5042
تخريج: بخاری كتاب بدء الخلق باب ما جاء فی صفة الجنة وانها مخلوقة 3251 ، 3252
كتاب التفسير باب قوله وظل ممدود 4881 كتاب الرقاق باب صفة الجنة والنار 6552 ، 6553 **ترمذی** كتاب صفة الجنة باب ما جاء فی صفة شجر الجنة 2523، 2524 **ابن ماجه** كتاب الزهد باب صفة الجنة 4335

5041 : اطراف : مسلم باب ان فی الجنة شجرة يسير الراكب فی ظلها عام لا يقطعها 5040، 5042
تخريج: بخاری كتاب بدء الخلق باب ما جاء فی صفة الجنة وانها مخلوقة 3251 ، 3252
كتاب التفسير باب قوله وظل ممدود 4881 كتاب الرقاق باب صفة الجنة والنار 6552 ، 6553 **ترمذی** كتاب صفة الجنة باب ما جاء فی صفة شجر الجنة 2523، 2524 **ابن ماجه** كتاب الزهد باب صفة الجنة 4335

5042{8} قَالَ أَبُو حَازِمٍ فَحَدَّثْتُ بِهِ النُّعْمَانَ بْنَ أَبِي عَيَّاشٍ الزُّرَقِيَّ فَقَالَ حَدَّثَنِي أَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ فِي الْجَنَّةِ شَجَرَةً يَسِيرُ الرَّاكِبُ الْجَوَادَ الْمُضَمَّرَ السَّرِيعَ مِائَةَ عَامٍ مَا يَقْطَعُهَا[7139]

5042: حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا جنت میں ایک درخت ہے۔ ایک نہایت عمدہ دوڑ کے لئے تیار کئے گئے تیز رفتار گھوڑے کا سوار (اس کے سائے کے نیچے) سو 100 سال چلے گا مگر اس کو طے نہ کر پائے گا۔

[2]3: بَاب إِحْلَالِ الرِّضْوَانِ عَلَى أَهْلِ الْجَنَّةِ فَلَا يَسْخَطُ عَلَيْهِمْ أَبَدًا

جنتیوں پر اللہ تعالیٰ کے خوشنودی نازل کرنے کا بیان اور (یہ کہ) پھر وہ ان سے کبھی ناراض نہ ہوگا

5043{9} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَهْمٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْمُبَارَكِ أَخْبَرَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ ح و حَدَّثَنِي هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَيْلِيُّ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِي مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ اللَّهَ يَقُولُ لِأَهْلِ الْجَنَّةِ يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ فَيَقُولُونَ لَبَّيْكَ رَبَّنَا وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ فِي يَدَيْكَ فَيَقُولُ هَلْ رَضِيتُمْ فَيَقُولُونَ وَمَا لَنَا لَا نَرْضَى يَا رَبِّ وَقَدْ أَعْطَيْتَنَا مَا لَمْ تُعْطِ

5043: حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ جنتیوں سے فرمائے گا اے جنت والو! وہ کہیں گے اے ہمارے رب ہم حاضر ہیں اور یہ ہماری خوش بختی ہے اور خیر تیرے ہاتھ میں ہے۔ وہ کہے گا کیا تم راضی ہو؟ وہ کہیں گے اے ہمارے رب ہم کیوں نہ راضی ہوں جبکہ تو نے ہمیں وہ دیا ہے جو اپنی مخلوق میں سے تو نے کسی کو نہیں دیا۔ اس پر وہ فرمائے گا کیا میں تمہیں اس سے افضل چیز نہ دوں وہ کہیں گے اے ہمارے رب! اس سے افضل چیز کونسی ہے ؟ وہ فرمائے گا میں تم پر اپنی

5042 : **اطراف** : **مسلم** باب ان فی الجنة شجرة يسير الراكب فى ظلها عام لا يقطعها 5040، 5041

تخريج: **بخاری** كتاب بدء الخلق باب ما جاء فى صفة الجنة وانها مخلوقة 3251، 3252

كتاب التفسير باب قوله وظل ممدود 4881 كتاب الرقاق باب صفة الجنة والنار 6552، 6553 **ترمذی** كتاب صفة الجنة باب ما جاء فی صفة شجر الجنة 2523، 2524 **ابن ماجه** كتاب الزهد باب صفة الجنة 4335

5043 : **تخريج**: **بخاری** كتاب الرقاق باب صفة الجنة والنار 6549 كتاب التوحيد باب كلام الرب مع اهل الجنة 7518 **ترمذی** كتاب صفة الجنة باب ماجاء فی رؤية الرب ...2555

أَحَدًا مِنْ خَلْقِكَ فَيَقُولُ أَلَا أُعْطِيكُمْ أَفْضَلَ مِنْ ذَلِكَ فَيَقُولُونَ يَا رَبِّ وَأَيُّ شَيْءٍ أَفْضَلُ مِنْ ذَلِكَ فَيَقُولُ أُحِلُّ عَلَيْكُمْ رِضْوَانِي فَلَا أَسْخَطُ عَلَيْكُمْ بَعْدَهُ أَبَدًا [7140]

رضا مندی نازل کرتا ہوں اور اس کے بعد میں کبھی تم سے ناراض نہیں ہوں گا۔

[3] 4: بَاب: تَرَائِي أَهْلِ الْجَنَّةِ أَهْلَ الْغُرَفِ كَمَا يُرَى الْكَوْكَبُ فِي السَّمَاءِ

باب: جنت والوں کا بالا خانے والوں کو ایسے دیکھنا جیسا کہ آسمان میں ستارے کو دیکھا جاتا ہے

5044{10} حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْقَارِيَّ عَنْ أَبِي حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ أَهْلَ الْجَنَّةِ لَيَتَرَاءَوْنَ الْغُرْفَةَ فِي الْجَنَّةِ كَمَا تَرَاءَوْنَ الْكَوْكَبَ فِي السَّمَاءِ قَالَ فَحَدَّثْتُ بِذَلِكَ النُّعْمَانَ بْنَ أَبِي عَيَّاشٍ فَقَالَ سَمِعْتُ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ يَقُولُ كَمَا تَرَاءَوْنَ الْكَوْكَبَ الدُّرِّيَّ فِي الْأُفُقِ الشَّرْقِيِّ أَوِ الْغَرْبِيِّ و حَدَّثَنَاه إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا الْمَخْزُومِيُّ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ عَنْ أَبِي حَازِمٍ بِالْإِسْنَادَيْنِ جَمِيعًا نَحْوَ حَدِيثِ يَعْقُوبَ [7143,7142,7141]

5044: حضرت سہل بن سعدؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یقیناً جنت والے جنت میں بالا خانہ کو اس طرح دیکھیں گے جیسے تم ستارہ آسمان میں دیکھتے ہو۔ اور حضرت ابوسعید خدریؓ اس بارے میں بیان کرتے ہیں کہ جس طرح تم روشن ستارے کو مشرقی یا مغربی افق میں دیکھتے ہو۔

5045{11} حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ يَحْيَى بْنِ خَالِدٍ حَدَّثَنَا مَعْنٌ حَدَّثَنَا مَالِكٌ ح و

5045: حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یقیناً جنت والے اپنے اوپر

5044: اطراف : مسلم کتاب الجنة وصفة نعيمها باب ترائى اهل الجنة اهل الغرف 5045

تخریج : بخاری کتاب بدء الخلق باب ما جاء فی صفة الجنة ... 3256 کتاب الرقاق باب صفة الجنة والنار 6555، 6556

5045: اطراف : مسلم کتاب الجنة وصفة نعيمها باب ترائى اهل الجنة اهل الغرف 5044 =

حَدَّثَنِي هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَيْلِيُّ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ أَهْلَ الْجَنَّةِ لَيَتَرَاءَوْنَ أَهْلَ الْغُرَفِ مِنْ فَوْقِهِمْ كَمَا تَتَرَاءَوْنَ الْكَوْكَبَ الدُّرِّيَّ الْغَابِرَ مِنَ الْأُفُقِ مِنَ الْمَشْرِقِ أَوِ الْمَغْرِبِ لِتَفَاضُلِ مَا بَيْنَهُمْ قَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ تِلْكَ مَنَازِلُ الْأَنْبِيَاءِ لَا يَبْلُغُهَا غَيْرُهُمْ قَالَ بَلَى وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ رِجَالٌ آمَنُوا بِاللَّهِ وَصَدَّقُوا الْمُرْسَلِينَ [7144]

بالا خانہ والوں کو ایسے دیکھیں گے جیسے تم دور اُفق میں چمکتا ہوا ستارہ مشرق میں یا مغرب میں دیکھتے ہو۔ یہ (فاصلہ) ان کے درمیان باہمی فضیلت کی وجہ سے ہے۔ انہوں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! یہ انبیاء کی منازل ہیں جن تک کوئی اور نہیں پہنچ سکتا۔ آپؐ نے فرمایا کیوں نہیں اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اس درجہ میں وہ لوگ (بھی) ہوں گے جو اللہ پر ایمان لائے اور انہوں نے رسولوں کی تصدیق کی۔

[4]5: بَاب: فِيمَنْ يَوَدُّ رُؤْيَةَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِأَهْلِهِ وَمَالِهِ

باب: اس شخص کے بارہ میں جو اپنے اہل اور اپنے مال کے بدلے نبی ﷺ کو دیکھنا چاہتا ہے

5046{12} حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ سُهَيْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مِنْ أَشَدِّ أُمَّتِي لِي حُبًّا نَاسٌ يَكُونُونَ بَعْدِي يَوَدُّ أَحَدُهُمْ لَوْ رَآنِي بِأَهْلِهِ وَمَالِهِ [7145]

5046: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میری امت میں سے مجھ سے شدید محبت کرنے والے وہ لوگ ہوں گے جو میرے بعد ہوں گے ان میں سے ہر ایک یہ چاہے گا اے کاش وہ اپنے اہل و عیال اور اپنے مال کے بدلے مجھے دیکھ لیتا۔

تخریج: بخاری کتاب بدء الخلق باب ما جاء فی صفة الجنة ... 3256 کتاب الرقاق باب صفة الجنة والنار 6555، 6556

[5]6:بَاب فِي سُوقِ الْجَنَّةِ وَمَا يَنَالُونَ فِيهَا مِنَ النَّعِيمِ وَالْجَمَالِ

جنت کے بازاراوراس میں جونعمت اورخوبصورتی وہ (اہل جنت) پائیں گے، کا بیان

5047 {13} حَدَّثَنَا أَبُو عُثْمَانَ سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ الْبَصْرِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ فِي الْجَنَّةِ لَسُوقًا يَأْتُونَهَا كُلَّ جُمُعَةٍ فَتَهُبُّ رِيحُ الشَّمَالِ فَتَحْثُو فِي وُجُوهِهِمْ وَثِيَابِهِمْ فَيَزْدَادُونَ حُسْنًا وَجَمَالًا فَيَرْجِعُونَ إِلَى أَهْلِيهِمْ وَقَدِ ازْدَادُوا حُسْنًا وَجَمَالًا فَيَقُولُ لَهُمْ أَهْلُوهُمْ وَاللَّهِ لَقَدِ ازْدَدْتُمْ بَعْدَنَا حُسْنًا وَجَمَالًا فَيَقُولُونَ وَأَنْتُمْ وَاللَّهِ لَقَدِ ازْدَدْتُمْ بَعْدَنَا حُسْنًا وَجَمَالًا [7145]

5047: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یقیناً جنت میں ایک بازار ہے جس میں وہ (اہل جنت) ہر جمعہ کو آئیں گے اور شمال کی ہوا چلے گی اوران کے چہروں اور کپڑوں پر گرد ڈالے گی تو وہ حسن و جمال میں بڑھ جائیں گے پھر وہ اپنے گھر والوں کی طرف لوٹیں گے اوران کا بھی حسن و جمال بڑھ چکا ہوگا تو ان سے ان کے گھر والے کہیں گے اللہ کی قسم تم ہمارے بعد حسن وجمال میں زیادہ ہوگئے ہو وہ کہیں گے اور اللہ کی قسم تم بھی ہماری غیر موجودگی میں حسن و جمال میں بڑھ گئے ہو۔

[6]7:بَاب:أَوَّلُ زُمْرَةٍ تَدْخُلُ الْجَنَّةَ عَلَى صُورَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ وَصِفَاتُهُمْ وَأَزْوَاجُهُمْ

باب: پہلا گروہ جنت میں چودھویں رات کے چاند کی شکل میں داخل ہوگا۔اُن کی صفات اوران کے ساتھی

5048 {14} حَدَّثَنِي عَمْرٌو النَّاقِدُ وَيَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ جَمِيعًا عَنِ ابْنِ عُلَيَّةَ وَاللَّفْظُ لِيَعْقُوبَ قَالَا حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ ابْنُ

5048: محمد (بن سیرین) بیان کرتے ہیں کہ لوگوں نے باہم فخر کیا یا باہم تذکرہ کیا کہ جنت میں مرد زیادہ ہوں گے یا عورتیں تو حضرت ابو ہریرہؓ نے کہا

5048 :اطراف: مسلم كتاب الجنة وصفة نعيمها باب اول زمرة تدخل...5049، 5050 باب فى صفات الجنة واهلها..5051
تخريج: بخارى كتاب بدء الخلق باب ما جاء فى صفة الجنة وانها مخلوقة 3245، 3246، 3254 كتاب احاديث الانبياء باب خلق آدم صلوات الله عليه وذريته 3327 **ترمذى** كتاب صفة الجنة باب فى صفة النساء ... 2533 باب ما جاء فى صفة اهل الجنة 2537

عُلَيَّةَ أَخْبَرَنَا أَيُّوبُ عَنْ مُحَمَّدٍ قَالَ إِمَّا تَفَاخَرُوا وَإِمَّا تَذَاكَرُوا الرِّجَالُ فِي الْجَنَّةِ أَكْثَرُ أَمِ النِّسَاءُ فَقَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ أَوَ لَمْ يَقُلْ أَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ أَوَّلَ زُمْرَةٍ تَدْخُلُ الْجَنَّةَ عَلَى صُورَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ وَالَّتِي تَلِيهَا عَلَى أَضْوَإِ كَوْكَبٍ دُرِّيٍّ فِي السَّمَاءِ لِكُلِّ امْرِئٍ مِنْهُمْ زَوْجَتَانِ اثْنَتَانِ يُرَى مُخُّ سُوقِهِمَا مِنْ وَرَاءِ اللَّحْمِ وَمَا فِي الْجَنَّةِ أَعْزَبُ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَيُّوبَ عَنِ ابْنِ سِيرِينَ قَالَ اخْتَصَمَ الرِّجَالُ وَالنِّسَاءُ أَيُّهُمْ فِي الْجَنَّةِ أَكْثَرُ فَسَأَلُوا أَبَا هُرَيْرَةَ فَقَالَ قَالَ أَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِيثِ ابْنِ عُلَيَّةَ [7148,7147]

کیا ابوالقاسم ﷺ نے نہیں فرمایا کہ پہلا گروہ جو جنت میں داخل ہوگا وہ چودھویں رات کے چاند کی شکل کا اور جو گروہ اس کے بعد جائے گا وہ آسمان کے سب سے روشن چمکنے والے ستارے کی مانند ہوگا ان میں سے ہر مرد کے لئے دو دو بیویاں ہوں گی جن کی پنڈلیوں (کی ہڈی) کا گودا گوشت میں سے نظر آ رہا ہوگا اور جنت میں کوئی کنوارا نہ ہوگا۔

ایک روایت میں (إِمَّا تَفَاخَرُوْا وَإِمَّا تَذَاكَرُواالرِّجَالُ فِي الْجَنَّةِ أَكْثَرُ أَمِ النِّسَآءُ فَقَالَ اَبُوْهُرَيْرَةَ اَوَ لَمْ يَقُلْ اَبُو الْقَاسِمِ ﷺ کی بجائے) اِخْتَصَمَ الرِّجَالُ وَالنِّسَآءُ اَيُّهُمْ فِي الْجَنَّةِ اَكْثَرُ فَسَأَلُوْا اَبَاهُرَيْرَةَ فَقَالَ قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ ﷺ کے الفاظ ہیں یعنی مردوں اور عورتوں نے بحث کی کہ ان میں سے جنت میں کون زیادہ ہوں گے۔

5049{15} وحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ يَعْنِي ابْنَ زِيَادٍ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ حَدَّثَنَا أَبُو زُرْعَةَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوَّلُ مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ ح و حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ

5049: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا پہلا گروہ جو جنت میں داخل ہوگا وہ چودھویں رات کے چاند کی شکل کا ہوگا اور جو اُن کے پیچھے ہوں گے وہ آسمان میں سب سے زیادہ چمکنے والے ستارے کی طرح ہوں گے انہیں نہ پیشاب کی حاجت ہوگی نہ (دوسری) ''طبعی حوائج''

5049 : اطراف: مسلم كتاب الجنة وصفة نعيمها باب اول زمرة تدخل... 5048،5050باب فی صفات الجنة واهلها..5051
تخريج : بخاری كتاب بدء الخلق باب ما جاء في صفة الجنة وانها مخلوقة 3245،3246،3254كتاب احاديث الانبياء باب خلق آدم صلوات الله عليه وذريته 3327 **ترمذی** كتاب صفة الجنة باب فی صفة النساء ... 2533 باب ما جاء فی صفة اهل الجنة 2537

وَاللَّفْظُ لِقُتَيْبَةَ قَالَا حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ عُمَارَةَ عَنْ أَبِي زُرْعَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ أَوَّلَ زُمْرَةٍ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ عَلَى صُورَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ وَالَّذِينَ يَلُونَهُمْ عَلَى أَشَدِّ كَوْكَبٍ دُرِّيٍّ فِي السَّمَاءِ إِضَاءَةً لَا يَبُولُونَ وَلَا يَتَغَوَّطُونَ وَلَا يَمْتَخِطُونَ وَلَا يَتْفُلُونَ أَمْشَاطُهُمُ الذَّهَبُ وَرَشْحُهُمُ الْمِسْكُ وَمَجَامِرُهُمُ الْأَلُوَّةُ وَأَزْوَاجُهُمُ الْحُورُ الْعِينُ أَخْلَاقُهُمْ عَلَى خُلُقِ رَجُلٍ وَاحِدٍ عَلَى صُورَةِ أَبِيهِمْ آدَمَ سِتُّونَ ذِرَاعًا فِي السَّمَاءِ[7149]

کی، اور نہ ناک صاف کرنے کی ضرورت ہوگی اور نہ تھوکنے کی، اور ان کی کنگھیاں سونے کی ہوں گی اور ان کا پسینہ مشک ہوگا اور ان کی انگیٹھیاں عود کی ہوں گی اور ان کی بیویاں بڑی بڑی سیاہ آنکھوں والی ہوں گی اور ان سب (جنتیوں) کے اخلاق ایک جیسے ہوں گے وہ اپنے باپ آدمؑ کی صورت پر ساٹھ ہاتھ قد کے ہوں گے۔

ایک روایت میں (اِنَّ اَوَّلَ زُمْرَةٍ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ کی بجائے) اَوَّلُ مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ کے الفاظ ہیں۔

5050{16} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوَّلُ زُمْرَةٍ تَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ أُمَّتِي عَلَى صُورَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ عَلَى أَشَدِّ نَجْمٍ فِي السَّمَاءِ إِضَاءَةً ثُمَّ هُمْ بَعْدَ ذَلِكَ مَنَازِلُ لَا يَتَغَوَّطُونَ وَلَا يَبُولُونَ وَلَا يَمْتَخِطُونَ وَلَا يَبْزُقُونَ أَمْشَاطُهُمُ الذَّهَبُ وَمَجَامِرُهُمُ الْأَلُوَّةُ وَرَشْحُهُمُ الْمِسْكُ أَخْلَاقُهُمْ عَلَى خُلُقِ رَجُلٍ وَاحِدٍ عَلَى طُولِ

5050: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا پہلا گروہ میری امت کا جو جنت میں داخل ہوگا وہ چودھویں رات کے چاند کی شکل کا ہوگا پھر وہ لوگ ان کے پیچھے آئیں گے وہ آسمان میں سب سے زیادہ روشن ستارہ کی شکل پر ہوں گے۔ پھر ان کے بعد وہ جن کے مختلف درجات ہوں گے ان (جنتیوں) کو نہ "طبعی حوائج" کی ضرورت ہوگی نہ پیشاب کی نہ ناک صاف کرنے کی نہ تھوکنے کی ان کی کنگھیاں سونے کی ہوں گی اور ان کی انگیٹھیاں عود کی ہوں گی اور ان کا پسینہ مشک ہوگا

5050 : **اطراف** : **مسلم** کتاب الجنة وصفة نعیمها باب اول زمرة تدخل... 5048، 5049 باب فی صفات الجنة واهلها.. 5051

تخریج : **بخاری** کتاب بدء الخلق باب ما جاء فی صفة الجنة وانها مخلوقة 3245، 3246، 3254 کتاب احادیث الانبیاء باب خلق آدم صلوات الله علیه وذریته 3327 **ترمذی** کتاب صفة الجنة باب فی صفة النساء ... 2533 باب ما جاء فی صفة اهل الجنة 2537

أَبِيهِمْ آدَمَ سِتُّونَ ذِرَاعًا قَالَ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ عَلَى خُلُقِ رَجُلٍ وَقَالَ أَبُو كُرَيْبٍ عَلَى خَلْقِ رَجُلٍ وَقَالَ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ عَلَى صُورَةِ أَبِيهِمْ [7150]

اور ان کے اخلاق ایک جیسے ہونگے اپنے باپ آدمؑ کے قد کے مطابق ساٹھ ہاتھ لمبے۔

ایک روایت میں (خُـلُق کی بجائے) خَـلْق کے الفاظ ہیں یعنی وہ سب خلقت میں ایک جیسے ہوں گے اور (عَلٰی طُوْلِ اَبِیْھِم کی بجائے) عَلٰی صُوْرَۃِ اَبِیْھِمْ کے الفاظ ہیں۔

[7] 8: بَاب: فِي صِفَاتِ الْجَنَّةِ وَأَهْلِهَا وَتَسْبِيحِهِمْ فِيهَا بُكْرَةً وَعَشِيًّا

باب: جنت اور اھل جنت کی صفات اور ان کا اس میں صبح شام تسبیح کرنا

5051{17} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ هَذَا مَا حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ أَحَادِيثَ مِنْهَا وَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوَّلُ زُمْرَةٍ تَلِجُ الْجَنَّةَ صُوَرُهُمْ عَلَى صُورَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ لَا يَبْصُقُونَ فِيهَا وَلَا يَمْتَخِطُونَ وَلَا يَتَغَوَّطُونَ فِيهَا آنِيَتُهُمْ وَأَمْشَاطُهُمْ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَمَجَامِرُهُمْ مِنَ الْأَلُوَّةِ وَرَشْحُهُمُ الْمِسْكُ وَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ زَوْجَتَانِ يُرَى مُخُّ سَاقِهِمَا مِنْ وَرَاءِ اللَّحْمِ مِنَ الْحُسْنِ لَا اخْتِلَافَ بَيْنَهُمْ وَلَا تَبَاغُضَ قُلُوبُهُمْ قَلْبٌ وَاحِدٌ يُسَبِّحُونَ اللَّهَ بُكْرَةً وَعَشِيًّا [7151]

5051: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ پہلا گروہ جنت میں داخل ہوگا ان کی صورتیں چودھویں رات کے چاند کی صورت پر ہوں گی انہیں تھوکنے کی حاجت نہ ہوگی نہ ناک صاف کرنے کی نہ ''حوائج ضروریہ'' کی۔ اس میں ان کے برتن اور ان کی کنگھیاں سونے اور چاندی کی ہوں گی اور ان کی انگیٹھیاں عود کی ہوں گی اور ان کا پسینہ مشک ہوگا ان میں سے ہر ایک کے لئے دو دو بیویاں ہوں گی جن کی پنڈلیوں (کی ہڈی) کا گودا ان کے حسن کی وجہ سے گوشت کے نیچے سے نظر آ رہا ہوگا۔ ان میں کوئی اختلاف نہ ہوگا نہ بغض ہوگا۔ ان کے دل ایک ہوں گے وہ صبح شام اللہ کی تسبیح کریں گے۔

5051 : اطراف: مسلم كتاب الجنة وصفة نعيمها باب اول زمرة تدخل... 5048، 5049 باب فى صفات الجنة واهلها..5050
تخريج: بخارى كتاب بدء الخلق باب ما جاء فى صفة الجنة وانها مخلوقة 3245، 3246، 3254 كتاب احاديث الانبياء باب خلق آدم صلوات الله عليه وذريته 3327 **ترمذى** كتاب صفة الجنة باب فى صفة النساء ... 2533 باب ما جاء فى صفة اهل الجنة 2537

5052{18} حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَاللَّفْظُ لِعُثْمَانَ قَالَ عُثْمَانُ حَدَّثَنَا و قَالَ إِسْحَقُ أَخْبَرَنَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي سُفْيَانَ عَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ أَهْلَ الْجَنَّةِ يَأْكُلُونَ فِيهَا وَيَشْرَبُونَ وَلَا يَتْفُلُونَ وَلَا يَبُولُونَ وَلَا يَتَغَوَّطُونَ وَلَا يَمْتَخِطُونَ قَالُوا فَمَا بَالُ الطَّعَامِ قَالَ جُشَاءٌ وَرَشْحٌ كَرَشْحِ الْمِسْكِ يُلْهَمُونَ التَّسْبِيحَ وَالتَّحْمِيدَ كَمَا تُلْهَمُونَ النَّفَسَ و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ إِلَى قَوْلِهِ كَرَشْحِ الْمِسْكِ [7152،7153]

5052: حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا یقیناً جنت والے اس میں کھائیں گے پئیں گے، مگر نہ تھوکیں گے اور نہ پیشاب کریں گے۔ نہ حوائج ضروریہ کی ضرورت ہوگی نہ ان کو ناک صاف کرنے کی حاجت ہوگی۔ انہوں نے کہا ان کے کھانے کا کیا بنے گا؟ آپؐ نے فرمایا ایک ڈکار ہوگی اور پسینہ مشک کی خوشبو کی طرح۔ تسبیح وتحمید کرنا ان کی فطرت میں رکھا جائے گا جس طرح سانس لینا تمہاری فطرت میں رکھا گیا ہے۔

5053{19} و حَدَّثَنِي الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ وَحَجَّاجُ بْنُ الشَّاعِرِ كِلَاهُمَا عَنْ أَبِي عَاصِمٍ قَالَ حَسَنٌ حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْكُلُ أَهْلُ الْجَنَّةِ فِيهَا وَيَشْرَبُونَ وَلَا يَتَغَوَّطُونَ وَلَا يَمْتَخِطُونَ وَلَا يَبُولُونَ وَلَكِنْ طَعَامُهُمْ ذَاكَ جُشَاءٌ كَرَشْحِ الْمِسْكِ

5053: حضرت جابرؓ بن عبد اللہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جنت والے اس میں کھائیں گے اور پئیں گے مگر ''حوائج ضروریہ'' کی ضرورت محسوس نہ ہوگی اور نہ انہیں ناک صاف کرنی پڑے گی لیکن ان کی غذا (کا نتیجہ) مشک کی خوشبو کی طرح ڈکار ہوگا۔ تسبیح وتحمید ان کی فطرت میں ودیعت کی جائے گی جس طرح تمہاری فطرت میں سانس لینا رکھا گیا ہے۔

5052: اطراف : **مسلم** كتاب الجنة وصفة نعيمها باب في صفات الجنة واهلها..5053

تخريج: **ابو داؤد** كتاب السنة باب في الشفاعة 4741 **ابن ماجه** كتاب الزهد باب صفة الجنة 4333

5053: اطراف : **مسلم** كتاب الجنة وصفة نعيمها باب في صفات الجنة واهلها..5052

تخريج: **ابو داؤد** كتاب السنة باب في الشفاعة 4741 **ابن ماجه** كتاب الزهد باب صفة الجنة 4333

يُلْهَمُونَ التَّسْبِيحَ وَالْحَمْدَ كَمَا تُلْهَمُونَ النَّفَسَ قَالَ وَفِي حَدِيثِ حَجَّاجٍ طَعَامُهُمْ ذَلِكَ{20}وحَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى الْأُمَوِيُّ حَدَّثَنِي أَبِي حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ وَيُلْهَمُونَ التَّسْبِيحَ وَالتَّكْبِيرَ كَمَا تُلْهَمُونَ النَّفَسَ [7155,7154]

ایک روایت میں (يُلْهَمُوْنَ التَّسْبِيْحَ وَالْحَمْدَ کی بجائے) يُلْهَمُوْنَ التَّسْبِيْحَ وَالتَّكْبِيْرَ کے الفاظ ہیں۔

[8]9: باب: فِي دَوَامِ نَعِيمِ أَهْلِ الْجَنَّةِ و قَوْلِهِ تَعَالَى وَنُودُوا أَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ أُورِثْتُمُوهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ

باب: اہل جنت کی نعمتوں کے دوام اور اللہ تعالیٰ کے اس قول کا بیان وَنُوْدُوْا اَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ☆ یعنی اور انہیں آواز دی جائے گی کہ یہ وہ جنت ہے جس کا تمہیں وارث ٹھہرایا گیا ہے بسبب اس کے جو تم عمل کرتے تھے

5054{21}حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَبِي رَافِعٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ يَنْعَمُ لَا يَبْأَسُ لَا تَبْلَى ثِيَابُهُ وَلَا يَفْنَى شَبَابُهُ [7156]

5054: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا جو شخص جنت میں داخل ہوگا خوشحال ہوگا بدحال نہ ہوگا۔ اس کے کپڑے بوسیدہ نہ ہوں گے اور نہ اس کی جوانی فنا ہوگی۔

☆ **الاعراف: 44**

5054: اطراف : مسلم كتاب الجنة وصفة نعيمها باب فى دوام نعيم اهل الجنة 5055

تخریج: ترمذی كتاب صفة الجنة باب ما جاء فى صفة ثبات اهل الجنة 2539

5055{22} حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ وَاللَّفْظُ لِإِسْحَقَ قَالَا أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ قَالَ الثَّوْرِيُّ فَحَدَّثَنِي أَبُو إِسْحَقَ أَنَّ الْأَغَرَّ حَدَّثَهُ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ وَأَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُنَادِي مُنَادٍ إِنَّ لَكُمْ أَنْ تَصِحُّوا فَلَا تَسْقَمُوا أَبَدًا وَإِنَّ لَكُمْ أَنْ تَحْيَوْا فَلَا تَمُوتُوا أَبَدًا وَإِنَّ لَكُمْ أَنْ تَشِبُّوا فَلَا تَهْرَمُوا أَبَدًا وَإِنَّ لَكُمْ أَنْ تَنْعَمُوا فَلَا تَبْأَسُوا أَبَدًا فَذَلِكَ قَوْلُهُ عَزَّ وَجَلَّ وَنُودُوا أَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ أُورِثْتُمُوهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ[7157]

5055: حضرت ابو سعید خدریؓ اور حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا ایک پکارنے والا پکارے گا تمہارے لئے یہ ہے کہ تم صحت مند رہو اور کبھی بیمار نہ ہو اور تمہارے لئے یہ بھی ہے کہ تم زندہ رہو اور کبھی نہ مرو اور تمہارے لئے یہ بھی ہے کہ تم جوان رہو اور کبھی بوڑھے نہ ہو اور تمہارے لئے یہ بھی ہے کہ تم خوشحال رہو اور کبھی بدحال نہ ہو اور یہ ہے خدائے بزرگ و برتر کا قول وَنُوْدُوْا اَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ (ترجمہ) اور انہیں آواز دی جائے گی کہ یہ وہ جنت ہے جس کا تمہیں وارث ٹھہرایا گیا ہے بسبب اس کے جو تم عمل کرتے تھے۔☆

[9]10: بَاب: فِي صِفَةِ خِيَامِ الْجَنَّةِ وَمَا لِلْمُؤْمِنِينَ فِيهَا مِنَ الْأَهْلِينَ

باب: جنت کے خیموں اور ان میں مومنوں کے لئے جو اہل و عیال ہوں گے ان کا بیان

5056{23} حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ عَنْ أَبِي قُدَامَةَ وَهُوَ الْحَارِثُ بْنُ عُبَيْدٍ عَنْ أَبِي عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

5056: ابو بکر بن عبد اللہ بن قیس اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا مومن کے لئے جنت میں ایک خیمہ ہوگا جو ایک خولدار موتی سے بنا ہوا ہوگا جس کی لمبائی ساٹھ میل ہوگی مومن کے

5055: اطراف : مسلم کتاب الجنة وصفة نعیمها باب فی دوام نعیم اهل الجنة 5054
تخریج: ترمذی کتاب صفة الجنة باب ما جاء فی صفة ثبات اهل الجنة 2539
5056 : اطراف : مسلم کتاب الجنة وصفة نعیمها باب فی صفة خیام الجنة وما للمؤمنین فیها من الاهلین 5057، 5058
تخریج: بخاری کتاب بدء الخلق باب ما جاء فی صفة الجنة وانها مخلوقة 3243 کتاب التفسیر باب حور مقصورات فی الخیام 4879 **ترمذی** کتاب صفة الجنة باب ما جاء فی صفة غرف الجنة 2528
☆ **الاعراف: 44**

وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ لِلْمُؤْمِنِ فِي الْجَنَّةِ لَخَيْمَةً مِنْ لُؤْلُؤَةٍ وَاحِدَةٍ مُجَوَّفَةٍ طُولُهَا سِتُّونَ مِيلًا لِلْمُؤْمِنِ فِيهَا أَهْلُونَ يَطُوفُ عَلَيْهِمُ الْمُؤْمِنُ فَلَا يَرَى بَعْضُهُمْ بَعْضًا[7158]

لئے اس میں اہل وعیال ہوں گے ۔مومن ان کے پاس جائے گا اور وہ (خیمہ کے مختلف حصوں میں رہنے والے) ایک دوسرے کونظر نہیں آئیں گے۔

5057{24} وحَدَّثَنِي أَبُو غَسَّانَ الْمِسْمَعِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ الصَّمَدِ حَدَّثَنَا أَبُو عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي الْجَنَّةِ خَيْمَةٌ مِنْ لُؤْلُؤَةٍ مُجَوَّفَةٍ عَرْضُهَا سِتُّونَ مِيلًا فِي كُلِّ زَاوِيَةٍ مِنْهَا أَهْلٌ مَا يَرَوْنَ الْآخَرِينَ يَطُوفُ عَلَيْهِمُ الْمُؤْمِنُ [7159]

5057: ابوبکر بن عبد اللہ بن قیس اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جنت میں ایک خیمہ ہوگا جو ایک خولدار موتی سے بنا ہوگا جس کی وسعت ساٹھ 60 میل ہوگی اس کے ہر کونے میں اہل (وعیال) ہوں گے وہ دوسروں کو نہیں دیکھیں گے، مومن ان پر چکر لگائے گا۔

5058{25} وحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَخْبَرَنَا هَمَّامٌ عَنْ أَبِي عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ أَبِي مُوسَى بْنِ قَيْسٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْخَيْمَةُ دُرَّةٌ طُولُهَا فِي السَّمَاءِ سِتُّونَ مِيلًا فِي كُلِّ زَاوِيَةٍ مِنْهَا أَهْلٌ لِلْمُؤْمِنِ لَا يَرَاهُمُ الْآخَرُونَ[7160]

5058: ابوبکر بن ابی موسیٰ بن قیس اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا خیمہ ایک موتی ہوگا جس کی اونچائی ساٹھ 60 میل ہوگی ۔اس کے ہر کونے میں مومن کے اہل ہوں گے جنہیں دوسرے دیکھ نہ سکیں گے۔

5057 : اطراف : **مسلم** كتاب الجنة وصفة نعيمها باب فى صفة خيام الجنة وما للمؤمنين فيها من الاهلين 5056، 5058

تخريج : بخارى كتاب بدء الخلق باب ما جاء فى صفة الجنة وانها مخلوقة 3243 كتاب التفسير باب حور مقصورات فى الخيام 4879 **ترمذى** كتاب صفة الجنة باب ما جاء فى صفة غرف الجنة 2528

5058 : اطراف : **مسلم** كتاب الجنة وصفة نعيمها باب فى صفة خيام الجنة وما للمؤمنين فيها من الاهلين 5056، 5057

تخريج: بخارى كتاب بدء الخلق باب ما جاء فى صفة الجنة وانها مخلوقة 3243 كتاب التفسير باب حور مقصورات فى الخيام 4879 **ترمذى** كتاب صفة الجنة باب ما جاء فى صفة غرف الجنة 2528

[10]11: بَاب: مَا فِي الدُّنْيَا مِنْ أَنْهَارِ الْجَنَّةِ

باب: جنت کی نہروں میں سے جو دنیا میں ہیں

5059{26} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ نُمَيْرٍ وَعَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ عَنْ خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَيْحَانُ وَجَيْحَانُ وَالْفُرَاتُ وَالنِّيلُ كُلٌّ مِنْ أَنْهَارِ الْجَنَّةِ [7161]

5059: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سَیحون اور جَیحون اور فرات اور نیل، یہ جنت کی نہروں میں سے ہیں۔

[11]12: بَاب: يَدْخُلُ الْجَنَّةَ أَقْوَامٌ أَفْئِدَتُهُمْ مِثْلُ أَفْئِدَةِ الطَّيْرِ

باب: جنت میں کچھ ایسے لوگ داخل ہوں گے جن کے دل پرندوں کے دلوں کی طرح ہوں گے

5060{27} حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ الشَّاعِرِ حَدَّثَنَا أَبُو النَّضْرِ هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ اللَّيْثِيُّ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ يَعْنِي ابْنَ سَعْدٍ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ أَقْوَامٌ أَفْئِدَتُهُمْ مِثْلُ أَفْئِدَةِ الطَّيْرِ [7162]

5060: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ جنت میں کچھ ایسے لوگ داخل ہوں گے جن کے دل پرندوں کے دلوں کی طرح ہوں گے۔

5061{28} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ هَذَا مَا حَدَّثَنَا بِهِ أَبُو هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ أَحَادِيثَ مِنْهَا وَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلَقَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ آدَمَ عَلَى صُورَتِهِ طُولُهُ سِتُّونَ ذِرَاعًا فَلَمَّا خَلَقَهُ قَالَ اذْهَبْ فَسَلِّمْ عَلَى أُولَئِكَ النَّفَرِ وَهُمْ نَفَرٌ مِنَ الْمَلَائِكَةِ جُلُوسٌ فَاسْتَمِعْ مَا يُجِيبُونَكَ فَإِنَّهَا تَحِيَّتُكَ وَتَحِيَّةُ ذُرِّيَّتِكَ قَالَ فَذَهَبَ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ فَقَالُوا السَّلَامُ عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللَّهِ قَالَ فَزَادُوهُ وَرَحْمَةُ اللَّهِ قَالَ فَكُلُّ مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ عَلَى صُورَةِ آدَمَ وَطُولُهُ سِتُّونَ ذِرَاعًا فَلَمْ يَزَلِ الْخَلْقُ يَنْقُصُ بَعْدَهُ حَتَّى الْآنَ [7163]

5061: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ بزرگ و برتر نے آدم کو اپنی صورت پر پیدا کیا۔ اس کا قد ساٹھ ہاتھ تھا۔ جب اس نے اسے پیدا کیا تو فرمایا جاؤ اور اس گروہ کو سلام کرو اور وہ فرشتوں کا گروہ تھا جو بیٹھا ہوا تھا اور سنو کہ وہ تمہیں کیا جواب دیتے ہیں کیونکہ وہی تیرا اور تیری ذریت کا سلام ہوگا۔ فرمایا وہ گئے اور کہا السلام علیکم۔ انہوں نے کہا السلام علیک ورحمۃ اللہ۔ انہوں نے اس کے لئے ورحمۃ اللہ کا اضافہ کیا۔ آپؐ نے فرمایا ہر وہ شخص جو جنت میں داخل ہوگا وہ آدم کی صورت پر داخل ہوگا اور اس کا قد ساٹھ ہاتھ ہوگا۔ اس کے بعد اب تک مخلوق چھوٹی ہوتی گئی۔

[12]13: بَاب: فِي شِدَّةِ حَرِّ نَارِ جَهَنَّمَ وَبُعْدِ قَعْرِهَا وَمَا تَأْخُذُ مِنَ الْمُعَذَّبِينَ

باب: جہنم کی آگ کی گرمی کی شدت اور اس کی گہرائی کا زیادہ ہونا اور عذاب دیئے جانے والوں میں سے جو وہ لے گی

5062{29} حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ حَدَّثَنَا أَبِي عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ خَالِدٍ الْكَاهِلِيِّ عَنْ شَقِيقٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُؤْتَى بِجَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ لَهَا سَبْعُونَ أَلْفَ زِمَامٍ مَعَ كُلِّ زِمَامٍ سَبْعُونَ أَلْفَ مَلَكٍ يَجُرُّونَهَا [7164]

5062: حضرت عبد اللہؓ (بن مسعود) سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اس دن جہنم کو لایا جائے گا اس کی ستر ہزار لگامیں ہوں گی ہر لگام کے ساتھ ستر ہزار فرشتے ہوں گے جو اسے کھینچ رہے ہوں گے۔

5061 :تخریج: بخاری کتاب احادیث الانبیاء باب خلق آدم صلوات اللہ علیہ 3326 کتاب الاستئذان باب بدء السلام 6227

5062 : تخریج: ترمذی کتاب صفة جهنم باب ماجاء فی صفة النار 2573

5063{30}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا الْمُغِيرَةُ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحِزَامِيَّ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَارُكُمْ هَذِهِ الَّتِي يُوقِدُ ابْنُ آدَمَ جُزْءٌ مِنْ سَبْعِينَ جُزْءًا مِنْ حَرِّ جَهَنَّمَ قَالُوا وَاللَّهِ إِنْ كَانَتْ لَكَافِيَةً يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ فَإِنَّهَا فُضِّلَتْ عَلَيْهَا بِتِسْعَةٍ وَسِتِّينَ جُزْءًا كُلُّهَا مِثْلُ حَرِّهَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِيثِ أَبِي الزِّنَادِ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ كُلُّهُنَّ مِثْلُ حَرِّهَا[7166,7165]

5063: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا تمہاری یہ آگ جسے ابن آدم جلاتا ہے جہنم کی گرمی کا سترواں[70] حصہ ہے۔لوگوں نے عرض کیا اللہ کی قسم یارسولؐ اللہ! یقیناً یہی کافی تھی۔آپؐ نے فرمایا وہ تو اس سے اُنہتر[69] حصے بڑھائی گئی ہے اور اس کا ہر حصہ اس جیسا گرم ہے۔

ایک روایت میں (كُلُّهَا مِثْلُ حَرِّهَا کی بجائے) كُلُّهُنَّ مِثْلُ حَرِّهَا کے الفاظ ہیں۔

5064{31} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ خَلِيفَةَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ كَيْسَانَ عَنْ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ سَمِعَ وَجْبَةً فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَدْرُونَ مَا هَذَا قَالَ قُلْنَا اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ قَالَ هَذَا حَجَرٌ رُمِيَ بِهِ فِي النَّارِ مُنْذُ سَبْعِينَ خَرِيفًا فَهُوَ يَهْوِي فِي النَّارِ الْآنَ حَتَّى انْتَهَى إِلَى قَعْرِهَا و حَدَّثَنَاه مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ قَالَا حَدَّثَنَا مَرْوَانُ عَنْ

5064: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے کہ آپؐ نے ایک آواز سُنی جیسے کوئی چیز گری ہو تو نبی ﷺ نے فرمایا تم جانتے ہو کہ یہ کیا ہے؟ وہ کہتے ہیں ہم نے عرض کیا اللہ اور اسکا رسولؐ بہتر جانتے ہیں۔آپؐ نے فرمایا یہ پتھر ہے اور آگ میں پھینکا گیا تھا،[70] ستر سال سے یہ جہنم میں گرتا چلا جارہا تھا، یہانتک کہ وہ اب اس کی تہہ میں پہنچا ہے۔

ایک اور روایت میں (اِنْتَهَى إِلَى قَعْرِهَا کی

5063 : تخریج: **بخاری** كتاب بدء الخلق باب صفة النار وانها مخلوقة 3265 **ترمذی** كتاب صفة جهنم باب ماجاء ان ناركم هذه جزء 2589 ، 2590

يَزِيدَ بْنِ كَيْسَانَ عَنْ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَقَالَ هَذَا وَقَعَ فِي أَسْفَلِهَا فَسَمِعْتُمْ وَجْبَتَهَا[7168,7167]

بجائے) هَـذَاوَقَـعَ فِـيْ أَسْـفَـلِهَا فَسَمِعْتُمْ وَجْبَتَهَا کے الفاظ ہیں یعنی وہ اب سب سے نیچے کی تہہ میں پہنچا ہے اور تم نے اس کے گرنے کی آواز سُنی ہے۔

5065{32} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَ قَالَ قَتَادَةُ سَمِعْتُ أَبَا نَضْرَةَ يُحَدِّثُ عَنْ سَمُرَةَ أَنَّهُ سَمِعَ نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ مِنْهُمْ مَنْ تَأْخُذُهُ النَّارُ إِلَى كَعْبَيْهِ وَمِنْهُمْ مَنْ تَأْخُذُهُ إِلَى حُجْزَتِهِ وَمِنْهُمْ مَنْ تَأْخُذُهُ إِلَى عُنُقِهِ[7169]

5065: حضرت سمرہؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے اللہ کے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ان (جہنمیوں) میں سے بعض ایسے ہوں گے جنہیں (آگ) ٹخنوں تک پکڑے گی اور ان میں سے بعض کو کمر تک پکڑے گی اور ان میں سے بعض ایسے ہوں گے جنہیں وہ ان کی گردن تک پکڑے گی۔

5066{33} حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ زُرَارَةَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ يَعْنِي ابْنَ عَطَاءٍ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا نَضْرَةَ يُحَدِّثُ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدَبٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مِنْهُمْ مَنْ تَأْخُذُهُ النَّارُ إِلَى كَعْبَيْهِ وَمِنْهُمْ مَنْ تَأْخُذُهُ النَّارُ إِلَى رُكْبَتَيْهِ وَمِنْهُمْ مَنْ تَأْخُذُهُ النَّارُ إِلَى حُجْزَتِهِ وَمِنْهُمْ مَنْ تَأْخُذُهُ النَّارُ إِلَى تَرْقُوَتِهِ حَدَّثَنَاه مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا رَوْحٌ حَدَّثَنَا سَعِيدٌ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَجَعَلَ مَكَانَ حُجْزَتِهِ حِقْوَيْهِ[7171,7170]

5066: حضرت سمرہؓ بن جندب سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا ان (جہنمیوں) میں سے بعض ایسے ہیں جنہیں آگ ٹخنوں تک پکڑے گی اور ان میں سے بعض ایسے ہیں جنہیں آگ گھٹنوں تک پکڑے گی اور ان میں سے بعض ایسے ہیں جنہیں آگ ان کی کمر تک پکڑے گی اور ان میں سے بعض ایسے ہوں گے جنہیں آگ ان کی ہنسلی تک پکڑے گی۔

ایک روایت میں حُجْزَتِهِ کی جگہ حِقْوَيْهِ ہے یعنی کمر۔

5065: اطراف : مسلم كتاب الجنةوصفة نعيمها باب فى حر نار جهنم 5066

5066: اطراف : مسلم كتاب الجنة وصفة نعيمها باب فى حر نار جهنم 5065

[13]14:بَاب: النَّارُ يَدْخُلُهَا الْجَبَّارُونَ وَالْجَنَّةُ يَدْخُلُهَا الضُّعَفَاءُ

باب: آگ میں جابر اور جنت میں کمزور داخل ہوں گے

5067{34} حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَّتِ النَّارُ وَالْجَنَّةُ فَقَالَتْ هَذِهِ يَدْخُلُنِي الْجَبَّارُونَ وَالْمُتَكَبِّرُونَ وَقَالَتْ هَذِهِ يَدْخُلُنِي الضُّعَفَاءُ وَالْمَسَاكِينُ فَقَالَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ لِهَذِهِ أَنْتِ عَذَابِي أُعَذِّبُ بِكِ مَنْ أَشَاءُ وَرُبَّمَا قَالَ أُصِيبُ بِكِ مَنْ أَشَاءُ وَقَالَ لِهَذِهِ أَنْتِ رَحْمَتِي أَرْحَمُ بِكِ مَنْ أَشَاءُ وَلِكُلِّ وَاحِدَةٍ مِنْكُمَا مِلْؤُهَا [7172]

5067: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا آگ اور جنت میں باہم تکرار ہوئی۔ اِس نے کہا مجھ میں جابر اور متکبر لوگ داخل ہوتے ہیں اور اُس نے کہا مجھ میں کمزور اور مساکین داخل ہوتے ہیں۔ اس پر اللہ بزرگ و برتر نے اس کو فرمایا تو میرا عذاب ہے میں تیرے ذریعہ سے جسے چاہتا ہوں عذاب دیتا ہوں — اور راوی نے کبھی (أُعَذِّبُ بِكِ مَنْ أَشَاءُ کی بجائے) أُصِيبُ بِكِ مَنْ أَشَاءُ کہا — اور اُسے فرمایا تو میری رحمت ہے میں تیرے ذریعہ جس پر چاہتا ہوں رحم کرتا ہوں تم دونوں میں سے ہر ایک کے لئے اتنا ہے جس سے وہ بھر جائے۔

5068{35} وحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا شَبَابَةُ حَدَّثَنِي وَرْقَاءُ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ

5068: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ آگ اور جنت میں بحث ہوئی۔ آگ

5067: اطراف : مسلم کتاب الجنةوصفة نعیمھا باب النار یدخلھا الجبارون 5068، 5069، 5070، 5071

تخریج : بخاری کتاب التفسیر باب قوله وتقول هل من مزيد 4850 كتاب التوحيد باب ماجاء في قول الله تعالى ان رحمت الله قريب من المحسنين 7449 **ترمذی** كتاب صفة الجنة باب ماجاء في احتجاج الجنة والنار 2561

5068 : اطراف : مسلم کتاب الجنةوصفة نعیمھا باب النار یدخلھا الجبارون 5067، 5069 ، 5070، 5071

تخریج: بخاری كتاب التفسير باب قوله وتقول هل من مزيد 4848، 4849، 4850 كتاب الايمان والنذور باب الحلف بعزة الله 6661 كتاب التوحيد باب ماجاء في قول الله تعالىٰ ان رحمت الله قريب من المحسنين 7449 باب ماجاء في قول الله تعالى وهو العزيز الحكيم 7384 **ترمذی** كتاب صفة الجنة باب ماجاء في خلود اهل الجنة 2557 باب ماجاء في احتجاج الجنة والنار 2561 كتاب التفسير باب ومن سورة ق 3272

عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَحَاجَّتِ النَّارُ وَالْجَنَّةُ فَقَالَتِ النَّارُ أُوثِرْتُ بِالْمُتَكَبِّرِينَ وَالْمُتَجَبِّرِينَ وَقَالَتْ الْجَنَّةُ فَمَا لِي لَا يَدْخُلُنِي إِلَّا ضُعَفَاءُ النَّاسِ وَسَقَطُهُمْ وَعَجَزُهُمْ فَقَالَ اللَّهُ لِلْجَنَّةِ أَنْتِ رَحْمَتِي أَرْحَمُ بِكِ مَنْ أَشَاءُ مِنْ عِبَادِي وَقَالَ لِلنَّارِ أَنْتِ عَذَابِي أُعَذِّبُ بِكِ مَنْ أَشَاءُ مِنْ عِبَادِي وَلِكُلِّ وَاحِدَةٍ مِنْكُمْ مِلْؤُهَا فَأَمَّا النَّارُ فَلَا تَمْتَلِئُ فَيَضَعُ قَدَمَهُ عَلَيْهَا فَتَقُولُ قَطْ قَطْ فَهُنَالِكَ تَمْتَلِئُ وَيُزْوَى بَعْضُهَا إِلَى بَعْضٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَوْنٍ الْهِلَالِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو سُفْيَانَ يَعْنِي مُحَمَّدَ بْنَ حُمَيْدٍ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنِ ابْنِ سِيرِينَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ احْتَجَّتِ الْجَنَّةُ وَالنَّارُ وَاقْتَصَّ الْحَدِيثَ بِمَعْنَى حَدِيثِ أَبِي الزِّنَادِ[7173]

نے کہا مجھے تکبر کرنے والوں اور جابر لوگوں کے ذریعہ ترجیح دی گئی ہے۔ جنت نے کہا تو مجھے کیا؟ مجھ میں تو کمزور حقیر سمجھے جانے والے اور عاجز لوگ داخل ہوتے ہیں۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے جنت سے فرمایا تو میری رحمت ہے میں اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہوں تیرے ذریعہ رحم کرتا ہوں اور آگ سے کہا تو میرا عذاب ہے میں اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہوں تیرے ذریعہ عذاب کرتا ہوں اور تم میں سے ہر ایک کے لئے اس قدر ہے جس سے وہ بھر جائے۔ جہاں تک آگ کا تعلق ہے وہ (پہلے تو) نہیں بھرے گی۔ پھر وہ (اللہ) اپنا قدم اس پر رکھے گا تو وہ کہے گی بس بس اس وقت وہ بھر جائے گی اور اس کا ایک حصہ دوسرے میں پیوست ہو رہا ہوگا۔

ایک روایت میں (تَحَاجَّتِ النَّارُ وَالْجَنَّةُ کی بجائے) اِحْتَجَّتِ الْجَنَّةُ وَالنَّارُ کے الفاظ ہیں۔

5069{36}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ هَذَا مَا حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ أَحَادِيثَ

5069: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جنت اور آگ نے بحث کی۔ آگ نے کہا مجھے تکبر کرنے والوں اور جابر لوگوں کے ذریعہ ترجیح دی گئی ہے۔ جنت نے کہا مجھے کیا؟

5069: اطراف : مسلم كتاب الجنةوصفة نعيمها باب النار يدخلها الجبارون 5067، 5068 ، 5070، 5071

تخريج: بخارى كتاب التفسير باب قوله وتقول هل من مزيد4848، 4849، 4850 كتاب الايمان والنذور باب الحلف بعزة الله 6661 كتاب التوحيد باب ماجاء فى قول الله تعالىٰ ان رحمت الله قريب من المحسنين7449 باب ماجاء فى قول الله تعالى وهو العزيز الحكيم 7384 **ترمذى** كتاب صفة الجنة باب ماجاء فى خلود اهل الجنة 2557 باب ماجاء فى احتجاج الجنة والنار 2561 كتاب التفسير باب ومن سورة ق 3272

مِنْهَا وَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَحَاجَّتِ الْجَنَّةُ وَالنَّارُ فَقَالَتِ النَّارُ أُوثِرْتُ بِالْمُتَكَبِّرِينَ وَالْمُتَجَبِّرِينَ وَقَالَتِ الْجَنَّةُ فَمَا لِي لَا يَدْخُلُنِي إِلَّا ضُعَفَاءُ النَّاسِ وَسَقَطُهُمْ وَغِرَّتُهُمْ قَالَ اللَّهُ لِلْجَنَّةِ إِنَّمَا أَنْتِ رَحْمَتِي أَرْحَمُ بِكِ مَنْ أَشَاءُ مِنْ عِبَادِي وَقَالَ لِلنَّارِ إِنَّمَا أَنْتِ عَذَابِي أُعَذِّبُ بِكِ مَنْ أَشَاءُ مِنْ عِبَادِي وَلِكُلٍّ وَاحِدَةٍ مِنْكُمَا مِلْؤُهَا فَأَمَّا النَّارُ فَلَا تَمْتَلِئُ حَتَّى يَضَعَ اللَّهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى رِجْلَهُ تَقُولُ قَطْ قَطْ فَهُنَالِكَ تَمْتَلِئُ وَيُزْوَى بَعْضُهَا إِلَى بَعْضٍ وَلَا يَظْلِمُ اللَّهُ مِنْ خَلْقِهِ أَحَدًا وَأَمَّا الْجَنَّةُ فَإِنَّ اللَّهَ يُنْشِئُ لَهَا خَلْقًا و حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَّتِ الْجَنَّةُ وَالنَّارُ فَذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ أَبِي هُرَيْرَةَ إِلَى قَوْلِهِ وَلِكِلَيْكُمَا عَلَيَّ مِلْؤُهَا وَلَمْ يَذْكُرْ مَا بَعْدَهُ مِنَ الزِّيَادَةِ [7176,7175,7174]

مجھ میں تو کمزور حقیر سمجھے جانے والے اور سادہ لوگ داخل ہوتے ہیں۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے جنت سے فرمایا تُو تو میری رحمت ہے میں اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہوں تیرے ذریعہ رحم کرتا ہوں اور آگ سے کہا تُو میرا عذاب ہے۔ میں اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتا ہوں تیرے ذریعہ عذاب دیتا ہوں اور تم میں سے ہر ایک کے لئے اس قدر ہے جس سے وہ بھر جائے ۔ہاں آگ پہلے تو نہیں بھرے گی یہاںتک کہ اللہ تبارک وتعالیٰ اپنا قدم رکھے گا تو وہ کہے گی بس بس تب وہ بھر جائے گی اور اس کا ایک حصہ دوسرے میں پیوست ہورہا ہوگا اور اللہ اپنی مخلوق میں سے کسی پر ظلم نہیں کرے گا جہاںتک جنت کا تعلق ہے اللہ اس کے لئے ایک (کثیر) مخلوق پیدا کرے گا۔

حضرت ابوسعید خدریؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جنت اور دوزخ نے باہم جھگڑا کیا۔ باقی روایت سابقہ روایت کی طرح ہے مگر اس روایت میں (وَلِكُلٍّ وَاحِدَةٍ مِنْكُمَا مِلْؤُهَا کی بجائے) وَلِكِلَيْكُمَا عَلَيَّ مِلْؤُهَا کے الفاظ ہیں۔ اس روایت میں اس کے بعد کے الفاظ نہیں ہیں۔

5070{37}حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ عَنْ قَتَادَةَ

5070:حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ اللہ کے نبی ﷺ نے فرمایا جہنم کہتی رہے گی کیا اور بھی

5070: اطراف : مسلم كتاب الجنةوصفة نعيمها باب النار يدخلها الجبارون 5067،5068، 5069،5071

تخريج : بخارى كتاب التفسير باب قوله وتقول هل من مزيد 4848،4849،4850 كتاب الايمان والنذور باب الحلف بعزة الله 6661كتاب التوحيد باب ماجاء فى قول الله تعالىٰ ان رحمت الله قريب من المحسنين7449 باب ماجاء فى قول الله تعالى وهو العزيز الحكيم 7384 **ترمذى** كتاب صفة الجنة باب ماجاء فى خلود اهل الجنة 2557 باب ماجاء فى احتجاج الجنة والنار 2561كتاب التفسير باب ومن سورة ق 3272

حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ أَنَّ نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَزَالُ جَهَنَّمُ تَقُولُ هَلْ مِنْ مَزِيدٍ حَتَّى يَضَعَ فِيهَا رَبُّ الْعِزَّةِ تَبَارَكَ وَتَعَالَى قَدَمَهُ فَتَقُولُ قَطْ قَطْ وَعِزَّتِكَ وَيُزْوَى بَعْضُهَا إِلَى بَعْضٍ وحَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ حَدَّثَنَا أَبَانُ بْنُ يَزِيدَ الْعَطَّارِ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ أَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَعْنَى حَدِيثِ شَيْبَانَ[7178,7177]

ہے؟ یہانتک کہ رب العزت تبارک وتعالیٰ اس میں اپنا قدم رکھے گا تو وہ کہے گی تیری عزّت کی قسم! بس بس۔ اور اس کا ایک حصہ دوسرے میں پیوست ہو رہا ہوگا۔

5071{38}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الرُّزِّيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ فِي قَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ يَوْمَ نَقُولُ لِجَهَنَّمَ هَلْ امْتَلَأْتِ وَجَلَّ يَوْمَ نَقُولُ لِجَهَنَّمَ هَلْ امْتَلَأْتِ وَتَقُولُ هَلْ مِنْ مَزِيدٍ فَأَخْبَرَنَا عَنْ سَعِيدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ لَا تَزَالُ جَهَنَّمُ يُلْقَى فِيهَا وَتَقُولُ هَلْ مِنْ مَزِيدٍ حَتَّى يَضَعَ رَبُّ الْعِزَّةِ فِيهَا قَدَمَهُ فَيَنْزَوِي بَعْضُهَا إِلَى بَعْضٍ وَتَقُولُ قَطْ قَطْ بِعِزَّتِكَ وَكَرَمِكَ وَلَا يَزَالُ فِي الْجَنَّةِ فَضْلٌ حَتَّى يُنْشِئَ اللَّهُ لَهَا خَلْقًا فَيُسْكِنَهُمْ فَضْلَ الْجَنَّةِ[7179]

5071: عبدالوہاب بن عطاء نے اللہ عزّ وجل کے قول يَوْمَ نَقُولُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امْتَلَأْتِ وَتَقُولُ هَلْ مِن مَّزِيدُ☆ کے بارہ میں بیان کیا کہ حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا جہنم میں مسلسل لوگ ڈالے جائیں گے اور وہ کہے گی کیا کوئی اور بھی ہے؟ یہانتک کہ رب العزت اس میں اپنا قدم رکھے گا تو اس کا ایک حصہ دوسرے میں گھسنے لگے گا اور وہ کہے گی بس بس تیری عزت واکرام کی قسم! اور جنت میں ہمیشہ وسعت رہے گی یہانتک کہ اللہ تعالیٰ اس کے لئے اور لوگ پیدا کردے گا اور وہ جنت کی اس وسیع جگہ میں اُنہیں ٹھہرائے گا۔

☆ ترجمہ: یاد کرو وہ دن جب ہم جہنم سے پوچھیں گے کیا تو بھر گئی ہے اور وہ جواب دے گی کیا کچھ اور بھی ہے۔ سورة ق : 31

5071 : **اطراف** : **مسلم** كتاب الجنةوصفة نعيمها باب النار يدخلها الجبارون 5067، 5068 ، 5069،5070

تخريج : **بخاری** كتاب التفسير باب قوله وتقول هل من مزيد 4848،4849،4850 كتاب الايمان والنذور باب الحلف بعزة الله 6661 كتاب التوحيد باب ماجاء في قول الله تعالیٰ ان رحمت الله قريب من المحسنين 7449 باب ماجاء في قول الله تعالى وهو العزيز الحكيم 7384 **ترمذی** كتاب صفة الجنة باب ماجاء في خلود اهل الجنة 2557 باب ماجاء في احتجاج الجنة والنار 2561 كتاب التفسير باب ومن سورة ق 3272

5072{39}حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ يَعْنِي ابْنَ سَلَمَةَ أَخْبَرَنَا ثَابِتٌ قَالَ سَمِعْتُ أَنَسًا يَقُولُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَبْقَى مِنَ الْجَنَّةِ مَا شَاءَ اللَّهُ أَنْ يَبْقَى ثُمَّ يُنْشِئُ اللَّهُ تَعَالَى لَهَا خَلْقًا مِمَّا يَشَاءُ[7180]

5072:حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا جنت میں جب تک اللہ چاہے گا جگہ باقی رہے گی اور اللہ تعالیٰ اس کے لئے اور مخلوق پیدا کرے گا جن میں سے وہ چاہے گا۔

5073{40}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ وَتَقَارَبَا فِي اللَّفْظِ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُجَاءُ بِالْمَوْتِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَأَنَّهُ كَبْشٌ أَمْلَحُ زَادَ أَبُو كُرَيْبٍ فَيُوقَفُ بَيْنَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ وَاتَّفَقَا فِي بَاقِي الْحَدِيثِ فَيُقَالُ يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ هَلْ تَعْرِفُونَ هَذَا فَيَشْرَئِبُّونَ وَيَنْظُرُونَ وَيَقُولُونَ نَعَمْ هَذَا الْمَوْتُ قَالَ وَيُقَالُ يَا أَهْلَ النَّارِ هَلْ تَعْرِفُونَ هَذَا قَالَ فَيَشْرَئِبُّونَ وَيَنْظُرُونَ وَيَقُولُونَ نَعَمْ هَذَا الْمَوْتُ قَالَ فَيُؤْمَرُ بِهِ فَيُذْبَحُ قَالَ ثُمَّ يُقَالُ يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ خُلُودٌ فَلَا مَوْتَ وَيَا أَهْلَ النَّارِ خُلُودٌ فَلَا مَوْتَ قَالَ ثُمَّ قَرَأَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ إِذْ قُضِيَ الْأَمْرُ وَهُمْ فِي

5073:حضرت ابوسعیدؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا قیامت کے دن موت لائی جائے گی گویا کہ وہ ایک سفید مینڈھا ہے——ابوکریب نے یہ بات زائد بیان کی ہے کہ اُسے جنت اور دوزخ کے درمیان کھڑا کیا جائے گا اور ان دونوں (ابوبکر بن ابی شیبہ اور ابوکریب) نے باقی روایت پر اتفاق کیا ہے ——پھر کہا جائے گا اے جنت والو! کیا تم اسے پہچانتے ہو؟ وہ اپنے سر اُٹھائیں گے اور دیکھیں گے اور کہیں گے ہاں یہ موت ہے۔آپؐ نے فرمایا پھر کہا جائے گا اے دوزخ والو! کیا تم اسے پہچانتے ہو؟ وہ اپنے سر اُٹھائیں گے اور دیکھیں گے اور کہیں گے ہاں یہ موت ہے۔آپؐ نے فرمایا پھر اس کے بارہ میں حکم دیا جائے گا تو اسے ذبح کیا جائے گا۔آپؐ نے فرمایا پھر کہا جائے گا اے جنت والو! ہمیشہ رہو تمہارے لئے کوئی موت نہیں ہے اور اے دوزخ والو! دیر تک رہتے چلے جاؤ، تمہارے لئے بھی کوئی موت نہیں۔

5072 : تخریج : بخاری کتاب التفسیر باب سورة ق 4850 کتاب التوحید باب قول اللہ تعالیٰ وھو العزیز الحکیم 7384

5073 :اطراف : مسلم کتاب الجنةوصفة نعیمھا باب النار یدخلھا الجبارون 5074، 5075

تخریج : بخاری کتاب التفسیر باب قولہ عزوجل وانذر ھم یوم الحسرة 4730 کتاب الرقاق باب یدخل الجنة سبعون الفا بغیر حساب 6544، 6545 باب صفة الجنة والنار 6548 **ترمذی** کتاب صفة الجنة باب ماجاء فی خلود اھل الجنة 2557 کتاب التفسیر باب ومن سورة مریم 3156

غَفْلَةٍ وَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ وَأَشَارَ بِيَدِهِ إِلَى الدُّنْيَا {41} حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أُدْخِلَ أَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ وَأَهْلُ النَّارِ النَّارَ قِيلَ يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ ثُمَّ ذَكَرَ بِمَعْنَى حَدِيثِ أَبِي مُعَاوِيَةَ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ فَذَلِكَ قَوْلُهُ عَزَّ وَجَلَّ وَلَمْ يَقُلْ ثُمَّ قَرَأَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَذْكُرْ أَيْضًا وَأَشَارَ بِيَدِهِ إِلَى الدُّنْيَا [7182,7181]

وہ کہتے ہیں پھر رسول اللہ ﷺ نے آیت تلاوت فرمائی وَأَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ إِذْ قُضِيَ الْأَمْرُ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ وَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ (ترجمہ) اور انہیں (اس) حسرت کے دن سے ڈرا جب فیصلہ چکا دیا جائے گا۔ حال یہ ہے کہ وہ غفلت میں ہیں اور وہ ایمان نہیں لاتے☆ اور آپؐ نے اپنے ہاتھ سے دنیا کی طرف اشارہ فرمایا۔ ایک روایت میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب جنت والے جنت میں اور آگ والے آگ میں داخل کئے جائیں گے تو کہا جائے گا اے جنت والو!... باقی روایت پہلی روایت کی طرح ہے اس روایت میں (ثُمَّ قَرَأَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ کی بجائے) قَالَ فَذَلِكَ قَوْلُهُ عَزَّ وَجَلَّ کے الفاظ ہیں۔ اس روایت میں أَشَارَ بِيَدِهِ إِلَى الدُّنْيَا کے الفاظ نہیں ہیں۔

5074 {42} حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ عَبْدٌ أَخْبَرَنِي و قَالَ الْآخَرَانِ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ وَهُوَ ابْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ صَالِحٍ حَدَّثَنَا نَافِعٌ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ قَالَ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُدْخِلُ اللَّهُ أَهْلَ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ وَيُدْخِلُ أَهْلَ النَّارِ النَّارَ ثُمَّ يَقُومُ

5074: حضرت عبد اللہ (بن عمرؓ) بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ جنت والوں کو جنت میں داخل کرے گا اور دوزخ والوں کو دوزخ میں داخل کرے گا۔ پھر ان کے درمیان ایک اعلان کرنے والا کھڑا ہوگا اور کہے گا اے جنت والو! کوئی موت نہیں اور اے دوزخ والو! کوئی موت نہیں ہر ایک جس میں وہ ہے اسی میں رہتا چلا جائے گا۔

5074: اطراف : مسلم کتاب الجنةوصفة نعیمها باب النار یدخلها الجبارون 5073، 5075

تخريج : بخاری کتاب التفسیر باب قوله عزوجل وانذر هم یوم الحسرة 4730 کتاب الرقاق باب یدخل الجنة سبعون الفا بغیر حساب 6544،6545باب صفة الجنة والنار 6548 **ترمذی** کتاب صفة الجنة باب ماجاء فی خلود اهل الجنة2557کتاب التفسیر باب ومن سورة مریم 3156

☆**مریم : 40**

مُؤَذِّنٌ بَيْنَهُمْ فَيَقُولُ يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ لَا مَوْتَ وَيَا أَهْلَ النَّارِ لَا مَوْتَ كُلٌّ خَالِدٌ فِيمَا هُوَ فِيهِ [7183]

5075{43} حَدَّثَنِي هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَيْلِيُّ وَحَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ أَنَّ أَبَاهُ حَدَّثَهُ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا صَارَ أَهْلُ الْجَنَّةِ إِلَى الْجَنَّةِ وَصَارَ أَهْلُ النَّارِ إِلَى النَّارِ أُتِيَ بِالْمَوْتِ حَتَّى يُجْعَلَ بَيْنَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ ثُمَّ يُذْبَحُ ثُمَّ يُنَادِي مُنَادٍ يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ لَا مَوْتَ وَيَا أَهْلَ النَّارِ لَا مَوْتَ فَيَزْدَادُ أَهْلُ الْجَنَّةِ فَرَحًا إِلَى فَرَحِهِمْ وَيَزْدَادُ أَهْلُ النَّارِ حُزْنًا إِلَى حُزْنِهِمْ [7184]

5075: حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب جنت والے جنت میں چلے جائیں گے اور دوزخ والے دوزخ میں چلے جائیں گے تو موت کو لایا جائے گا یہاںتک کہ اسے جنت اور دوزخ کے درمیان رکھا جائے گا۔ پھر اُسے ذبح کیا جائے گا پھر ایک اعلان کرنے والا اعلان کرے گا اے جنت والو! کوئی موت نہیں اور اے دوزخ والو! کوئی موت نہیں جنت والوں کو ان کی خوشی پر خوشی حاصل ہوگی اور دوزخیوں کو ان کے غم پر غم ملے گا۔

5076{44} حَدَّثَنِي سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ عَنْ هَارُونَ بْنِ سَعْدٍ عَنْ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضِرْسُ الْكَافِرِ أَوْ نَابُ الْكَافِرِ مِثْلُ أُحُدٍ وَغِلَظُ جِلْدِهِ مَسِيرَةُ ثَلَاثٍ [7185]

5076: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کافر کی داڑھ یا (فرمایا) کافر کی کچلی اُحد (پہاڑ) کے برابر ہے اور اس کی کھال کی موٹائی تین دن کی مسافت ہے۔

5075: اطراف : **مسلم** کتاب الجنةوصفة نعیمھا باب النار یدخلھا الجبارون 5073، 5074

تخریج : **بخاری** کتاب التفسیر باب قولہ عزوجل وانذر ھم یوم الحسرة 4730 کتاب الرقاق باب یدخل الجنة سبعون الفا بغیر حساب 6544، 6545 باب صفة الجنة والنار 6548 **ترمذی** کتاب صفة الجنة باب ماجاء فی خلود اھل الجنة 2557 کتاب التفسیر باب ومن سورة مریم 3156

5076 : **تخریج**: **ترمذی** کتاب صفة جھنم باب ماجاء فی عظم اھل النار 2577، 2578، 2579

5077{45}حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ وَأَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ الْوَكِيعِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ يَرْفَعُهُ قَالَ مَا بَيْنَ مَنْكِبَيْ الْكَافِرِ فِي النَّارِ مَسِيرَةُ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ لِلرَّاكِبِ الْمُسْرِعِ وَلَمْ يَذْكُرِ الْوَكِيعِيُّ فِي النَّارِ[7186]

5077: حضرت ابو ہریرہؓ مرفوعًا روایت کرتے ہیں فرمایا کہ آگ میں کافر کے کندھوں کا درمیانی فاصلہ تیز گھڑ سوار کی تین دن کی مسافت ہوگا۔
ایک روایت میں ''فِی النَّارِ'' کے الفاظ نہیں۔

5078{46}حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنِي مَعْبَدُ بْنُ خَالِدٍ أَنَّهُ سَمِعَ حَارِثَةَ بْنَ وَهْبٍ أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِأَهْلِ الْجَنَّةِ قَالُوا بَلَى قَالَ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ ضَعِيفٍ مُتَضَعِّفٍ لَوْ أَقْسَمَ عَلَى اللَّهِ لَأَبَرَّهُ ثُمَّ قَالَ أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِأَهْلِ النَّارِ قَالُوا بَلَى قَالَ كُلُّ عُتُلٍّ جَوَّاظٍ مُسْتَكْبِرٍ و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ بِهَذَا الْإِسْنَادِ بِمِثْلِهِ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ أَلَا أَدُلُّكُمْ[7188,7187]

5078: حضرت حارثہ بن وہبؓ نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سُنا کہ کیا میں تمہیں جنت والوں کے بارہ میں نہ بتاؤں۔ انہوں نے کہا ضرور۔ آپ ﷺ نے فرمایا ہر کمزور جسے لوگ کمزور سمجھتے ہیں اگر وہ اللہ پر قسم کھائے تو وہ اسے ضرور پوری کرتا ہے۔ پھر آپؐ نے فرمایا کیا میں تمہیں دوزخ والوں کے بارہ میں نہ بتاؤں۔ انہوں نے کہا کیوں نہیں۔ آپؐ نے فرمایا ہر بدلگام، سرکش اور تکبر کرنے والا۔
ایک روایت میں (أَلَا أُخْبِرُكُمْ کی بجائے) أَلَا أَدُلُّكُمْ کے الفاظ ہیں۔

5079{47} وحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مَعْبَدِ بْنِ

5079: حضرت حارثہ بن وہبؓ الخزاعی بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کیا میں تمہیں جنت

5077 : تخريج: بخارى كتاب الرقاق باب صفة الجنة والنار 6551

5078: اطراف : مسلم كتاب الجنةوصفة نعيمها باب النار يدخلها الجبارون5079، 5080

تخريج: بخارى كتاب التفسير باب عتل بعد ذلک زنيم 4918كتاب الادب باب الكبر 6071كتاب الايمان والنذور باب قول الله واقسموا بالله جهد ايمانهم 6657 ترمذى كتاب صفة جهنم باب ما جاء ان اكثر اهل النار النساء 2605**ابن ماجه** كتاب الزهد باب من لا يؤبه له 4115،4116

5079: اطراف : مسلم كتاب الجنةوصفة نعيمها باب النار يدخلها الجبارون5078، 5080

تخريج: بخارى كتاب التفسير باب عتل بعد ذلک زنيم 4918كتاب الادب باب الكبر 6071كتاب الايمان والنذور باب قول الله واقسموا بالله جهد ايمانهم 6657 ترمذى كتاب صفة جهنم باب ما جاء ان اكثر اهل النار النساء 2605**ابن ماجه** كتاب الزهد باب من لا يؤبه له 4115،4116

خَالِدٍ قَالَ سَمِعْتُ حَارِثَةَ بْنَ وَهْبٍ الْخُزَاعِيَّ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِأَهْلِ الْجَنَّةِ كُلُّ ضَعِيفٍ مُتَضَعِّفٍ لَوْ أَقْسَمَ عَلَى اللَّهِ لَأَبَرَّهُ أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِأَهْلِ النَّارِ كُلُّ جَوَّاظٍ زَنِيمٍ مُتَكَبِّرٍ [7189]

والوں کے بارہ میں نہ بتاؤں؟ ہر عاجز، منکسر المزاج، اگر وہ اللہ کی قسم کھائے تو وہ اسے ضرور پوری کرتا ہے۔ کیا میں تمہیں دوزخ والوں کے بارہ میں نہ بتاؤں؟ ہر سرکش، ولدحرام، متکبر۔

5080{48} حَدَّثَنِي سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنِي حَفْصُ بْنُ مَيْسَرَةَ عَنْ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رُبَّ أَشْعَثَ مَدْفُوعٍ بِالْأَبْوَابِ لَوْ أَقْسَمَ عَلَى اللَّهِ لَأَبَرَّهُ [7190]

5080: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ کتنے ہی پراگندہ بالوں والے، جنہیں دروازوں سے دھکّے دیئے جاتے ہیں اگر وہ اللہ پر قسم کھائیں تو وہ ضرور اسے پوری کرتا ہے۔

5081{49} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ زَمْعَةَ قَالَ خَطَبَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ النَّاقَةَ وَذَكَرَ الَّذِي عَقَرَهَا فَقَالَ إِذِ انْبَعَثَ أَشْقَاهَا انْبَعَثَ بِهَا رَجُلٌ عَزِيزٌ عَارِمٌ مَنِيعٌ فِي رَهْطِهِ مِثْلُ أَبِي زَمْعَةَ ثُمَّ ذَكَرَ النِّسَاءَ فَوَعَظَ فِيهِنَّ ثُمَّ قَالَ إِلَامَ

5081: حضرت عبداللہ بن زمعہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے خطاب فرمایا اور ''اونٹنی'' کا ذکر کیا اور اس شخص کا بھی جس نے اس کی کونچیں کاٹی تھیں پھر فرمایا إِذِ انْبَعَثَ أَشْقَاهَا ☆ (سے مُراد) ان میں سے ایک طاقتور آدمی جو بہت خبیث اور مفسد اور ابو زمعہ کی طرح اپنے قبیلہ کا طاقتور شخص تھا اٹھا — پھر آپؐ نے عورتوں کا ذکر کیا اور ان کے متعلق وعظ و نصیحت کی پھر فرمایا تم میں سے کوئی کب

5080: اطراف : مسلم كتاب الجنةوصفة نعيمها باب النار يدخلها الجبارون 5078، 5079
تخريج: بخارى كتاب التفسير باب عتل بعد ذلك زنيم 4918 كتاب الادب باب الكبر 6071 كتاب الايمان والنذور باب قول الله واقسموا بالله جهد ايمانهم 6657 ترمذى كتاب صفة جهنم باب ما جاء ان اكثر اهل النار النساء 2605 **ابن ماجه** كتاب الزهد باب من لا يؤبه له 4115، 4116
5081 : تخريج: بخارى كتاب احاديث الانبياء باب قول الله تعالى والىٰ ثمود اخاهم صالحا 3377 كتاب التفسير باب سورة والشمس وضحاها 4942 كتاب النكاح باب ما يكره من ضرب النساء 5204 كتاب الادب باب قول الله تعالىٰ يايها الذين اٰمنوا لا يسخر قوم من قوم عسىٰ ان يكونوا خيراً منهم ...6042 **ترمذى** كتاب تفسير القرآن باب ومن سورة الشمس وضحاها 3343
ابن ماجه كتاب النكاح باب ضرب النساء 1983
☆ ترجمہ: جب ان میں سے سب سے بدبخت شخص اٹھ کھڑا ہوا۔ **الشمس:13**

يَجْلِدُ أَحَدُكُمُ امْرَأَتَهُ فِي رِوَايَةِ أَبِي بَكْرٍ جَلْدَ الْأَمَةِ وَفِي رِوَايَةِ أَبِي كُرَيْبٍ جَلْدَ الْعَبْدِ وَلَعَلَّهُ يُضَاجِعُهَا مِنْ آخِرِ يَوْمِهِ ثُمَّ وَعَظَهُمْ فِي ضَحِكِهِمْ مِنَ الضَّرْطَةِ فَقَالَ إِلَامَ يَضْحَكُ أَحَدُكُمْ مِمَّا يَفْعَلُ[7191]

تک اپنی بیوی کو مارتا رہے گا جس طرح لوگ لونڈی کو مارتے ہیں اور ایک روایت میں ہے جس طرح لوگ غلام کو مارتے ہیں۔ جبکہ ہوسکتا ہے کہ وہ اسی دن کے آخری حصہ میں اس سے ازدواجی تعلق قائم کرے۔ پھر آپؐ نے ہوا خارج ہونے کی آواز پر لوگوں کے ہنسنے پر نصیحت فرمائی اور فرمایا کہ تم میں سے کوئی اس کام پر کب تک ہنستا رہے گا جسے وہ خود بھی کرتا ہے۔

5082{50}حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ سُهَيْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَيْتُ عَمْرَو بْنَ لُحَيِّ بْنِ قَمْعَةَ بْنِ خِنْدِفَ أَبَا بَنِي كَعْبٍ هَؤُلَاءِ يَجُرُّ قُصْبَهُ فِي النَّارِ[7192]

5082: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں نے دیکھا عمرو بن لحی بن قمعہ بن خندف ۔۔۔ ان بنو کعب کا باپ ۔۔۔ اپنی آنتیں آگ میں گھسیٹ رہا ہے۔

5083{51}حَدَّثَنِي عَمْرٌو النَّاقِدُ وَحَسَنٌ الْحُلْوَانِيُّ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ عَبْدٌ أَخْبَرَنِي وَقَالَ الْآخَرَانِ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ وَهُوَ ابْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ يَقُولُ إِنَّ الْبَحِيرَةَ الَّتِي يُمْنَعُ دَرُّهَا لِلطَّوَاغِيتِ فَلَا يَحْلُبُهَا أَحَدٌ مِنَ النَّاسِ وَأَمَّا السَّائِبَةُ الَّتِي

5083: ابن شہاب بیان کرتے ہیں کہ میں نے سعید بن مسیّب کو کہتے ہوئے سنا یقیناً ''بَحِيرَه'' وہ ہے جس کا دودھ بتوں کی خاطر روکا جاتا ہے اور اس کا دودھ عام لوگوں میں سے کوئی نہیں دوہتا تھا اور ''سائبہ'' وہ جانور ہے جسے وہ اپنے معبودوں کے لئے چھوڑ دیتے تھے اور اس پر کچھ نہ لادتے تھے۔ ابن مسیّب کہتے ہیں کہ حضرت ابو ہریرہؓ نے بیان کیا

5082 : اطراف : مسلم كتاب الجنةوصفة نعيمها باب النار يدخلها الجبارون 5083

تخريج : بخاری كتاب المناقب باب قصة خزاعة 3521 كتاب التفسير باب ما جعل الله من بحيرة ولا سائبة 4623 ، 4624

5083 : اطراف : مسلم كتاب الجنةوصفة نعيمها باب النار يدخلها الجبارون 5082

تخريج : بخاری كتاب المناقب باب قصة خزاعة 3521 كتاب التفسير باب ما جعل الله من بحيرة ولا سائبة 4623 ، 4624

كَانُوا يُسَيِّبُونَهَا لِآلِهَتِهِمْ فَلَا يُحْمَلُ عَلَيْهَا شَيْءٌ وَقَالَ ابْنُ الْمُسَيَّبِ قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَيْتُ عَمْرَو بْنَ عَامِرٍ الْخُزَاعِيَّ يَجُرُّ قُصْبَهُ فِي النَّارِ وَكَانَ أَوَّلَ مَنْ سَيَّبَ السُّيُوبَ [7193]

کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں نے عمرو بن عامر خزاعی کو آگ میں اپنی آنتیں گھسیٹتے دیکھا اور وہ پہلا شخص تھا جس نے جانوروں کو (بتوں کے نام پر) چھوڑنے کا طریق جاری کیا۔

5084{52} حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ سُهَيْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صِنْفَانِ مِنْ أَهْلِ النَّارِ لَمْ أَرَهُمَا قَوْمٌ مَعَهُمْ سِيَاطٌ كَأَذْنَابِ الْبَقَرِ يَضْرِبُونَ بِهَا النَّاسَ وَنِسَاءٌ كَاسِيَاتٌ عَارِيَاتٌ مُمِيلَاتٌ مَائِلَاتٌ رُءُوسُهُنَّ كَأَسْنِمَةِ الْبُخْتِ الْمَائِلَةِ لَا يَدْخُلْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يَجِدْنَ رِيحَهَا وَإِنَّ رِيحَهَا لَيُوجَدُ مِنْ مَسِيرَةِ كَذَا وَكَذَا [7194]

5084: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا آگ والوں کی دو قسمیں ایسی ہیں جنہیں میں نے نہیں دیکھا۔ ایک تو وہ جن کے پاس گائیوں کی دموں کی طرح کے کوڑے ہیں جن سے وہ لوگوں کو مارتے ہیں اور وہ عورتیں جو لباس پہنے ہوئے ہیں (مگر) عریاں ہیں۔ (اپنی طرف) مائل کرنے والی اور (اپنے بدن) مٹکانے والی۔ ان کے سر بختی اونٹوں کی جھکی ہوئی کوہان کی طرح ہیں وہ جنت میں داخل نہ ہوں گی اور نہ ہی اس کی خوشبو پائیں گی حالانکہ اس کی خوشبو اتنے اتنے فاصلے سے آتی ہے۔

5085{53} حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا زَيْدٌ يَعْنِي ابْنَ حُبَابٍ حَدَّثَنَا أَفْلَحُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ رَافِعٍ مَوْلَى أُمِّ سَلَمَةَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوشِكُ إِنْ طَالَتْ بِكَ مُدَّةٌ أَنْ تَرَى قَوْمًا فِي أَيْدِيهِمْ مِثْلُ أَذْنَابِ الْبَقَرِ يَغْدُونَ فِي غَضَبِ اللَّهِ وَيَرُوحُونَ فِي سَخَطِ اللَّهِ [7195]

5085: حضرت ام سلمہؓ کے آزاد کردہ غلام عبداللہ بن رافع کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابو ہریرہؓ کو کہتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ممکن ہے کہ اگر تیری عمر لمبی ہو تو تُو ایسے لوگ دیکھے جن کے ہاتھوں میں گائے کی دموں کی مانند (کوڑے) ہوں وہ صبح اللہ کے غضب میں کریں گے اور شام اللہ کی ناراضگی میں کریں گے۔

5084: اطراف : مسلم كتاب اللباس والزينة باب النساء الكاسيات العاريات المائلات المميلات3957

5085 : اطراف : مسلم كتاب الجنةوصفة نعيمها باب النار يدخلها الجبارون5086

5086{54} حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ سَعِيدٍ وَأَبُو بَكْرِ بْنُ نَافِعٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالُوا حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ حَدَّثَنَا أَفْلَحُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ رَافِعٍ مَوْلَى أُمِّ سَلَمَةَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنْ طَالَتْ بِكَ مُدَّةٌ أَوْشَكْتَ أَنْ تَرَى قَوْمًا يَغْدُونَ فِي سَخَطِ اللَّهِ وَيَرُوحُونَ فِي لَعْنَتِهِ فِي أَيْدِيهِمْ مِثْلُ أَذْنَابِ الْبَقَرِ [7196]

5086: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ اگر تیری عمر لمبی ہوئی تو قریب ہے کہ تو ایسے لوگوں کو دیکھے جو اللہ کی ناراضگی میں صبح کریں گے اور شام اس کی لعنت میں کریں گے۔ ان کے ہاتھوں میں گائے کی دموں کی مانند (کوڑے) ہوں گے۔

[14] 15: بَاب فَنَاءِ الدُّنْيَا وَبَيَانِ الْحَشْرِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

دنیا کے فنا ہونے اور قیامت کے دن حشر بپا ہونے کا بیان

5087{55} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ إِدْرِيسَ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي وَمُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ح و حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا مُوسَى بْنُ أَعْيَنَ ح و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ كُلُّهُمْ عَنْ إِسْمَعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ ح و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ حَدَّثَنَا قَيْسٌ قَالَ سَمِعْتُ مُسْتَوْرِدًا أَخَا بَنِي

5087: حضرت مُستورِدؓ جو بنوفہر کے بھائی ہیں بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ کی قسم! دنیا آخرت کے مقابلہ میں صرف اتنی ہی ہے کہ تم میں سے کوئی شخص اپنی انگلی اس میں ڈالے —— (راوی) یحیٰی نے اپنی شہادت والی انگلی سے دریا کی طرف اشارہ کیا —— اور دیکھے کہ وہ کیا لے کر لوٹتی ہے۔

ایک روایت میں (أَشَارَ يَحْيَى بِالسَّبَّابَةِ کی بجائے) وَأَشَارَ إِسْمَعِيلُ بِالْإِبْهَامِ کے الفاظ ہیں

5086: **اطراف** : **مسلم** كتاب الجنةوصفة نعيمها باب النار يدخلها الجبارون 5085

5087 : **تخريج** : **ترمذى** كتاب الزهد باب ما جاء فى هوان الدنيا على الله عزوجل 2321 **ابن ماجه** كتاب الزهد باب مثل الدنيا 4108

فِهْرٍ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاللَّهِ مَا الدُّنْيَا فِي الْآخِرَةِ إِلَّا مِثْلُ مَا يَجْعَلُ أَحَدُكُمْ إِصْبَعَهُ هَذِهِ وَأَشَارَ يَحْيَى بِالسَّبَّابَةِ فِي الْيَمِّ فَلْيَنْظُرْ بِمَ تَرْجِعُ وَفِي حَدِيثِهِمْ جَمِيعًا غَيْرَ يَحْيَى سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ ذَلِكَ وَفِي حَدِيثِ أَبِي أُسَامَةَ عَنِ الْمُسْتَوْرِدِ بْنِ شَدَّادٍ أَخِي بَنِي فِهْرٍ وَفِي حَدِيثِهِ أَيْضًا قَالَ وَأَشَارَ إِسْمَعِيلُ بِالْإِبْهَامِ[7197]

کہ (راوی) اسماعیل نے اپنے انگوٹھے سے اشارہ کیا۔

5088{56} وحَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ حَاتِمِ بْنِ أَبِي صَغِيرَةَ حَدَّثَنِي ابْنُ أَبِي مُلَيْكَةَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ يُحْشَرُ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حُفَاةً عُرَاةً غُرْلًا قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ النِّسَاءُ وَالرِّجَالُ جَمِيعًا يَنْظُرُ بَعْضُهُمْ إِلَى بَعْضٍ قَالَ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَائِشَةُ الْأَمْرُ أَشَدُّ مِنْ أَنْ يَنْظُرَ بَعْضُهُمْ إِلَى بَعْضٍ و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَابْنُ نُمَيْرٍ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الْأَحْمَرُ عَنْ حَاتِمِ بْنِ أَبِي

5088: حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ قیامت کے دن لوگ ننگے پاؤں ننگے بدن اور نامختون جمع کئے جائیں گے۔ میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! عورتیں اور مرد اکٹھے (ہوں گے؟) وہ ایک دوسرے کو دیکھ رہے ہوں گے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے عائشہؓ! معاملہ اس سے زیادہ سنگین ہوگا کہ وہ ایک دوسرے کی طرف دیکھیں۔
ایک روایت میں غُرْلًا کا ذکر نہیں۔

5088 : اطراف : مسلم كتاب الجنةوصفة نعيمها باب فناء الدنيا وبيان الحشر يوم القيمة 5089 ، 5090
تخريج : بخاری كتاب احاديث الانبياء باب قول الله تعالى واتّخذ الله ابراهيم خليلا 3349باب قول الله تعالىٰ واذكر فى الكتاب مريم 3447 كتاب التفسير باب وكنت عليهم شهيداً ما دمت فيهم 4625 باب قوله ان تعذبهم فانهم عبادک 4626باب كما بدأنا اول خلق نعيده 4740 كتاب الرقاق باب الحشر 6524، 6525 ، 6526 ،6527 **ترمذی** كتاب صفة القيمة والرقاق والورع باب ما جاء فى شأن الحشر 2423 كتاب تفسير القرآن باب ومن سورة الانبياء عليهم السلام 3167باب ومن سورة عبس 3332**نسائی** كتاب الجنائز البعث 2081،2082 ، 2083 ، 2084 ذكر اول من يكسىٰ2087

صَغِيرَةَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَلَمْ يَذْكُرْ فِي حَدِيثِه غُرْلًا [7199,7198]

5089{57} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ قَالَ إِسْحَقُ أَخْبَرَنَا و قَالَ الْآخَرُونَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرٍو عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ وَهُوَ يَقُولُ إِنَّكُمْ مُلَاقُو اللَّهِ مُشَاةً حُفَاةً عُرَاةً غُرْلًا وَلَمْ يَذْكُرْ زُهَيْرٌ فِي حَدِيثِهِ يَخْطُبُ [7200]

5089: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے نبی ﷺ کو خطبہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا۔ آپؐ فرمارہے تھے تم پیدل، ننگے پاؤں، ننگے جسم اور نامختون حالت میں اللہ سے ملو گے۔

اور ایک روایت میں یَخْطُبُ کے لفظ کا ذکر نہیں۔

5090{58} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ح و حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي كِلَاهُمَا عَنْ شُعْبَةَ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ النُّعْمَانِ

5090: حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ہمارے درمیان وعظ کے لئے خطبہ دینے کے لئے کھڑے ہوئے۔ آپؐ نے فرمایا اے لوگو! تم اللہ کے حضور ننگے پاؤں ننگے بدن نامختون اکٹھے کئے جاؤ گے كَمَا بَدَأْنَا أَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِيدُهُ وَعْدًا عَلَيْنَا إِنَّا كُنَّا فَاعِلِينَ[1] (ترجمہ) جس طرح ہم

5089 : اطراف : **مسلم** كتاب الجنةوصفة نعيمها باب فناء الدنيا وبيان الحشر يوم القيمة 5088 ، 5090

تخريج : بخارى كتاب احاديث الانبياء باب قول الله تعالى واتّخذ الله ابراهيم خليلا 3349 باب قول الله تعالىٰ واذكر فى الكتاب مريم 3447 كتاب التفسير باب وكنت عليهم شهيداً ما دمت فيهم 4625 باب قوله ان تعذبهم فانهم عبادك 4626 باب كما بدأنا اول خلق نعيده 4740 كتاب الرقاق باب الحشر 6524، 6525، 6526،6527 **ترمذى** كتاب صفة القيمة والرقاق والورع باب ما جاء فى شأن الحشر 2423 كتاب تفسير القرآن باب ومن سورة الانبياء عليهم السلام 3167 باب ومن سورة عبس 3332 **نسائى** كتاب الجنائز البعث 2081،2082 ، 2083 ، 2084 ذكر اول من يكسىٰ 2087

5090 : اطراف : **مسلم** كتاب الجنةوصفة نعيمها باب فناء الدنيا وبيان الحشر يوم القيمة 5088 ، 5089

تخريج : بخارى كتاب احاديث الانبياء باب قول الله تعالى واتّخذ الله ابراهيم خليلا 3349 باب قول الله تعالىٰ واذكر فى الكتاب مريم 3447 كتاب التفسير باب وكنت عليهم شهيداً ما دمت فيهم 4625 باب قوله ان تعذبهم فانهم عبادك 4626 باب كما بدأنا اول خلق نعيده 4740 كتاب الرقاق باب الحشر 6524، 6525، 6526،6527 **ترمذى** كتاب صفة القيمة والرقاق والورع باب ما جاء فى شأن الحشر 2423 كتاب تفسير القرآن باب ومن سورة الانبياء عليهم السلام 3167 باب ومن سورة عبس 3332 **نسائى** كتاب الجنائز البعث 2081،2082 ، 2083 ، 2084 ذكر اول من يكسىٰ 2087

1: الانبياء : 105

عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَامَ فِينَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطِيبًا بِمَوْعِظةفَقَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّكُمْ تُحْشَرُونَ إِلَى اللَّه حُفَاةً عُرَاةً غُرْلًا كَمَا بَدَأْنَا أَوَّلَ خَلْقٍ نُعِيدُهُ وَعْدًا عَلَيْنَا إِنَّا كُنَّا فَاعِلِينَ أَلَا وَإِنَّ أَوَّلَ الْخَلَائِقِ يُكْسَى يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِبْرَاهِيمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ أَلَا وَإِنَّهُ سَيُجَاءُ بِرِجَالٍ مِنْ أُمَّتِي فَيُؤْخَذُ بِهِمْ ذَاتَ الشِّمَالِ فَأَقُولُ يَا رَبِّ أَصْحَابِي فَيُقَالُ إِنَّكَ لَا تَدْرِي مَا أَحْدَثُوا بَعْدَكَ فَأَقُولُ كَمَا قَالَ الْعَبْدُ الصَّالِحُ وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيدًا مَا دُمْتُ فِيهِمْ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي كُنْتَ أَنْتَ الرَّقِيبَ عَلَيْهِمْ وَأَنْتَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ إِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَإِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَإِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَإِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ قَالَ فَيُقَالُ لِي إِنَّهُمْ لَمْ يَزَالُوا مُرْتَدِّينَ عَلَى أَعْقَابِهِمْ مُنْذُ فَارَقْتَهُمْ وَفِي حَدِيثِ وَكِيعٍ وَمُعَاذٍ فَيُقَالُ إِنَّكَ لَا تَدْرِي مَا أَحْدَثُوا بَعْدَكَ[7201]

نے پہلی تخلیق کا آغاز کیا تھا اس کا اعادہ کریں گے۔ یہ وعدہ ہم پر فرض ہے۔ یقیناً ہم یہ کرگزرنے والے ہیں۔غور سے سنو!مخلوق میں سے سب سے پہلا جسے کپڑے پہنائے جائیں گے وہ ابراہیم علیہ السلام ہیں۔سنو! قیامت کے دن بعض لوگ میری اُمت میں سے لائے جائیں گے اور انہیں بائیں طرف لے جایا جائے گا۔ تب میں کہوں گا اے میرے رب یہ تو میرے اصحاب ہیں۔تب کہا جائے گا کہ تجھے اُن کاموں کی خبر نہیں جو تیرے بعد ان لوگوں نے کئے۔ سو اُس وقت میں وہی بات کہوں گا جو ایک نیک بندہ نے کہی تھی۔وَكُنتُ عَلَيْهِمْ شَهِيدًا مَّا دُمْتُ فِيهِمْ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي كُنتَ أَنتَ الرَّقِيبَ عَلَيْهِمْ وَأَنتَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ ...(ترجمہ)اور میں ان پر نگران تھا جب تک میں ان میں رہا پس جب تو نے مجھے وفات دے دی فقط ایک تو ہی ان پر نگران رہا اور تو ہر چیز پر گواہ ہے۔اگر تو انہیں عذاب دے تو آخر یہ تیرے بندے ہیں اور اگر تو انہیں معاف کردے تو یقیناً تو کامل غلبہ والا (اور) حکمت والا ہے۔☆ آپؐ نے فرمایا پھر مجھے کہا جائے گا جب سے تو ان سے جدا ہوا یہ اپنی ایڑیوں کے بل پھر گئے۔

ایک روایت میں (فَيُقَالُ لِيْ إِنَّهُمْ لَمْ يَزَالُوْا مُرْتَدِّيْنَ عَلَى اَعْقَابِهِم مُنْذُ فَارَقْتَهُمْ کی بجائے) فَيُقَالُ اِنَّكَ لَا تَدْرِيْ مَا اَحْدَثُوْا بَعْدَكَ کے الفاظ ہیں۔

☆ المائدہ :119-118

5091{59} حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَقَ ح و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا بَهْزٌ قَالَا جَمِيعًا حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ طَاوُسٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُحْشَرُ النَّاسُ عَلَى ثَلَاثِ طَرَائِقَ رَاغِبِينَ رَاهِبِينَ وَاثْنَانِ عَلَى بَعِيرٍ وَثَلَاثَةٌ عَلَى بَعِيرٍ وَأَرْبَعَةٌ عَلَى بَعِيرٍ وَعَشَرَةٌ عَلَى بَعِيرٍ وَتَحْشُرُ بَقِيَّتَهُمْ النَّارُ تَبِيتُ مَعَهُمْ حَيْثُ بَاتُوا وَتَقِيلُ مَعَهُمْ حَيْثُ قَالُوا وَتُصْبِحُ مَعَهُمْ حَيْثُ أَصْبَحُوا وَتُمْسِي مَعَهُمْ حَيْثُ أَمْسَوْا [7202]

5091: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا لوگ تین گروہوں میں اکٹھے کئے جائیں گے، رغبت رکھنے والے، ڈرنے والے ہوں گے۔ اور دو ایک اونٹ پر سوار ہوں گے اور تین ایک اونٹ پر اور چار ایک اونٹ پر اور دس ایک اونٹ پر اور باقی لوگوں کو آگ اکٹھا کرے گی۔ وہ ان کے ساتھ رات گزارے گی جہاں وہ رات گزاریں گے اور جہاں وہ قیلولہ کریں گے وہ بھی ان کے ساتھ قیلولہ کرے گی اور جہاں وہ صبح کریں گے وہ بھی ان کے ساتھ صبح کرے گی اور جہاں وہ شام کریں گے وہ بھی ان کے ساتھ شام کرے گی۔

[15]16: بَاب: فِي صِفَةِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ أَعَانَنَا اللَّهُ عَلَى أَهْوَالِهَا

باب: قیامت کے دن کی حالت کا بیان اللہ اس کی ہولناکیوں پر ہماری مدد فرمائے

5092{60} حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَعُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ سَعِيدٍ قَالُوا حَدَّثَنَا يَحْيَى يَعْنُونَ ابْنَ سَعِيدٍ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ أَخْبَرَنِي نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ يَقُومُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعَالَمِينَ قَالَ يَقُومُ أَحَدُهُمْ فِي رَشْحِهِ إِلَى أَنْصَافِ أُذُنَيْهِ

5092: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے "يَوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعَالَمِيْنَ"☆ کے بارہ میں فرمایا اُن میں سے ہر ایک اپنے پسینہ میں اپنے کانوں کے نصف تک (ڈوبا ہوا) کھڑا ہوگا۔ ایک روایت میں (يَوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ کی بجائے) يَقُوْمُ النَّاسُ ہے اور ایک روایت میں (يَقُوْمُ

5091 : تخریج: بخاری كتاب الرقاق باب الحشر 6522 **نسائی** كتاب الجنائز البعث 2085، 2086

5092 : تخریج: بخاری كتاب التفسير باب يوم يقوم الناس لرب العلمين 4938 كتاب الرقاق باب قول الله تعالىٰ الا يظن اولئک انهم مبعوثون 6531، 6532 **ترمذی** كتاب صفة القيمة والرقاق والورع باب ما جاء في شأن الحساب والقصاص 2422 كتاب تفسير القرآن باب ومن سورة ويل للمطففين 3335، 3336 **ابن ماجه** كتاب الزهد باب ذكر البعث 4278

☆ ترجمہ: جس دن لوگ تمام جہانوں کے ربّ کے حضور کھڑے ہوں گے۔ سورة المطففين : 7

وَفِي رِوَايَةِ ابْنِ الْمُثَنَّى قَالَ يَقُومُ النَّاسُ لَمْ يَذْكُرْ يَوْمَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَقَ الْمُسَيَّبِيُّ حَدَّثَنَا أَنَسٌ يَعْنِي ابْنَ عِيَاضٍ ح و حَدَّثَنِي سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ مَيْسَرَةَ كِلَاهُمَا عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ ح و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الْأَحْمَرُ وَعِيسَى بْنُ يُونُسَ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ح و حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ يَحْيَى حَدَّثَنَا مَعْنٌ حَدَّثَنَا مَالِكٌ ح و حَدَّثَنِي أَبُو نَصْرٍ التَّمَّارُ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ أَيُّوبَ ح و حَدَّثَنَا الْحُلْوَانِيُّ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ صَالِحٍ كُلُّ هَؤُلَاءِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَعْنَى حَدِيثِ عُبَيْدِ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ غَيْرَ أَنَّ فِي حَدِيثِ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ وَصَالِحٍ حَتَّى يَغِيبَ أَحَدُهُمْ فِي رَشْحِهِ إِلَى أَنْصَافِ أُذُنَيْهِ [7204,7203]

أَحَدُهُمْ فِیْ رَشْحِهِ اِلَی أَنْصَافِ أُذُنَيْهِ کی بجائے) حَتَّی يَغِيبَ أَحَدُهُمْ فِیْ رَشْحِهِ اِلَی أَنْصَافِ أُذُنَيْهِ کے الفاظ ہیں (یعنی) یہاںتک کہ ان میں سے ہر ایک اپنے پسینہ میں اپنے کانوں کے نصف تک ڈوبا ہوگا۔

5093{61} حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي ابْنَ مُحَمَّدٍ عَنْ ثَوْرٍ عَنْ أَبِي الْغَيْثِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ الْعَرَقَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لَيَذْهَبُ فِي الْأَرْضِ سَبْعِينَ بَاعًا وَإِنَّهُ لَيَبْلُغُ إِلَى أَفْوَاهِ النَّاسِ أَوْ إِلَى آذَانِهِمْ يَشُكُّ ثَوْرٌ أَيَّهُمَا قَالَ [7205]

5093: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا قیامت کے دن پسینہ ستر 70 باع☆ زمین میں جائے گا اور وہ لوگوں کے مونہوں یا کانوں تک پہنچے گا۔ (راوی) ثور کوشک ہے کہ دونوں لفظوں میں سے کونسا لفظ کہا۔

5093 : تخریج: بخاری کتاب الرقاق باب قول اللہ تعالیٰ الا یظن اولئک انھم مبعوثون 6532

☆ باع: دونوں بازوؤں کے پھیلاؤ کو "باع" کہتے ہیں۔

5094{62} حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ مُوسَى أَبُو صَالِحٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جَابِرٍ حَدَّثَنِي سُلَيْمُ بْنُ عَامِرٍ حَدَّثَنِي الْمِقْدَادُ بْنُ الْأَسْوَدِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ تُدْنَى الشَّمْسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنَ الْخَلْقِ حَتَّى تَكُونَ مِنْهُمْ كَمِقْدَارِ مِيلٍ قَالَ سُلَيْمُ بْنُ عَامِرٍ فَوَاللَّهِ مَا أَدْرِي مَا يَعْنِي بِالْمِيلِ أَمَسَافَةَ الْأَرْضِ أَمِ الْمِيلَ الَّذِي تُكْتَحَلُ بِهِ الْعَيْنُ قَالَ فَيَكُونُ النَّاسُ عَلَى قَدْرِ أَعْمَالِهِمْ فِي الْعَرَقِ فَمِنْهُمْ مَنْ يَكُونُ إِلَى كَعْبَيْهِ وَمِنْهُمْ مَنْ يَكُونُ إِلَى رُكْبَتَيْهِ وَمِنْهُمْ مَنْ يَكُونُ إِلَى حَقْوَيْهِ وَمِنْهُمْ مَنْ يُلْجِمُهُ الْعَرَقُ إِلْجَامًا قَالَ وَأَشَارَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ إِلَى فِيهِ [7206]

5094:حضرت مقداد بن اسودؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ قیامت کے دن سورج مخلوق کے نزدیک کردیا جائے گا یہانتک کہ وہ ان سے ایک میل پر ہوگا۔۔۔۔(راوی) سلیم بن عامر کہتے ہیں اللہ کی قسم میں نہیں جانتا کہ میل سے آپؐ کی کیا مراد ہے؟ کیا زمین کی مسافت والا میل مراد ہے؟ یا میل سے مراد سرمہ ڈالنے کی سلائی ہے جس سے آنکھ میں سرمہ ڈالا جاتا ہے۔۔۔۔ آپؐ نے فرمایا لوگ اپنے اعمال کے حساب سے (پسینہ میں ڈوبے) ہوں گے۔ بعض ان میں سے اپنے ٹخنوں تک اور بعض ان میں سے اپنے گھٹنوں تک اور بعض ان میں سے اپنی کمر تک پسینہ میں (ڈوبے) ہوں گے اور بعض کو پسینہ لگام ڈالے ہوئے ہوگا۔ راوی کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے اپنے ہاتھ سے اپنے منہ کی طرف اشارہ فرمایا۔

[16]17: بَاب الصِّفَاتِ الَّتِي يُعْرَفُ بِهَا فِي الدُّنْيَا أَهْلُ الْجَنَّةِ وَأَهْلُ النَّارِ

ان صفات کا بیان جن سے جنت والے اور دوزخ والے دنیا میں پہچانے جاتے ہیں

5095{63} حَدَّثَنِي أَبُو غَسَّانَ الْمِسْمَعِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارِ بْنِ عُثْمَانَ وَاللَّفْظُ لِأَبِي غَسَّانَ وَابْنِ الْمُثَنَّى قَالَا

5095:حضرت عیاض بن حمار مجاشعیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک دن اپنے خطاب میں فرمایا سنو! میرے رب نے مجھے حکم دیا ہے کہ وہ باتیں

5094 :تخريج:ترمذی كتاب صفة القيمة والرقاق والورع باب ماجاء فى شأن الحساب والقصاص 2421

5095 :تخريج:ابوداؤد كتاب الادب باب فى التواضع 4895 ابن ماجه كتاب الزهد باب البرائة من الكبر والتواضع 4179

حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ قَتَادَةَ عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الشِّخِّيرِ عَنْ عِيَاضِ بْنِ حِمَارٍ الْمُجَاشِعِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ذَاتَ يَوْمٍ فِي خُطْبَتِهِ أَلَا إِنَّ رَبِّي أَمَرَنِي أَنْ أُعَلِّمَكُمْ مَا جَهِلْتُمْ مِمَّا عَلَّمَنِي يَوْمِي هَذَا كُلُّ مَالٍ نَحَلْتُهُ عَبْدًا حَلَالٌ وَإِنِّي خَلَقْتُ عِبَادِي حُنَفَاءَ كُلَّهُمْ وَإِنَّهُمْ أَتَتْهُمُ الشَّيَاطِينُ فَاجْتَالَتْهُمْ عَنْ دِينِهِمْ وَحَرَّمَتْ عَلَيْهِمْ مَا أَحْلَلْتُ لَهُمْ وَأَمَرَتْهُمْ أَنْ يُشْرِكُوا بِي مَا لَمْ أُنْزِلْ بِهِ سُلْطَانًا وَإِنَّ اللَّهَ نَظَرَ إِلَى أَهْلِ الْأَرْضِ فَمَقَتَهُمْ عَرَبَهُمْ وَعَجَمَهُمْ إِلَّا بَقَايَا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ وَقَالَ إِنَّمَا بَعَثْتُكَ لِأَبْتَلِيَكَ وَأَبْتَلِيَ بِكَ وَأَنْزَلْتُ عَلَيْكَ كِتَابًا لَا يَغْسِلُهُ الْمَاءُ تَقْرَؤُهُ نَائِمًا وَيَقْظَانَ وَإِنَّ اللَّهَ أَمَرَنِي أَنْ أُحَرِّقَ قُرَيْشًا فَقُلْتُ رَبِّ إِذًا يَثْلَغُوا رَأْسِي فَيَدَعُوهُ خُبْزَةً قَالَ اسْتَخْرِجْهُمْ كَمَا اسْتَخْرَجُوكَ وَاغْزُهُمْ نُغْزِكَ وَأَنْفِقْ فَسَنُنْفِقَ عَلَيْكَ وَابْعَثْ جَيْشًا نَبْعَثْ خَمْسَةً مِثْلَهُ وَقَاتِلْ بِمَنْ أَطَاعَكَ مَنْ عَصَاكَ قَالَ وَأَهْلُ الْجَنَّةِ ثَلَاثَةٌ ذُو سُلْطَانٍ مُقْسِطٌ مُتَصَدِّقٌ

جو آج اس نے مجھے سکھائی ہیں وہ تمہیں سکھاؤں جنہیں تم نہیں جانتے۔ ہر وہ مال جو میں نے بندے کو دیا حلال ہے اور یقیناً میں نے اپنے سب بندوں کو دین حنیف پر پیدا کیا ہے اور یقیناً ان کے پاس شیاطین آئے جنہوں نے انہیں ان کے دین سے ہٹا دیا اور ان پر حرام کر دیا جو میں نے ان پر حلال کیا تھا اورانہوں نے انہیں حکم دیا کہ وہ میرا شریک ٹھہرائیں جس کی میں نے کوئی دلیل نہیں اتاری۔ یقیناً اللہ تعالیٰ نے زمین والوں کی طرف دیکھا تو ان کے عربوں سے بھی ناراض ہوا اور عجمیوں سے بھی سوائے اہل کتاب میں سے رہے سہے لوگ اور فرمایا میں نے تجھے صرف اس لئے بھیجا ہے تاکہ تجھے آزماؤں اور تیرے ذریعہ آزماؤں اور میں نے تجھ پر ایک کتاب اتاری ہے جسے پانی دھو ہی نہیں سکتا☆ اور تو اس کو سوتے بھی اور جاگتے بھی پڑھتا ہے۔ یقیناً اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں قریش کو بھڑکاؤں تو میں نے کہا اے میرے رب تب تو وہ میرا سر توڑ دیں گے اور اسے روٹی کی طرح کر چھوڑیں گے۔ (اللہ نے) فرمایا ان کو نکال جیسے انہوں نے تجھے نکالا تھا اور ان سے لڑائی کر ہم تیری مدد کریں گے اور تو خرچ کر ہم تجھ پر خرچ کریں گے۔ تو ایک لشکر بھیج ہم اس جیسے پانچ لشکر بھیجیں گے اور تو اپنے اطاعت گزاروں

☆یعنی وہ محفوظ رہے گی۔

مُوَفَّقٌ وَرَجُلٌ رَحِيمٌ رَقِيقُ الْقَلْبِ لِكُلِّ ذِي قُرْبَى وَمُسْلِمٍ وَعَفِيفٌ مُتَعَفِّفٌ ذُو عِيَالٍ قَالَ وَأَهْلُ النَّارِ خَمْسَةٌ الضَّعِيفُ الَّذِي لَا زَبْرَ لَهُ الَّذِينَ هُمْ فِيكُمْ تَبَعًا لَا يَبْتَغُونَ أَهْلًا وَلَا مَالًا وَالْخَائِنُ الَّذِي لَا يَخْفَى لَهُ طَمَعٌ وَإِنْ دَقَّ إِلَّا خَانَهُ وَرَجُلٌ لَا يُصْبِحُ وَلَا يُمْسِي إِلَّا وَهُوَ يُخَادِعُكَ عَنْ أَهْلِكَ وَمَالِكَ وَذَكَرَ الْبُخْلَ أَوِ الْكَذِبَ وَالشِّنْظِيرُ الْفَحَّاشُ وَلَمْ يَذْكُرْ أَبُو غَسَّانَ فِي حَدِيثِهِ وَأَنْفِقْ فَسَنُنْفِقَ عَلَيْكَ و حَدَّثَنَاه مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى الْعَنَزِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عَدِيٍّ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ قَتَادَةَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَلَمْ يَذْكُرْ فِي حَدِيثِهِ كُلُّ مَالٍ نَحَلْتُهُ عَبْدًا حَلَالٌ حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ بِشْرٍ الْعَبْدِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ هِشَامٍ صَاحِبِ الدَّسْتَوَائِيِّ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنْ عِيَاضِ بْنِ حِمَارٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ ذَاتَ يَوْمٍ وَسَاقَ الْحَدِيثَ وَقَالَ فِي آخِرِهِ قَالَ يَحْيَى قَالَ شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ سَمِعْتُ مُطَرِّفًا فِي هَذَا الْحَدِيثِ {64} و حَدَّثَنِي أَبُو عَمَّارٍ حُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوسَى عَنْ الْحُسَيْنِ عَنْ مَطَرٍ حَدَّثَنِي قَتَادَةُ عَنْ

کے ذریعہ نافرمانوں سے لڑائی کر۔ اللہ نے فرمایا جنت والے تین قسم کے ہیں ۔ ایک تو وہ بادشاہ جو انصاف کرنے والا ،صدقہ کرنے والا اور جسے نیکی کی توفیق دی گئی ہے اور (دوسرا) وہ شخص جو ہر قرابت والے اور ہر مسلمان پر رحم کرنے والا نرم دل ہے۔اور (تیسرا) وہ شخص جو پاک دامن ہے سوال سے بچنے والا ہے عیال دار ہے۔آپؐ نے فرمایا آگ والے پانچ قسم کے ہیں (ایک تو) وہ کمزور جو تم میں سے بے عقل اور تمہارے ماتحت ہیں اور اہل وعیال اور مال کے حصول کی طلب نہیں کرتے اور (دوسرا) وہ خیانت کرنے والا جس کی طمع ڈھکی چھپی نہیں اگر چہ وہ بہت معمولی ہو وہ اس کی بھی خیانت کر لیتا ہے اور (تیسرا) وہ شخص جو تیرے اہل وعیال اور تیرے مال کے بارہ میں صبح شام (ہر وقت) تجھے دھوکا دیتا ہے (اور چوتھے نمبر پر) آپؐ نے بخل یا جھوٹ کا ذکر فرمایا اور (پانچویں نمبر پر) بداخلاق فحش بولنے والے کا ذکر فرمایا۔

ایک روایت میں أَنْفِقْ فَسَنُنْفِقَ عَلَيْكَ کے الفاظ نہیں ہیں اور ایک روایت میں كُلُّ مَالٍ نَحَلْتُهُ عَبْدًا حَلَالٌ کے الفاظ نہیں۔

ایک روایت میں (أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ قَالَ ذَاتَ يَوْمٍ فِي خُطْبَتِهِ کی بجائے) أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ خَطَبَ ذَاتَ يَوْمٍ کے الفاظ ہیں اور ایک روایت میں ہے کہ حضرت عیاضؓ بن حمار

مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الشِّخِّيرِ عَنْ عِيَاضِ بْنِ حِمَارٍ أَخِي بَنِي مُجَاشِعٍ قَالَ قَامَ فِينَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ خَطِيبًا فَقَالَ إِنَّ اللَّهَ أَمَرَنِي وَسَاقَ الْحَدِيثَ بِمِثْلِ حَدِيثِ هِشَامٍ عَنْ قَتَادَةَ وَزَادَ فِيهِ وَإِنَّ اللَّهَ أَوْحَى إِلَيَّ أَنْ تَوَاضَعُوا حَتَّى لَا يَفْخَرَ أَحَدٌ عَلَى أَحَدٍ وَلَا يَبْغِ أَحَدٌ عَلَى أَحَدٍ وَقَالَ فِي حَدِيثِهِ وَهُمْ فِيكُمْ تَبَعًا لَا يَبْغُونَ أَهْلًا وَلَا مَالًا فَقُلْتُ فَيَكُونُ ذَلِكَ يَا أَبَا عَبْدِ اللَّهِ قَالَ نَعَمْ وَاللَّهِ لَقَدْ أَدْرَكْتُهُمْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَرْعَى عَلَى الْحَيِّ مَا بِهِ إِلَّا وَلِيدَتُهُمْ يَطَؤُهَا [7210,7209,7208,7207]

جو حضرت مجاشعؓ کے بھائی تھے بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ایک روز ہم میں خطاب فرمانے کے لئے کھڑے ہوئے۔ آپؐ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے... باقی روایت سابقہ روایت کی طرح ہے مگر اس میں مزید یہ ہے کہ یقیناً اللہ نے میری طرف وحی کی کہ تم عاجزی اختیار کرو یہانتک کہ تم میں سے کوئی ایک دوسرے پر فخر نہ کرے اور کوئی دوسرے پر زیادتی نہ کرے اور اس روایت میں (لَایَبْتَغُوْنَ کی بجائے) لَایَبْغُوْنَ کے الفاظ ہیں۔ (راوی کہتے ہیں) میں نے کہا اے ابو عبداللہ! کیا اسی طرح ہوگا۔ انہوں نے کہا ہاں، اللہ کی قسم! میں نے ان کو زمانہ جاہلیت میں اسی طرح دیکھا ہے اور ایک شخص قبیلہ کی بکریاں چراتا جس کا اسے کوئی صلہ نہ ملتا سوائے ان کی لونڈی کے جس سے وہ تعلق قائم کرتا تھا۔

[17]18: بَاب عَرْضِ مَقْعَدِ الْمَيِّتِ مِنَ الْجَنَّةِ أَوِ النَّارِ عَلَيْهِ وَإِثْبَاتِ عَذَابِ الْقَبْرِ وَالتَّعَوُّذِ مِنْهُ

جنت یا جہنم میں میت کو اس کا ٹھکانہ دکھائے جانے اور قبر کے عذاب کے فی الواقعہ ہونے اور اس سے پناہ مانگنے کا بیان

5096{65} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ

5096: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب تم میں سے کوئی مرجاتا

5096 : تخریج: بخاری کتاب الجنائز باب المیت یعرض علیه مقعده بالغداة ...1379 کتاب بدء الخلق باب ما جاء فی صفة الجنة وانها مخلوقة 3240 کتاب الرقاق باب سکرات الموت 6515 **ترمذی** کتاب الجنائز باب ماجاء فی عذاب القبر 1072 **نسائی** کتاب الجنائز وضع الجریدة علی القبر 2070، 2071، 2072 **ابن ماجه** کتاب الزهد باب ذکر القبر والبلی 4270

رَسُولَ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ أَحَدَكُمْ إِذَا مَاتَ عُرِضَ عَلَيْه مَقْعَدُهُ بِالْغَدَاة وَالْعَشيِّ إِنْ كَانَ منْ أَهْلِ الْجَنَّة فَمنْ أَهْلِ الْجَنَّة وَإِنْ كَانَ منْ أَهْلِ النَّارِ فَمنْ أَهْلِ النَّارِ يُقَالُ هَذَا مَقْعَدُكَ حَتَّى يَبْعَثَكَ اللَّهُ إِلَيْه يَوْمَ الْقِيَامَةِ{66}حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ إِذَا مَاتَ الرَّجُلُ عُرِضَ عَلَيْه مَقْعَدُهُ بِالْغَدَاة وَالْعَشيِّ إِنْ كَانَ منْ أَهْلِ الْجَنَّة فَالْجَنَّةُ وَإِنْ كَانَ منْ أَهْلِ النَّارِ فَالنَّارُ قَالَ ثُمَّ يُقَالُ هَذَا مَقْعَدُكَ الَّذي تُبْعَثُ إِلَيْه يَوْمَ الْقِيَامَةِ[7212,7211]

ہے تو صبح اور شام اس کا ٹھکانہ اسے دکھایا جاتا ہے۔ اگر وہ جنت والوں میں سے ہے تو اہل جنت کا (ٹھکانہ) اور اگر وہ دوزخ والوں میں سے ہے تو اہل دوزخ کا (ٹھکانہ) اور کہا جاتا ہے یہ تیرا ٹھکانہ ہے یہانتک کہ اللہ تعالیٰ تجھے قیامت کے دن اٹھائے۔
ایک روایت میں (فَمِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ کی بجائے) فَالْجَنَّةُ اور (فَمِنْ اَهْلِ النَّارِ کی بجائے) فَالنَّارُ اور (حَتّٰى يَبْعَثَكَ اللّٰهُ اِلَيْهِ کی بجائے) اَلَّذِىْ تُبْعَثُ اِلَيْهِ کے الفاظ ہیں۔

5097{67} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ وَأَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ جَميعًا عَنْ ابْنِ عُلَيَّةَ قَالَ ابْنُ أَيُّوبَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ قَالَ وَأَخْبَرَنَا سَعيدٌ الْجُرَيْرِيُّ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ عَنْ أَبِي سَعيدٍ الْخُدْرِيِّ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ أَبُو سَعيدٍ وَلَمْ أَشْهَدْهُ منَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ وَلَكنْ حَدَّثَنيه زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ قَالَ بَيْنَمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ في حَائط لِبَني النَّجَّارِ عَلَى بَغْلَةٍ لَهُ وَنَحْنُ مَعَهُ إِذْ حَادَتْ بِهِ

5097: حضرت ابوسعیدؓ خدری حضرت زید بن ثابتؓ سے روایت کرتے ہیں۔ حضرت ابوسعیدؓ نے بیان کیا کہ میں نبی ﷺ کے پاس موجود نہیں تھا مگر حضرت زیدؓ بن ثابتؓ نے مجھ سے بیان کیا۔ انہوں نے کہا اس اثناء میں کہ نبی ﷺ اپنی خچر پر سوار بنونجار کے باغ میں تھے اور ہم آپؐ کے ساتھ تھے کہ وہ خچر بدک گیا اور قریب تھا کہ آپؐ کو گرا دیتا تو وہاں چھ یا پانچ یا چار قبریں تھیں ـــــ راوی کہتے ہیں جُریری اسی طرح کہا کرتے تھے ـــــ تو

5097 :اطراف : مسلم كتاب الجنةوصفة نعيمها باب عرض مقعد الميت من الجنة اوالنار عليه وثبات عذاب القبر... 5098
تخريج: نسائی كتاب الجنائز عذاب القبر2058

فَكَادَتْ تُلْقِيه وَإِذَا أَقْبُرٌ سِتَّةٌ أَوْ خَمْسَةٌ أَوْ أَرْبَعَةٌ قَالَ كَذَا كَانَ يَقُولُ الْجُرَيْرِيُّ فَقَالَ مَنْ يَعْرِفُ أَصْحَابَ هَذِهِ الْأَقْبُرِ فَقَالَ رَجُلٌ أَنَا قَالَ فَمَتَى مَاتَ هَؤُلَاءِ قَالَ مَاتُوا فِي الْإِشْرَاكِ فَقَالَ إِنَّ هَذِهِ الْأُمَّةَ تُبْتَلَى فِي قُبُورِهَا فَلَوْلَا أَنْ لَا تَدَافَنُوا لَدَعَوْتُ اللَّهَ أَنْ يُسْمِعَكُمْ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ الَّذِي أَسْمَعُ مِنْهُ ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهِ فَقَالَ تَعَوَّذُوا بِاللَّهِ مِنْ عَذَابِ النَّارِ قَالُوا نَعُوذُ بِاللَّهِ مِنْ عَذَابِ النَّارِ فَقَالَ تَعَوَّذُوا بِاللَّهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ قَالُوا نَعُوذُ بِاللَّهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ قَالَ تَعَوَّذُوا بِاللَّهِ مِنْ الْفِتَنِ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ قَالُوا نَعُوذُ بِاللَّهِ مِنْ الْفِتَنِ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ قَالَ تَعَوَّذُوا بِاللَّهِ مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ قَالُوا نَعُوذُ بِاللَّهِ مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ [7213]

آپؐ نے فرمایا ان قبروں والوں کو کون جانتا ہے؟ ایک شخص نے کہا میں۔ آپؐ نے فرمایا یہ لوگ کب فوت ہوئے؟ اس نے عرض کیا شرک کی حالت میں مرے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا یقیناً ان لوگوں کو ان قبروں میں عذاب دیا جا رہا ہے۔ پس اگر یہ (ڈر) نہ ہوتا کہ تم ایک دوسرے کو دفن کرنا چھوڑ دو گے تو میں اللہ سے دعا کرتا کہ وہ تمہیں عذاب قبر میں سے وہ سنا دے جو میں سن رہا ہوں۔ پھر آپؐ ہماری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا آگ کے عذاب سے اللہ کی پناہ مانگو۔ انہوں نے کہا ہم آگ کے عذاب سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔ پھر آپؐ نے فرمایا قبر کے عذاب سے اللہ کی پناہ مانگو۔ انہوں نے کہا ہم قبر کے عذاب سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا ان فتنوں سے اللہ کی پناہ مانگو جو ظاہر ہو چکے ہیں اور جو مخفی ہیں۔ انہوں نے کہا ہم ظاہری اور مخفی فتنوں سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا تم دجال کے فتنہ سے اللہ کی پناہ مانگو۔ انہوں نے کہا ہم دجال کے فتنہ سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔

5098{68} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْلَا أَنْ لَا تَدَافَنُوا لَدَعَوْتُ اللَّهَ أَنْ يُسْمِعَكُمْ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ [7214]

5098: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا اگر یہ (ڈر) نہ ہوتا کہ تم ایک دوسرے کو دفن نہیں کرو گے تو میں اللہ سے دعا کرتا کہ وہ تمہیں عذاب قبر (کی آواز) سنا دے۔

5098 : اطراف : مسلم كتاب الجنةوصفة نعيمها باب عرض مقعد الميت من الجنة اوالنار عليه وثبات عذاب القبر... 5097
تخريج : نسائی كتاب الجنائز عذاب القبر2058

5099{69}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ح و حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ كُلُّهُمْ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ عَوْنِ بْنِ أَبِي جُحَيْفَةَ ح و حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ جَمِيعًا عَنْ يَحْيَى الْقَطَّانِ وَاللَّفْظُ لِزُهَيْرٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنِي عَوْنُ بْنُ أَبِي جُحَيْفَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ الْبَرَاءِ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ قَالَ خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَمَا غَرَبَتِ الشَّمْسُ فَسَمِعَ صَوْتًا فَقَالَ يَهُودُ تُعَذَّبُ فِي قُبُورِهَا [7215]

5099:حضرت ابو ایوبؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ سورج غروب ہونے کے بعد باہر تشریف لائے تو آپؐ نے ایک آواز سنی۔ آپؐ نے فرمایا یہود اپنی قبروں میں عذاب دیئے جا رہے ہیں۔

5100{70} حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ قَتَادَةَ حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ قَالَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الْعَبْدَ إِذَا وُضِعَ فِي قَبْرِهِ وَتَوَلَّى عَنْهُ أَصْحَابُهُ إِنَّهُ لَيَسْمَعُ قَرْعَ نِعَالِهِمْ قَالَ يَأْتِيهِ مَلَكَانِ فَيُقْعِدَانِهِ فَيَقُولَانِ لَهُ مَا كُنْتَ تَقُولُ فِي هَذَا الرَّجُلِ قَالَ

5100:حضرت انس بن مالکؓ کہتے ہیں اللہ کے نبی ﷺ نے فرمایا جب ایک شخص اپنی قبر میں رکھا جاتا ہے اور اس کے ساتھی اسے چھوڑ کر واپس جا رہے ہوتے ہیں تو وہ ان کی جوتیوں کی آواز سنتا ہے۔ آپؐ نے فرمایا اس کے پاس دو فرشتے آتے ہیں اور وہ اُسے بٹھاتے ہیں اور اس سے کہتے ہیں تو اس شخص (یعنی محمد ﷺ) کے بارہ میں کیا کہتا تھا؟ آپؐ نے

5099 : تخريج: بخاری كتاب الجنائز باب التعوذ من عذاب القبر 1375 **نسائی** كتاب الجنائز عذاب القبر 2059

5100 : اطراف : مسلم كتاب الجنةوصفة نعيمها باب عرض المقعد الميت من الجنة اوالنار...5101

تخريج : بخاری كتاب الجنائز باب الميت يسمع خفق النعال 1338 باب ما جاء فى عذاب القبر 1374 **ابو داؤد** كتاب الجنائزباب فى المشى فى النعل بين القبور 3231كتاب السنة باب فى المسألة فى القبر وعذاب القبر 4752 **نسائی** كتاب الجنائز باب التسهيل فى غير السبتيية 2049 المسألة فى القبر 2050 مسألة الكافر 2051

فَأَمَّا الْمُؤْمِنُ فَيَقُولُ أَشْهَدُ أَنَّهُ عَبْدُ اللَّهِ وَرَسُولُهُ قَالَ فَيُقَالُ لَهُ انْظُرْ إِلَى مَقْعَدِكَ مِنَ النَّارِ قَدْ أَبْدَلَكَ اللَّهُ بِهِ مَقْعَدًا مِنَ الْجَنَّةِ قَالَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَرَاهُمَا جَمِيعًا قَالَ قَتَادَةُ وَذُكِرَ لَنَا أَنَّهُ يُفْسَحُ لَهُ فِي قَبْرِهِ سَبْعُونَ ذِرَاعًا وَيُمْلَأُ عَلَيْهِ خَضِرًا إِلَى يَوْمِ يُبْعَثُونَ [7216]

آپؐ نے فرمایا جو مومن ہے وہ تو کہے گا میں گواہی دیتا ہوں کہ وہ اللہ کے بندے اور اس کے رسولؐ ہیں۔ آپؐ نے فرمایا اسے کہا جائے گا تو آگ میں اپنا ٹھکانہ دیکھ لے۔ اللہ تعالیٰ نے اس کے بدلہ تجھے جنت میں ٹھکانہ دیا ہے۔ اللہ کے نبی ﷺ نے فرمایا وہ دونوں (ٹھکانوں) کو ایک ساتھ دیکھے گا۔ (راوی) قتادہ کہتے ہیں اور ہمیں بتایا گیا ہے کہ اس کی قبر ستر ہاتھ وسیع کی جاتی ہے اور اس دن تک وہ سبزہ سے بھر دی جاتی ہے جب لوگ اٹھائے جائیں گے۔

5101{71} و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مِنْهَالٍ الضَّرِيرُ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الْمَيِّتَ إِذَا وُضِعَ فِي قَبْرِهِ إِنَّهُ لَيَسْمَعُ خَفْقَ نِعَالِهِمْ إِذَا انْصَرَفُوا

{72} حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ زُرَارَةَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ يَعْنِي ابْنَ عَطَاءٍ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ الْعَبْدَ إِذَا وُضِعَ فِي قَبْرِهِ وَتَوَلَّى عَنْهُ أَصْحَابُهُ فَذَكَرَ بِمِثْلِ حَدِيثِ شَيْبَانَ عَنْ قَتَادَةَ [7218,7217]

5101: حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب میت کو اس کی قبر میں رکھا جاتا ہے تو جب لوگ (اسے دفن کر کے) لوٹ رہے ہوتے ہیں تو وہ ان کی جوتیوں کی آواز سنتا ہے۔

ایک روایت میں (اِنَّ الْمَیِّتَ اِذَا وُضِعَ فِیْ قَبْرِہٖ کی بجائے) اِنَّ الْعَبْدَ اِذَا وُضِعَ فِیْ قَبْرِہٖ وَتَوَلّٰی عَنْہُ اَصْحَابُہٗ کے الفاظ ہیں۔

5101 : **اطراف** : **مسلم** كتاب الجنةوصفة نعيمها باب عرض المقعد الميت من الجنة اوالنار...5100
تخريج : **بخارى** كتاب الجنائز باب الميت يسمع خفق النعال 1338 باب ما جاء فى عذاب القبر 1374 **ابو داؤد** كتاب الجنائزباب فى المشى فى النعل بين القبور 3231 كتاب السنة باب فى المسألة فى القبر وعذاب القبر 4752 **نسائى** كتاب الجنائز باب التسهيل فى غير السبتيية 2049 المسألة فى القبر 2050 مسألة الكافر 2051

5102{73} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارِ بْنِ عُثْمَانَ الْعَبْدِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُثَبِّتُ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ قَالَ نَزَلَتْ فِي عَذَابِ الْقَبْرِ فَيُقَالُ لَهُ مَنْ رَبُّكَ فَيَقُولُ رَبِّيَ اللَّهُ وَنَبِيِّي مُحَمَّدٌ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَلِكَ قَوْلُهُ عَزَّ وَجَلَّ يُثَبِّتُ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ[7219]

5102: حضرت براء بن عازبؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا يُثَبِّتُ اللَّهُ الَّذِيْنَ آمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِت (ترجمہ) اللہ ان لوگوں کو جو ایمان لائے مستحکم قول کے ساتھ استحکام بخشتا ہے[1]۔ آپؐ نے فرمایا یہ (آیت) عذابِ قبر کے بارہ میں نازل ہوئی ہے۔ اسے کہا جائے گا تیرا رب کون ہے؟ تو وہ کہے گا میرا رب اللہ ہے اور میرے نبی محمد ﷺ ہیں۔ یہ اللہ عزّ وجل کا قول ہے يُثَبِّتُ اللَّهُ الَّذِيْنَ آمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الآخِرَةِ (ترجمہ) اللہ ان لوگوں کو جو ایمان لائے مستحکم قول کے ساتھ دنیوی زندگی میں اور آخرت میں استحکام بخشتا ہے[2]۔

5103{74} حَدَّثَنَا أَبُوبَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَأَبُو بَكْرِ بْنُ نَافِعٍ قَالُوا حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ يَعْنُونَ ابْنَ مَهْدِيٍّ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ خَيْثَمَةَ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ يُثَبِّتُ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ قَالَ نَزَلَتْ فِي عَذَابِ الْقَبْرِ[7220]

5103: حضرت براء بن عازبؓ اس آیت يُثَبِّتُ اللَّهُ الَّذِيْنَ آمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِيْ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِيْ الآخِرَة (ترجمہ) اللہ ان لوگوں کو جو ایمان لائے مستحکم قول کے ساتھ دنیوی زندگی میں اور آخرت میں استحکام بخشتا ہے[3] کے بارہ میں بیان کرتے ہیں کہ یہ عذابِ قبر کے بارہ میں نازل ہوئی۔

5102 : اطراف : مسلم كتاب الجنةوصفة نعيمها باب عرض المقعد الميت من الجنة اوالنار...5103
تخريج: بخاری كتاب الجنائز باب ما جاء فی عذاب القبر 1369 كتاب التفسير باب يثبت الله الذين آمنوا بالقول الثابت..4699 **ترمذی** كتاب تفسير القرآن ومن سورة ابراهيم 3120 **نسائی** كتاب الجنائز عذاب القبر2056، 2057
ابو داؤد كتاب الجنائز فی المسألة فی القبروعذاب القبر4750 **ابن ماجه** كتاب الزهد باب ذكر القبر والبلی 4269
5103 : اطراف : مسلم كتاب الجنةوصفة نعيمها باب عرض المقعد الميت من الجنة اوالنار...5102
تخريج : بخاری كتاب الجنائز باب ما جاء فی عذاب القبر 1369 كتاب التفسير باب يثبت الله الذين آمنوا بالقول الثابت ....4699 **ترمذی** كتاب تفسير القرآن ومن سورة ابراهيم 3120 **نسائی** كتاب الجنائز عذاب القبر2056، 2057
ابو داؤد كتاب الجنائز فی المسألة فی القبروعذاب القبر4750 **ابن ماجه** كتاب الزهد باب ذكر القبر والبلی 4269
1، 2، 3 :- ابراهيم : 28

5104{75}حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ حَدَّثَنَا بُدَيْلٌ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ شَقِيقٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ إِذَا خَرَجَتْ رُوحُ الْمُؤْمِنِ تَلَقَّاهَا مَلَكَانِ يُصْعِدَانِهَا قَالَ حَمَّادٌ فَذَكَرَ مِنْ طِيبِ رِيحِهَا وَذَكَرَ الْمِسْكَ قَالَ وَيَقُولُ أَهْلُ السَّمَاءِ رُوحٌ طَيِّبَةٌ جَاءَتْ مِنْ قِبَلِ الْأَرْضِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْكِ وَعَلَى جَسَدٍ كُنْتِ تَعْمُرِينَهُ فَيُنْطَلَقُ بِهِ إِلَى رَبِّهِ عَزَّ وَجَلَّ ثُمَّ يَقُولُ انْطَلِقُوا بِهِ إِلَى آخِرِ الْأَجَلِ قَالَ وَإِنَّ الْكَافِرَ إِذَا خَرَجَتْ رُوحُهُ قَالَ حَمَّادٌ وَذَكَرَ مِنْ نَتْنِهَا وَذَكَرَ لَعْنًا وَيَقُولُ أَهْلُ السَّمَاءِ رُوحٌ خَبِيثَةٌ جَاءَتْ مِنْ قِبَلِ الْأَرْضِ قَالَ فَيُقَالُ انْطَلِقُوا بِهِ إِلَى آخِرِ الْأَجَلِ قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ فَرَدَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَيْطَةً كَانَتْ عَلَيْهِ عَلَى أَنْفِهِ هَكَذَا [7221]

5104:حضرت ابو ہریرۃؓ بیان کرتے ہیں کہ جب ایک مومن کی روح نکلتی ہے تو اسے دوفرشتے ملتے ہیں جو اسے اوپر لے جاتے ہیں ——(راوی) حماد کہتے ہیں پھر (راوی بدیل) نے اس (روح) کی عمدہ خوشبو اور مشک کا ذکر کیا —— حضرت ابو ہریرۃؓ کہتے ہیں آسمان والے کہیں گے زمین کی طرف سے ایک پاک روح آئی ہے۔ اللہ تجھ پر رحمت کرے اور اس جسم پر جس میں تو آباد تھی۔ پھر اسے اس کے رب عزّ وجل کے پاس لے جایا جائے گا پھر وہ فرمائے گا اسے آخری مدت تک کے لئے لے جاؤ۔ انہوں نے بیان کیا کافر کی روح جب نکلتی ہے —— حماد کہتے ہیں (راوی بدیل) نے اس کی بدبو اور اس کے ملعون ہونے کا ذکر کیا —— آسمان والے کہتے ہیں زمین کی طرف سے (ایک) خبیث روح آئی ہے۔ وہ (حضرت ابو ہریرۃؓ) بیان کرتے ہیں کہا جائے گا اسے آخری مدت تک کے لئے لے جاؤ۔ حضرت ابو ہریرۃؓ کہتے ہیں پھر رسول اللہ ﷺ نے اپنا کپڑا اپنی ناک پر اس طرح رکھ لیا۔

5105 {76} حَدَّثَنِي إِسْحَقُ بْنُ عُمَرَ بْنِ سَلِيطٍ الْهُذَلِيُّ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ عَنْ

5105:حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ ہم مکہ اور مدینہ کے درمیان حضرت عمرؓ کے ساتھ تھے۔

5105 : اطراف : مسلم كتاب الجنةوصفة نعيمها باب عرض المقعد الميت من الجنة اوالنار...5106

تخريج: بخاری كتاب المغازى باب قتل ابى جهل 3976 **نسائی** كتاب الجنائز ارواح المؤمنين 2074، 2075، 2076

ابو داؤد كتاب الجهاد باب فى الاسير ينال منه ويضرب ويقرر 2681

ثَابِتٍ قَالَ قَالَ أَنَسٌ كُنْتُ مَعَ عُمَرَ ح و حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كُنَّا مَعَ عُمَرَ بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِينَةِ فَتَرَاءَيْنَا الْهِلَالَ وَكُنْتُ رَجُلًا حَدِيدَ الْبَصَرِ فَرَأَيْتُهُ وَلَيْسَ أَحَدٌ يَزْعُمُ أَنَّهُ رَآهُ غَيْرِي قَالَ فَجَعَلْتُ أَقُولُ لِعُمَرَ أَمَا تَرَاهُ فَجَعَلَ لَا يَرَاهُ قَالَ يَقُولُ عُمَرُ سَأَرَاهُ وَأَنَا مُسْتَلْقٍ عَلَى فِرَاشِي ثُمَّ أَنْشَأَ يُحَدِّثُنَا عَنْ أَهْلِ بَدْرٍ فَقَالَ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُرِينَا مَصَارِعَ أَهْلِ بَدْرٍ بِالْأَمْسِ يَقُولُ هَذَا مَصْرَعُ فُلَانٍ غَدًا إِنْ شَاءَ اللَّهُ قَالَ فَقَالَ عُمَرُ فَوَالَّذِي بَعَثَهُ بِالْحَقِّ مَا أَخْطَئُوا الْحُدُودَ الَّتِي حَدَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَجُعِلُوا فِي بِئْرٍ بَعْضُهُمْ عَلَى بَعْضٍ فَانْطَلَقَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى انْتَهَى إِلَيْهِمْ فَقَالَ يَا فُلَانَ بْنَ فُلَانٍ وَيَا فُلَانَ بْنَ فُلَانٍ هَلْ وَجَدْتُمْ مَا وَعَدَكُمْ اللَّهُ وَرَسُولُهُ حَقًّا فَإِنِّي قَدْ وَجَدْتُ مَا وَعَدَنِي اللَّهُ حَقًّا قَالَ عُمَرُ يَا رَسُولَ اللَّهِ كَيْفَ تُكَلِّمُ أَجْسَادًا لَا أَرْوَاحَ فِيهَا قَالَ مَا أَنْتُمْ بِأَسْمَعَ لِمَا أَقُولُ مِنْهُمْ غَيْرَ أَنَّهُمْ لَا يَسْتَطِيعُونَ أَنْ يَرُدُّوا عَلَيَّ شَيْئًا [7222]

ہم پہلی رات کا چاند دیکھنے لگے اور میری نظر تیز تھی میں نے اسے دیکھ لیا اور میرے علاوہ کسی اور نے نہیں کہا کہ اُس نے بھی دیکھا ہے۔ میں حضرت عمرؓ سے کہنے لگا کیا آپؓ نہیں دیکھ رہے ـــــ وہ اسے دیکھ نہیں پائے تھے ـــــ راوی کہتے ہیں حضرت عمرؓ نے کہا میں اسے دیکھ لوں گا اور میں اپنے بستر پر لیٹا ہوا ہوں گا۔ پھر انہوں نے ہمیں بدر (میں ہلاک ہونے) والوں کے متعلق بتانا شروع کیا اور کہا رسول اللہ ﷺ نے ہمیں (جنگ سے) ایک دن قبل بدر (میں قتل ہونے) والوں کے گرنے کی جگہیں دکھائیں۔ آپؐ فرماتے تھے کل انشاء اللہ یہ فلاں کے گرنے کی جگہ ہوگی۔ راوی کہتے ہیں حضرت عمرؓ نے کہا اس ذات کی قسم جس نے آپؐ کو حق کے ساتھ بھیجا وہ (گرنے والے) رسول اللہ ﷺ کی بتائی ہوئی جگہوں سے ادھر اُدھر نہیں ہوئے۔ راوی کہتے ہیں پھر وہ سب ایک دوسرے کے اوپر ایک گڑھے میں ڈالے گئے۔ پھر رسول اللہ ﷺ چلے یہاں تک کہ ان کے پاس پہنچے اور فرمایا اے فلاں بن فلاں اور اے فلاں بن فلاں کیا تم نے اس وعدہ کو جو اللہ اور اس کے رسولؐ نے تم سے کیا تھا سچا پالیا؟ یقیناً میں نے تو جو مجھ سے اللہ نے وعدہ کیا تھا سچا پایا۔ حضرت عمرؓ نے عرض کیا یارسولؐ اللہ! آپؐ کیسے ان جسموں سے گفتگو کرتے ہیں جن میں روحیں نہیں ہیں۔ آپؐ نے فرمایا جو میں

ان سے کہہ رہا ہوں تم ان سے زیادہ نہیں سنتے سوائے اس کے کہ وہ جواب دینے کی طاقت نہیں رکھتے۔

5106{77}حَدَّثَنَا هَدَّابُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَرَكَ قَتْلَى بَدْرٍ ثَلَاثًا ثُمَّ أَتَاهُمْ فَقَامَ عَلَيْهِمْ فَنَادَاهُمْ فَقَالَ يَا أَبَا جَهْلِ بْنَ هِشَامٍ يَا أُمَيَّةَبْنَ خَلَفٍ يَا عُتْبَةَ بْنَ رَبِيعَةَ يَا شَيْبَةَ بْنَ رَبِيعَةَ أَلَيْسَ قَدْ وَجَدْتُمْ مَا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا فَإِنِّي قَدْ وَجَدْتُ مَا وَعَدَنِي رَبِّي حَقًّا فَسَمِعَ عُمَرُ قَوْلَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ كَيْفَ يَسْمَعُوا وَأَنَّى يُجِيبُوا وَقَدْ جَيَّفُوا قَالَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ مَا أَنْتُمْ بِأَسْمَعَ لِمَا أَقُولُ مِنْهُمْ وَلَكِنَّهُمْ لَا يَقْدِرُونَ أَنْ يُجِيبُوا ثُمَّ أَمَرَ بِهِمْ فَسُحِبُوا فَأُلْقُوا فِي قَلِيبِ بَدْرٍ{78} حَدَّثَنِي يُوسُفُ بْنُ حَمَّادٍ الْمَعْنِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى عَنْ سَعِيدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ أَبِي طَلْحَةَ ح و حَدَّثَنِيهِ مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ

5106:حضرت انسؓ بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے بدر کے مقتولوں کو تین دن رہنے دیا۔ پھر آپؐ ان کے پاس آئے اور ان کے قریب کھڑے ہوئے اور انہیں پکار کر کہا اے ابوجہل بن ہشام، اے امیہ بن خلف، اے عتبہ بن ربیعہ، اے شیبہ بن ربیعہ کیا تم نے اس وعدے کو سچا نہیں پایا جو تمہارے ربّ نے (تم سے) کیا تھا؟ میرے ساتھ میرے رب نے جو وعدہ کیا تھا میں نے تو اسے سچا پایا ہے۔حضرت عمرؓ نے نبی ﷺ کی یہ بات سنی تو کہا یا رسولؐ اللہ! وہ کیسے سنیں اور کیونکر جواب دیں؟ وہ تو مردہ ہیں۔آپؐ نے فرمایا اس کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے تم لوگ میری بات کو ان سے زیادہ نہیں سن رہے لیکن وہ جواب دینے کی طاقت نہیں رکھتے۔پھر آپؐ نے ان کے بارہ میں ارشاد فرمایا تو انہیں گھسیٹ کر بدر کے ایک گڑھے میں ڈال دیا گیا۔قتادہ کہتے ہیں کہ ہمیں حضرت انس بن مالکؓ نے بتایا کہ حضرت ابوطلحہؓ نے بیان کیا کہ جب بدر کا دن تھا اور نبی ﷺ ان پر غالب آئے تو آپؐ نے بیس سے کچھ اوپر آدمیوں کے بارہ میں حکم دیا—اور روح

5106 : اطراف : مسلم كتاب الجنةوصفة نعيمها باب عرض المقعد الميت من الجنة اوالنار...5105

تخریج : بخاری کتاب المغازی باب قتل ابی جهل 3976 **نسائی** كتاب الجنائز باب ارواح المؤمنين 2074، 2075، 2076

ابوداؤد كتاب الجهاد باب فى الاسير ينال منه ويضرب ويقرر 2681

ذَكَرَ لَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ عَنْ أَبِي طَلْحَةَ قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ بَدْرٍ وَظَهَرَ عَلَيْهِمْ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ بِبِضْعَةٍ وَعِشْرِينَ رَجُلًا وَفِي حَدِيثِ رَوْحٍ بِأَرْبَعَةٍ وَعِشْرِينَ رَجُلًا مِنْ صَنَادِيدِ قُرَيْشٍ فَأُلْقُوا فِي طَوِيٍّ مِنْ أَطْوَاءِ بَدْرٍ وَسَاقَ الْحَدِيثَ بِمَعْنَى حَدِيثِ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ [7224,7223]

کی روایت میں ہے چوبیس قریش کے سرداروں کے بارہ میں ـــــ تو وہ بدر کے (متروک) گڑھوں میں سے ایک گڑھے میں ڈال دیئے گئے۔ باقی روایت پہلی روایت کی طرح ہے۔

[18]19: بَاب إِثْبَاتِ الْحِسَابِ

اس بات کا بیان کہ حساب ہوگا

5107{79}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَعَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ جَمِيعًا عَنْ إِسْمَعِيلَ قَالَ أَبُو بَكْرٍ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حُوسِبَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عُذِّبَ فَقُلْتُ أَلَيْسَ قَدْ قَالَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَسِيرًا فَقَالَ لَيْسَ ذَاكِ الْحِسَابُ إِنَّمَا ذَاكِ الْعَرْضُ مَنْ نُوقِشَ الْحِسَابَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

5107: حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس کا قیامت کے دن حساب لیا گیا اسے عذاب دیا گیا۔ میں نے عرض کیا اللہ عزّ وجل نے نہیں فرمایا فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَسِيرًا☆ (ترجمہ) تو یقیناً اُس کا آسان حساب لیا جائے گا۔ آپؐ نے فرمایا یہ حساب نہیں یہ تو محض پیشی ہے۔ جس سے قیامت کے دن کرید کر حساب لیا گیا وہ عذاب دیا گیا۔

5107 : اطراف : مسلم كتاب الجنةوصفة نعيمها باب اثبات الحساب 5108

تخريج : بخاری كتاب العلم باب من سمع شيئا فرجع حتى يعرفه 103 كتاب التفسير باب فسوف يحاسب حسابا يسيرا 4939 كتاب الرقاق باب من نوقش الحساب عذب 6536، 6537 **ترمذی** كتاب صفة القيامة والرقاق والورع باب ما جاء في العرض 2426 كتاب تفسير القرآن باب ومن سورة اذا السماء انشقت 3337، 3338 **ابو داؤد** كتاب الجنائز باب عيادة النساء 3093

☆ **انشقاق:9**

عُذِّبَ حَدَّثَنِي أَبُو الرَّبِيعِ الْعَتَكِيُّ وَأَبُو كَامِلٍ قَالَا حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ [7226,7225]

5108{80} و حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ بِشْرِ بْنِ الْحَكَمِ الْعَبْدِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى يَعْنِي ابْنَ سَعِيدٍ الْقَطَّانَ حَدَّثَنَا أَبُو يُونُسَ الْقُشَيْرِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي مُلَيْكَةَ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ أَحَدٌ يُحَاسَبُ إِلَّا هَلَكَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَلَيْسَ اللَّهُ يَقُولُ حِسَابًا يَسِيرًا قَالَ ذَاكِ الْعَرْضُ وَلَكِنْ مَنْ نُوقِشَ الْحِسَابَ هَلَكَ و حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ بِشْرٍ حَدَّثَنِي يَحْيَى وَهُوَ الْقَطَّانُ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْأَسْوَدِ عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ نُوقِشَ الْحِسَابَ هَلَكَ ثُمَّ ذَكَرَ بِمِثْلِ حَدِيثِ أَبِي يُونُسَ [7228,7227]

5108: حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا جس کسی سے بھی حساب لیا جائے گا وہ ہلاک ہوجائے گا۔ میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! کیا اللہ نے یہ نہیں فرمایا حِسَابًا يَسِيرًا☆ (ترجمہ) آسان حساب۔ آپؐ نے فرمایا یہ پیشی ہے ہاں مگر جس سے کرید کر حساب لیا گیا وہ ہلاک ہوگیا۔
ایک روایت میں وَلَكِنْ کا لفظ نہیں ہے۔

5108 : اطراف : مسلم كتاب الجنةوصفة نعيمها باب اثبات الحساب 5107

تخریج : بخاری كتاب العلم باب من سمع شيئا فرجع حتى يعرفه 103 كتاب التفسير باب فسوف يحاسب حسابا يسيرا 4939 كتاب الرقاق باب من نوقش الحساب عذب 6536، 6537 **ترمذی** كتاب صفة القيامة والرقاق والورع باب ما جاء فى العرض 2426 كتاب تفسير القرآن باب ومن سورة اذا السماء انشقت 3337، 3338 **ابو داؤد** كتاب الجنائز باب عيادة النساء 3093

☆انشقاق:9

[19]20: بَاب: الْأَمْرُ بِحُسْنِ الظَّنِّ بِاللَّهِ تَعَالَى عِنْدَ الْمَوْتِ

باب: موت کے وقت اللہ پر اچھا گمان کرنے کا ارشاد

5109{81}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّاءَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي سُفْيَانَ عَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ وَفَاتِهِ بِثَلَاثٍ يَقُولُ لَا يَمُوتَنَّ أَحَدُكُمْ إِلَّا وَهُوَ يُحْسِنُ بِاللَّهِ الظَّنَّ و حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ح و حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ح و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ وَأَبُو مُعَاوِيَةَ كُلُّهُمْ عَنِ الْأَعْمَشِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ [7230,7229]

5109: حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں میں نے نبی ﷺ کو اپنی وفات سے تین دن پہلے فرماتے سنا تم میں سے کسی پر موت نہ آئے مگر اس حال میں کہ وہ اللہ پر حسن ظن رکھتا ہو۔

5110{82} وحَدَّثَنِي أَبُو دَاوُدَ سُلَيْمَانُ بْنُ مَعْبَدٍ حَدَّثَنَا أَبُو النُّعْمَانِ عَارِمٌ حَدَّثَنَا مَهْدِيُّ بْنُ مَيْمُونٍ حَدَّثَنَا وَاصِلٌ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ مَوْتِهِ بِثَلَاثَةِ أَيَّامٍ يَقُولُ لَا يَمُوتَنَّ أَحَدُكُمْ إِلَّا وَهُوَ يُحْسِنُ الظَّنَّ بِاللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ [7231]

5110: حضرت جابرؓ بن عبداللہ انصاری بیان کرتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کو اپنی وفات سے تین دن پہلے فرماتے سنا تم میں سے کسی پر موت نہ آئے مگر اس حال میں کہ وہ اللہ عزّ وجل پر حسن ظن رکھتا ہو۔

5109 : اطراف : مسلم كتاب الجنةوصفة نعيمها باب اثبات الامر بحسن الظّن بالله تعالىٰ عندالموت 5110

تخریج : ابو داؤد كتاب الجنائز باب ما يستحب من حسن الظن بالله...3113 **ابن ماجه** كتاب الزهد باب التوكل واليقين 4167

☆ انشقاق : 9

5110 : اطراف : مسلم كتاب الجنة وصفة نعيمها باب الامر بحسن الظن بالله...5109

تخریج : ابو داؤد كتاب الجنائز باب مايستحب من حسن الظن بالله...3113 **ابن ماجه** كتاب الزهد باب التوكل واليقين 4167

5111{83} وحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَعُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَا حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي سُفْيَانَ عَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ يُبْعَثُ كُلُّ عَبْدٍ عَلَى مَا مَاتَ عَلَيْهِ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ نَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الْأَعْمَشِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ وَقَالَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَقُلْ سَمِعْتُ[7233,7232]

5111: حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ ہر بندہ جس (حال) پر مرا اسی پر اٹھایا جائے گا۔

5112{84} وحَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى التُّجِيبِيُّ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَخْبَرَنِي حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِذَا أَرَادَ اللَّهُ بِقَوْمٍ عَذَابًا أَصَابَ الْعَذَابُ مَنْ كَانَ فِيهِمْ ثُمَّ بُعِثُوا عَلَى أَعْمَالِهِمْ [7234]

5112: حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا جب اللہ تعالیٰ کسی قوم کو عذاب دینے کا ارادہ کرتا ہے تو جو لوگ (بھی) ان میں ہوتے ہیں اُن کو عذاب پہنچتا ہے پھر وہ اپنے اعمال کے مطابق اٹھائے جاتے ہیں۔

5112 : تخريج: بخاری كتاب الفتن باب اذا انزل الله بقوم عذابا 7108

بسم الله الرحمن الرحيم

كِتَابُ الْفِتَنِ وَأَشْرَاطِ السَّاعَةِ

فتنوں اور قیامت کی نشانیوں کے بارہ میں کتاب

[1]1: بَاب اقْتِرَابِ الْفِتَنِ وَفَتْحِ رَدْمِ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ

فتنوں کے قریب آنے اور یاجوج ماجوج کی دیوار میں رخنہ پڑنے کا بیان

5114 {1} حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أُمِّ سَلَمَةَ عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَيْقَظَ مِنْ نَوْمِهِ وَهُوَ يَقُولُ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَيْلٌ لِلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ قَدِ اقْتَرَبَ فُتِحَ الْيَوْمَ مِنْ رَدْمِ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ مِثْلُ هَذِهِ وَعَقَدَ سُفْيَانُ بِيَدِهِ عَشَرَةً قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَنَهْلِكُ وَفِينَا الصَّالِحُونَ قَالَ نَعَمْ إِذَا كَثُرَ الْخَبَثُ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَسَعِيدُ بْنُ عَمْرٍو الْأَشْعَثِيُّ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ قَالُوا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَزَادُوا فِي

5114: حضرت زینب بنت حضرت ام سلمہؓ سے روایت ہے کہ حضرت ام حبیبہؓ نے حضرت زینبؓ بنت جحش سے روایت کی کہ نبی ﷺ نیند سے بیدار ہوئے تو آپؐ فرمار ہے تھے اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔عرب کے لئے خطرہ ہے اس شر کی وجہ سے جو قریب آ گیا ہے۔آج یاجوج اور ماجوج کی دیوار میں اتنا رخنہ پڑ گیا ہے—اور سفیان نے اپنے ہاتھ سے دس بنایا— وہ (حضرت زینب بنت جحشؓ) فرماتی ہیں میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! کیا ہم ہلاک ہو جائیں گے حالانکہ ہم میں نیک لوگ موجود ہیں؟ آپؐ نے فرمایا ہاں جب فسق و فجور کی کثرت ہو جائے گی۔

5114 :اطراف:مسلم كتاب الفتن واشراط الساعة باب اقتراب الفتن وفتح ردم ياجوج و ماجوج 5115

تخريج : بخارى كتاب احاديث الانبياء باب قصة يعقوب 3346 كتاب المناقب باب علامات النبوة فى الاسلام 3598 كتاب الفتن باب قول النبيؐ ويل للعرب من شر قد اقترب 7059 باب ياجوج و ماجوج 7135 **ترمذى** كتاب الفتن باب ما جاء فى خروج ياجوج و ماجوج 2187 **ابن ماجه** كتاب الفتن باب ما يكون من الفتن 3953

الْإِسْنَاد عَنْ سُفْيَانَ فَقَالُوا عَنْ زَيْنَبَ بِنْت أَبِي سَلَمَةَ عَنْ حَبِيبَةَ عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ[7236,7235]

5115 {2} حَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ أَنَّ زَيْنَبَ بِنْتَ أَبِي سَلَمَةَ أَخْبَرَتْهُ أَنَّ أُمَّ حَبِيبَةَ بِنْتَ أَبِي سُفْيَانَ أَخْبَرَتْهَا أَنَّ زَيْنَبَ بِنْتَ جَحْشٍ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَزِعًا مُحْمَرًّا وَجْهُهُ يَقُولُ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَيْلٌ لِلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ قَدْ اقْتَرَبَ فُتِحَ الْيَوْمَ مِنْ رَدْمِ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ مِثْلُ هَذِهِ وَحَلَّقَ بِإِصْبَعِهِ الْإِبْهَامِ وَالَّتِي تَلِيهَا قَالَتْ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَنَهْلِكُ وَفِينَا الصَّالِحُونَ قَالَ نَعَمْ إِذَا كَثُرَ الْخَبَثُ و حَدَّثَنِي عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ اللَّيْثِ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ جَدِّي حَدَّثَنِي عُقَيْلُ بْنُ خَالِدٍ ح و حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ صَالِحٍ كِلَاهُمَا عَنِ ابْنِ شِهَابٍ بِمِثْلِ حَدِيثِ يُونُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ بِإِسْنَادِهِ [7238,7237]

5115: حضرت زینب بنت ابی سلمہؓ بیان کرتی ہیں کہ حضرت ام حبیبہؓ بنت ابوسفیان نے انہیں بتایا کہ نبی ﷺ کی زوجہ مطہرہ حضرت زینب بنت جحشؓ نے بیان فرمایا کہ ایک دن رسول اللہ ﷺ باہر تشریف لائے اور آپؐ سخت فکرمند تھے اور آپؐ کا چہرہ سرخ تھا اور آپؐ کہہ رہے تھے اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، عرب کے لئے اس شر کی وجہ سے جو قریب آ گیا ہے خطرہ ہے۔ آج یاجوج اور ماجوج کی دیوار میں اتنا رخنہ پڑ گیا ہے اور آپؐ نے انگوٹھے اور ساتھ کی انگلی سے حلقہ بنایا۔ وہ کہتی ہیں میں نے کہا یارسولؐ اللہ! کیا ہم ہلاک ہو جائیں گے جبکہ ہم میں نیک ہوں گے؟ آپؐ نے فرمایا ہاں جب فسق و فجور کی کثرت ہو جائے۔

5115 :اطراف: مسلم کتاب الفتن و اشراط الساعة باب اقتراب الفتن وفتح ردم یاجوج و ماجوج 5114

تخریج : بخاری کتاب احادیث الانبیاء باب قصة یعقوب 3346 کتاب المناقب باب علامات النبوة فی الاسلام 3598 کتاب الفتن باب قول النبی ویل للعرب من شر قد اقترب 7059 باب یاجوج و ماجوج 7135 **ترمذی** کتاب الفتن باب ما جاء فی خروج یاجوج و ماجوج 2187 **ابن ماجه** کتاب الفتن باب ما یکون من الفتن 3953

5116 {3} وحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَقَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ طَاوُسٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فُتِحَ الْيَوْمَ مِنْ رَدْمِ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ مِثْلُ هَذِهِ وَعَقَدَ وُهَيْبٌ بِيَدِهِ تِسْعِينَ [7239]

5116: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا یاجوج اور ماجوج کی دیوار میں آج اتنا رخنہ پڑ گیا ہے اور (راوی) وہیب نے اپنے ہاتھ سے نوے کا ہندسہ بنایا۔

[2]2: بَاب الْخَسْفِ بِالْجَيْشِ الَّذِي يَؤُمُّ الْبَيْتَ

اس لشکر کے دھنسنے کا بیان جو بیت اللہ (پر حملہ) کا قصد کرے گا

5117{4} حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَأَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَاللَّفْظُ لِقُتَيْبَةَ قَالَ إِسْحَقُ أَخْبَرَنَا و قَالَ الْآخَرَانِ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ ابْنِ الْقِبْطِيَّةِ قَالَ دَخَلَ الْحَارِثُ بْنُ أَبِي رَبِيعَةَ وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ صَفْوَانَ وَأَنَا مَعَهُمَا عَلَى أُمِّ سَلَمَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ فَسَأَلَاهَا عَنِ الْجَيْشِ الَّذِي يُخْسَفُ بِهِ وَكَانَ ذَلِكَ فِي أَيَّامِ ابْنِ الزُّبَيْرِ فَقَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُوذُ عَائِذٌ بِالْبَيْتِ فَيُبْعَثُ إِلَيْهِ بَعْثٌ فَإِذَا كَانُوا بِبَيْدَاءَ مِنَ الْأَرْضِ خُسِفَ بِهِمْ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ

5117: عبیداللہ بن قبطیہ کہتے ہیں کہ حارث بن ابی ربیعہ اور عبداللہ بن صفوان ام المؤمنین حضرت ام سلمہؓ کے پاس گئے اور میں ان دونوں کے ساتھ تھا۔ ان دونوں نے آپؓ سے اس لشکر کے بارہ میں پوچھا جسے دھنسایا جائے گا اور یہ ابن زبیر کے زمانے کی بات ہے۔ آپؓ (حضرت ام سلمہؓ) نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تھا کہ ایک پناہ لینے والا بیت اللہ میں پناہ لے گا تو اس کی طرف ایک لشکر بھجوایا جائے گا۔ جب وہ میدان بیداء میں ہوں گے تو انہیں دھنسا دیا جائے گا۔ میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! اس شخص کا کیا ہو گا جو (اُن میں) مجبورًا شامل ہے؟ آپؐ نے فرمایا اسے بھی ان کے ساتھ دھنسا دیا

5116 :تخریج : بخاری كتاب احاديث الانبياء باب قصة ياجوج و ماجوج 3347 كتاب الفتن باب ياجوج و ماجوج 7136

5117 :اطراف: مسلم كتاب الفتن واشراط الساعة باب الخسف بالجيش الذى يؤم البيت 5118 ، 5119 ، 5120

تخریج: بخاری كتاب البيوع باب ما ذكر فى الاسواق 2118 **ابو داؤد** كتاب المهدى باب 4289 **ابن ماجه** كتاب الفتن باب جيش البيداء 4063 ، 4064 ، 4065 **نسائی** كتاب المناسك الحج حرمة الحرم 2877 ، 2879 ، 2880

فَكَيْفَ بِمَنْ كَانَ كَارِهًا قَالَ يُخْسَفُ بِهِ مَعَهُمْ وَلَكِنَّهُ يُبْعَثُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى نِيَّتِهِ وَقَالَ أَبُو جَعْفَرٍ هِيَ بَيْدَاءُ الْمَدِينَةِ{5} حَدَّثَنَاه أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ رُفَيْعٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَفِي حَدِيثِهِ قَالَ فَلَقِيتُ أَبَا جَعْفَرٍ فَقُلْتُ إِنَّهَا إِنَّمَا قَالَتْ بِبَيْدَاءَ مِنَ الْأَرْضِ فَقَالَ أَبُو جَعْفَرٍ كَلَّا وَاللَّهِ إِنَّهَا لَبَيْدَاءُ الْمَدِينَةِ [7240,7241]

جائے گا لیکن قیامت کے دن اسے اس کی نیت کے مطابق اٹھایا جائے گا۔
راوی کہتے ہیں میں ابوجعفر سے ملا۔ میں نے ان سے کہا کہ آپؓ (حضرت ام سلمہؓ) فرماتی ہیں ''بِبَيْدَاءَ مِنَ الْأَرْضِ'' کہ زمین کے کسی بھی میدان میں۔ اس پر ابوجعفر نے کہا ہرگز نہیں خدا کی قسم یہ مدینہ کا میدان ہے۔

5118{6}حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ وَاللَّفْظُ لِعَمْرٍو قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ أُمَيَّةَ بْنِ صَفْوَانَ سَمِعَ جَدَّهُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ صَفْوَانَ يَقُولُ أَخْبَرَتْنِي حَفْصَةُ أَنَّهَا سَمِعَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَيَؤُمَّنَّ هَذَا الْبَيْتَ جَيْشٌ يَغْزُونَهُ حَتَّى إِذَا كَانُوا بِبَيْدَاءَ مِنَ الْأَرْضِ يُخْسَفُ بِأَوْسَطِهِمْ وَيُنَادِي أَوَّلُهُمْ آخِرَهُمْ ثُمَّ يُخْسَفُ بِهِمْ فَلَا يَبْقَى إِلَّا الشَّرِيدُ الَّذِي يُخْبِرُ عَنْهُمْ فَقَالَ رَجُلٌ أَشْهَدُ عَلَيْكَ أَنَّكَ لَمْ تَكْذِبْ عَلَى حَفْصَةَ وَأَشْهَدُ عَلَى حَفْصَةَ أَنَّهَا لَمْ تَكْذِبْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [7242]

5118: امیہ بن صفوان سے روایت ہے انہوں نے اپنے دادا حضرت عبداللہ بن صفوانؓ کو کہتے ہوئے سنا کہ مجھے ام المؤمنین حضرت حفصہؓ نے بتایا کہ انہوں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ لڑائی کی نیت سے ایک لشکر اس گھر (خانہ کعبہ) کا قصد کرے گا یہاں تک کہ وہ لوگ میدان بیداء میں ہوں گے تو ان کے درمیانے حصہ کو دھنسا دیا جائے گا اور ان کا پہلا حصہ آخری حصہ کو پکارے گا۔ پھر وہ بھی دھنسا دیئے جائیں گے۔ ان سے کوئی بھاگ جانے والا ہی باقی رہے گا جو اُن کے بارہ میں بتائے گا تو ایک شخص نے کہا میں آپ کے متعلق گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے حضرت حفصہؓ کی طرف غلط بات منسوب نہیں کی اور میں حضرت حفصہؓ کے بارہ میں بھی گواہی دیتا ہوں کہ انہوں نے نبی ﷺ کی طرف غلط بات منسوب نہیں کی۔

5118: **اطراف**: **مسلم** کتاب الفتن واشراط الساعة باب الخسف بالجیش الذی یؤم البیت 5117 ، 5119 ، 5120
تخریج: **بخاری** کتاب البیوع باب ما ذکر فی الاسواق 2118 **ابو داؤد** کتاب المھدی باب 4289 **ابن ماجه** کتاب الفتن باب جیش البیداء 4063 ، 4064 ، 4065 **نسائی** کتاب المناسک الحج حرمة الحرم 2877 ، 2879 ، 2880

5119{7} وحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمِ بْنِ مَيْمُونٍ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ أَبِي أُنَيْسَةَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ الْعَامِرِيِّ عَنْ يُوسُفَ بْنِ مَاهَكَ أَخْبَرَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ صَفْوَانَ عَنْ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَيَعُوذُ بِهَذَا الْبَيْتِ يَعْنِي الْكَعْبَةَ قَوْمٌ لَيْسَتْ لَهُمْ مَنَعَةٌ وَلَا عَدَدٌ وَلَا عُدَّةٌ يُبْعَثُ إِلَيْهِمْ جَيْشٌ حَتَّى إِذَا كَانُوا بِبَيْدَاءَ مِنَ الْأَرْضِ خُسِفَ بِهِمْ قَالَ يُوسُفُ وَأَهْلُ الشَّأْمِ يَوْمَئِذٍ يَسِيرُونَ إِلَى مَكَّةَ فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ صَفْوَانَ أَمَا وَاللَّهِ مَا هُوَ بِهَذَا الْجَيْشِ قَالَ زَيْدٌ وَحَدَّثَنِي عَبْدُ الْمَلِكِ الْعَامِرِيُّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَابِطٍ عَنْ الْحَارِثِ بْنِ أَبِي رَبِيعَةَ عَنْ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ بِمِثْلِ حَدِيثِ يُوسُفَ بْنِ مَاهَكَ غَيْرَ أَنَّهُ لَمْ يَذْكُرْ فِيهِ الْجَيْشَ الَّذِي ذَكَرَهُ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ صَفْوَانَ [7243]

5119: عبداللہ بن صفوان حضرت ام المؤمنینؓ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اس گھر یعنی کعبہ میں ایک قوم پناہ لے گی۔ انہیں اپنے دفاع کی کچھ طاقت نہ ہوگی نہ بڑی تعداد ہوگی اور نہ ہی تیاری ہوگی۔ ان کی طرف ایک لشکر بھجوایا جائے گا یہانتک کہ جب وہ زمین کے ایک چٹیل میدان میں ہوگا تو انہیں دھنسا دیا جائے گا۔ (راوی) یوسف کہتے ہیں اس زمانہ میں اہل شام مکہ کی طرف سفر کرتے تھے تو عبداللہ بن صفوان نے کہا اللہ کی قسم! وہ یہ لشکر نہیں ہے۔

ایک روایت میں عبداللہ بن صفوان کے اس فقرہ میں ”أَمَا وَاللَّهِ مَا هُوَ بِهَذَا الْجَيْشِ“ میں ”اَلْجَيْش“ کا لفظ نہیں ہے۔

5120{8} وحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ

5120: حضرت عبداللہ بن زبیرؓ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہؓ نے بیان فرمایا رسول اللہ ﷺ اپنی

5119: اطراف: **مسلم** کتاب الفتن واشراط الساعة باب الخسف بالجیش الذی یؤم البیت 5117، 5118، 5120
تخریج: بخاری کتاب البیوع باب ما ذکر فی الاسواق 2118 **ابو داؤد** کتاب المهدی باب 4289 **ابن ماجه** کتاب الفتن باب جیش البیداء 4063، 4064، 4065 **نسائی** کتاب المناسک الحج حرمة الحرم 2877، 2879، 2880

5120 : اطراف: **مسلم** کتاب الفتن واشراط الساعة باب الخسف بالجیش الذی یؤم البیت 5117، 5118، 5119
تخریج: بخاری کتاب البیوع باب ما ذکر فی الاسواق 2118 **ابو داؤد** کتاب المهدی باب 4289 **ابن ماجه** کتاب الفتن باب جیش البیداء 4063، 4064، 4065 **نسائی** کتاب المناسک الحج حرمة الحرم 2877، 2879، 2880

الْفَضْلِ الْحُدَّانِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الزُّبَيْرِ أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ عَبَثَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَنَامِهِ فَقُلْنَا يَا رَسُولَ اللَّه صَنَعْتَ شَيْئًا فِي مَنَامِكَ لَمْ تَكُنْ تَفْعَلُهُ فَقَالَ الْعَجَبُ إِنَّ نَاسًا مِنْ أُمَّتِي يَؤُمُّونَ بِالْبَيْتِ بِرَجُلٍ مِنْ قُرَيْشٍ قَدْ لَجَأَ بِالْبَيْتِ حَتَّى إِذَا كَانُوا بِالْبَيْدَاءِ خُسِفَ بِهِمْ فَقُلْنَا يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ الطَّرِيقَ قَدْ يَجْمَعُ النَّاسَ قَالَ نَعَمْ فِيهِمْ الْمُسْتَبْصِرُ وَالْمَجْبُورُ وَابْنُ السَّبِيلِ يَهْلِكُونَ مَهْلَكًا وَاحِدًا وَيَصْدُرُونَ مَصَادِرَ شَتَّى يَبْعَثُهُمْ اللَّهُ عَلَى نِيَّاتِهِمْ[7244]

نیند میں بے چین سے ہوئے ۔ہم نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! آپؐ نے اپنی نیند میں وہ کیا ہے جو آپؐ نہیں کیا کرتے ۔آپؐ نے فرمایا تعجب ہے کہ میری امت کے لوگ قریش کے ایک آدمی کے لئے جس نے بیت اللہ میں پناہ لے رکھی ہوگی (حملہ کا) قصد کریں گے یہانتک کہ جب وہ بیداء میں ہوں گے تو انہیں دھنسا دیا جائے گا ۔ ہم نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! رستہ میں تو سب لوگ ہوتے ہیں ۔آپؐ نے فرمایا ہاں اس میں ایسے بھی ہیں جوارادۃً آئے ہوں گے اور ایسے بھی ہیں جو مجبوراً آئے ہوں گے اورمسافر بھی ہوں گے ـــــ یہ سب یک دفعہ ہلاک ہوں گے۔وہ مختلف (مقاصد) سے نکلیں ہوں گے ـــــ اللہ انہیں ان کی نیتوں کے مطابق اٹھائے گا۔

[3]3:بَاب:نُزُولُ الْفِتَنِ كَمَوَاقِعِ الْقَطْرِ

باب: بارش کے قطروں کے گرنے کی طرح فتنوں کا نزول

5121{9} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَعَمْرٌو النَّاقِدُ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ وَاللَّفْظُ لِابْنِ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ إِسْحَقُ أَخْبَرَنَا و قَالَ الْآخَرُونَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ أُسَامَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَشْرَفَ عَلَى أُطُمٍ مِنْ آطَامِ الْمَدِينَةِ ثُمَّ قَالَ هَلْ تَرَوْنَ مَا أَرَى إِنِّي

5121: حضرت اسامہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے مدینہ کے قلعوں میں سے ایک قلعہ کے اوپر سے جھانکا اور فرمایا کیا تم وہ دیکھ رہے ہو جو میں دیکھ رہا ہوں؟ میں تمہارے گھروں میں فتنوں کو بارش کے قطروں کی طرح گرتے ہوئے دیکھ رہا ہوں۔

5121 : تخریج : بخاری کتاب الحج باب آطام المدینة 1878 کتاب المظالم والغصب باب الغرفة والعلية المشرفة 2467..... کتاب المناقب باب علامات النبوة فی الاسلام 3597 کتاب الفتن باب قول النبی ﷺ ویل للعرب من شر قد اقترب 7060

لَأَرَى مَوَاقِعَ الْفِتَنِ خِلَالَ بُيُوتِكُمْ كَمَوَاقِعِ الْقَطْرِ و حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ [7246,7245]

5122 {10} حَدَّثَنِي عَمْرٌو النَّاقِدُ وَالْحَسَنُ الْحُلْوَانِيُّ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ عَبْدٌ أَخْبَرَنِي و قَالَ الْآخَرَانِ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ وَهُوَ ابْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ حَدَّثَنِي ابْنُ الْمُسَيَّبِ وَأَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَتَكُونُ فِتَنٌ الْقَاعِدُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْقَائِمِ وَالْقَائِمُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْمَاشِي وَالْمَاشِي فِيهَا خَيْرٌ مِنَ السَّاعِي مَنْ تَشَرَّفَ لَهَا تَسْتَشْرِفُهُ وَمَنْ وَجَدَ فِيهَا مَلْجَأً فَلْيَعُذْ بِهِ {11} حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ وَالْحَسَنُ الْحُلْوَانِيُّ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ عَبْدٌ أَخْبَرَنِي و قَالَ الْآخَرَانِ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مُطِيعِ بْنِ الْأَسْوَدِ عَنْ نَوْفَلِ بْنِ

5122: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ضرور ایسے فتنے ہوں گے جن میں بیٹھا ہوا کھڑے ہوئے سے بہتر ہوگا اور ان میں کھڑا ہوا چلنے والے سے بہتر ہوگا اور ان میں چلنے والا دوڑنے والے سے بہتر ہوگا۔ جو ان کے سامنے کھڑا ہوگا تو اُسے وہ پچھاڑ دیں گے اور جو ان (فتنوں کے زمانہ) میں پناہ کی جگہ پالے تو چاہیے کہ اس میں پناہ لے لے۔

(راوی) ابو بکر کی روایت میں یہ مزید ہے کہ نمازوں میں سے ایک نماز ایسی ہے کہ جس کی یہ نماز رہ گئی تو گویا اس کا اہل وعیال اور مال تباہ ہو گیا۔

5122: اطراف: مسلم کتاب الفتن واشراط الساعة باب نزول الفتن کمواقع القطر 5123، 5124

تخریج: بخاری کتاب الفتن باب تکون فتنة القاعد فیها خیر من القائم 7081، 7082 کتاب المناقب باب علامات النبوة فی الاسلام 3601 ابو داؤد کتاب الفتن والملاحم باب فی النهی عن السعی فی الفتنة 4256، 4259، 4262

مُعَاوِيَةَ مِثْلَ حَدِيثِ أَبِي هُرَيْرَةَ هَذَا إِلَّا أَنَّ أَبَا بَكْرٍ يَزِيدُ مِنَ الصَّلَاةِ صَلَاةٌ مَنْ فَاتَتْهُ فَكَأَنَّمَا وُتِرَ أَهْلَهُ وَمَالَهُ [7248,7247]

5123{12} حَدَّثَنِي إِسْحَقُ بْنُ مَنْصُورٍ أَخْبَرَنَا أَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَكُونُ فِتْنَةٌ النَّائِمُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْيَقْظَانِ وَالْيَقْظَانُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْقَائِمِ وَالْقَائِمُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ السَّاعِي فَمَنْ وَجَدَ مَلْجَأً أَوْ مَعَاذًا فَلْيَسْتَعِذْ [7249]

5123: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا ایک ایسا فتنہ ہوگا جس میں سونے والا جاگنے والے سے بہتر ہوگا اور جاگنے والا کھڑے ہوئے سے بہتر ہوگا اور کھڑا ہوا دوڑنے والے سے بہتر ہوگا۔ پس جو کوئی پناہ یا بچنے کی جگہ پائے تو اسے چاہئے کہ پناہ لے لے۔

5124{13} حَدَّثَنِي أَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ فُضَيْلُ بْنُ حُسَيْنٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ الشَّحَّامُ قَالَ انْطَلَقْتُ أَنَا وَفَرْقَدٌ السَّبَخِيُّ إِلَى مُسْلِمِ بْنِ أَبِي بَكْرَةَ وَهُوَ فِي أَرْضِهِ فَدَخَلْنَا عَلَيْهِ فَقُلْنَا هَلْ سَمِعْتَ أَبَاكَ يُحَدِّثُ فِي الْفِتَنِ حَدِيثًا قَالَ نَعَمْ سَمِعْتُ أَبَا بَكْرَةَ يُحَدِّثُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّهَا

5124: عثمان شحّام کہتے ہیں میں اور فرقد سَبَخِي، مسلم بن ابوبکرہ کے پاس گئے اور وہ اپنی زمینوں پر تھے۔ ہم ان کے پاس اندر گئے اور پوچھا کیا آپ نے اپنے والد کو فتنوں کے بارہ میں کوئی حدیث بیان کرتے ہوئے سنا ہے؟ انہوں نے کہا ہاں میں نے حضرت ابو بکرہؓ کو بیان کرتے ہوئے سنا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کچھ فتنے ہوں گے، سنو! پھر ایک (زبردست) فتنہ ہوگا جس میں بیٹھا ہوا چلنے

5123: اطراف: **مسلم** کتاب الفتن واشراط الساعة باب نزول الفتن کمواقع القطر 5122، 5124
تخریج: **بخاری** کتاب الفتن باب تکون فتنة القاعد فیها خیر من القائم 7081، 7082 کتاب المناقب باب علامات النبوة فی الاسلام 3601 **ابو داؤد** کتاب الفتن والملاحم باب فی النهی عن السعی فی الفتنة 4256، 4259، 4262
5124: اطراف: **مسلم** کتاب الفتن واشراط الساعة باب نزول الفتن کمواقع القطر 5122، 5123
تخریج: **بخاری** کتاب الفتن باب تکون فتنة القاعد فیها خیر من القائم 7081، 7082 کتاب المناقب باب علامات النبوة فی الاسلام 3601 **ابو داؤد** کتاب الفتن والملاحم باب فی النهی عن السعی فی الفتنة 4256، 4259، 4262

سَتَكُونُ فِتَنٌ أَلَا ثُمَّ تَكُونُ فِتْنَةٌ الْقَاعِدُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْمَاشِي فِيهَا وَالْمَاشِي فِيهَا خَيْرٌ مِنَ السَّاعِي إِلَيْهَا أَلَا فَإِذَا نَزَلَتْ أَوْ وَقَعَتْ فَمَنْ كَانَ لَهُ إِبِلٌ فَلْيَلْحَقْ بِإِبِلِهِ وَمَنْ كَانَتْ لَهُ غَنَمٌ فَلْيَلْحَقْ بِغَنَمِهِ وَمَنْ كَانَتْ لَهُ أَرْضٌ فَلْيَلْحَقْ بِأَرْضِهِ قَالَ فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَرَأَيْتَ مَنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ إِبِلٌ وَلَا غَنَمٌ وَلَا أَرْضٌ قَالَ يَعْمِدُ إِلَى سَيْفِهِ فَيَدُقُّ عَلَى حَدِّهِ بِحَجَرٍ ثُمَّ لِيَنْجُ إِنِ اسْتَطَاعَ النَّجَاءَ اللَّهُمَّ هَلْ بَلَّغْتُ اللَّهُمَّ هَلْ بَلَّغْتُ اللَّهُمَّ هَلْ بَلَّغْتُ قَالَ فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَرَأَيْتَ إِنْ أُكْرِهْتُ حَتَّى يُنْطَلَقَ بِي إِلَى أَحَدِ الصَّفَّيْنِ أَوْ إِحْدَى الْفِئَتَيْنِ فَضَرَبَنِي رَجُلٌ بِسَيْفِهِ أَوْ يَجِيءُ سَهْمٌ فَيَقْتُلُنِي قَالَ يَبُوءُ بِإِثْمِهِ وَإِثْمِكَ وَيَكُونُ مِنْ أَصْحَابِ النَّارِ و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ح و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ كِلَاهُمَا عَنْ عُثْمَانَ الشَّحَّامِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ حَدِيثُ ابْنِ أَبِي عَدِيٍّ نَحْوَ حَدِيثِ حَمَّادٍ إِلَى آخِرِهِ وَانْتَهَى حَدِيثُ وَكِيعٍ عِنْدَ قَوْلِهِ إِنِ اسْتَطَاعَ النَّجَاءَ وَلَمْ يَذْكُرْ مَا بَعْدَهُ[7251,7250]

والے سے بہتر ہوگا اور چلنے والا اس کی طرف دوڑ نے والے سے بہتر ہوگا۔ خبردار جب وہ نازل ہو یا فرمایا واقع ہو تو جس کے اونٹ ہوں وہ اپنے اونٹوں میں جا رہے اور جس کی بکریاں ہوں وہ اپنی بکریوں میں جا رہے اور جس کی زمین ہو تو وہ اپنی زمین پر چلا جائے۔ وہ کہتے ہیں اس پر ایک شخص نے عرض کیا یا رسول ؐاللہ! بتایئے اگر کوئی ایسا ہو جس کے نہ اونٹ ہوں نہ بکریاں ہوں اور نہ زمین ہو؟ آپؐ نے فرمایا وہ اپنی تلوار اٹھائے اور اس کی دھار کو پتھر پر مارے (یعنی کند کرے) اگر طاقت رکھتا ہو تو بھاگ کر بچ جائے۔ اے اللہ! کیا میں نے پہنچا دیا؟ اے اللہ! کیا میں نے پہنچا دیا؟ اے اللہ! کیا میں نے پہنچا دیا؟ وہ کہتے ہیں اس پر ایک شخص نے کہا یا رسول ؐاللہ! فرمایئے اگر مجھے مجبور کیا جائے یہانتک کہ مجھے دو صفوں میں سے کسی ایک میں یا دو گروہوں میں سے کسی ایک میں لے جایا جائے اور کوئی شخص مجھے اپنی تلوار مارے یا تیر آئے اور مجھے مار ڈالے۔ آپؐ نے فرمایا وہ اپنا گناہ اور تیرا گناہ لے کر لوٹے گا اور وہ آگ والوں میں سے ہو جائے گا۔

ایک روایت اِنِ اسْتَطَاعَ النَّجَآءَ تک ہے اور اس کے بعد کے الفاظ کا ذکر نہیں۔

[4]4: بَاب: إِذَا تَوَاجَهَ الْمُسْلِمَانِ بِسَيْفَيْهِمَا

باب: جب دو مسلمان اپنی تلواریں لیکر ایک دوسرے کے مقابل پر آجائیں

5125{14} حَدَّثَنِي أَبُو كَامِلٍ فُضَيْلُ بْنُ حُسَيْنٍ الْجَحْدَرِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ وَيُونُسَ عَنِ الْحَسَنِ عَنِ الْأَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ خَرَجْتُ وَأَنَا أُرِيدُ هَذَا الرَّجُلَ فَلَقِيَنِي أَبُو بَكْرَةَ فَقَالَ أَيْنَ تُرِيدُ يَا أَحْنَفُ قَالَ قُلْتُ أُرِيدُ نَصْرَ ابْنِ عَمِّ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْنِي عَلِيًّا قَالَ فَقَالَ لِي يَا أَحْنَفُ ارْجِعْ فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِذَا تَوَاجَهَ الْمُسْلِمَانِ بِسَيْفَيْهِمَا فَالْقَاتِلُ وَالْمَقْتُولُ فِي النَّارِ قَالَ فَقُلْتُ أَوْ قِيلَ يَا رَسُولَ اللَّهِ هَذَا الْقَاتِلُ فَمَا بَالُ الْمَقْتُولِ قَالَ إِنَّهُ قَدْ أَرَادَ قَتْلَ صَاحِبِهِ[7252]

5125: احنف بن قیس کہتے ہیں کہ میں نکلا اور میرا ارادہ اس شخص (کی مدد) کا تھا تو مجھے حضرت ابو بکرہؓ ملے۔ انہوں نے مجھ سے کہا اے احنف! کہاں کا ارادہ ہے؟ وہ کہتے ہیں میں نے کہا کہ میں رسول اللہ ﷺ کے چچا زاد کی مدد کرنا چاہتا ہوں —— اُن کی مراد حضرت علیؓ سے تھی —— وہ کہتے ہیں کہ انہوں نے مجھے کہا اے احنف! واپس چلے جاؤ کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جب دو مسلمان اپنی تلواروں سے ایک دوسرے کا آمنا سامنا کریں تو قاتل اور مقتول دونوں آگ میں جائیں گے۔ وہ کہتے ہیں میں نے کہا یا کہا گیا یا رسولؐ اللہ! یہ تو قاتل ہوا مگر مقتول کیوں؟ آپؐ نے فرمایا اس نے بھی تو اپنے ساتھی کے قتل کا ارادہ کیا تھا۔

5126{15} و حَدَّثَنَاه أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ أَيُّوبَ وَيُونُسَ وَالْمُعَلَّى بْنِ زِيَادٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنِ الْأَحْنَفِ

5126: حضرت ابو بکرہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب دو مسلمان اپنی تلواروں سے آمنا سامنا کریں تو قاتل اور مقتول

5125: اطراف: مسلم کتاب الفتن واشراط الساعة باب اذا تواجه المسلمان بسیفها 5126، 5127

تخریج : بخاری کتاب الایمان باب ان طائفتان من المومنین .... 31 کتاب الدیات باب قول اللہ تعالیٰ ومن احیاها 6875 کتاب الفتن باب اذا انتقل المسلمان بسیفهما 7083 **نسائی** کتاب تحریم الدم تحریم القتل 4116، 4117، 4118، 4119، 4120، 4121، 4122، 4123، 4124 **ابو داؤد** کتاب الفتن والملاحم باب فی النهی عن القتال فی الفتنة 4268 **ابن ماجه** کتاب الفتن باب اذا التقی المسلمان بسیفهما 3963، 3964، 3965

5126: اطراف: مسلم کتاب الفتن واشراط الساعة باب اذا تواجه المسلمان بسیفها 5125، 5127 ==

بْنِ قَيْسٍ عَنْ أَبِي بَكْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا الْتَقَى الْمُسْلِمَانِ بِسَيْفَيْهِمَا فَالْقَاتِلُ وَالْمَقْتُولُ فِي النَّارِ و حَدَّثَنِي حَجَّاجُ بْنُ الشَّاعِرِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ مِنْ كِتَابِهِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ أَيُّوبَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَ حَدِيثِ أَبِي كَامِلٍ عَنْ حَمَّادٍ إِلَى آخِرِهِ[7254,7253]

آگ میں ہوں گے۔

5127{16} وحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ عَنْ شُعْبَةَ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ عَنْ أَبِي بَكْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا الْمُسْلِمَانِ حَمَلَ أَحَدُهُمَا عَلَى أَخِيهِ السِّلَاحَ فَهُمَا عَلَى جُرُفِ جَهَنَّمَ فَإِذَا قَتَلَ أَحَدُهُمَا صَاحِبَهُ دَخَلَاهَا جَمِيعًا[7255]

5127:حضرت ابوبکرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا جب دو مسلمانوں میں سے ایک اپنے بھائی پر اسلحہ اٹھائے تو وہ دونوں جہنم کے گرتے کنارے پر ہیں۔ جونہی دونوں میں سے ایک اپنے ساتھی کو قتل کرے تو دونوں اس میں داخل ہو جائیں گے۔

= **تخریج : بخاری** کتاب الایمان باب ان طائفتان من المومنین .... 31 کتاب الدیات باب قول اللہ تعالیٰ ومن احیاھا 6875 کتاب الفتن باب اذا انتقل المسلمان بسیفھما 7083 **نسائی** کتاب تحریم الدم تحریم القتل 4116 ، 4117 ، 4118 ، 4119 ، 4120 ، 4121 ، 4122 ، 4123 ، 4124 **ابوداؤد** کتاب الفتن والملاحم باب فی النھی عن القتال فی الفتنة 4268 **ابن ماجه** کتاب الفتن باب اذا التقی المسلمان بسیفھما 3963 ، 3964 ، 3965

5127:اطراف:مسلم کتاب ا لفتن واشراط الساعة باب اذا تواجه المسلمان بسیفھا 5125 ، 5126

تخریج : بخاری کتاب الایمان باب ان طائفتان من المومنین .... 31 کتاب الدیات باب قول اللہ تعالیٰ ومن احیاھا 6875 کتاب الفتن باب اذا انتقل المسلمان بسیفھما 7083 **نسائی** کتاب تحریم الدم تحریم القتل 4116 ، 4117 ، 4118 ، 4119 ، 4120 ، 4121 ، 4122 ، 4123 ، 4124 **ابوداؤد** کتاب الفتن والملاحم باب فی النھی عن القتال فی الفتنة 4268 **ابن ماجه** کتاب الفتن باب اذا التقی المسلمان بسیفھما 3963 ، 3964 ، 3965

5128{17} وحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ هَذَا مَا حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ أَحَادِيثَ مِنْهَا وَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى تَقْتَتِلَ فِئَتَانِ عَظِيمَتَانِ وَتَكُونُ بَيْنَهُمَا مَقْتَلَةٌ عَظِيمَةٌ وَدَعْوَاهُمَا وَاحِدَةٌ [7256]

5128: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ قیامت نہیں آئے گی جب تک کہ دو بہت بڑے گروہ آپس میں نہ لڑیں اور ان دونوں کے درمیان بہت بڑی جنگ ہو اور ان دونوں کا دعویٰ ایک ہوگا۔

5129{18}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ سُهَيْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يَكْثُرَ الْهَرْجُ قَالُوا وَمَا الْهَرْجُ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ الْقَتْلُ الْقَتْلُ [7257]

5129: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ قیامت نہیں آئے گی یہاں تک کہ ''هَـرُج'' بکثرت نہ ہوجائے۔انہوں نے عرض کیا یارسولؐ اللہ! هَـرُج کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا قتل وغارت، قتل وغارت۔

[5]5:بَاب : هَلَاكُ هَذِهِ الْأُمَّةِ بَعْضِهِمْ بِبَعْضٍ

باب:اس امت کے بعض کا بعض کے ذریعہ ہلاک ہونا

5130{19}حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الْعَتَكِيُّ وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ كِلَاهُمَا عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ وَاللَّفْظُ لِقُتَيْبَةَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ

5130: حضرت ثوبانؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یقیناً اللہ تعالیٰ نے میرے لئے زمین کو سمیٹ دیا تو میں نے اس کے مشرق اور

5197: حضرت ابوسعید خدریؓ بیان کرتے ہیں کہ ہم حج یا کہا عمرہ کے لئے نکلے اور ہمارے ساتھ ابن صائد بھی تھا۔وہ کہتے ہیں ہم نے ایک جگہ پڑاؤ کیا۔لوگ ادھر ادھر بکھر گئے صرف میں اور وہ باقی رہ گئے اور میں اس سے بہت زیادہ ڈرا اس وجہ سے جو اس کے بارہ میں کہا جاتا تھا۔وہ کہتے ہیں وہ اپنا سامان لایا اور میرے سامان کے ساتھ رکھ دیا۔میں نے کہا گرمی بہت ہے۔کیوں نہ تم اسے اس درخت کے نیچے رکھ دو۔وہ کہتے ہیں اس نے ایسا ہی کیا۔پھر ہمیں کچھ بکریاں دکھائی دیں۔وہ گیا اور وہ (دودھ کا) بڑا پیالہ لایا اور کہا اے ابوسعید! پیو تو میں نے کہا گرمی بہت زیادہ ہے اور دودھ بہت گرم ہے —— وجہ صرف یہ تھی کہ میں اس کے ہاتھ سے پینے یا کہا اس کے ہاتھ سے لینے کو ناپسند کرتا تھا—— اس پر اس نے کہا ابوسعید میں چاہتا ہوں کہ ایک رسی لوں اسے ایک درخت سے لٹکا دوں پھر ان باتوں کی وجہ سے جو لوگ

5197 : اطراف: مسلم کتاب الفتن واشراط الساعة باب ذکر ابن صیاد 5195، 5196
تخریج : ترمذی کتاب الفتن باب ما جاء فی ذکر ابن صائد 2246

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا خَفِيَ عَلَيْكُمْ مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ أَلَسْتَ مِنْ أَعْلَمِ النَّاسِ بِحَدِيثِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلَيْسَ قَدْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ كَافِرٌ وَأَنَا مُسْلِمٌ أَوَلَيْسَ قَدْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ عَقِيمٌ لَا يُولَدُ لَهُ وَقَدْ تَرَكْتُ وَلَدِي بِالْمَدِينَةِ أَوَلَيْسَ قَدْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَدْخُلُ الْمَدِينَةَ وَلَا مَكَّةَ وَقَدْ أَقْبَلْتُ مِنْ الْمَدِينَةِ وَأَنَا أُرِيدُ مَكَّةَ قَالَ أَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ حَتَّى كِدْتُ أَنْ أَعْذِرَهُ ثُمَّ قَالَ أَمَا وَاللَّهِ إِنِّي لَأَعْرِفُهُ وَأَعْرِفُ مَوْلِدَهُ وَأَيْنَ هُوَ الْآنَ قَالَ قُلْتُ لَهُ تَبًّا لَكَ سَائِرَ الْيَوْمِ [7350]

میرے بارہ میں کرتے ہیں اپنے آپ کو پھانسی دے دوں۔اے ابوسعید! رسول اللہ ﷺ کی حدیث کسی سے مخفی ہوتو ہومگر تم سے اے انصار کے گروہ! مخفی نہیں ہے۔کیا آپ، سب لوگوں سے زیادہ رسول اللہ ﷺ کی حدیث نہیں جانتے؟ کیا ایسا نہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تھا وہ (دجال) کافر ہوگا اور میں تو مسلمان ہوں؟ کیا ایسا نہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تھا وہ بانجھ ہوگا اس کی اولاد نہیں ہوگی اور میں مدینہ میں اپنی اولاد چھوڑ کر آیا ہوں۔کیا رسول اللہ ﷺ نے نہیں فرمایا کہ وہ مدینہ اور مکہ میں داخل نہیں ہوگا اور میں مدینہ سے آیا ہوں اور مکہ جا رہا ہوں۔ حضرت ابوسعید خدریؓ کہتے ہیں قریب تھا کہ میں اس کا عذر قبول کرلوں پھر اس نے کہا اللہ کی قسم یقیناً میں اسے (دجال کو) جانتا ہوں اور اس کی جائے پیدائش کو بھی جانتا ہوں اور یہ بھی کہ اب وہ کہاں ہے۔وہ کہتے ہیں میں نے اسے کہا باقی سارا دن تیرے لئے خرابی ہو۔

5198 {92} حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ حَدَّثَنَا بِشْرٌ يَعْنِي ابْنَ مُفَضَّلٍ عَنْ أَبِي مَسْلَمَةَ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِابْنِ صَائِدٍ مَا تُرْبَةُ الْجَنَّةِ قَالَ

5198: حضرت ابوسعیدؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ابن صائد سے فرمایا کہ جنت کی مٹی کیسی ہے؟ تو اس نے کہا اے ابوالقاسم! باریک سفید اور مشک ہے۔آپؐ نے فرمایا تم نے درست کہا۔

5198: اطراف: مسلم كتاب الفتن واشراط الساعة باب ذكر ابن صياد 5199

دَرْمَكَةٌ بَيْضَاءُ مِسْكٌ يَا أَبَا الْقَاسِمِ قَالَ صَدَقْتَ [7351]

5199{93} وحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ أَنَّ ابْنَ صَيَّادٍ سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ تُرْبَةِ الْجَنَّةِ فَقَالَ دَرْمَكَةٌ بَيْضَاءُ مِسْكٌ خَالِصٌ [7352]

5199: حضرت ابوسعیدؓ سے روایت ہے کہ ابن صیاد نے رسول اللہ ﷺ سے جنت کی مٹی کے بارہ میں پوچھا تو آپؐ نے فرمایا باریک سفید اور خالص مشک ہے۔

5200{94} حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ قَالَ رَأَيْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَحْلِفُ بِاللَّهِ أَنَّ ابْنَ صَائِدٍ الدَّجَّالُ فَقُلْتُ أَتَحْلِفُ بِاللَّهِ قَالَ إِنِّي سَمِعْتُ عُمَرَ يَحْلِفُ عَلَى ذَلِكَ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يُنْكِرْهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [7353]

5200: محمد بن منکدر کہتے ہیں کہ میں نے دیکھا حضرت جابر بن عبداللہؓ اللہ کی قسم کھا کر کہہ رہے تھے کہ ابن صائد ہی دجال ہے۔ میں نے کہا کیا آپؓ اللہ کی قسم کھاتے ہیں؟ انہوں نے کہا کہ میں نے حضرت عمرؓ کو اس بارہ میں نبی ﷺ کے سامنے قسم کھاتے ہوئے سنا۔ نبی ﷺ نے اس کا انکار نہیں فرمایا۔

5201{95} حَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ حَرْمَلَةَ بْنِ عِمْرَانَ التُّجِيبِيُّ أَخْبَرَنِي ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ

5201: سالم بن عبداللہ کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے انہیں بتایا کہ حضرت عمرؓ بن خطاب رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ کچھ آدمیوں کے ساتھ ابن صیاد کی طرف

5199: اطراف: **مسلم** كتاب الفتن واشراط الساعة باب ذكر ابن صياد 5198

5200: تخريج: **بخاری** كتاب الاعتصام بالكتاب والسنة من رأى ترك النكير من النبيّ ﷺ حجة ... 7355 **ابو داؤد** كتاب الملاحم باب في خبر ابن صائد 4331

5201: تخريج: **بخاری** كتاب الجنائز باب اذا اسلم الصبيّ فمات هل يصلّى عليه ... 1354 كتاب الجهاد والسير باب كيف يعرض الاسلام على الصبيّ 3055 كتاب الادب قول الرجل للرجل اخسأ 6173 كتاب القدر باب يحول بين المرء وقلبه 6618 **ترمذی** كتاب الفتن باب ماجاء في ذكر ابن صائد 2249 **ابو داؤد** كتاب الملاحم باب في خبر ابن صائد 4329

شِهَابٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ أَخْبَرَهُ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ أَخْبَرَهُ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ انْطَلَقَ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي رَهْطٍ قِبَلَ ابْنِ صَيَّادٍ حَتَّى وَجَدَهُ يَلْعَبُ مَعَ الصِّبْيَانِ عِنْدَ أُطُمِ بَنِي مَغَالَةَ وَقَدْ قَارَبَ ابْنُ صَيَّادٍ يَوْمَئِذٍ الْحُلُمَ فَلَمْ يَشْعُرْ حَتَّى ضَرَبَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ظَهْرَهُ بِيَدِهِ ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِابْنِ صَيَّادٍ أَتَشْهَدُ أَنِّي رَسُولُ اللَّهِ فَنَظَرَ إِلَيْهِ ابْنُ صَيَّادٍ فَقَالَ أَشْهَدُ أَنَّكَ رَسُولُ الْأُمِّيِّينَ فَقَالَ ابْنُ صَيَّادٍ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَشْهَدُ أَنِّي رَسُولُ اللَّهِ فَرَفَضَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ آمَنْتُ بِاللَّهِ وَبِرُسُلِهِ ثُمَّ قَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَاذَا تَرَى قَالَ ابْنُ صَيَّادٍ يَأْتِينِي صَادِقٌ وَكَاذِبٌ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُلِّطَ عَلَيْكَ الْأَمْرُ ثُمَّ قَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي قَدْ خَبَأْتُ لَكَ خَبِيئًا فَقَالَ ابْنُ صَيَّادٍ هُوَ الدُّخُّ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اخْسَأْ فَلَنْ تَعْدُوَ قَدْرَكَ فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ ذَرْنِي يَا رَسُولَ اللَّهِ أَضْرِبْ

گئے یہاں تک کہ آپؐ نے اسے بنی مغالہ کے ایک قلعہ کے پاس بچوں کے ساتھ کھیلتے ہوئے پایا۔ ابن صیاد ان دنوں بلوغت کے قریب تھا اس وقت اسے پتہ نہ چلا یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ نے اس کی پیٹھ پر اپنا ہاتھ مارا پھر رسول اللہ ﷺ نے ابن صیاد سے فرمایا کیا تو گواہی دیتا ہے کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟ ابن صیاد نے آپؐ کی طرف دیکھا اور کہا میں گواہی دیتا ہوں کہ آپؐ امیوں کے رسول ہیں۔ اس پر ابن صیاد نے رسول اللہ ﷺ سے کہا کیا آپؐ گواہی دیتے ہیں کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟ تو رسول اللہ ﷺ نے اسے نظر انداز فرمایا۔ اور فرمایا میں اللہ اور اس کے (سب) رسولوں پر ایمان لاتا ہوں۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے اسے فرمایا تم کیا دیکھتے ہو؟ تو ابن صیاد نے کہا کہ میرے پاس سچی اور جھوٹی (دونوں طرح کی) خبریں آتی ہیں تو رسول اللہ ﷺ نے اسے فرمایا معاملہ تجھ پر مشتبہ ہو گیا ہے۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے اسے فرمایا میں نے تجھ سے کچھ چھپایا ہے تو ابنِ صیاد نے کہا وہ دُخ ہے تو رسول اللہ ﷺ نے اسے فرمایا دُور ہو، تیری قدر نہیں بڑھے گی۔ اس پر حضرت عمرؓ بن خطاب نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! مجھے اجازت دیں کہ میں اس کی گردن اڑا دوں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر تو یہ وہی ہے تو تمہیں اس پر غلبہ نہ دیا جائے گا اور

عُنُقَهُ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ إِنْ يَكُنْهُ فَلَنْ تُسَلَّطَ عَلَيْه وَإِنْ لَمْ يَكُنْهُ فَلَا خَيْرَ لَكَ فِي قَتْله وَقَالَ سَالِمُ بْنُ عَبْد اللَّه سَمعْتُ عَبْدَ اللَّه بْنَ عُمَرَ يَقُولُ انْطَلَقَ بَعْدَ ذَلكَ رَسُولُ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ وَأُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ الْأَنْصَارِيُّ إِلَى النَّخْلِ الَّتِي فِيهَا ابْنُ صَيَّاد حَتَّى إِذَا دَخَلَ رَسُولُ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ النَّخْلَ طَفِقَ يَتَّقِي بِجُذُوعِ النَّخْلِ وَهُوَ يَخْتِلُ أَنْ يَسْمَعَ مِنَ ابْنِ صَيَّادٍ شَيْئًا قَبْلَ أَنْ يَرَاهُ ابْنُ صَيَّاد فَرَآهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ وَهُوَ مُضْطَجِعٌ عَلَى فِرَاشٍ فِي قَطِيفَة لَهُ فِيهَا زَمْزَمَةٌ فَرَأَتْأُمُّ ابْنِ صَيَّادٍ رَسُولَ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ وَهُوَ يَتَّقِي بِجُذُوعِ النَّخْلِ فَقَالَتْ لِابْنِ صَيَّاد يَا صَافِ وَهُوَ اسْمُ ابْنِ صَيَّادٍ هَذَا مُحَمَّدٌ فَثَارَ ابْنُ صَيَّادٍ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ لَوْ تَرَكَتْهُ بَيَّنَ قَالَ سَالِمٌ قَالَ عَبْدُ اللَّه بْنُ عُمَرَ فَقَامَ رَسُولُ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ فِي النَّاسِ فَأَثْنَى عَلَى اللَّه بِمَا هُوَ أَهْلُهُ ثُمَّ ذَكَرَ الدَّجَّالَ فَقَالَ إِنِّي لَأُنْذِرُكُمُوهُ مَا مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا وَقَدْ أَنْذَرَهُ قَوْمَهُ لَقَدْ أَنْذَرَهُ نُوحٌ قَوْمَهُ وَلَكِنْ أَقُولُ لَكُمْ فِيهِ

اگر یہ وہ نہیں ہے تو اس کے قتل میں تمہارے لئے کوئی خیر نہیں۔سالم بن عبد اللہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمرؓ کو کہتے ہوئے سنا اس کے (کچھ عرصہ) کے بعد رسول اللہ ﷺ اور حضرت ابی بن کعبؓ انصاری کھجوروں کے باغ کی طرف گئے جس میں ابن صیاد تھا یہاںتک کہ جب رسول اللہ ﷺ کھجوروں کے اس باغ میں داخل ہوئے تو آپؐ کھجوروں کے تنوں کی اوٹ میں ہونے لگے اور دبے پاؤں گئے تا کہ ابن صیاد کی کوئی باتیں سنیں قبل اس کے کہ ابن صیاد آپؐ کو دیکھ پائے تو رسول اللہ ﷺ نے اسے دیکھ لیا اور وہ کمبل لئے لیٹا ہوا تھا جس کے اندر سے کچھ مبہم سی آواز آ رہی تھی۔ابن صیاد کی ماں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھ لیا جبکہ آپؐ کھجور کے درختوں کی اوٹ میں تھے۔اس نے ابن صیاد سے کہا اے صاف!——یہ ابن صیاد کا نام تھا——یہ محمد (ﷺ) ہیں۔یہ سنتے ہی ابن صیاد اچھل پڑا۔اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر یہ اسے چھوڑ دیتی تو حقیقت حال واضح ہو جاتی۔سالم کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ لوگوں میں کھڑے ہوئے اور اللہ تعالیٰ کی ثناء بیان کی جس کا وہ اہل ہے۔پھر دجال کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا میں تمہیں اس سے ڈراتا ہوں، ہر نبی نے اپنی قوم کواس سے خبر دار کیا ہے،نوحؑ

قَوْلًا لَمْ يَقُلْهُ نَبِيٌّ لِقَوْمِهِ تَعَلَّمُوا أَنَّهُ أَعْوَرُ وَأَنَّ اللَّهَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى لَيْسَ بِأَعْوَرَ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ وَأَخْبَرَنِي عُمَرُ بْنُ ثَابِتٍ الْأَنْصَارِيُّ أَنَّهُ أَخْبَرَهُ بَعْضُ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ حَذَّرَ النَّاسَ الدَّجَّالَ إِنَّهُ مَكْتُوبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ كَافِرٌ يَقْرَؤُهُ مَنْ كَرِهَ عَمَلَهُ أَوْ يَقْرَؤُهُ كُلُّ مُؤْمِنٍ وَقَالَ تَعَلَّمُوا أَنَّهُ لَنْ يَرَى أَحَدٌ مِنْكُمْ رَبَّهُ عَزَّ وَجَلَّ حَتَّى يَمُوتَ{96} حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَا حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ وَهُوَ ابْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ صَالِحٍ عَنْ ابْنِ شِهَابٍ أَخْبَرَنِي سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ انْطَلَقَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ رَهْطٌ مِنْ أَصْحَابِهِ فِيهِمْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ حَتَّى وَجَدَ ابْنَ صَيَّادٍ غُلَامًا قَدْ نَاهَزَ الْحُلُمَ يَلْعَبُ مَعَ الْغِلْمَانِ عِنْدَ أُطُمِ بَنِي مُعَاوِيَةَ وَسَاقَ الْحَدِيثَ بِمِثْلِ حَدِيثِ يُونُسَ إِلَى مُنْتَهَى حَدِيثِ عُمَرَ بْنِ ثَابِتٍ وَفِي الْحَدِيثِ عَنْ يَعْقُوبَ قَالَ قَالَ أُبَيٌّ يَعْنِي فِي قَوْلِهِ لَوْ تَرَكَتْهُ بَيَّنَ قَالَ لَوْ تَرَكَتْهُ أُمُّهُ بَيَّنَ أَمْرَهُ {97} وحَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ

نے بھی اپنی قوم کو اس سے ڈرایا، لیکن میں تمہیں اس بارہ میں ایک بات بتائے دیتا ہوں جو کسی نبی نے اپنی قوم کو نہیں بتائی یہ جان لو کہ وہ یک چشم ہے اور اللہ تبارک وتعالیٰ یک چشم نہیں ہے۔

ایک روایت میں ہے ابن شہاب کہتے ہیں عمر بن ثابت انصاری نے مجھے بتایا کہ ان کو رسول اللہ ﷺ کے ایک صحابیؓ نے بتایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک دن لوگوں کو دجال سے ہوشیار کرتے ہوئے فرمایا کہ اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان کافر لکھا ہوا ہے۔ جسے ہر وہ شخص جسے اس کا عمل ناپسند ہے پڑھ لے گا یا (فرمایا) اسے ہر مومن پڑھ لے گا اور فرمایا جان لو کہ تم میں سے کوئی اپنے رب عزّوجل کو نہیں دیکھے گا یہانتک کہ وہ مرجائے۔

ایک اور روایت میں ابن شہاب سے مروی ہے کہ سالم بن عبداللہ نے مجھے بتایا کہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے بیان کیا رسول اللہ ﷺ باہر تشریف لے گئے آپؐ کے ساتھ کچھ صحابہؓ تھے جن میں حضرت عمر بن خطابؓ بھی تھے یہانتک کہ آپؐ نے ابن صیاد کو پایا جو ایسا نوجوان تھا جو بلوغت کی عمر کے قریب تھا اور وہ بنی معاویہ کے قلعہ کے پاس بچوں کے ساتھ کھیل رہا تھا۔ باقی روایت سابقہ روایت کی طرح ہے۔ اور ''لَوْ تَرَكَتْهُ بَيَّنَ'' کے بارہ میں (راوی) کہتے ہیں کہ اس سے مراد ہے کہ اگر اس کی ماں اس کو چھوڑ دیتی (یعنی

وَسَلَمَةُ بْنُ شَبِيبٍ جَمِيعًا عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِابْنِ صَيَّادٍ فِي نَفَرٍ مِنْ أَصْحَابِهِ فِيهِمْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ وَهُوَ يَلْعَبُ مَعَ الْغِلْمَانِ عِنْدَ أُطُمِ بَنِي مَغَالَةَ وَهُوَ غُلَامٌ بِمَعْنَى حَدِيثِ يُونُسَ وَصَالِحٍ غَيْرَ أَنَّ عَبْدَ بْنَ حُمَيْدٍ لَمْ يَذْكُرْ حَدِيثَ ابْنِ عُمَرَ فِي انْطِلَاقِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ إِلَى النَّخْلِ [7358,7357,7356,7355]

رسول کریم ﷺ کی تشریف آوری سے آگاہ نہ کرتی) تو اس (ابن صیاد) کا معاملہ واضح ہو جاتا۔

ایک اور روایت حضرت ابن عمرؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ اپنے صحابہؓ کے ساتھ جن میں عمر بن خطابؓ بھی تھے ابن صیاد کے پاس سے گذرے اور وہ بنی مغالہ کے قلعہ کے پاس بچوں کے ساتھ کھیل رہا تھا وہ لڑکا ہی تھا۔۔۔ مگر اس روایت میں حضرت ابی بن کعبؓ کا رسول اللہ ﷺ کے ساتھ کھجوروں کے باغ میں جانے کا ذکر نہیں۔

5202 {98} حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ قَالَ لَقِيَ ابْنُ عُمَرَ ابْنَ صَائِدٍ فِي بَعْضِ طُرُقِ الْمَدِينَةِ فَقَالَ لَهُ قَوْلًا أَغْضَبَهُ فَانْتَفَخَ حَتَّى مَلَأَ السِّكَّةَ فَدَخَلَ ابْنُ عُمَرَ عَلَى حَفْصَةَ وَقَدْ بَلَغَهَا فَقَالَتْ لَهُ رَحِمَكَ اللَّهُ مَا أَرَدْتَ مِنْ ابْنِ صَائِدٍ أَمَا عَلِمْتَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّمَا يَخْرُجُ مِنْ غَضْبَةٍ يَغْضَبُهَا [7359]

5202: نافع بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابن عمرؓ مدینہ کے ایک رستہ میں ابن صائد سے ملے اور اسے کوئی ایسی بات کہہ دی جس نے اسے ناراض کر دیا اور وہ اتنا غصہ میں آیا کہ اس نے رستہ بند کر دیا۔ پھر حضرت ابن عمرؓ حضرت حفصہؓ کے پاس آئے اور انہیں یہ بات پہنچ چکی تھی تو انہوں نے ان (حضرت ابن عمرؓ) سے کہا اللہ تم پر رحم کرے تم ابن صائد سے کیا چاہتے تھے؟ کیا تمہیں علم نہیں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ وہ اس غصہ کی وجہ سے جو اسے مشتعل کرے باہر نکلے گا۔

5203 {99} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ يَعْنِي ابْنَ حَسَنِ بْنِ يَسَارٍ

5203: نافع بیان کرتے ہیں کہ ـــ ابن صیاد ـــ حضرت ابن عمرؓ نے کہا کہ میں اسے دو مرتبہ ملا ہوں۔

5202: اطراف: مسلم كتاب الفتن واشراط الساعة باب ذكر ابن صياد 5203

5203: اطراف: مسلم كتاب الفتن واشراط الساعة باب ذكر ابن صياد 5202

حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ عَنْ نَافِعٍ قَالَ كَانَ نَافِعٌ يَقُولُ ابْنُ صَيَّادٍ قَالَ قَالَ ابْنُ عُمَرَ لَقِيتُهُ مَرَّتَيْنِ قَالَ فَلَقِيتُهُ فَقُلْتُ لِبَعْضِهِمْ هَلْ تَحَدَّثُونَ أَنَّهُ هُوَ قَالَ لَا وَاللَّهِ قَالَ قُلْتُ كَذَبْتَنِي وَاللَّهِ لَقَدْ أَخْبَرَنِي بَعْضُكُمْ أَنَّهُ لَنْ يَمُوتَ حَتَّى يَكُونَ أَكْثَرَكُمْ مَالًا وَوَلَدًا فَكَذَلِكَ هُوَ زَعَمُوا الْيَوْمَ قَالَ فَتَحَدَّثْنَا ثُمَّ فَارَقْتُهُ قَالَ فَلَقِيتُهُ لَقْيَةً أُخْرَى وَقَدْ نَفَرَتْ عَيْنُهُ قَالَ فَقُلْتُ مَتَى فَعَلَتْ عَيْنُكَ مَا أَرَى قَالَ لَا أَدْرِي قَالَ قُلْتُ لَا تَدْرِي وَهِيَ فِي رَأْسِكَ قَالَ إِنْ شَاءَ اللَّهُ خَلَقَهَا فِي عَصَاكَ هَذِهِ قَالَ فَنَخَرَ كَأَشَدِّ نَخِيرِ حِمَارٍ سَمِعْتُ قَالَ فَزَعَمَ بَعْضُ أَصْحَابِي أَنِّي ضَرَبْتُهُ بِعَصًا كَانَتْ مَعِيَ حَتَّى تَكَسَّرَتْ وَأَمَّا أَنَا فَوَاللَّهِ مَا شَعَرْتُ قَالَ وَجَاءَ حَتَّى دَخَلَ عَلَى أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ فَحَدَّثَهَا فَقَالَتْ مَا تُرِيدُ إِلَيْهِ أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّهُ قَدْ قَالَ إِنَّ أَوَّلَ مَا يَبْعَثُهُ عَلَى النَّاسِ غَضَبٌ يَغْضَبُهُ [7360]

وہ کہتے ہیں ایک بار ملا تو میں نے لوگوں میں سے ایک سے کہا تم لوگ یہ کیا باتیں کرتے ہو کہ وہ وہی (دجال) ہے۔ انہوں نے کہا نہیں اللہ کی قسم۔ وہ کہتے ہیں میں نے کہا اللہ کی قسم! تم نے مجھ سے جھوٹ بولا ہے۔ اللہ کی قسم! تم میں سے بعض نے مجھے بتایا تھا کہ وہ نہیں مرے گا یہانتک کہ وہ مال اور اولاد میں تم سے بڑھ جائے اور وہ ویسا ہی ہے جیسا کہ انہوں نے گمان کیا۔ وہ کہتے ہیں پھر ہم آپس میں باتیں کرنے لگے۔ پھر میں نے اسے چھوڑ دیا۔ وہ کہتے ہیں پھر میں دوسری دفعہ اس (ابن صیاد) سے ملا تو اس کی آنکھ پھولی ہوئی تھی۔ وہ کہتے ہیں میں نے اس سے کہا تمہاری آنکھ کو یہ کب ہوا ہے جو میں دیکھ رہا ہوں؟ اس نے کہا کہ مجھے نہیں پتہ۔ وہ کہتے ہیں میں نے کہا کہ تمہیں نہیں پتہ حالانکہ وہ تمہارے سر میں ہے۔ اس نے کہا اگر اللہ چاہے تو تیرے اس سونٹے میں (آنکھ) پیدا کر دے۔ وہ کہتے ہیں پھر اس نے گدھے کی طرح کی اونچی آواز نکالی جو میں نے سنی۔ وہ کہتے ہیں میرے بعض ساتھی سمجھے کہ میں نے اسے اس سونٹے سے مارا ہے جو میرے پاس تھا یہانتک کہ وہ ٹوٹ گیا اور جہاں تک میرا تعلق ہے تو اللہ کی قسم! مجھے پتہ نہ چلا۔ وہ کہتے ہیں کہ وہ ام المؤمنین (حضرت حفصہؓ) کے پاس آئے اور انہیں بتایا تو انہوں نے فرمایا تم اس سے کیا چاہتے ہو؟ کیا تمہیں

پتہ نہیں ہے کہ آپ ؐ نے فرمایا تھا کہ وہ اُس غصہ کی وجہ سے باہر نکلے گا جو اسے مشتعل کرے گا۔

[20]20: بَاب: ذِكْرُ الدَّجَّالِ وَصِفَتِهِ وَمَا مَعَهُ

باب: دجّال کا ذکر اور اس کا حلیہ اور جو کچھ اس کے پاس ہوگا

5204{100} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ قَالَا حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَ الدَّجَّالَ بَيْنَ ظَهْرَانَيْ النَّاسِ فَقَالَ إِنَّ اللَّهَ تَعَالَى لَيْسَ بِأَعْوَرَ أَلَا وَإِنَّ الْمَسِيحَ الدَّجَّالَ أَعْوَرُ الْعَيْنِ الْيُمْنَى كَأَنَّ عَيْنَهُ عِنَبَةٌ طَافِئَةٌ حَدَّثَنِي أَبُو الرَّبِيعِ وَأَبُو كَامِلٍ قَالَا حَدَّثَنَا حَمَّادٌ وَهُوَ ابْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ حَدَّثَنَا حَاتِمٌ يَعْنِي ابْنَ إِسْمَعِيلَ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ كِلَاهُمَا عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ [7362,7361]

5204: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے لوگوں کے سامنے دجال کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا یقیناً اللہ تعالیٰ یک چشم نہیں ہے اور سنو! مسیح دجال دائیں آنکھ سے کانا ہے گویا اس کی آنکھ انگور کا پھولا ہوا دانہ ہے۔

5204: تخریج: **بخاری** کتاب الجهاد والسير باب كيف يعرض الاسلام على الصبي 3057 كتاب احاديث الانبياء باب قول الله عزّوجل ولقد ارسلنا نوحًا 3337 كتاب احاديث الانبياء باب قول الله تعالىٰ واذكر في الكتاب مريم... 3439، 3440، 3441 كتاب المغازى باب حجة الوداع 4402 كتاب الادب باب قول الرجل للرجل: اخسأ 6175 كتاب اللباس باب الجعد 5902 كتاب التعبير باب رؤيا الليل 6999 باب الطواف بالكعبة فى المنام 7026 كتاب الفتن باب ذكر الدجال 7123، 7127، 7131 كتاب التوحيد باب قول الله تعالىٰ ولتصنع على عينى 7407 **ترمذى** كتاب الفتن باب ماجاء فى علامة الدجال 2235 باب ماجاء فى صفة الدجال 2241 باب ماجاء فى قتل عيسى ابن مريم الدجال 2245 **ابو داؤد** كتاب السنة باب فى الدجال 4757

5205{101}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا وَقَدْ أَنْذَرَ أُمَّتَهُ الْأَعْوَرَ الْكَذَّابَ أَلَا إِنَّهُ أَعْوَرُ وَإِنَّ رَبَّكُمْ لَيْسَ بِأَعْوَرَ وَمَكْتُوبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ ك ف ر [7363]

5205: حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہر نبی نے اپنی امت کو کانے کذاب سے ڈرایا ہے! سنو وہ کانا ہے اور تمہارا رب یک چشم نہیں ہے اور اس کی آنکھوں کے درمیان "ک، ف، ر" لکھا ہوا ہے۔

5206{102} حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ قَتَادَةَ حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ أَنَّ نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الدَّجَّالُ مَكْتُوبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ ك ف ر أَيْ كَافِرٌ [7364]

5206: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ اللہ کے نبی ﷺ نے فرمایا دجال کی دونوں آنکھوں کے درمیان "ک، ف، ر" لکھا ہوا ہے یعنی کافر۔

5207{103} وحَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ عَنْ شُعَيْبِ بْنِ الْحَبْحَابِ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ

5207: حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ دجال ایک آنکھ سے کانا ہے اور اس کی آنکھوں کے درمیان کافر لکھا ہوا ہے۔

5205: اطراف: **مسلم** کتاب الفتن واشراط الساعة باب ذکر الدجال وصفته وما معه 5206، 5207

تخریج: **بخاری** کتاب الفتن باب ذکر الدجال 7131 کتاب التوحید باب قول الله تعالیٰ ولتصنع علی عینی 2408 **ترمذی** کتاب الفتن باب ماجاء فی قتل عیسیٰ ابن مریم الدجال 2245 **ابو داؤد** کتاب الفتن باب خروج الدجال 4316

5206: اطراف: **مسلم** کتاب الفتن واشراط الساعة باب ذکر الدجال وصفته وما معه 5205، 5207

تخریج: **بخاری** کتاب الفتن باب ذکر الدجال 7131 کتاب التوحید باب قول الله تعالیٰ ولتصنع علی عینی 2408 **ترمذی** کتاب الفتن باب ماجاء فی قتل عیسیٰ ابن مریم الدجال 2245 **ابو داؤد** کتاب الفتن باب خروج الدجال 4316

5207: اطراف: **مسلم** کتاب الفتن واشراط الساعة باب ذکر الدجال وصفته وما معه 5205، 5206

تخریج: **بخاری** کتاب الفتن باب ذکر الدجال 7131 کتاب التوحید باب قول الله تعالیٰ ولتصنع علی عینی 2408 **ترمذی** کتاب الفتن باب ماجاء فی قتل عیسیٰ ابن مریم الدجال 2245 **ابو داؤد** کتاب الفتن باب خروج الدجال 4316

قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الدَّجَّالُ مَمْسُوحُ الْعَيْنِ مَكْتُوبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ كَافِرٌ ثُمَّ تَهَجَّاهَا ك ف ر يَقْرَؤُهُ كُلُّ مُسْلِمٍ [7365]

——پھر آپؐ نے اس کے ہجے کئے۔ک،ف،ر ——جسے ہر مسلمان پڑھ لے گا۔

5208{104} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ إِسْحَقُ أَخْبَرَنَا و قَالَ الْآخَرَانِ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ شَقِيقٍ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الدَّجَّالُ أَعْوَرُ الْعَيْنِ الْيُسْرَى جُفَالُ الشَّعَرِ مَعَهُ جَنَّةٌ وَنَارٌ فَنَارُهُ جَنَّةٌ وَجَنَّتُهُ نَارٌ [7366]

5208: حضرت حذیفہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا دجال بائیں آنکھ سے کانا ہے۔زیادہ بالوں والا ہے۔اس کے ساتھ جنت بھی ہے اور جہنم بھی۔اس کی جہنم جنت ہے اور اس کی جنت جہنم ہے۔

5209{105} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ عَنْ أَبِي مَالِكٍ الْأَشْجَعِيِّ عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَأَنَا أَعْلَمُ بِمَا مَعَ الدَّجَّالِ مِنْهُ مَعَهُ نَهْرَانِ

5209: حضرت حذیفہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں خوب جانتا ہوں کہ دجال کے پاس کیا (کچھ) ہوگا۔اس کے ساتھ دو نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ان میں سے ایک تو دیکھنے میں سفید پانی ہوگی اور دوسری دیکھنے میں بھڑکتی ہوئی

5208: **اطراف**: **مسلم** کتاب الفتن واشراط الساعة باب ذكر الدجال وصفته .... 5209، 5210، 5211، 5212، 5213
تخريج: **بخاری** كتاب احاديث الانبياء باب قول الله عزّ وجل ولقد ارسلنا نوحاً... 3338 باب ماذكر عن بنی اسرائيل 3450 كتاب الفتن باب ذكر الدجال 7130 **ابوداؤد** كتاب الملاحم باب خروج الدجال 4315 **ابن ماجه** كتاب الفتن باب فتنة الدجال وخروج عیسیٰ... 4071

5209: **اطراف**: **مسلم** کتاب الفتن واشراط الساعة باب ذكر الدجال وصفته.... 5208، 5210، 5211، 5212، 5213
تخريج: **بخاری** كتاب احاديث الانبياء باب قول الله عزّ وجل ولقد ارسلنا نوحاً... 3338 باب ماذكر عن بنی اسرائيل 3450 كتاب الفتن باب ذكر الدجال 7130 **ابوداؤد** كتاب الملاحم باب خروج الدجال 4315 **ابن ماجه** كتاب الفتن باب فتنة الدجال وخروج عیسیٰ... 4071

يَجْرِيَانِ أَحَدُهُمَا رَأْيَ الْعَيْنِ مَاءٌ أَبْيَضُ وَالْآخَرُ رَأْيَ الْعَيْنِ نَارٌ تَأَجَّجُ فَإِمَّا أَدْرَكَنَّ أَحَدٌ فَلْيَأْتِ النَّهْرَ الَّذِي يَرَاهُ نَارًا وَلْيُغَمِّضْ ثُمَّ لْيُطَأْطِئْ رَأْسَهُ فَيَشْرَبَ مِنْهُ فَإِنَّهُ مَاءٌ بَارِدٌ وَإِنَّ الدَّجَّالَ مَمْسُوحُ الْعَيْنِ عَلَيْهَا ظَفَرَةٌ غَلِيظَةٌ مَكْتُوبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ كَافِرٌ يَقْرَؤُهُ كُلُّ مُؤْمِنٍ كَاتِبٍ وَغَيْرِ كَاتِبٍ [7367]

آگ معلوم ہوگی۔ پس اگر کوئی (موقعہ) پائے تو اس نہر میں جائے جو دیکھنے میں آگ دکھائی دیتی ہے اور آنکھ بند کر لے پھر اپنا سر جھکا لے تو اس میں سے پئے کیونکہ وہ ٹھنڈا پانی ہے اور دجال ایک آنکھ سے کانا ہے۔ اس پر ناخنہ ہے۔ اس کی آنکھوں کے درمیان کافر لکھا ہوگا جسے پڑھا لکھا اور ان پڑھ ہر مومن پڑھ سکے گا۔

5210{106}حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ عَنْ حُذَيْفَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ فِي الدَّجَّالِ إِنَّ مَعَهُ مَاءً وَنَارًا فَنَارُهُ مَاءٌ بَارِدٌ وَمَاؤُهُ نَارٌ فَلَا تَهْلِكُوا قَالَ أَبُو مَسْعُودٍ وَأَنَا سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [7369,7368]

5210: حضرت حذیفہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے دجال کے بارہ میں فرمایا اس کے ساتھ پانی اور آگ ہے اس کی آگ ٹھنڈا پانی ہے اور اس کا پانی آگ ہے پس ہلاک نہ ہونا۔ حضرت ابومسعودؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے بھی یہ رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے۔

5211{107} حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ صَفْوَانَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ

5211: ربعی بن حراش بیان کرتے ہیں کہ میں حضرت عقبہ بن عمرو ابومسعود انصاریؓ کے ساتھ

5210: اطراف: مسلم کتاب الفتن واشراط الساعة باب ذکر الدجال وصفته ....5208 ، 5209 ، 5211 ، 5212 ، 5213
تخریج: بخاری کتاب احادیث الانبیاء باب قول اللہ عزّ وجل ولقد ارسلنا نوحًا... 3338 باب ماذکر عن بنی اسرائیل 3450 کتاب الفتن باب ذکر الدجال 7130 **ابوداؤد** کتاب الملاحم باب خروج الدجال 4315 **ابن ماجه** کتاب الفتن باب فتنة الدجال وخروج عیسیٰ... 4071

5211: اطراف: مسلم کتاب الفتن واشراط الساعة باب ذکر الدجال وصفته ... 5208 ، 5209 ، 5210 ، 5212 ، 5213 =

عُمَيْرٍ عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَمْرٍو أَبِي مَسْعُودٍ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ انْطَلَقْتُ مَعَهُ إِلَى حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ فَقَالَ لَهُ عُقْبَةُ حَدِّثْنِي مَا سَمِعْتَ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الدَّجَّالِ قَالَ إِنَّ الدَّجَّالَ يَخْرُجُ وَإِنَّ مَعَهُ مَاءً وَنَارًا فَأَمَّا الَّذِي يَرَاهُ النَّاسُ مَاءً فَنَارٌ تُحْرِقُ وَأَمَّا الَّذِي يَرَاهُ النَّاسُ نَارًا فَمَاءٌ بَارِدٌ عَذْبٌ فَمَنْ أَدْرَكَ ذَلِكَ مِنْكُمْ فَلْيَقَعْ فِي الَّذِي يَرَاهُ نَارًا فَإِنَّهُ مَاءٌ عَذْبٌ طَيِّبٌ فَقَالَ عُقْبَةُ وَأَنَا قَدْ سَمِعْتُهُ تَصْدِيقًا لِحُذَيْفَةَ [7370]

حضرت حذیفہؓ بن یمان کے پاس گیا تو حضرت عُقبہؓ نے ان سے کہا مجھے بتایئے جو آپ نے رسول اللہ ﷺ سے دجال کے بارہ میں سنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دجال نکلے گا تو اس کے ساتھ پانی اور آگ ہوگی اور وہ جسے لوگ پانی دیکھیں گے وہ جلا دینے والی آگ ہوگی اور جسے لوگ آگ دیکھیں گے وہ ٹھنڈا اور میٹھا پانی ہوگا۔ پس تم میں سے جو کوئی اسے پائے تو وہ اس میں چلا جائے جسے وہ آگ دیکھے کیونکہ وہ عمدہ شیریں پانی ہے۔ حضرت عُقبہؓ کہتے ہیں میں نے یہ بات (صرف) حضرت حذیفہؓ کی تصدیق کے لئے سنی ہے۔

5212 {108} حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِيُّ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَاللَّفْظُ لِابْنِ حُجْرٍ قَالَ إِسْحَقُ أَخْبَرَنَا و قَالَ ابْنُ حُجْرٍ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنِ الْمُغِيرَةِ عَنْ نُعَيْمِ بْنِ أَبِي هِنْدٍ عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ قَالَ اجْتَمَعَ حُذَيْفَةُ وَأَبُو مَسْعُودٍ فَقَالَ حُذَيْفَةُ لَأَنَا بِمَا مَعَ الدَّجَّالِ أَعْلَمُ مِنْهُ إِنَّ مَعَهُ نَهْرًا مِنْ مَاءٍ

5212: ربعی بن حراش بیان کرتے ہیں کہ حضرت حذیفہؓ اور حضرت ابومسعودؓ اکٹھے ہوئے تو حضرت حذیفہؓ نے بیان کیا مجھے سب سے زیادہ پتہ ہے کہ دجال کے پاس کیا ہے۔ اس کے ساتھ ایک نہر پانی کی اور ایک نہر آگ کی ہوگی۔ وہ جسے تم آگ دیکھو گے تو وہ پانی ہے اور وہ جسے تم پانی دیکھو گے تو وہ آگ ہوگی۔ پس تم میں سے جو کوئی اسے پائے اور

= تخریج: بخاری کتاب احادیث الانبیاء باب قول اللہ عزّ وجل ولقد ارسلنا نوحًا... 3338 باب ماذکر عن بنی اسرائیل 3450 کتاب الفتن باب ذکر الدجال 7130 **ابو داؤد** کتاب الملاحم باب خروج الدجال 4315 **ابن ماجه** کتاب الفتن باب فتنة الدجال وخروج عیسیٰ... 4071

5212: اطراف: مسلم کتاب الفتن واشراط الساعة باب ذکر الدجال وصفته... 5208، 5209، 5210، 5211، 5213

تخریج: بخاری کتاب احادیث الانبیاء باب قول اللہ عزّ وجل ولقد ارسلنا نوحًا... 3338 باب ماذکر عن بنی اسرائیل 3450 کتاب الفتن باب ذکر الدجال 7130 **ابو داؤد** کتاب الملاحم باب خروج الدجال 4315 **ابن ماجه** کتاب الفتن باب فتنة الدجال وخروج عیسیٰ... 4071

وَنَهْرًا مِنْ نَارٍ فَأَمَّا الَّذِي تَرَوْنَ أَنَّهُ نَارٌ مَاءٌ وَأَمَّا الَّذِي تَرَوْنَ أَنَّهُ مَاءٌ نَارٌ فَمَنْ أَدْرَكَ ذَلِكَ مِنْكُمْ فَأَرَادَ الْمَاءَ فَلْيَشْرَبْ مِنَ الَّذِي يَرَاهُ أَنَّهُ نَارٌ فَإِنَّهُ سَيَجِدُهُ مَاءً قَالَ أَبُو مَسْعُودٍ هَكَذَا سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ [7371]

پانی کا ارادہ کرے تو اس میں سے پیئے جسے وہ آگ دیکھتا ہے تو وہ اسے پانی پائے گا۔ حضرت ابومسعودؓ کہتے ہیں کہ میں نے نبی ﷺ کو اسی طرح فرماتے ہوئے سنا۔

5213{109} حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ عَنْ يَحْيَى عَنْ أَبِي سَلَمَةَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلَا أُخْبِرُكُمْ عَنِ الدَّجَّالِ حَدِيثًا مَا حَدَّثَهُ نَبِيٌّ قَوْمَهُ إِنَّهُ أَعْوَرُ وَإِنَّهُ يَجِيءُ مَعَهُ مِثْلُ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ فَالَّتِي يَقُولُ إِنَّهَا الْجَنَّةُ هِيَ النَّارُ وَإِنِّي أَنْذَرْتُكُمْ بِهِ كَمَا أَنْذَرَ بِهِ نُوحٌ قَوْمَهُ [7372]

5213: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کیا میں تمہیں دجال کے بارہ میں ایک ایسی بات نہ بتاؤں جو کسی نبی نے اپنی قوم کو نہیں بتائی؟ وہ ایک آنکھ والا ہے اور وہ آئے گا تو اس کے ساتھ جنت اور آگ کی مثل ہوگی اور جس کے بارہ میں وہ کہے گا کہ جنت ہے وہ آگ ہوگی اور میں نے تمہیں اس سے اُسی طرح ہوشیار کیا ہے جیسے نوحؑ نے اپنی قوم کو اس سے ہوشیار کیا تھا۔

5214{110} حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ حَدَّثَنِي يَحْيَى

5214: حضرت نواس بن سمعانؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک دن صبح رسول اللہ ﷺ نے دجال کا ذکر فرمایا اور اس کے ذکر میں آواز کبھی دھیمی ہوئی اور کبھی بلند

5213: **اطراف**: **مسلم** کتاب الفتن واشراط الساعة باب ذکر الدجال وصفته ... 5208، 5209، 5210، 5211، 5212
تخریج: **بخاری** کتاب احادیث الانبیاء باب قول الله عزّ وجل ولقد ارسلنا نوحاً... 3338 باب ماذکر عن بنی اسرائیل 3450 کتاب الفتن باب ذکر الدجال 7130 **ابو داؤد** کتاب الملاحم باب خروج الدجال 4315 **ابن ماجه** کتاب الفتن باب فتنة الدجال وخروج عیسیٰ... 4071

5214: **تخریج**: **ترمذی** کتاب الفتن باب ماجاء فی فتنة الدجال 2240 **ابو داؤد** کتاب الملاحم باب خروج الدجال 4321 **ابن ماجه** کتاب الفتن باب فتنة الدجال وخروج عیسیٰ ابن مریم ... 4075

بْنُ جَابِرٍ الطَّائِيُّ قَاضِي حِمْصَ حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ جُبَيْرٍ عَنْ أَبِيهِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ الْحَضْرَمِيِّ أَنَّهُ سَمِعَ النَّوَّاسَ بْنَ سَمْعَانَ الْكِلَابِيَّ ح و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ مِهْرَانَ الرَّازِيُّ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ جَابِرٍ الطَّائِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ عَنْ أَبِيهِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ عَنِ النَّوَّاسِ بْنِ سَمْعَانَ قَالَ ذَكَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الدَّجَّالَ ذَاتَ غَدَاةٍ فَخَفَّضَ فِيهِ وَرَفَّعَ حَتَّى ظَنَنَّاهُ فِي طَائِفَةِ النَّخْلِ فَلَمَّا رُحْنَا إِلَيْهِ عَرَفَ ذَلِكَ فِينَا فَقَالَ مَا شَأْنُكُمْ قُلْنَا يَا رَسُولَ اللَّهِ ذَكَرْتَ الدَّجَّالَ غَدَاةً فَخَفَّضْتَ فِيهِ وَرَفَّعْتَ حَتَّى ظَنَنَّاهُ فِي طَائِفَةِ النَّخْلِ فَقَالَ غَيْرُ الدَّجَّالِ أَخْوَفُنِي عَلَيْكُمْ إِنْ يَخْرُجْ وَأَنَا فِيكُمْ فَأَنَا حَجِيجُهُ دُونَكُمْ وَإِنْ يَخْرُجْ وَلَسْتُ فِيكُمْ فَامْرُؤٌ حَجِيجُ نَفْسِهِ وَاللَّهُ خَلِيفَتِي عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ إِنَّهُ شَابٌّ قَطَطٌ عَيْنُهُ طَافِئَةٌ كَأَنِّي أُشَبِّهُهُ بِعَبْدِ الْعُزَّى بْنِ قَطَنٍ فَمَنْ أَدْرَكَهُ مِنْكُمْ فَلْيَقْرَأْ عَلَيْهِ فَوَاتِحَ سُورَةِ الْكَهْفِ إِنَّهُ خَارِجٌ خَلَّةً بَيْنَ الشَّأْمِ

یہاںتک کہ ہم سمجھے کہ وہ (دجال قریب ہی) کھجوروں کے جھنڈ میں ہے۔ جب ہم شام کو آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپؐ نے ہم میں (گھبراہٹ کے آثار) پہچان لئے اور فرمایا تمہیں کیا ہوا ہے؟ ہم نے عرض کیا یارسولؐ اللہ! صبح آپؐ نے دجال کا ذکر کیا تھا کبھی آپؐ کی آواز دھیمی تھی کبھی بلند۔ ہم سمجھے وہ کھجوروں کے جھنڈ میں ہے۔ اس پر آپؐ نے فرمایا دجال کے علاوہ (اور امور کا) تمہارے بارے میں مجھے زیادہ خوف ہے۔ اگر وہ میری موجودگی میں نکلے تو میں تمہاری طرف سے اس سے دلیل کے ذریعہ مقابلہ کرنے والا ہوں اور اگر وہ نکلے اور میں تم میں نہ ہوں تو ہر شخص کو خود دلیل کے ذریعہ اس کا مقابلہ کرنا ہوگا اور اللہ میرے بعد ہر مسلمان کا خلیفہ ہے۔ وہ (دجال) جوان ہے، بہت گھنے گھنگھریالے بالوں والا ہے۔ اس کی آنکھ پھولی ہوئی ہے گویا کہ میں اسے عبدالعزیٰ بن قطن سے تشبیہ دوں گا۔ تم میں سے جو کوئی اسے پائے تو اس پر سورۃ الکہف کی ابتدائی آیات پڑھے۔ وہ شام اور عراق کے درمیان ایک راہ سے نکلنے والا ہے۔ دائیں جانب بھی فساد برپا کرے گا اور بائیں جانب بھی۔ پس اے اللہ کے بندو! تم ثابت قدم رہنا۔ ہم نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! وہ زمین میں کتنا عرصہ رہے گا؟ آپؐ نے فرمایا چالیس دن، کوئی دن ایک سال کے برابر ہوگا اور کوئی دن ایک ماہ کے برابر اور کوئی دن ایک ہفتہ کے برابر، اس

وَالْعِرَاقِ فَعَاثَ يَمِينًا وَعَاثَ شِمَالًا يَا عِبَادَ
اللَّه فَاثْبُتُوا قُلْنَا يَا رَسُولَ اللَّه وَمَا لَبْثُهُ فِي
الْأَرْضِ قَالَ أَرْبَعُونَ يَوْمًا يَوْمٌ كَسَنَةٍ وَيَوْمٌ
كَشَهْرٍ وَيَوْمٌ كَجُمُعَةٍ وَسَائِرُ أَيَّامه
كَأَيَّامكُمْ قُلْنَا يَا رَسُولَ اللَّه فَذَلكَ الْيَوْمُ
الَّذي كَسَنَةٍ أَتَكْفينَا فيه صَلَاةُ يَوْمٍ قَالَ لَا
اقْدُرُوا لَهُ قَدْرَهُ قُلْنَا يَا رَسُولَ اللَّه وَمَا
إِسْرَاعُهُ فِي الْأَرْضِ قَالَ كَالْغَيْث اسْتَدْبَرَتْهُ
الرِّيحُ فَيَأْتِي عَلَى الْقَوْمِ فَيَدْعُوهُمْ فَيُؤْمِنُونَ
به وَيَسْتَجِيبُونَ لَهُ فَيَأْمُرُ السَّمَاءَ فَتُمْطِرُ
وَالْأَرْضَ فَتُنْبِتُ فَتَرُوحُ عَلَيْهِمْ سَارِحَتُهُمْ
أَطْوَلَ مَا كَانَتْ ذُرًا وَأَسْبَغَهُ ضُرُوعًا
وَأَمَدَّهُ خَوَاصرَ ثُمَّ يَأْتِي الْقَوْمَ فَيَدْعُوهُمْ
فَيَرُدُّونَ عَلَيْه قَوْلَهُ فَيَنْصَرفُ عَنْهُمْ
فَيُصْبِحُونَ مُمْحِلينَ لَيْسَ بِأَيْدِيهِمْ شَيْءٌ
منْ أَمْوَالهِمْ وَيَمُرُّ بِالْخَرِبَة فَيَقُولُ لَهَا
أَخْرِجِي كُنُوزَكِ فَتَتْبَعُهُ كُنُوزُهَا كَيَعَاسِيب
النَّحْلِ ثُمَّ يَدْعُو رَجُلًا مُمْتَلئًا شَبَابًا فَيَضْرِبُهُ
بِالسَّيْف فَيَقْطَعُهُ جَزْلَتَيْنِ رَمْيَةَ الْغَرَضِ ثُمَّ
يَدْعُوهُ فَيُقْبِلُ وَيَتَهَلَّلُ وَجْهُهُ يَضْحَكُ
فَبَيْنَمَا هُوَ كَذَلكَ إِذْ بَعَثَ اللَّهُ الْمَسيحَ ابْنَ
مَرْيَمَ فَيَنْزِلُ عنْدَ الْمَنَارَةِ الْبَيْضَاء شَرْقِيَّ
دِمَشْقَ بَيْنَ مَهْرُودَتَيْنِ وَاضعًا كَفَّيْه عَلَى

کے باقی سارے دن تمہارے دنوں کی طرح ہوں
گے۔ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ !وہ دن جو
ایک سال کی طرح ہوگا کیا اس میں ایک دن کی
نمازیں ہمارے لئے کافی ہوں گی۔آپؐ نے فرمایا
نہیں اس کے لئے اندازہ کر لینا۔ہم نے عرض کیا یا
رسولؐ اللہ!زمین میں اس کی تیز رفتاری کیسی ہوگی؟
آپؐ نے فرمایا بارش کی طرح جس کے پیچھے ہوا چل
رہی ہو۔پھر وہ ایک قوم کے پاس آئے گا اور انہیں
پکارے گا تو وہ اس کی بات مان لیں گے۔اس پر وہ
بادلوں کو حکم دے گا تو وہ خوب بارش برسائیں گے اور
زمین کو حکم دے گا تو وہ اگائے گی اور شام کو ان کے
مویشی آئیں گے تو ان کی کوہانیں پہلے سے بہت
اونچی ہوں گی،ان کے تھن بھرے ہوئے ہوں گے
اور ان کی کوکھیں بھری ہوں گی۔پھر وہ ایک اور قوم کو
بلائے گا وہ اس کی بات کو رد کر دیں گے اور وہ ان کے
پاس سے چلا جائے گا تو وہ قحط میں مبتلا ہو جائیں گے
اور ان کے ہاتھوں میں ان کے مالوں میں سے کچھ نہ
رہے گا اور وہ (دجال) ویرانے سے گذرے گا تو
اسے کہے گا کہ اپنے خزانے نکال تو اس (ویرانے)
کے خزانے اس طرح اس کے پیچھے چل پڑیں گے
جیسے شہد کی نر مکھیاں۔پھر وہ ایک بھرپور جوان آدمی کو
بلائے گا اور اسے تلوار سے مارے گا اور اس کے دو
ٹکڑے کر دے گا نشانے پر مارنے کی طرح پھر اسے
پکارے گا تو وہ روشن چہرے کے ساتھ ہنستا ہوا آئے

أَجْنحَة مَلَكَيْنِ إِذَا طَأْطَأَ رَأْسَهُ قَطَرَ وَإِذَا رَفَعَهُ تَحَدَّرَ مِنْهُ جُمَانٌ كَاللُّؤْلُؤِ فَلَا يَحِلُّ لِكَافِرٍ يَجِدُ رِيحَ نَفَسِه إِلَّا مَاتَ وَنَفَسُهُ يَنْتَهِي حَيْثُ يَنْتَهِي طَرْفُهُ فَيَطْلُبُهُ حَتَّى يُدْرِكَهُ بِبَابِ لُدٍّ فَيَقْتُلُهُ ثُمَّ يَأْتِي عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ قَوْمٌ قَدْ عَصَمَهُمْ اللَّهُ مِنْهُ فَيَمْسَحُ عَنْ وُجُوهِهِمْ وَيُحَدِّثُهُمْ بِدَرَجَاتِهِمْ فِي الْجَنَّةِ فَبَيْنَمَا هُوَ كَذَلِكَ إِذْ أَوْحَى اللَّهُ إِلَى عِيسَى إِنِّي قَدْ أَخْرَجْتُ عِبَادًا لِي لَا يَدَانِ لِأَحَدٍ بِقِتَالِهِمْ فَحَرِّزْ عِبَادِي إِلَى الطُّورِ وَيَبْعَثُ اللَّهُ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ وَهُمْ مِنْ كُلِّ حَدَبٍ يَنْسِلُونَ فَيَمُرُّ أَوَائِلُهُمْ عَلَى بُحَيْرَةِ طَبَرِيَّةَ فَيَشْرَبُونَ مَا فِيهَا وَيَمُرُّ آخِرُهُمْ فَيَقُولُونَ لَقَدْ كَانَ بِهَذِهِ مَرَّةً مَاءٌ وَيُحْصَرُ نَبِيُّ اللَّهِ عِيسَى وَأَصْحَابُهُ حَتَّى يَكُونَ رَأْسُ الثَّوْرِ لِأَحَدِهِمْ خَيْرًا مِنْ مِائَةِ دِينَارٍ لِأَحَدِكُمْ الْيَوْمَ فَيَرْغَبُ نَبِيُّ اللَّهِ عِيسَى وَأَصْحَابُهُ فَيُرْسِلُ اللَّهُ عَلَيْهِمْ النَّغَفَ فِي رِقَابِهِمْ فَيُصْبِحُونَ فَرْسَى كَمَوْتِ نَفْسٍ وَاحِدَةٍ ثُمَّ يَهْبِطُ نَبِيُّ اللَّهِ عِيسَى وَأَصْحَابُهُ إِلَى الْأَرْضِ فَلَا يَجِدُونَ فِي الْأَرْضِ مَوْضِعَ شِبْرٍ إِلَّا مَلَأَهُ زَهَمُهُمْ وَنَتْنُهُمْ فَيَرْغَبُ نَبِيُّ اللَّهِ عِيسَى وَأَصْحَابُهُ إِلَى اللَّهِ فَيُرْسِلُ اللَّهُ

گا۔ اتنے میں اللہ مسیح ابن مریم کو مبعوث کرے گا اور وہ سفید مینار کے پاس دمشق کے شرقی جانب دو زرد چادروں میں دو فرشتوں کے بازوؤں پر اپنے ہاتھ رکھے ہوئے اترے گا۔ جب وہ اپنا سر جھکائے گا تو سر سے پانی کے قطرے ٹپکیں گے اور جب سر اٹھائے گا تو موتی کی طرح بوندیں ٹپکیں گی۔ کافر (جو) اُس کی سانس کی ہوا پائے، اس کے لئے کچھ چارہ ممکن نہیں مگر یہ کہ وہ مر جائے گا اور اُس کی سانس وہاں تک جائے گی جہاں تک اس کی نظر جائے گی۔ پھر وہ (مسیح دجال) کو تلاش کرے گا یہانتک کہ اسے بابِ لد پر پالے گا اور اسے قتل کردے گا پھر عیسیٰ بن مریم کے پاس ایک قوم آئے گی جنہیں اللہ نے اس (دجال) سے محفوظ رکھا تھا وہ (عیسیٰ بن مریم) ان کے چہروں پر ہاتھ پھیریں گے اور انہیں جنت میں ان کے درجے بتائیں گے۔ وہ اس حالت میں ہوں گے کہ اللہ عیسیٰ کی طرف وحی کرے گا کہ میں نے اپنے کچھ ایسے بندے نکالے ہیں جن سے لڑنے کی کسی میں تاب نہیں۔ پس میرے بندوں کو طور کی طرف لے جاؤ۔ پھر اللہ یاجوج ماجوج کو بھیجے گا وہ ہر بلندی کو پھلانگتے ہوئے آئیں گے۔ ان کا پہلا ہراول دستہ بُحیرہ طبریہ سے گذرے گا۔ وہ جو اس میں ہوگا پی جائیں گے اور ان کا آخری دستہ گذرے گا تو کہے گا یہاں کبھی پانی ہوتا تھا۔ اللہ کے نبی عیسیٰ اور ان کے ساتھیوں کو محصور کردیا جائے گا یہانتک کہ ان میں

طَيْرًا كَأَعْنَاقِ الْبُخْتِ فَتَحْمِلُهُمْ فَتَطْرَحُهُمْ حَيْثُ شَاءَ اللَّهُ ثُمَّ يُرْسِلُ اللَّهُ مَطَرًا لَا يَكُنُّ مِنْهُ بَيْتُ مَدَرٍ وَلَا وَبَرٍ فَيَغْسِلُ الْأَرْضَ حَتَّى يَتْرُكَهَا كَالزَّلَفَةِ ثُمَّ يُقَالُ لِلْأَرْضِ أَنْبِتِي ثَمَرَتَكِ وَرُدِّي بَرَكَتَكِ فَيَوْمَئِذٍ تَأْكُلُ الْعِصَابَةُ مِنَ الرُّمَّانَةِ وَيَسْتَظِلُّونَ بِقِحْفِهَا وَيُبَارَكُ فِي الرِّسْلِ حَتَّى أَنَّ اللِّقْحَةَ مِنَ الْإِبِلِ لَتَكْفِي الْفِئَامَ مِنَ النَّاسِ وَاللِّقْحَةَ مِنَ الْبَقَرِ لَتَكْفِي الْقَبِيلَةَ مِنَ النَّاسِ وَاللِّقْحَةَ مِنَ الْغَنَمِ لَتَكْفِي الْفَخِذَ مِنَ النَّاسِ فَبَيْنَمَا هُمْ كَذَلِكَ إِذْ بَعَثَ اللَّهُ رِيحًا طَيِّبَةً فَتَأْخُذُهُمْ تَحْتَ آبَاطِهِمْ فَتَقْبِضُ رُوحَ كُلِّ مُؤْمِنٍ وَكُلِّ مُسْلِمٍ وَيَبْقَى شِرَارُ النَّاسِ يَتَهَارَجُونَ فِيهَا تَهَارُجَ الْحُمُرِ فَعَلَيْهِمْ تَقُومُ السَّاعَةُ {111} حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ وَالْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ ابْنُ حُجْرٍ دَخَلَ حَدِيثُ أَحَدِهِمَا فِي حَدِيثِ الْآخَرِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَ مَا ذَكَرْنَا وَزَادَ

سے ایک کے لئے بیل کا سر، آج تم میں سے کسی ایک کے لئے سو دینار سے بہتر ہوگا۔ پھر اللہ کے نبی عیسیٰؑ اور ان کے ساتھی (خدا کی طرف) توجہ کریں گے۔ تو اللہ ان (یاجوج ماجوج) کی گردنوں میں ایک کیڑا بھیجے گا۔ ایک آدمی کے مرنے کی طرح سب ہلاک ہو جائیں گے۔ پھر اللہ کے نبی عیسیٰؑ اور ان کے ساتھی زمین پر اتریں گے تو زمین میں ایک بالشت بھر جگہ بھی ان کی چربی اور تعفّن سے خالی نہ پائیں گے۔ پھر اللہ کے نبی عیسیٰؑ اور ان کے ساتھی اللہ کی طرف توجہ کریں گے تو اللہ پرندوں کو بھیج دے گا جو بختی اونٹوں کی گردنوں کی طرح ہوں گے۔ وہ ان کی لاشیں اٹھا اٹھا کر وہاں پھینکیں گے جہاں اللہ چاہے گا پھر اللہ بارش بھیجے گا جس سے خاک وخشت کا گھر یا خیمہ نہیں بچائے گا۔ پھر زمین کو دھو ڈالے گی یہاںتک کہ اسے آئینے کی طرح کردے گی پھر زمین سے کہا جائے گا کہ اپنا پھل اگا اور اپنی برکت لوٹا۔ اس دن ایک انار سارا گروہ کھائے گا اور اس کے چھلکے سے سایہ لیں گے اور دودھ میں برکت دی جائے گی حتی کہ دودھ والی اونٹنی ایک بڑے گروہ کو کفایت کرے گی۔ ایک دودھ والی گائے ایک قبیلے کو کفایت کرے گی۔ ایک دودھ والی بکری کا دودھ ایک خاندان کو کفایت کرے گا۔ اسی دوران اللہ ایک خوشگوار ہوا بھیجے گا جو ہر مسلمان کے پہلو کو لگے گی اور ہر مسلمان اور مومن کی روح قبض کرلے گی اور صرف شریر لوگ رہ جائیں گے جو گدھوں کی طرح لڑائی، فساد کریں گے اور ان پر وہ گھڑی آئے گی۔

بَعْدَ قَوْلِهِ لَقَدْ كَانَ بِهَذِهِ مَرَّةً مَاءٌ ثُمَّ يَسِيرُونَ حَتَّى يَنْتَهُوا إِلَى جَبَلِ الْخَمَرِ وَهُوَ جَبَلُ بَيْتِ الْمَقْدِسِ فَيَقُولُونَ لَقَدْ قَتَلْنَا مَنْ فِي الْأَرْضِ هَلُمَّ فَلْنَقْتُلْ مَنْ فِي السَّمَاءِ فَيَرْمُونَ بِنُشَّابِهِمْ إِلَى السَّمَاءِ فَيَرُدُّ اللَّهُ عَلَيْهِمْ نُشَّابَهُمْ مَخْضُوبَةً دَمًا وَفِي رِوَايَةِ ابْنِ حُجْرٍ فَإِنِّي قَدْ أَنْزَلْتُ عِبَادًا لِي لَا يَدَيْ لِأَحَدٍ بِقِتَالِهِمْ [7373,7374]

ایک روایت میں لَقَدْ كَانَ بِهَذِهِ مَرَّةً مَاءٌ کے بعد یہ مزید ہے کہ پھر وہ چلیں گے یہانتک کہ "جَبَلُ الْخَمَر" پر جا کر جو بیت المقدس کا پہاڑ ہے رُک جائیں گے اور کہیں گے کہ جو کوئی زمین میں ہے ہم اسے قتل کر چکے ہیں آؤ ہم انہیں قتل کریں جو آسمان میں ہیں پھر وہ اپنے تیر آسمان کی طرف پھینکیں گے تو اللہ ان کی طرف ان کے تیر لوٹا دے گا جو خون آلود ہوں گے۔

ایک اور روایت میں (قَدْ اَخْرَجْتُ عِبَادًا لِيْ لَا يَدَانِ لِاَحَدٍ بِقِتَالِهِمْ کی بجائے) قَدْ اَنْزَلْتُ عِبَادًا لِي لَا يَدَيْ لِاَحَدٍ بِقِتَالِهِمْ کے الفاظ ہیں یعنی میں نے اپنے ایسے بندوں کو اتارا ہے جن سے لڑنے کی کسی میں تاب نہیں ہے۔

[21]21: بَاب: فِي صِفَةِ الدَّجَّالِ وَتَحْرِيمِ الْمَدِينَةِ عَلَيْهِ وَقَتْلِهِ الْمُؤْمِنَ وَإِحْيَائِهِ

باب: دجال کی علامات اور اس پر مدینہ (میں داخلے کا) حرام ہونا اور اس کا مومن کو قتل کرنا اور اس کو زندہ کرنا

5215{112} حَدَّثَنِي عَمْرٌو النَّاقِدُ وَالْحَسَنُ الْحُلْوَانِيُّ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ وَأَلْفَاظُهُمْ مُتَقَارِبَةٌ وَالسِّيَاقُ لِعَبْدٍ قَالَ حَدَّثَنِي وقَالَ الْآخَرَانِ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ وَهُوَ ابْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ صَالِحٍ

5215: حضرت ابوسعید خدریؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک دن رسول اللہ ﷺ نے ہم سے دجال کے بارہ میں تفصیلی گفتگو فرمائی۔ آپؐ نے جو ہمیں بتایا اس میں یہ بھی تھا وہ آئے گا اور اس پر حرام ہوگا کہ وہ مدینہ کے راستوں میں داخل ہو جائے۔ وہ مدینہ کے قریب

5215: اطراف: مسلم كتاب الفتن واشراط الساعة باب فى صفة الدجال وتحريم المدينة عليه ... 5216

تخريج: بخارى كتاب فضائل المدينة باب لا يدخل الدجال المدينة 1882 كتاب الفتن باب لا يدخل الدجال المدينة 7132

عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ أَنَّ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ قَالَ حَدَّثَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا حَدِيثًا طَوِيلًا عَنْ الدَّجَّالِ فَكَانَ فِيمَا حَدَّثَنَا قَالَ يَأْتِي وَهُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيْهِ أَنْ يَدْخُلَ نِقَابَ الْمَدِينَةِ فَيَنْتَهِي إِلَى بَعْضِ السِّبَاخِ الَّتِي تَلِي الْمَدِينَةَ فَيَخْرُجُ إِلَيْهِ يَوْمَئِذٍ رَجُلٌ هُوَ خَيْرُ النَّاسِ أَوْ مِنْ خَيْرِ النَّاسِ فَيَقُولُ لَهُ أَشْهَدُ أَنَّكَ الدَّجَّالُ الَّذِي حَدَّثَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيثَهُ فَيَقُولُ الدَّجَّالُ أَرَأَيْتُمْ إِنْ قَتَلْتُ هَذَا ثُمَّ أَحْيَيْتُهُ أَتَشُكُّونَ فِي الْأَمْرِ فَيَقُولُونَ لَا قَالَ فَيَقْتُلُهُ ثُمَّ يُحْيِيهِ فَيَقُولُ حِينَ يُحْيِيهِ وَاللَّهِ مَا كُنْتُ فِيكَ قَطُّ أَشَدَّ بَصِيرَةً مِنِّي الْآنَ قَالَ فَيُرِيدُ الدَّجَّالُ أَنْ يَقْتُلَهُ فَلَا يُسَلَّطُ عَلَيْهِ قَالَ أَبُو إِسْحَقَ يُقَالُ إِنَّ هَذَا الرَّجُلَ هُوَ الْخَضِرُ عَلَيْهِ السَّلَام و حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدَّارِمِيُّ أَخْبَرَنَا أَبُو الْيَمَانِ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ فِي هَذَا الْإِسْنَادِ بِمِثْلِهِ [7376,7375]

ایک کلّر زمین تک پہنچ جائے گا۔اس دن لوگوں میں سے ایک بہترین آدمی اس کی طرف جائے گا اور وہ اسے کہے گا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ تو وہی دجال ہے جس کے بارہ میں ہمیں رسول اللہ ﷺ نے بتایا تھا۔دجال کہے گا بتاؤ اگر میں اسے قتل کر کے پھر زندہ کردوں تو کیا تمہیں اس معاملہ میں کوئی شک ہوگا؟ تو وہ کہیں گے نہیں۔آپؐ نے فرمایا وہ اسے قتل کرے گا پھر زندہ کرے گا اور جب اسے زندہ کردے گا تو وہ کہے گا اللہ کی قسم! مجھے تیرے بارہ میں پہلے اتنا یقین نہیں تھا جتنا اب ہے۔آپؐ نے فرمایا دجال پھر اسے قتل کرنے کا ارادہ کرے گا مگر اسے اس پر مسلط نہیں کیا جائے گا۔ابواسحاق کہتے ہیں کہا جاتا ہے کہ یہ شخص خضر علیہ السلام تھے۔

5216{113}حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ قُهْزَاذَ مِنْ أَهْلِ مَرْوَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ

5216: حضرت ابوسعید خدریؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا دجال نکلے گا اور مومنوں

5216: اطراف: مسلم کتاب الفتن واشراط الساعة باب فی صفة الدجال وتحریم المدینة علیه...5215

تخریج: بخاری کتاب فضائل المدینة باب لا یدخل الدجال المدینة 1882 کتاب الفتن باب لا یدخل الدجال المدینة 7132

عُثْمَانَ عَنْ أَبِي حَمْزَةَ عَنْ قَيْسِ بْنِ وَهْبٍ عَنْ أَبِي الْوَدَّاكِ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْرُجُ الدَّجَّالُ فَيَتَوَجَّهُ قِبَلَهُ رَجُلٌ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ فَتَلْقَاهُ الْمَسَالِحُ مَسَالِحُ الدَّجَّالِ فَيَقُولُونَ لَهُ أَيْنَ تَعْمِدُ فَيَقُولُ أَعْمِدُ إِلَى هَذَا الَّذِي خَرَجَ قَالَ فَيَقُولُونَ لَهُ أَوَ مَا تُؤْمِنُ بِرَبِّنَا فَيَقُولُ مَا بِرَبِّنَا خَفَاءٌ فَيَقُولُونَ اقْتُلُوهُ فَيَقُولُ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ أَلَيْسَ قَدْ نَهَاكُمْ رَبُّكُمْ أَنْ تَقْتُلُوا أَحَدًا دُونَهُ قَالَ فَيَنْطَلِقُونَ بِهِ إِلَى الدَّجَّالِ فَإِذَا رَآهُ الْمُؤْمِنُ قَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ هَذَا الدَّجَّالُ الَّذِي ذَكَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَيَأْمُرُ الدَّجَّالُ بِهِ فَيُشَبَّحُ فَيَقُولُ خُذُوهُ وَشُجُّوهُ فَيُوسَعُ ظَهْرُهُ وَبَطْنُهُ ضَرْبًا قَالَ فَيَقُولُ أَوَ مَا تُؤْمِنُ بِي قَالَ فَيَقُولُ أَنْتَ الْمَسِيحُ الْكَذَّابُ قَالَ فَيُؤْمَرُ بِهِ فَيُؤْشَرُ بِالْمِئْشَارِ مِنْ مَفْرِقِهِ حَتَّى يُفَرَّقَ بَيْنَ رِجْلَيْهِ قَالَ ثُمَّ يَمْشِي الدَّجَّالُ بَيْنَ الْقِطْعَتَيْنِ ثُمَّ يَقُولُ لَهُ قُمْ فَيَسْتَوِي قَائِمًا قَالَ ثُمَّ يَقُولُ لَهُ أَتُؤْمِنُ بِي فَيَقُولُ مَا ازْدَدْتُ فِيكَ إِلَّا بَصِيرَةً قَالَ ثُمَّ يَقُولُ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّهُ لَا يَفْعَلُ بَعْدِي بِأَحَدٍ مِنَ النَّاسِ قَالَ فَيَأْخُذُهُ الدَّجَّالُ لِيَذْبَحَهُ فَيُجْعَلَ

میں سے ایک شخص اس کی طرف جائے گا تو اسے ہتھیار بند لوگ ـــــ دجال کے ہتھیار بند لوگ ـــــ ملیں گے۔ وہ اسے کہیں گے کہ تمہارا کہاں کا ارادہ ہے؟ وہ کہے گا اس (دجال) کی طرف جو نکلا ہے۔ فرمایا وہ اسے کہیں گے کیا تو ہمارے رب (دجال) پر ایمان نہیں لاتا؟ وہ کہے گا ہمارا رب مخفی نہیں ہے۔ وہ کہیں گے اسے قتل کردو وہ آپس میں کہیں گے کیا تمہیں تمہارے رب (دجال) نے منع نہیں کیا تھا کہ اس کی اجازت کے بغیر کسی کو قتل نہ کرنا۔ فرمایا وہ اسے دجال کے پاس لے جائیں گے جب مومن اسے دیکھے گا تو کہے گا اے لوگو! یہ تو وہی دجال ہے جس کا ذکر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تھا۔ فرمایا پھر دجال اس کے بارہ میں حکم دے گا تو اس کو پیٹ کے بل لٹایا جائے گا۔ پھر وہ کہے گا اسے پکڑو اور اس کا سر پھوڑ دو اور اس کی پشت اور پیٹ پر بھی مارا جائے گا فرمایا وہ کہے گا کیا تو مجھ پر ایمان نہیں لاتا؟ فرمایا وہ کہے گا تو جھوٹا مسیح ہے فرمایا پھر اس کے بارہ میں حکم دیا جائے گا تو اسے آرے کے ساتھ سر سے دونوں پاؤں کے درمیان تک چیرا جائے گا۔ فرمایا پھر دجال دونوں ٹکڑوں کے درمیان چلے گا پھر وہ اسے کہے گا کھڑے ہوجاؤ تو وہ سیدھا کھڑا ہوجائے گا۔ فرمایا پھر وہ اسے کہے گا کیا تو مجھ پر ایمان لاتا ہے وہ کہے گا مجھے تو تیرے بارہ میں اور زیادہ

مَا بَيْنَ رَقَبَتِهِ إِلَى تَرْقُوَتِهِ نُحَاسًا فَلَا يَسْتَطِيعُ إِلَيْهِ سَبِيلًا قَالَ فَيَأْخُذُ بِيَدَيْهِ وَرِجْلَيْهِ فَيَقْذِفُ بِهِ فَيَحْسِبُ النَّاسُ أَنَّمَا قَذَفَهُ إِلَى النَّارِ وَإِنَّمَا أُلْقِيَ فِي الْجَنَّةِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَذَا أَعْظَمُ النَّاسِ شَهَادَةً عِنْدَ رَبِّ الْعَالَمِينَ [7377]

بصیرت حاصل ہوگئی ہے۔فرمایا پھر وہ (مومن) کہے گا اے لوگو! میرے بعد یہ کسی اور سے ایسا نہ کر سکے گا۔فرمایا پھر وہ (دجال) اسے ذبح کرنے کے لئے پکڑے گا۔تو اس کا گلا ہنسلی تک تانبے کا بن جائے گا۔اور وہ (اسے ذبح کرنے) کی طاقت نہیں رکھے گا۔فرمایا پھر وہ اس کے ہاتھ اور پاؤں پکڑ کر اسے پھینک دے گا۔لوگ گمان کریں گے کہ اس نے اسے آگ میں پھینک دیا ہے حالانکہ وہ تو جنت میں ڈالا گیا۔پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یہ رب العالمین کے نزدیک لوگوں میں سے شہادت کے اعتبار سے سب سے بڑا ہے۔

[22]22: بَاب فِي الدَّجَّالِ وَهُوَ أَهْوَنُ عَلَى اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ

دجال کے بارہ میں بیان اور یہ کہ وہ اللہ عزّ وجل کے نزدیک بالکل بے حیثیت ہے

5217{114} حَدَّثَنَا شِهَابُ بْنُ عَبَّادٍ الْعَبْدِيُّ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ حُمَيْدٍ الرُّؤَاسِيُّ عَنْ إِسْمَعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ مَا سَأَلَ أَحَدٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدَّجَّالِ أَكْثَرَ مِمَّا سَأَلْتُ قَالَ وَمَا يُنْصِبُكَ مِنْهُ إِنَّهُ لَا يَضُرُّكَ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ

5217: حضرت مغیرہ بن شعبہؓ بیان کرتے ہیں کہ کسی نے نبی ﷺ سے دجال کے بارہ میں اتنا نہیں پوچھا جس کثرت سے میں نے اس کے بارہ میں پوچھا آپؐ نے فرمایا تجھے کیا چیز اس کے بارہ میں پریشان کرتی ہے؟ وہ تجھے کوئی نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔وہ کہتے ہیں میں نے کہا یا رسولؐ اللہ! لوگ کہتے ہیں کہ اس کے ساتھ کھانا اور نہریں ہوں گی۔آپؐ نے فرمایا

5217: اطراف: مسلم کتاب الفتن واشراط الساعة باب فی الدجال وھو أھون علی اللہ عزّ وجل 5218

تخریج: بخاری کتاب الفتن باب ذکر الدجال 7122 **ابن ماجه** کتاب الفتن باب فتنة الدجال وخروج عیسیٰ ابن مریم... 4073

إِنَّهُمْ يَقُولُونَ إِنَّ مَعَهُ الطَّعَامَ وَالْأَنْهَارَ قَالَ هُوَ أَهْوَنُ عَلَى اللَّهِ مِنْ ذَلِكَ [7378]

اس سب کے باوجود وہ اللہ کے نزدیک بالکل بے حیثیت ہے۔

5218{115} حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ إِسْمَعِيلَ عَنْ قَيْسٍ عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ مَا سَأَلَ أَحَدٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدَّجَّالِ أَكْثَرَ مِمَّا سَأَلْتُهُ قَالَ وَمَا سُؤَالُكَ قَالَ قُلْتُ إِنَّهُمْ يَقُولُونَ مَعَهُ جِبَالٌ مِنْ خُبْزٍ وَلَحْمٍ وَنَهَرٌ مِنْ مَاءٍ قَالَ هُوَ أَهْوَنُ عَلَى اللَّهِ مِنْ ذَلِكَ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَابْنُ نُمَيْرٍ قَالَا حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ح و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا جَرِيرٌ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ ح و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ ح و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ كُلُّهُمْ عَنْ إِسْمَعِيلَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَ حَدِيثِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ حُمَيْدٍ وَزَادَ فِي حَدِيثِ يَزِيدَ فَقَالَ لِي أَيْ بُنَيَّ [7380,7379]

5218: حضرت مغیرہ بن شعبہؓ بیان کرتے ہیں کسی نے رسول اللہ ﷺ سے دجال کے بارہ اس کثرت سے نہیں پوچھا جتنا اس کے بارہ میں میں نے آپؐ سے پوچھا۔ آپؐ نے فرمایا تمہارا سوال کیا ہے؟ وہ کہتے ہیں میں نے کہا لوگ کہتے ہیں اس کے ساتھ روٹی اور گوشت کا پہاڑ اور پانی کی نہر ہوگی۔ آپؐ نے فرمایا اس سب کے باوجود وہ اللہ کے نزدیک بالکل بے حیثیت ہے۔

ایک روایت میں مزید ہے آپؐ نے مجھے فرمایا اے میرے بیٹے ...۔

5218: اطراف: **مسلم** کتاب الفتن واشراط الساعة باب فی الدجال وھو أھون علی اللہ عزّ وجل5217

تخریج: **بخاری** کتاب الفتن باب ذکر الدجال7122 **ابن ماجه** کتاب الفتن باب فتنة الدجال وخروج عیسیٰ ابن مریم ... 4073

[23]23:بَاب:فِي خُرُوجِ الدَّجَّالِ وَمُكْثِه فِي الْأَرْضِ وَنُزُولِ عِيسَى وَقَتْلِهِ إِيَّاهُ وَذَهَابِ أَهْلِ الْخَيْرِ وَالْإِيمَانِ وَبَقَاءِ شِرَارِ النَّاسِ وَعِبَادَتِهِمُ الْأَوْثَانَ وَالنَّفْخِ فِي الصُّورِ وَبَعْثِ مَنْ فِي الْقُبُورِ

باب: دجال کا خروج اورزمین میں اس کا ٹھہرنا اور عیسیٰؑ کا نزول اوران کا اس (دجال) کو قتل کرنا، خیر اورایمان والوں کا اُٹھ جانا اور برے لوگوں اوران کی بتوں کی عبادت کا باقی رہنا اورصور میں پھونکا جانا اوراہل قبور کا اٹھنا

5219{116} حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَالِمٍ قَالَ سَمِعْتُ يَعْقُوبَ بْنَ عَاصِمِ بْنِ عُرْوَةَ بْنِ مَسْعُودٍ الثَّقَفِيَّ يَقُولُ سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عَمْرٍو وَجَاءَهُ رَجُلٌ فَقَالَ مَا هَذَا الْحَدِيثُ الَّذِي تُحَدِّثُ بِه تَقُولُ إِنَّ السَّاعَةَ تَقُومُ إِلَى كَذَا وَكَذَا فَقَالَ سُبْحَانَ اللَّه أَوْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ أَوْ كَلِمَةً نَحْوَهُمَا لَقَدْ هَمَمْتُ أَنْ لَا أُحَدِّثَ أَحَدًا شَيْئًا أَبَدًا إِنَّمَا قُلْتُ إِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ بَعْدَ قَلِيلٍ أَمْرًا عَظِيمًا يُحَرَّقُ الْبَيْتُ وَيَكُونُ وَيَكُونُ ثُمَّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْرُجُ الدَّجَّالُ فِي أُمَّتِي فَيَمْكُثُ أَرْبَعِينَ لَا أَدْرِي أَرْبَعِينَ يَوْمًا أَوْ أَرْبَعِينَ

5219:یعقوب بن عاصم بن عروہ بن مسعود ثقفی کہتے ہیں حضرت عبداللہؓ بن عمرو کے پاس ایک شخص آیا تھا میں نے اسے کہتے ہوئے سنا —— یہ کیا روایت ہے جو آپ بیان کرتے ہیں۔آپ کہتے ہیں کہ وہ گھڑی فلاں وقت آئے گی۔انہوں نے سبحان اللہ کہا یا لا الہ الا اللہ کہا یا ان سے ملتا جلتا کوئی کلمہ —— میں نے ارادہ کیا تھا کہ کسی کے پاس کبھی کوئی روایت بیان نہ کروں میں نے تو صرف یہ کہا تھا کہ تم ضرور کچھ وقت بعد ایک بہت بڑا واقعہ دیکھو گے۔بیت اللہ کو جلایا جائے گا اور یہ ہوگا اور یہ ہوگا۔ پھر انہوں نے کہا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میری امت میں دجال خروج کرے گا اور وہ چالیس تک رہے گا —— راوی نے کہا میں نہیں جانتا چالیس دن چالیس مہینے یا چالیس سال —— پھر اللہ عیسیٰؑ بن مریم

شَهْرًا أَوْ أَرْبَعِينَ عَامًا فَيَبْعَثُ اللَّهُ عِيسَى
ابْنَ مَرْيَمَ كَأَنَّهُ عُرْوَةُ بْنُ مَسْعُودٍ فَيَطْلُبُهُ
فَيُهْلِكُهُ ثُمَّ يَمْكُثُ النَّاسُ سَبْعَ سِنِينَ لَيْسَ
بَيْنَ اثْنَيْنِ عَدَاوَةٌ ثُمَّ يُرْسِلُ اللَّهُ رِيحًا بَارِدَةً
مِنْ قِبَلِ الشَّأْمِ فَلَا يَبْقَى عَلَى وَجْهِ الْأَرْضِ
أَحَدٌ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مِنْ خَيْرٍ أَوْ إِيمَانٍ
إِلَّا قَبَضَتْهُ حَتَّى لَوْ أَنَّ أَحَدَكُمْ دَخَلَ فِي
كَبِدِ جَبَلٍ لَدَخَلَتْهُ عَلَيْهِ حَتَّى تَقْبِضَهُ قَالَ
سَمِعْتُهَا مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ قَالَ فَيَبْقَى شِرَارُ النَّاسِ فِي خِفَّةِ
الطَّيْرِ وَأَحْلَامِ السِّبَاعِ لَا يَعْرِفُونَ مَعْرُوفًا
وَلَا يُنْكِرُونَ مُنْكَرًا فَيَتَمَثَّلُ لَهُمُ الشَّيْطَانُ
فَيَقُولُ أَلَا تَسْتَجِيبُونَ فَيَقُولُونَ فَمَا تَأْمُرُنَا
فَيَأْمُرُهُمْ بِعِبَادَةِ الْأَوْثَانِ وَهُمْ فِي ذَلِكَ دَارٌّ
رِزْقُهُمْ حَسَنٌ عَيْشُهُمْ ثُمَّ يُنْفَخُ فِي الصُّورِ
فَلَا يَسْمَعُهُ أَحَدٌ إِلَّا أَصْغَى لِيتًا وَرَفَعَ لِيتًا
قَالَ وَأَوَّلُ مَنْ يَسْمَعُهُ رَجُلٌ يَلُوطُ حَوْضَ
إِبِلِهِ قَالَ فَيَصْعَقُ وَيَصْعَقُ النَّاسُ ثُمَّ يُرْسِلُ
اللَّهُ أَوْ قَالَ يُنْزِلُ اللَّهُ مَطَرًا كَأَنَّهُ الطَّلُّ أَوْ
الظِّلُّ نُعْمَانُ الشَّاكُّ فَتَنْبُتُ مِنْهُ أَجْسَادُ
النَّاسِ ثُمَّ يُنْفَخُ فِيهِ أُخْرَى فَإِذَا هُمْ قِيَامٌ
يَنْظُرُونَ ثُمَّ يُقَالُ يَا أَيُّهَا النَّاسُ هَلُمَّ إِلَى
رَبِّكُمْ وَقِفُوهُمْ إِنَّهُمْ مَسْئُولُونَ قَالَ ثُمَّ

کومبعوث فرمائے گا گویا کہ وہ عروہ بن مسعودؓ ہیں۔ وہ
(عیسیٰ ابن مریمؑ) اس (دجال) کا پیچھا کریں گے
اور اسے ہلاک کردیں گے۔ پھر لوگ سات سال تک
اس طرح رہیں گے کہ کسی کے درمیان دشمنی نہیں
ہوگی۔ پھر اللہ تعالیٰ شام کی طرف سے ٹھنڈی ہوا بھیجے
گا تو سطح ارض پر کوئی ایسا شخص جس کے دل میں ایک
ذرہ خیر یا ایمان کا ہے باقی نہیں رہے گا مگر یہ (ٹھنڈی
ہوا) اس کی روح قبض کرلے گی یہاںتک کہ اگر کوئی تم
میں سے پہاڑ کے اندر بھی داخل ہوجائے تو یہ وہاں
داخل ہوکر اس کی روح قبض کرے گی ۔ راوی کہتے
ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے سنا تھا
پھر فرمایا برے لوگ بے حیثیت پرندوں اور ناسمجھ
درندوں میں ہوں گے۔ وہ کسی نیکی کو نیکی نہیں جانیں
گے اور کسی برائی کو برائی نہیں سمجھیں گے۔ شیطان ان
کے لئے متمثل ہوگا اور کہے گا تم میری بات نہیں مانو
گے؟ وہ کہیں گے تم ہمیں کیا حکم دیتے ہو؟ تو وہ انہیں
بتوں کی عبادت کا حکم دے گا۔ وہ اس میں مشغول
ہوجائیں گے ان کا رزق کشادہ اور ان کی زندگی
خوشحال ہوگی۔ پھر صور پھونکا جائے گا اور جو بھی اسے
سنے گا اس کی طرف لپکے گا راوی کہتے ہیں پہلا شخص جو
اس آواز کو سنے گا وہ شخص ہے جو اپنے اونٹوں کے حوض
کو لیپ رہا ہوگا۔ راوی کہتے ہیں وہ بے ہوش ہو
جائے گا اور لوگ بھی بے ہوش ہوجائیں گے۔ پھر اللہ
تعالیٰ بارش بھیجے گا (یا فرمایا) بارش نازل فرمائے گا

يُقَالُ أَخْرِجُوا بَعْثَ النَّارِ فَيُقَالُ مِنْ كَمْ فَيُقَالُ مِنْ كُلِّ أَلْفٍ تِسْعَ مِائَةٍ وَتِسْعَةً وَتِسْعِينَ قَالَ فَذَاكَ يَوْمَ يَجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيبًا وَذَلِكَ يَوْمَ يُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ {117} وحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ النُّعْمَانِ بْنِ سَالِمٍ قَالَ سَمِعْتُ يَعْقُوبَ بْنَ عَاصِمِ بْنِ عُرْوَةَ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ سَمِعْتُ رَجُلًا قَالَ لِعَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو إِنَّكَ تَقُولُ إِنَّ السَّاعَةَ تَقُومُ إِلَى كَذَا وَكَذَا فَقَالَ لَقَدْ هَمَمْتُ أَنْ لَا أُحَدِّثَكُمْ بِشَيْءٍ إِنَّمَا قُلْتُ إِنَّكُمْ تَرَوْنَ بَعْدَ قَلِيلٍ أَمْرًا عَظِيمًا فَكَانَ حَرِيقَ الْبَيْتِ قَالَ شُعْبَةُ هَذَا أَوْ نَحْوَهُ قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْرُجُ الدَّجَّالُ فِي أُمَّتِي وَسَاقَ الْحَدِيثَ بِمِثْلِ حَدِيثِ مُعَاذٍ وَقَالَ فِي حَدِيثِهِ فَلَا يَبْقَى أَحَدٌ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مِنْ إِيمَانٍ إِلَّا قَبَضَتْهُ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنِي شُعْبَةُ بِهَذَا الْحَدِيثِ مَرَّاتٍ وَعَرَضْتُهُ عَلَيْهِ[7382,7381]

گویاوہ ـــ طَـــلٌّ ہے یافرمایا ظِـــلٌّ ہے ـــ یعنی ہلکی بارش یا سایہ ہے۔ اس بارہ میں نعمان راوی کو شک ہے۔ پھراس سے لوگوں کے جسموں میں نشوونما ہوگی۔ پھراس میں دوبارہ پھونکا جائے گا تو اچانک وہ کھڑے دیکھ رہے ہوں گے پھر کہا جائے گا اے لوگو اپنے رب کی طرف آؤ اور (کہا جائے گا) ان کو کھڑا کرو ان سے پوچھا جائے گا۔ راوی کہتے ہیں پھر کہا جائے گا آگ کے لئے گروہ کو نکالو تب کہا جائے گا کتنے؟ پھر کہا جائے گا ہر ہزار میں سے نوسو ننانوے۔ آپؐ نے فرمایا یہ وہ دن ہے جو بچوں کو بوڑھا کر دے گا اور یہ وہ دن ہے جس دن سخت گھبراہٹ کا سامنا ہوگا۔

ایک روایت میں (يَعْقُوبِ بْنِ عَاصِمِ بْنِ عُرْوَةَ بْنِ مَسْعُودٍ الثَّقَفِيِّ...يُحَرَّقُ الْبَيْتَ کی بجائے) يَعْقُوبِ بْنِ عَاصِمِ بْنِ عُرْوَةَ بْنِ مَسْعُودٍ... فَكَانَ حَرِيقَ الْبَيْتِ کے الفاظ ہیں اور اس روایت میں یہ بھی ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمروؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میری امت میں دجال خروج کرے گا اور اس روایت میں (فَلَا يَبْقَى عَلَى وَجْهِ الْأَرْضِ ... حَتَّى تَقْبِضَهُ کی بجائے) فَلَا يَبْقَى اَحَدٌ اِلَّا قَبَضَتْهُ کے الفاظ ہیں۔ راوی محمد بن جعفر کہتے ہیں کہ مجھے یہ روایت شعبہ نے کئی بار بتائی اور میں نے بھی اسے اُن کے سامنے سنایا۔

5220{118} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ عَنْ أَبِي حَيَّانَ عَنْ أَبِي زُرْعَةَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ حَفِظْتُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيثًا لَمْ أَنْسَهُ بَعْدُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ أَوَّلَ الْآيَاتِ خُرُوجًا طُلُوعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا وَخُرُوجُ الدَّابَّةِ عَلَى النَّاسِ ضُحًى وَأَيُّهُمَا مَا كَانَتْ قَبْلَ صَاحِبَتِهَا فَالْأُخْرَى عَلَى إِثْرِهَا قَرِيبًا و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا أَبُو حَيَّانَ عَنْ أَبِي زُرْعَةَ قَالَ جَلَسَ إِلَى مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ بِالْمَدِينَةِ ثَلَاثَةُ نَفَرٍ مِنْ الْمُسْلِمِينَ فَسَمِعُوهُ وَهُوَ يُحَدِّثُ عَنْ الْآيَاتِ أَنَّ أَوَّلَهَا خُرُوجًا الدَّجَّالُ فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو لَمْ يَقُلْ مَرْوَانُ شَيْئًا قَدْ حَفِظْتُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيثًا لَمْ أَنْسَهُ بَعْدُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فَذَكَرَ بِمِثْلِهِ و حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو أَحْمَدَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي حَيَّانَ عَنْ أَبِي زُرْعَةَ قَالَ تَذَاكَرُوا السَّاعَةَ عِنْدَ مَرْوَانَ فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو

5220: حضرت عبد اللہ بن عمروؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے ایک حدیث یاد کی جسے میں ابھی تک نہیں بھولا میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا سب سے پہلی نشانی ظہور کے لحاظ سے سورج کا مغرب سے نکلنا ہے اور چاشت کے وقت لوگوں پر زمین کے کیڑے کا نکلنا، اور جوان دونوں میں پہلے ہوتو دوسری جلد اس کے پیچھے آجائے گی۔ابوزرعہ کہتے ہیں کہ تین مسلمان مروان بن حکم کے پاس مدینہ میں بیٹھے اور انہوں نے سنا تو وہ نشانیاں بیان کر رہا تھا کہ سب سے پہلی نشانی ظہور کے لحاظ سے دجال ہے۔حضرت عبداللہ بن عمروؓ کہتے ہیں کہ مروان نے (اپنی طرف سے) کچھ نہیں کہا۔میں نے رسول اللہ ﷺ سے ایک حدیث یاد کی جسے میں اب تک نہیں بھولا اور انہوں نے ویسی ہی روایت بیان کی۔

ایک روایت میں (وَهُوَ يُحَدِّثُ عَنِ الْآيَاتِ کی بجائے) تَذَاكَرُوا السَّاعَةَ عِنْدَ مَرْوَانَ کے الفاظ ہیں۔

5220:تخریج:ابوداؤد کتاب الملاحم باب امارات الساعة 4310 ابن ماجه کتاب الفتن باب طلوع الشمس من مغربها 4069

سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ بِمِثْلِ حَدِيثِهِمَا وَلَمْ يَذْكُرْ ضُحًى [7385,7384,7383]

[24]...:بَاب: قِصَّةُ الْجَسَّاسَةِ

باب: جساسہ (بہت جاسوسی کرنے والے) کا قصہ

5221{119} حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ عَبْدِ الْوَارِثِ وَحَجَّاجُ بْنُ الشَّاعِرِ كِلَاهُمَا عَنْ عَبْدِ الصَّمَدِ وَاللَّفْظُ لِعَبْدِ الْوَارِثِ بْنِ عَبْدِ الصَّمَدِ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ جَدِّي عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ ذَكْوَانَ حَدَّثَنَا ابْنُ بُرَيْدَةَ حَدَّثَنِي عَامِرُ بْنُ شَرَاحِيلَ الشَّعْبِيُّ شَعْبُ هَمْدَانَ أَنَّهُ سَأَلَ فَاطِمَةَ بِنْتَ قَيْسٍ أُخْتَ الضَّحَّاكِ بْنِ قَيْسٍ وَكَانَتْ مِنَ الْمُهَاجِرَاتِ الْأُوَلِ فَقَالَ حَدِّثِينِي حَدِيثًا سَمِعْتِيهِ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُسْنِدِيهِ إِلَى أَحَدٍ غَيْرِهِ فَقَالَتْ لَئِنْ شِئْتَ لَأَفْعَلَنَّ فَقَالَ لَهَا أَجَلْ حَدِّثِينِي فَقَالَتْ نَكَحْتُ ابْنَ الْمُغِيرَةِ وَهُوَ مِنْ خِيَارِ شَبَابِ قُرَيْشٍ يَوْمَئِذٍ فَأُصِيبَ فِي أَوَّلِ الْجِهَادِ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ

5221: عامر بن شراحیل شعبی ——شعب ہمدان—— بیان کرتے ہیں انہوں نے ضحاک بن قیس کی بہن فاطمہ بنت قیسؓ سے پوچھا اور وہ ابتدائی ہجرت کرنے والیوں میں سے تھیں کہ آپ مجھے کوئی ایسی حدیث بتائیں جو آپ نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہو اور آپ اسے حضورؐ کے علاوہ کسی کی طرف منسوب نہ کریں☆ تو انہوں نے کہا کہ اگر تم چاہتے ہو تو میں ضرور ایسا ہی کروں گی۔ تو انہوں (عامر بن شراحیل) نے ان سے کہا کہ ہاں مجھے بتائیں تو انہوں (حضرت فاطمہ بنت قیسؓ) نے کہا کہ میں نے ابن مغیرہؓ سے نکاح کیا اور وہ اس وقت قریش کے بہترین نوجوانوں میں سے تھے وہ رسول اللہ ﷺ کی معیت میں پہلے جہاد میں ہی شہید ہوگئے اور جب میں بیوہ ہوگئی تو مجھے عبدالرحمان بن عوفؓ نے اور رسول اللہ ﷺ کے کئی صحابہؓ نے نکاح کا پیغام بھیجا اور رسول اللہ ﷺ نے بھی اپنے آزاد کردہ غلام

5221: تخریج: **ترمذی** كتاب الفتن باب ما جاء فی النهی عن سبّ الرياح 2253 **ابو داؤد** كتاب الملاحم باب فی خبر الجساسة 4325، 4326

☆ ان کا مقصد یہ تھا کہ حضرت فاطمہ بنت قیسؓ نے یہ روایت براہِ راست حضور ﷺ سے سنی ہو اور درمیان میں کسی اور راوی کا واسطہ نہ ہو۔

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا تَأَيَّمْتُ خَطَبَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ فِي نَفَرٍ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَخَطَبَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى مَوْلَاهُ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ وَكُنْتُ قَدْ حُدِّثْتُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَحَبَّنِي فَلْيُحِبَّ أُسَامَةَ فَلَمَّا كَلَّمَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ أَمْرِي بِيَدِكَ فَأَنْكِحْنِي مَنْ شِئْتَ فَقَالَ انْتَقِلِي إِلَى أُمِّ شَرِيكٍ وَأُمُّ شَرِيكٍ امْرَأَةٌ غَنِيَّةٌ مِنْ الْأَنْصَارِ عَظِيمَةُ النَّفَقَةِ فِي سَبِيلِ اللَّهِ يَنْزِلُ عَلَيْهَا الضِّيفَانُ فَقُلْتُ سَأَفْعَلُ فَقَالَ لَا تَفْعَلِي إِنَّ أُمَّ شَرِيكٍ امْرَأَةٌ كَثِيرَةُ الضِّيفَانِ فَإِنِّي أَكْرَهُ أَنْ يَسْقُطَ عَنْكِ خِمَارُكِ أَوْ يَنْكَشِفَ الثَّوْبُ عَنْ سَاقَيْكِ فَيَرَى الْقَوْمُ مِنْكِ بَعْضَ مَا تَكْرَهِينَ وَلَكِنْ انْتَقِلِي إِلَى ابْنِ عَمِّكِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرِو ابْنِ أُمِّ مَكْتُومٍ وَهُوَ رَجُلٌ مِنْ بَنِي فِهْرٍ فِهْرِ قُرَيْشٍ وَهُوَ مِنَ الْبَطْنِ الَّذِي هِيَ مِنْهُ فَانْتَقَلْتُ إِلَيْهِ فَلَمَّا انْقَضَتْ عِدَّتِي سَمِعْتُ نِدَاءَ الْمُنَادِي مُنَادِي رَسُولِ اللَّهِ

اسامہؓ بن زید کے لئے پیغام بھیجا اور مجھے بتایا گیا تھا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ جو مجھ سے محبت کرے تو اُسامہؓ سے بھی محبت کرے جب رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے اس بارہ میں گفتگو کی تو میں نے عرض کیا کہ میرا معاملہ تو آپؐ کے سپرد ہے۔ آپؐ جس سے چاہیں میرا نکاح کر دیں۔آپؐ نے فرمایا کہ ام شریک کے گھر چلی جاؤ——اور ام شریک ایک مالدار انصاری خاتون تھیں جو اللہ کی راہ میں بہت خرچ کرنے والی تھیں۔ان کے پاس مہمان آیا کرتے تھے——میں نے کہا میں ایسا ہی کروں گی پھر آپؐ نے فرمایا کہ ایسا نہ کرو (کیونکہ) ام شریک وہ خاتون تھیں جن کے پاس بہت مہمان آتے ہیں اور مجھے پسند نہیں کہ تمہاری اوڑھنی گر جائے یا تیری پنڈلیاں بے پردہ ہوں اور لوگ تیرے بدن سے وہ دیکھیں جو تجھے برا لگے، ہاں اپنے چچا زاد عبداللہ بن عمرو بن ام مکتوم کے پاس چلی جاؤ وہ بنی فہر سے —— فہر قریش سے ——تعلق رکھتے تھے اور اس قبیلہ کی شاخ سے تھے جس سے یہ (فاطمہؓ) تھیں۔پس میں ان کے ہاں چلی گئی جب میری عدت پوری ہوگئی تو میں نے ایک پکارنے والے کی پکار سنی وہ رسول اللہ ﷺ کا منادی تھا جو نماز کے لئے پکارتا تھا۔میں مسجد کی طرف نکلی اور رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی۔میں عورتوں کی

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُنَادِي الصَّلَاةَ جَامِعَةً فَخَرَجْتُ إِلَى الْمَسْجِدِ فَصَلَّيْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكُنْتُ فِي صَفِّ النِّسَاءِ الَّتِي تَلِي ظُهُورَ الْقَوْمِ فَلَمَّا قَضَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاتَهُ جَلَسَ عَلَى الْمِنْبَرِ وَهُوَ يَضْحَكُ فَقَالَ لِيَلْزَمْ كُلُّ إِنْسَانٍ مُصَلَّاهُ ثُمَّ قَالَ أَتَدْرُونَ لِمَ جَمَعْتُكُمْ قَالُوا اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ قَالَ إِنِّي وَاللَّهِ مَا جَمَعْتُكُمْ لِرَغْبَةٍ وَلَا لِرَهْبَةٍ وَلَكِنْ جَمَعْتُكُمْ لِأَنَّ تَمِيمًا الدَّارِيَّ كَانَ رَجُلًا نَصْرَانِيًّا فَجَاءَ فَبَايَعَ وَأَسْلَمَ وَحَدَّثَنِي حَدِيثًا وَافَقَ الَّذِي كُنْتُ أُحَدِّثُكُمْ عَنْ مَسِيحِ الدَّجَّالِ حَدَّثَنِي أَنَّهُ رَكِبَ فِي سَفِينَةٍ بَحْرِيَّةٍ مَعَ ثَلَاثِينَ رَجُلًا مِنْ لَخْمٍ وَجُذَامَ فَلَعِبَ بِهِمُ الْمَوْجُ شَهْرًا فِي الْبَحْرِ ثُمَّ أَرْفَئُوا إِلَى جَزِيرَةٍ فِي الْبَحْرِ حَتَّى مَغْرِبِ الشَّمْسِ فَجَلَسُوا فِي أَقْرُبْ السَّفِينَةِ فَدَخَلُوا الْجَزِيرَةَ فَلَقِيَتْهُمْ دَابَّةٌ أَهْلَبُ كَثِيرُ الشَّعَرِ لَا يَدْرُونَ مَا قُبُلُهُ مِنْ دُبُرِهِ مِنْ كَثْرَةِ الشَّعَرِ فَقَالُوا وَيْلَكِ مَا أَنْتِ فَقَالَتْ أَنَا الْجَسَّاسَةُ قَالُوا وَمَا الْجَسَّاسَةُ

اس صف میں تھی جو مردوں کے پیچھے تھی جب رسول اللہ ﷺ نے نماز مکمل فرمالی تو منبر پر بیٹھ گئے اور آپؐ ہنس رہے تھے۔ آپؐ نے فرمایا ہر شخص اپنی نماز کی جگہ پر ہی رہے پھر فرمایا تمہیں پتہ ہے کہ میں نے تمہیں کیوں اکٹھا کیا ہے؟ انہوں نے عرض کیا اللہ اور اس کا رسولؐ زیادہ جانتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا اللہ کی قسم! میں نے تمہیں کسی چیز کی طرف رغبت دلانے یا ڈرانے کے لئے جمع نہیں کیا بلکہ میں نے تمہیں اس لئے اکٹھا کیا ہے کہ تمیم داری ایک عیسائی شخص تھا آیا، اس نے بیعت کی اور اسلام لایا اور اس نے مجھے اس سے ملتی جلتی بات بتائی جو میں تمہیں مسیح دجال کے بارہ میں بتایا کرتا تھا اس نے مجھے بتایا کہ وہ لخم اور جذام کے تیس لوگوں کے ہمراہ ایک بحری جہاز میں سوار ہوا اور ایک ماہ تک سمندر کی موجیں ان سے کھیلتی رہیں پھر سمندر میں ایک جزیرہ کے قریب پہنچ گئے یہانتک کہ سورج کے غروب ہونے کی جگہ پر پہنچ گئے۔ پھر وہ چھوٹی کشتیوں پر بیٹھے اور جزیرہ میں داخل ہوگئے۔ وہاں انہیں ایک بہت گھنے اور زیادہ بالوں والا چوپایہ ملا۔ زیادہ بالوں کی وجہ سے نہ اس کے آگے کا پتہ چلتا تھا نہ پیچھے کا۔ انہوں نے کہا تیرا بھلا ہو تو کون ہے؟ اس نے کہا میں جساسہ ہوں۔ انہوں نے کہا کیا ہے جساسہ؟ اس نے کہا کہ تم اِس آدمی کے پاس دَیر میں چلے جاؤ وہ تمہارے بارہ میں

قَالَتْ أَيُّهَا الْقَوْمُ انْطَلِقُوا إِلَى هَذَا الرَّجُلِ فِي الدَّيْرِ فَإِنَّهُ إِلَى خَبَرِكُمْ بِالْأَشْوَاقِ قَالَ لَمَّا سَمَّتْ لَنَا رَجُلًا فَرِقْنَا مِنْهَا أَنْ تَكُونَ شَيْطَانَةً قَالَ فَانْطَلَقْنَا سِرَاعًا حَتَّى دَخَلْنَا الدَّيْرَ فَإِذَا فِيهِ أَعْظَمُ إِنْسَانٍ رَأَيْنَاهُ قَطُّ خَلْقًا وَأَشَدُّهُ وِثَاقًا مَجْمُوعَةٌ يَدَاهُ إِلَى عُنُقِهِ مَا بَيْنَ رُكْبَتَيْهِ إِلَى كَعْبَيْهِ بِالْحَدِيدِ قُلْنَا وَيْلَكَ مَا أَنْتَ قَالَ قَدْ قَدَرْتُمْ عَلَى خَبَرِي فَأَخْبِرُونِي مَا أَنْتُمْ قَالُوا نَحْنُ أُنَاسٌ مِنَ الْعَرَبِ رَكِبْنَا فِي سَفِينَةٍ بَحْرِيَّةٍ فَصَادَفْنَا الْبَحْرَ حِينَ اغْتَلَمَ فَلَعِبَ بِنَا الْمَوْجُ شَهْرًا ثُمَّ أَرْفَأْنَا إِلَى جَزِيرَتِكَ هَذِهِ فَجَلَسْنَا فِي أَقْرُبِهَا فَدَخَلْنَا الْجَزِيرَةَ فَلَقِيَتْنَا دَابَّةٌ أَهْلَبُ كَثِيرُ الشَّعَرِ لَا يُدْرَى مَا قُبُلُهُ مِنْ دُبُرِهِ مِنْ كَثْرَةِ الشَّعَرِ فَقُلْنَا وَيْلَكِ مَا أَنْتِ فَقَالَتْ أَنَا الْجَسَّاسَةُ قُلْنَا وَمَا الْجَسَّاسَةُ قَالَتْ اعْمِدُوا إِلَى هَذَا الرَّجُلِ فِي الدَّيْرِ فَإِنَّهُ إِلَى خَبَرِكُمْ بِالْأَشْوَاقِ فَأَقْبَلْنَا إِلَيْكَ سِرَاعًا وَفَزِعْنَا مِنْهَا وَلَمْ نَأْمَنْ أَنْ تَكُونَ شَيْطَانَةً فَقَالَ أَخْبِرُونِي عَنْ نَخْلِ بَيْسَانَ قُلْنَا عَنْ أَيِّ شَأْنِهَا تَسْتَخْبِرُ قَالَ أَسْأَلُكُمْ عَنْ نَخْلِهَا

جاننے کا مشتاق ہے۔ جب اس نے ایک آدمی کا نام لیا تو ہم گھبرائے کہ کہیں یہ شیطان ہی نہ ہو۔ وہ کہتے ہیں ہم تیزی سے دَیر کی طرف چل پڑے۔ جب اس میں داخل ہوئے تو کیا دیکھتے ہیں کہ ایک عظیم الخلقت انسان ہے جیسا ہم نے کبھی نہ دیکھا اور مضبوطی سے جکڑا ہوا، دونوں ہاتھ اس کی گردن کے ساتھ اس کے گھٹنوں اور ٹخنوں کے درمیان لوہے (کی زنجیروں) سے جکڑے ہوئے۔ ہم نے کہا تمہارا بھلا ہو تم کون ہو؟ اس نے کہا میرے بارہ میں تمہیں پتہ لگ ہی چکا ہے، تم مجھے بتاؤ کہ تم کون ہو؟ انہوں نے کہا کہ ہم عرب کے کچھ لوگ ہیں جو ایک بحری جہاز میں سوار ہوئے دوران سفر ہم نے سمندر کو اس وقت پایا جب وہ جوش میں تھا۔ موجیں ہم سے ایک ماہ تک کھیلتی رہیں یہانتک کہ تمہارے جزیرہ میں آ پہنچے۔ ہم اس (جہاز) کی چھوٹی کشتیوں میں بیٹھے اور جزیرہ میں داخل ہوگئے۔ ہم جزیرہ میں داخل ہوئے تو ہمیں ایک بہت گھنے بالوں والا چوپایہ ملا۔ زیادہ بالوں کی وجہ سے نہ اس کے آگے کا پتہ چلتا تھا نہ پیچھے کا۔ ہم نے کہا تیرا بھلا ہو تو کیا ہے؟ اس نے کہا میں جساسہ ہوں ہم نے کہا کون جساسہ؟ اس نے کہا کہ تم اِس آدمی کے پاس دَیر میں چلے جاؤ کیونکہ وہ تمہارے بارہ میں سننے کا شوق رکھتا ہے۔ پس ہم تمہاری طرف دوڑتے ہوئے آئے ہیں اور ہم اس سے بہت

هَلْ يُثْمِرُ قُلْنَا لَهُ نَعَمْ قَالَ أَمَا إِنَّهُ يُوشِكُ أَنْ
لَا تُثْمِرَ قَالَ أَخْبِرُونِي عَنْ بُحَيْرَةِ الطَّبَرِيَّةِ
قُلْنَا عَنْ أَيِّ شَأْنِهَا تَسْتَخْبِرُ قَالَ هَلْ فِيهَا
مَاءٌ قَالُوا هِيَ كَثِيرَةُ الْمَاءِ قَالَ أَمَا إِنَّ مَاءَهَا
يُوشِكُ أَنْ يَذْهَبَ قَالَ أَخْبِرُونِي عَنْ عَيْنِ
زُغَرَ قَالُوا عَنْ أَيِّ شَأْنِهَا تَسْتَخْبِرُ قَالَ هَلْ
فِي الْعَيْنِ مَاءٌ وَهَلْ يَزْرَعُ أَهْلُهَا بِمَاءِ الْعَيْنِ
قُلْنَا لَهُ نَعَمْ هِيَ كَثِيرَةُ الْمَاءِ وَأَهْلُهَا
يَزْرَعُونَ مِنْ مَائِهَا قَالَ أَخْبِرُونِي عَنْ نَبِيِّ
الْأُمِّيِّينَ مَا فَعَلَ قَالُوا قَدْ خَرَجَ مِنْ مَكَّةَ
وَنَزَلَ يَثْرِبَ قَالَ أَقَاتَلَهُ الْعَرَبُ قُلْنَا نَعَمْ
قَالَ كَيْفَ صَنَعَ بِهِمْ فَأَخْبَرْنَاهُ أَنَّهُ قَدْ ظَهَرَ
عَلَى مَنْ يَلِيهِ مِنَ الْعَرَبِ وَأَطَاعُوهُ قَالَ لَهُمْ
قَدْ كَانَ ذَلِكَ قُلْنَا نَعَمْ قَالَ أَمَا إِنَّ ذَاكَ خَيْرٌ
لَهُمْ أَنْ يُطِيعُوهُ وَإِنِّي مُخْبِرُكُمْ عَنِّي إِنِّي أَنَا
الْمَسِيحُ وَإِنِّي أُوشِكُ أَنْ يُؤْذَنَ لِي فِي
الْخُرُوجِ فَأَخْرُجَ فَأَسِيرَ فِي الْأَرْضِ فَلَا
أَدَعَ قَرْيَةً إِلَّا هَبَطْتُهَا فِي أَرْبَعِينَ لَيْلَةً غَيْرَ
مَكَّةَ وَطَيْبَةَ فَهُمَا مُحَرَّمَتَانِ عَلَيَّ كِلْتَاهُمَا
كُلَّمَا أَرَدْتُ أَنْ أَدْخُلَ وَاحِدَةً أَوْ وَاحِدًا
مِنْهُمَا اسْتَقْبَلَنِي مَلَكٌ بِيَدِهِ السَّيْفُ صَلْتًا

گھبرائے ہوئے ہیں کہ کہیں وہ شیطان ہی نہ ہو۔اس
نے کہا کہ مجھے نخل بیسان کے بارہ میں بتاؤ ہم نے کہا
کہ اس کی کس چیز کے بارہ میں پوچھنا چاہتے ہو؟
اس نے کہا کہ اس کی کھجوروں کے بارہ میں کیا وہ پھل
دیتی ہیں؟ ہم نے اس سے کہا ہاں۔اس نے کہا کہ
قریب ہے کہ وہ پھل نہیں دیں گی۔پھر اس نے کہا
کہ مجھے بحیرہ طبریہ کے بارہ میں بتاؤ۔ہم نے کہا کہ
اس کی کس چیز کے بارہ میں پوچھنا چاہتے ہو؟ اس
نے کہا کہ کیا اس میں پانی ہے؟ انہوں نے کہا اس
میں بہت پانی ہے۔اس نے کہا عنقریب اس کا پانی
ختم ہو جائے گا اس نے کہا مجھے زُغر کے چشمہ کے بارہ
میں بتاؤ انہوں نے کہا اس کی کس چیز کے بارہ میں
پوچھتے ہو؟ اس نے کہا کیا چشمہ میں پانی ہے؟ اور کیا
وہاں رہنے والے اس چشمہ کے پانی سے کھیتیاں
اگاتے ہیں؟ ہم نے کہا ہاں اس میں بہت پانی ہے
اور اس کے رہنے والے اس سے کھیتیاں اگاتے ہیں۔
اس نے کہا کہ مجھے امیوں کے نبی کے بارہ میں بتاؤ
کہ اس نے کیا کیا؟ انہوں نے کہا کہ وہ مکہ سے نکلا
اور یثرب آ گیا۔اس نے کہا کیا عربوں نے اس سے
جنگ کی؟ ہم نے کہا ہاں اس نے کہا اس نے ان
سے کیا سلوک کیا؟ ہم نے اسے بتایا کہ وہ اپنے
اردگرد عرب پر غالب آ گیا اور انہوں نے اس کی
اطاعت قبول کر لی۔اس نے ان سے کہا کیا ایسا ہو گیا

يَصُدُّنِي عَنْهَا وَإِنَّ عَلَى كُلِّ نَقْبٍ مِنْهَا مَلَائِكَةً يَحْرُسُونَهَا قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَطَعَنَ بِمِخْصَرَتِهِ فِي الْمِنْبَرِ هَذِهِ طَيْبَةُ هَذِهِ طَيْبَةُ هَذِهِ طَيْبَةُ يَعْنِي الْمَدِينَةَ أَلَا هَلْ كُنْتُ حَدَّثْتُكُمْ ذَلِكَ فَقَالَ النَّاسُ نَعَمْ فَإِنَّهُ أَعْجَبَنِي حَدِيثُ تَمِيمٍ أَنَّهُ وَافَقَ الَّذِي كُنْتُ أُحَدِّثُكُمْ عَنْهُ وَعَنِ الْمَدِينَةِ وَمَكَّةَ أَلَا إِنَّهُ فِي بَحْرِ الشَّأْمِ أَوْ بَحْرِ الْيَمَنِ لَا بَلْ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ مَا هُوَ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ مَا هُوَ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ مَا هُوَ وَأَوْمَأَ بِيَدِهِ إِلَى الْمَشْرِقِ قَالَتْ فَحَفِظْتُ هَذَا مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ {120} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيبٍ الْحَارِثِيُّ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ الْهُجَيْمِيُّ أَبُو عُثْمَانَ حَدَّثَنَا قُرَّةُ حَدَّثَنَا سَيَّارٌ أَبُو الْحَكَمِ حَدَّثَنَا الشَّعْبِيُّ قَالَ دَخَلْنَا عَلَى فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ فَأَتْحَفَتْنَا بِرُطَبٍ يُقَالُ لَهُ رُطَبُ ابْنِ طَابٍ وَأَسْقَتْنَا سَوِيقَ سُلْتٍ فَسَأَلْتُهَا عَنِ الْمُطَلَّقَةِ ثَلَاثًا أَيْنَ تَعْتَدُّ قَالَتْ طَلَّقَنِي بَعْلِي ثَلَاثًا فَأَذِنَ لِي النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ أَعْتَدَّ فِي أَهْلِي

ہے؟ ہم نے کہا ہاں اس نے کہا ان کے لئے یہی بہتر ہے کہ وہ اس کی اطاعت قبول کرلیں۔ میں تمہیں اپنے بارہ میں بتاتا ہوں کہ میں مسیح (دجال) ہوں اور قریب ہے کہ مجھے خروج کی اجازت دی جائے گی۔ میں عنقریب خروج کروں گا اور زمین میں پھروں گا اور چالیس راتوں میں ساری بستیوں میں اتروں گا سوائے مکہ اور طیبہ کے، کہ وہ دونوں مجھ پر حرام کئے گئے ہیں۔ جب کبھی میں ان میں سے کسی ایک میں داخل ہونے کا ارادہ کروں گا تو میرے سامنے ایک فرشتہ آجائے گا جس کے ہاتھ میں سونتی ہوئی تلوار ہوگی اور وہ مجھے اس سے روک دے گا اور اس کے ہر رستہ پر فرشتے ہوں گے جو اس کا پہرا دے رہے ہوں گے۔ وہ (راویہ) کہتی ہیں رسول اللہ ﷺ نے منبر میں اپنی چھڑی ٹھکور کر فرمایا یہ طیبہ ہے، یہ طیبہ ہے یعنی مدینہ۔ کیا میں نے تمہیں یہ نہیں بتایا تھا؟ لوگوں نے عرض کیا جی ہاں (فرمایا) مجھے تمیم کی بات اچھی لگی کہ وہ اس بات کے مطابق ہے جو میں تمہیں اس کے اور مکہ اور مدینہ کے بارہ میں بتایا کرتا تھا۔ سنو! وہ شام یا یمن کے سمندر میں نہیں ہے بلکہ مشرق کی طرف سے ہے، وہ جو بھی ہے مشرق کی طرف ہے، وہ جو بھی ہے مشرق کی طرف ہے۔ آپؐ نے اپنے ہاتھ سے مشرق کی طرف اشارہ فرمایا۔ وہ کہتی ہیں میں نے یہ بات رسول اللہ ﷺ سے یاد کرلی۔

قَالَتْ فَنُودِيَ فِي النَّاسِ إِنَّ الصَّلَاةَ جَامِعَةً قَالَتْ فَانْطَلَقْتُ فِيمَنِ انْطَلَقَ مِنَ النَّاسِ قَالَتْ فَكُنْتُ فِي الصَّفِّ الْمُقَدَّمِ مِنَ النِّسَاءِ وَهُوَ يَلِي الْمُؤَخَّرَ مِنَ الرِّجَالِ قَالَتْ فَسَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَخْطُبُ فَقَالَ إِنَّ بَنِي عَمٍّ لِتَمِيمٍ الدَّارِيِّ رَكِبُوا فِي الْبَحْرِ وَسَاقَ الْحَدِيثَ وَزَادَ فِيهِ قَالَتْ فَكَأَنَّمَا أَنْظُرُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَهْوَى بِمِخْصَرَتِهِ إِلَى الْأَرْضِ وَقَالَ هَذِهِ طَيْبَةُ يَعْنِي الْمَدِينَةَ {121} و حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ وَأَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ النَّوْفَلِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ سَمِعْتُ غَيْلَانَ بْنَ جَرِيرٍ يُحَدِّثُ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ قَالَتْ قَدِمَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَمِيمٌ الدَّارِيُّ فَأَخْبَرَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ رَكِبَ الْبَحْرَ فَتَاهَتْ بِهِ سَفِينَتُهُ فَسَقَطَ إِلَى جَزِيرَةٍ فَخَرَجَ إِلَيْهَا يَلْتَمِسُ الْمَاءَ فَلَقِيَ إِنْسَانًا يَجُرُّ شَعَرَهُ وَاقْتَصَّ الْحَدِيثَ وَقَالَ فِيهِ ثُمَّ قَالَ أَمَا إِنَّهُ لَوْ قَدْ أُذِنَ لِي فِي

ایک روایت میں ہے شعبی کہتے ہیں کہ ہم حضرت فاطمہؓ بنت قیس کے پاس گئے تو انہوں نے اس کھجور سے ہماری تواضع کی جسے رطب ابن طاب کہا جاتا تھا اور ہمیں جَو کے ستو پلائے۔ پھر میں نے ان سے پوچھا کہ جس عورت کو تین طلاقیں دی جائیں وہ کہاں عدت گذارے؟ انہوں نے کہا کہ میرے خاوند نے مجھے تین طلاقیں دیں تو نبی ﷺ نے مجھے اجازت دی کہ میں اپنے اہل میں عدت گزار لوں۔ وہ کہتی ہیں کہ لوگوں میں اعلان کیا گیا کہ نماز باجماعت ہونے کو ہے۔ وہ کہتی ہیں کہ میں بھی لوگوں کے ساتھ چلی گئی۔ وہ کہتی ہیں میں عورتوں کی سب سے پہلی صف میں تھی جو مردوں کی سب سے آخری صف کے قریب تھی۔ وہ کہتی ہیں کہ میں نے نبی ﷺ کو منبر پر خطبہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا آپؐ نے فرمایا کہ تمیم داری کے چچیرے بھائی ایک بحری سفر پر گئے۔ باقی روایت سابقہ روایت کی طرح ہے اور اس میں یہ اضافہ ہے کہ گویا میں نبی ﷺ کی طرف دیکھ رہی ہوں۔ آپؐ نے اپنی چھڑی کو زمین کی طرف جھکایا اور فرمایا ھَـذِهِ طَيْبَةُ یہ طیبہ ہے، آپؐ کی مراد مدینہ سے تھی۔

ایک اور روایت میں ہے حضرت فاطمہؓ بنت قیس سے روایت ہے کہ تمیم داری رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور رسول اللہ ﷺ کو بتایا کہ وہ ایک بحری سفر پر روانہ ہوئے اور ان کی کشتی اصل راستہ

الْخُرُوجِ قَدْ وَطِئْتُ الْبِلَادَ كُلَّهَا غَيْرَ طَيْبَةَ فَأَخْرَجَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى النَّاسِ فَحَدَّثَهُمْ قَالَ هَذِهِ طَيْبَةُ وَذَاكَ الدَّجَّالُ {122}حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرِ بْنُ إِسْحَقَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا الْمُغِيرَةُ يَعْنِي الْحِزَامِيَّ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنالشَّعْبِيِّ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَعَدَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَقَالَ أَيُّهَا النَّاسُ حَدَّثَنِي تَمِيمٌ الدَّارِيُّ أَنَّ أُنَاسًا مِنْ قَوْمِهِ كَانُوا فِي الْبَحْرِ فِي سَفِينَةٍ لَهُمْ فَانْكَسَرَتْ بِهِمْ فَرَكِبَ بَعْضُهُمْ عَلَى لَوْحٍ مِنْ أَلْوَاحِ السَّفِينَةِ فَخَرَجُوا إِلَى جَزِيرَةٍ فِي الْبَحْرِ وَسَاقَ الْحَدِيثَ [7389,7388,7387,7386]

سے ہٹ گئی اور ایک جزیرہ میں آ لگی۔وہ پانی کی تلاش میں اس کے اندر گیا تو ایک شخص سے اس کی ملاقات ہوئی جس کے لمبے بال تھے۔ باقی روایت راوی نے بیان کی اور ذکر کیا کہ اس نے کہا اگر مجھے نکلنے کی اجازت دی گئی تو میں طیبہ کے علاوہ تمام علاقوں کو روند ڈالوں گا۔ پس رسول اللہ ﷺ انہیں لے کر لوگوں کے پاس گئے تو آپؐ نے یہ بات بتائی فرمایا یہ طیبہ ہے اور وہ دجال تھا۔

ایک اور روایت حضرت فاطمہؓ بنت قیس سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ منبر پر تشریف فرما ہوئے اور فرمایا اے لوگو! مجھے تمیم داری نے بتایا کہ اس کی قوم کے کچھ لوگ سمندر میں اپنی کشتی میں سوار تھے جو ٹوٹ گئی تو وہ ان میں سے بعض کشتی کے تختوں میں سے ایک پر سوار ہو گئے اور سمندر میں ایک جزیرہ کی طرف نکل گئے۔

5222 {123} حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِيُّ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنِي أَبُو عَمْرٍو يَعْنِي الْأَوْزَاعِيَّ عَنْ إِسْحَقَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ حَدَّثَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ مِنْ بَلَدٍ إِلَّا سَيَطَؤُهُ الدَّجَّالُ إِلَّا مَكَّةَ وَالْمَدِينَةَ وَلَيْسَ نَقْبٌ مِنْ أَنْقَابِهَا إِلَّا

5222: حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مکہ اور مدینہ کے علاوہ کوئی علاقہ ایسا نہیں جس میں دجال اپنا قدم نہ رکھے گا اور ان کے راستوں میں کوئی راستہ نہیں مگر اس پر فرشتے صف بہ صف ہوں گے جو ان کی حفاظت کریں گے۔ پھر وہ شور زمین پر اترے گا اور مدینہ میں تین زلزلے آئیں گے تو اس میں سے ہر کافر اور منافق

5222:تخریج: بخاری کتاب المدینة باب لایدخل الدجال المدینة 1881 کتاب الفتن باب ذکر الدجال 7124 باب لایدخل الدجال المدینة 7134 کتاب التوحید باب قول اللہ تعالیٰ تؤتی الملک من تشاء7473

☆ بعض کے خیال میں یہ تمیم داری کی ایک رؤیا کا بیان ہے۔واللہ اعلم

عَلَيْهِ الْمَلَائِكَةُ صَافِّينَ تَحْرُسُهَا فَيَنْزِلُ بِالسِّبْخَةِ فَتَرْجُفُ الْمَدِينَةُ ثَلَاثَ رَجَفَاتٍ يَخْرُجُ إِلَيْهِ مِنْهَا كُلُّ كَافِرٍ وَمُنَافِقٍ و حَدَّثَنَاه أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ إِسْحَقَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَذَكَرَ نَحْوَهُ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ فَيَأْتِي سِبْخَةَ الْجُرُفِ فَيَضْرِبُ رِوَاقَهُ وَقَالَ فَيَخْرُجُ إِلَيْهِ كُلُّ مُنَافِقٍ وَمُنَافِقَةٍ [7391,7390]

نکل کر اس (دجال) کی طرف چلا جائے گا۔
ایک روایت میں (فَيَنْزِلُ بِالسِّبْخَةِ فَتَرْجُفُ الْمَدِينَةُ ثَلَاثَ رَجَفَاتٍ يَخْرُجُ اِلَيهِ مِنْهَا كُلُّ كَافِرٍ وَمُنَافِقٍ کی بجائے) فَيَاتِيْ سِبْخَةَ الْجُرُفِ فَيَضْرِبُ رِوَاقَهُ وَقَالَ فَيَخْرُجُ اِلَيهِ كُلُّ مُنَافِقٍ وَ مُنَافِقَةٍ کے الفاظ ہیں۔

[25]24:بَاب فِي بَقِيَّةٍ مِنْ أَحَادِيثِ الدَّجَّالِ

باب: دجال سے متعلقہ بقیہ روایات

5223{124} حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ أَبِي مُزَاحِمٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ عَنْ إِسْحَقَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ عَمِّهِ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَتْبَعُ الدَّجَّالَ مِنْ يَهُودِ أَصْبَهَانَ سَبْعُونَ أَلْفًا عَلَيْهِمُ الطَّيَالِسَةُ [7392]

5223:حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اصفہان کے یہود میں سے ستر ہزار طیالسی قبا☆ پہنے دجال کے ساتھ ہو جائیں گے۔

5224{125} حَدَّثَنِي هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ حَدَّثَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ أَخْبَرَتْنِي أُمُّ شَرِيكٍ أَنَّهَا

5224:حضرت ام شریکؓ بیان کرتی ہیں کہ انہوں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ لوگ دجال سے بھاگ کر پہاڑوں میں چلے جائیں گے ام شریکؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ! عرب اس دن کہاں ہوں گے؟

5224:تخریج :ترمذی کتاب المناقب باب فی فضل العرب 3930

☆duffle coat

سَمِعَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَيَفِرَّنَّ النَّاسُ مِنَ الدَّجَّالِ فِي الْجِبَالِ قَالَتْ أُمُّ شَرِيكٍ يَا رَسُولَ اللَّهِ فَأَيْنَ الْعَرَبُ يَوْمَئِذٍ قَالَ هُمْ قَلِيلٌ و حَدَّثَنَاه مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ[7394,7393]

آپؐ نے فرمایا وہ بہت تھوڑے ہوں گے۔

5225{126} حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَقَ الْحَضْرَمِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي ابْنَ الْمُخْتَارِ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ عَنْ رَهْطٍ مِنْهُمْ أَبُو الدَّهْمَاءِ وَأَبُو قَتَادَةَ قَالُوا كُنَّا نَمُرُّ عَلَى هِشَامِ بْنِ عَامِرٍ نَأْتِي عِمْرَانَ بْنَ حُصَيْنٍ فَقَالَ ذَاتَ يَوْمٍ إِنَّكُمْ لَتُجَاوِزُونِي إِلَى رِجَالٍ مَا كَانُوا بِأَحْضَرَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنِّي وَلَا أَعْلَمَ بِحَدِيثِهِ مِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَا بَيْنَ خَلْقِ آدَمَ إِلَى قِيَامِ السَّاعَةِ خَلْقٌ أَكْبَرُ مِنَ الدَّجَّالِ {127} وحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو عَنْ أَيُّوبَ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ عَنْ ثَلَاثَةِ رَهْطٍ مِنْ قَوْمِهِ فِيهِمْ أَبُو قَتَادَةَ قَالُوا كُنَّا نَمُرُّ عَلَى هِشَامِ بْنِ عَامِرٍ إِلَى عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ

5225:حمید بن ہلال ایک جماعت سے جن میں ابودھماء اور ابوقتادہ بھی شامل ہیں روایت کرتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ ہم ہشام بن عامرؓ کے سامنے سے گذر کر حضرت عمران بن حصینؓ کے پاس جایا کرتے تھے۔ایک دن انہوں (ہشام) نے کہا تم مجھے چھوڑ کر ایسے لوگوں کے پاس جایا کرتے ہو جو مجھ سے زیادہ رسول اللہ ﷺ کے پاس حاضر نہیں رہتے تھے۔نہ ہی آپؐ کی حدیث کو مجھ سے زیادہ جانتے ہیں۔میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا آدم کی پیدائش کے وقت سے لے کر قیامت کے آنے تک دجال سے بڑی☆ کوئی مخلوق نہیں۔

ایک روایت میں (عَنْ رَهْطٍ مِنْهُمْ اَبُو الدَّهْمَاءِ وَاَبُو قَتَادَةَ قَالُوا كُنَّا نَمُرُّ عَلَى هِشَامِ بْنِ عَامِرٍ نَاْتِى عِمْرَانَ بْنَ حُصَينٍ کی بجائے) عَنْ ثَلَاثَةِ رَهْطٍ مِنْ قَوْمِهِ فِيهِمْ اَبُوْ قَتَادَةَ قَالُوْا كُنَّا نَمُرُّ عَلَى هِشَامِ بْنِ عَامِرٍ اِلَى عِمْرَانَ بْنِ حُصينٍ کے الفاظ ہیں اور (خَلْقٌ اَكْبَرُ مِنَ الدَّجَّالِ

☆بڑی سے مراد اپنے فتنہ اور خطرے کے اعتبار سے۔

بِمِثْلِ حَدِيثِ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ مُخْتَارٍ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ أَمْرٌ أَكْبَرُ مِنَ الدَّجَّالِ [7396,7395]

کی بجائے) اَمْــرٌ اَكْبَرُ مِنَ الدَّجَّـالِ کےالفاظ ہیں۔

5226{128} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَابْنُ حُجْرٍ قَالُوا حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ يَعْنُونَ ابْنَ جَعْفَرٍ عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بَادِرُوا بِالْأَعْمَالِ سِتًّا طُلُوعَ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا أَوِ الدُّخَانَ أَوِ الدَّجَّالَ أَوِ الدَّابَّةَ أَوْ خَاصَّةَ أَحَدِكُمْ أَوْ أَمْرَ الْعَامَّةِ[7397]

5226:حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا چھ چیزوں سے پہلے پہلے اعمال کرنے میں جلدی کرو:سورج کا اپنے مغرب سے نکلنا اور دھواں اور دجال ، اور دابة اورتم میں سے کسی کا انفرادی مسئلہ یااجتماعی مسئلہ۔

5227 {129} حَدَّثَنَا أُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامَ الْعَيْشِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ زِيَادِ بْنِ رِيَاحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بَادِرُوا بِالْأَعْمَالِ سِتًّا الدَّجَّالَ وَالدُّخَانَ وَدَابَّةَ الْأَرْضِ وَطُلُوعَ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا وَأَمْرَ الْعَامَّةِ وَخُوَيْصَّةَ أَحَدِكُمْ و حَدَّثَنَاه زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ [7399,7398]

5227:حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا چھ چیزوں سے پہلے پہلے جلد اعمال کرلو (جو یہ ہیں) دجال اور دھواں اور دابۃ الارض اور سورج کا اپنے مغرب سے طلوع کرنا اورذاتی مسئلہ اوراجتماعی مسئلہ۔

5226: اطراف: مسلم كتاب الفتن واشراط الساعة باب فی بقية من احاديث الدجال 5227

5227: اطراف: مسلم كتاب الفتن واشراط الساعة باب فی بقية من احاديث الدجال 5226

[26]25:بَاب: فَضْلُ الْعِبَادَةِ فِي الْهَرْجِ

باب: فتنہ وفساد کے وقت عبادت کی فضیلت

5228{130} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ مُعَلَّى بْنِ زِيَادٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ عَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ح و حَدَّثَنَاه قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنِ الْمُعَلَّى بْنِ زِيَادٍ رَدَّهُ إِلَى مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ رَدَّهُ إِلَى مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ رَدَّهُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْعِبَادَةُ فِي الْهَرْجِ كَهِجْرَةٍ إِلَيَّ و حَدَّثَنِيهِ أَبُو كَامِلٍ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ [7401,7400]

5228: معقل بن یسار نبی ﷺ کی طرف منسوب کرتے ہوئے روایت کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا فتنہ وفساد کے زمانہ میں عبادت کرنا میری طرف ہجرت کرنے کی طرح ہے۔

[27]26:بَاب: قُرْبُ السَّاعَةِ

باب: ''ساعت'' کا قریب ہونا

5229{131} حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ يَعْنِي ابْنَ مَهْدِيٍّ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْأَقْمَرِ عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَقُومُ السَّاعَةُ إِلَّا عَلَى شِرَارِ النَّاسِ [7402]

5229: حضرت عبداللہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ ''وہ گھڑی'' شریر لوگوں پر ہی آتی ہے۔

5228: تخریج: ترمذی کتاب الفتن باب ماجاء فی الھرج والعبادۃ فیہ 2201 ابن ماجہ کتاب الفتن باب الوقوف عن الشبھات 3985

5230{132} حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ وَعَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِي حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ح و حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ عَنْ أَبِي حَازِمٍ أَنَّهُ سَمِعَ سَهْلًا يَقُولُ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُشِيرُ بِإِصْبَعِهِ الَّتِي تَلِي الْإِبْهَامَ وَالْوُسْطَى وَهُوَ يَقُولُ بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةَ هَكَذَا [7403]

5230: حضرت سہلؓ بن سعد بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو سنا اور آپؐ اپنی انگوٹھے کے ساتھ والی انگلی اور درمیانی انگلی سے اشارہ کرتے ہوئے فرمارہے تھے کہ مجھے اور اس گھڑی کو اس طرح مبعوث کیا گیا ہے۔

5231{133} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ سَمِعْتُ قَتَادَةَ حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةُ كَهَاتَيْنِ قَالَ شُعْبَةُ وَسَمِعْتُ قَتَادَةَ يَقُولُ فِي قَصَصِهِ كَفَضْلِ إِحْدَاهُمَا عَلَى الْأُخْرَى فَلَا أَدْرِي أَذَكَرَهُ عَنْ أَنَسٍ أَوْ قَالَهُ قَتَادَةُ [7404]

5231: حضرت انس بن مالکؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مجھے اور اس گھڑی کو اس طرح مبعوث کیا گیا ہے جیسے یہ دونوں۔ شعبہ کہتے ہیں میں نے قتادہ سے سُنا وہ اپنے اس بیان میں کہہ رہے تھے "کَفَضْلِ اِحْدَاھُمَاعَلَی الْاُخْرَی" (جیسے ان میں سے ایک کو دوسری پر فضیلت ہے۔) (شعبہ کہتے ہیں) مجھے معلوم نہیں کہ (قتادہ) نے یہ حضرت انسؓ سے روایت کرتے ہوئے کہا تھا یا قتادہ یہ بات اپنی طرف سے خود کہتے تھے۔

5230: اطراف: مسلم کتاب الفتن واشراط الساعة باب قرب الساعة 5231، 5232، 5233

تخریج: بخاری کتاب التفسیر باب یوم ینفخ فی الصور 4936 کتاب الطلاق باب اللعان 5301 کتاب الرقاق باب قول النبیّ ﷺ بُعثت اناوالساعة کهاتین 6503، 6504، 6505 ترمذی کتاب الفتن باب ماجاء فی قول النبیّ ﷺ بعثتُ انا والساعة ... 2214

5231: اطراف: مسلم کتاب الفتن واشراط الساعة باب قرب الساعة 5230، 5232، 5233

تخریج: بخاری کتاب التفسیر باب یوم ینفخ فی الصور 4936 کتاب الطلاق باب اللعان 5301 کتاب الرقاق باب قول النبیّ ﷺ بُعثت اناوالساعة کهاتین 6503، 6504، 6505 ترمذی کتاب الفتن باب ماجاء فی قول النبیّ ﷺ بعثتُ انا والساعة ... 2214

5232{134} وحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيبٍ الْحَارِثِيُّ حَدَّثَنَا خَالِدٌ يَعْنِي ابْنَ الْحَارِثِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ سَمِعْتُ قَتَادَةَ وَأَبَا التَّيَّاحِ يُحَدِّثَانِ أَنَّهُمَا سَمِعَا أَنَسًا يُحَدِّثُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةَ هَكَذَا وَقَرَنَ شُعْبَةُ بَيْنَ إِصْبَعَيْهِ الْمُسَبِّحَةِ وَالْوُسْطَى يَحْكِيهِ و حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَا حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ عَنْ أَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهَذَا و حَدَّثَنَاه مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ حَمْزَةَ يَعْنِي الضَّبِّيَّ وَأَبِي التَّيَّاحِ عَنْ أَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِيثِهِمْ [7407,7406,7405]

5232: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میں اور وہ گھڑی اس طرح مبعوث کئے گئے ہیں اور شعبہ نے اس روایت کو بیان کرتے ہوئے اپنی شہادت کی انگلی اور درمیانی انگلی کو ملایا۔

5233{135} وحَدَّثَنَا أَبُو غَسَّانَ الْمِسْمَعِيُّ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ عَنْ أَبِيهِ عَنْ مَعْبَدٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةُ كَهَاتَيْنِ قَالَ وَضَمَّ

5233: حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میں اور وہ گھڑی ان دو کی طرح مبعوث کئے گئے ہیں۔ وہ کہتے ہیں آپؐ نے شہادت کی انگلی اور درمیانی انگلی کو ملایا۔

5232: **اطراف**: **مسلم** کتاب الفتن واشراط الساعة باب قرب الساعة 5230 ، 5231 ، 5233

تخریج: **بخاری** کتاب التفسیر باب یوم ینفخ فی الصور 4936 کتاب الطلاق باب اللعان 5301 کتاب الرقاق باب قول النبیّ ﷺ بُعثت اناوالساعة کھاتین 6503 ، 6504 ، 6505 **ترمذی** کتاب الفتن باب ماجاء فی قول النبیّ ﷺ بعثتُ انا والساعة ... 2214

5233: **اطراف**: **مسلم** کتاب الفتن واشراط الساعة باب قرب الساعة 5230 ، 5231 ، 5232

تخریج: **بخاری** کتاب التفسیر باب یوم ینفخ فی الصور 4936 کتاب الطلاق باب اللعان 5301 کتاب الرقاق باب قول النبیّ ﷺ بُعثت اناوالساعة کھاتین 6503 ، 6504 ، 6505 **ترمذی** کتاب الفتن باب ماجاء فی قول النبیّ ﷺ بعثتُ انا والساعة ... 2214

السَّبَّابَةَ وَالْوُسْطَى [7408]

5234{136} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ الْأَعْرَابُ إِذَا قَدِمُوا عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَأَلُوهُ عَنِ السَّاعَةِ مَتَى السَّاعَةُ فَنَظَرَ إِلَى أَحْدَثِ إِنْسَانٍ مِنْهُمْ فَقَالَ إِنْ يَعِشْ هَذَا لَمْ يُدْرِكْهُ الْهَرَمُ قَامَتْ عَلَيْكُمْ سَاعَتُكُمْ [7409]

5234: حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ جب اعرابی رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے تو آپؐ سے اس گھڑی کے بارہ میں پوچھا کہ ''ساعت'' کب آئے گی؟ آپؐ نے ان میں سے کم عمر کو دیکھا اور فرمایا اگر یہ زندہ رہا اور ابھی اس پر بڑھاپا نہیں آیا ہوگا کہ تمہاری گھڑی آجائے گی۔

5235{137} وحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَتَى تَقُومُ السَّاعَةُ وَعِنْدَهُ غُلَامٌ مِنَ الْأَنْصَارِ يُقَالُ لَهُ مُحَمَّدٌ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنْ يَعِشْ هَذَا الْغُلَامُ فَعَسَى أَنْ لَا يُدْرِكَهُ الْهَرَمُ حَتَّى تَقُومَ السَّاعَةُ [7410]

5235: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا کہ وہ گھڑی کب آئے گی؟ اس وقت آپؐ کے پاس ایک انصاری لڑکا تھا جسے محمد کہا جاتا تھا۔ آپؐ نے فرمایا اگر یہ لڑکا زندہ رہا تو بعید نہیں کہ اس کو بڑھاپا نہیں آئے گا کہ وہ گھڑی آجائے گی۔

5236{138} و حَدَّثَنِي حَجَّاجُ بْنُ الشَّاعِرِ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا

5236: حضرت انسؓ بن مالک سے روایت ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا کہ وہ گھڑی

5234: اطراف: مسلم کتاب الفتن واشراط الساعة باب قرب الساعة 5235، 5236، 5237
تخریج: بخاری کتاب الرقاق باب سکرات الموت 6511

5235: اطراف: مسلم کتاب الفتن واشراط الساعة باب قرب الساعة 5234، 5236، 5237
تخریج: بخاری کتاب الرقاق باب سکرات الموت 6511

5236: اطراف: مسلم کتاب الفتن واشراط الساعة باب قرب الساعة 5234، 5235، 5237
تخریج: بخاری کتاب الرقاق باب سکرات الموت 6511

حَمَّادٌ يَعْنِي ابْنَ زَيْدٍ حَدَّثَنَا مَعْبَدُ بْنُ هِلَالٍ الْعَنَزِيُّ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَتَى تَقُومُ السَّاعَةُ قَالَ فَسَكَتَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُنَيْهَةً ثُمَّ نَظَرَ إِلَى غُلَامٍ بَيْنَ يَدَيْهِ مِنْ أَزْدِ شَنُوءَةَ فَقَالَ إِنْ عُمِّرَ هَذَا لَمْ يُدْرِكْهُ الْهَرَمُ حَتَّى تَقُومَ السَّاعَةُ قَالَ قَالَ أَنَسٌ ذَاكَ الْغُلَامُ مِنْ أَتْرَابِي يَوْمَئِذٍ [7411]

کب آئے گی؟ راوی کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ تھوڑی دیر خاموش رہے پھر آپؐ نے اپنے سامنے ازدشنوءہ کے ایک لڑکے کی طرف دیکھا اور فرمایا اگر اس کی عمر ہوئی تو یہ بوڑھا نہ ہوگا کہ وہ گھڑی آجائے گی۔ حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ اس وقت وہ لڑکا میرا ہم عمر تھا۔

5237{139}حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ حَدَّثَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ أَنَسٍ قَالَ مَرَّ غُلَامٌ لِلْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ وَكَانَ مِنْ أَقْرَانِي فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنْ يُؤَخَّرْ هَذَا فَلَنْ يُدْرِكَهُ الْهَرَمُ حَتَّى تَقُومَ السَّاعَةُ [7412]

5237: حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ حضرت مغیرہ بن شعبہؓ کا ایک لڑکا گذرا وہ میرے ہم عمروں میں سے تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر اس کو مہلت ملی تو اس کو بڑھاپا نہیں آئے گا کہ وہ گھڑی آجائے گی۔

5238 {140} حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَقُومُ السَّاعَةُ وَالرَّجُلُ يَحْلُبُ اللِّقْحَةَ فَمَا يَصِلُ الْإِنَاءُ إِلَى فِيهِ حَتَّى تَقُومَ وَالرَّجُلَانِ يَتَبَايَعَانِ الثَّوْبَ فَمَا يَتَبَايَعَانِهِ حَتَّى تَقُومَ وَالرَّجُلُ يَلِطُ فِي حَوْضِهِ فَمَا يَصْدُرُ حَتَّى تَقُومَ [7413]

5238: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے اور وہ اسے نبی ﷺ تک پہنچاتے تھے انہوں نے فرمایا وہ گھڑی قائم ہوجائے گی اور ایک آدمی دودھ دوہ رہا ہوگا۔ ابھی برتن اس کے منہ تک نہ پہنچے گا کہ وہ (گھڑی) آجائے گی اور دو شخص کپڑے کا سودا کر رہے ہوں گے اور ابھی خرید وفروخت نہ کر پائے ہوں گے کہ وہ (گھڑی) آجائے گی اور کوئی شخص اپنا حوض لیپ کر رہا ہوگا ابھی (فارغ ہو کر) لوٹ نہیں پائے گا کہ وہ گھڑی آجائے گی۔

5237: اطراف : مسلم کتاب الفتن واشراط الساعة باب قرب الساعة 5234، 5235، 5236
تخریج: بخاری کتاب الرقاق باب سکرات الموت 6511

[28]27: بَاب: مَا بَيْنَ النَّفْخَتَيْنِ

باب: (صور کی) دو پھونکوں کے درمیان جو ہوگا

5239{141} حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بَيْنَ النَّفْخَتَيْنِ أَرْبَعُونَ قَالُوا يَا أَبَا هُرَيْرَةَ أَرْبَعُونَ يَوْمًا قَالَ أَبَيْتُ قَالُوا أَرْبَعُونَ شَهْرًا قَالَ أَبَيْتُ قَالُوا أَرْبَعُونَ سَنَةً قَالَ أَبَيْتُ ثُمَّ يُنْزِلُ اللَّهُ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَيَنْبُتُونَ كَمَا يَنْبُتُ الْبَقْلُ قَالَ وَلَيْسَ مِنْ الْإِنْسَانِ شَيْءٌ إِلَّا يَبْلَى إِلَّا عَظْمًا وَاحِدًا وَهُوَ عَجْبُ الذَّنَبِ وَمِنْهُ يُرَكَّبُ الْخَلْقُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ [7414]

5239: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا (صور کی) دو پھونکوں کے درمیان چالیس کا وقت ہوگا —— لوگوں نے کہا اے ابو ہریرہؓ! کیا چالیس دنوں کا؟ انہوں نے کہا میں نہیں کہتا پھر انہوں نے کہا چالیس مہینوں کا؟ انہوں نے کہا میں نہیں کہتا پھر انہوں نے کہا چالیس برس کا؟ انہوں نے کہا میں نہیں کہتا —— پھر اللہ آسمان سے پانی برسائے گا۔ اس سے لوگ ایسے نشوونما پائیں گے جیسے سبزی نشوونما پاتی ہے۔ انہوں نے کہا آدمی میں کوئی چیز ایسی نہیں جو بوسیدہ نہ ہوجائے گی۔ سوائے ایک ہڈی کے جو دُمچی کی ہڈی ہے۔ اسی ہڈی سے قیامت کے دن لوگ ترکیب پائیں گے۔

5240{142} و حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا الْمُغِيرَةُ يَعْنِي الْحِزَامِيَّ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ

5240: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ابن آدم تمام کے تمام کو مٹی کھا جائے گی سوائے دُمچی کے، اُس سے پیدا کیا گیا

5239 : **اطراف: مسلم** كتاب الفتن واشراط الساعة باب مابين النفختين 5240، 5241

تخريج: بخارى كتاب التفسير باب ونفخ في الصور فصعق ... 4814 باب يوم ينفخ في الصور فتا تون افواجاً 4935 **نسائى** كتاب الجنائز ارواح المؤمنين 2077 **ابوداؤد** كتاب السنة باب في ذكر البعث والصور 4743 **ابن ماجه** كتاب الزهد باب ذكر القبر والبلىٰ 4266

5240: **اطراف: مسلم** كتاب الفتن واشراط الساعة باب مابين النفختين 5239، 5241

تخريج: بخارى كتاب التفسير باب ونفخ في الصور فصعق ... 4814 باب يوم ينفخ في الصور فتا تون افواجاً 4935 **نسائى** كتاب الجنائز ارواح المؤمنين 2077 **ابوداؤد** كتاب السنة باب في ذكر البعث والصور 4743 **ابن ماجه** كتاب الزهد باب ذكر القبر والبلىٰ 4266

رَسُولَ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ قَالَ كُلُّ ابْنِ آدَمَ يَأْكُلُهُ التُّرَابُ إِلَّا عَجْبَ الذَّنَبِ مِنْهُ خُلِقَ وَفِيهِ يُرَكَّبُ [7415]

تھا اور اُس میں ترکیب پائے گا۔

5241 {143} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ هَذَا مَا حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ فَذَكَرَ أَحَادِيثَ مِنْهَا وَقَالَ رَسُولُ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ إِنَّ فِي الْإِنْسَانِ عَظْمًا لَا تَأْكُلُهُ الْأَرْضُ أَبَدًا فِيهِ يُرَكَّبُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَالُوا أَيُّ عَظْمٍ هُوَ يَا رَسُولَ اللَّه قَالَ عَجْبُ الذَّنَبِ [7416]

5241: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا انسان میں ایک (ایسی) ہڈی ہے جس کو ہرگز زمین نہیں کھاتی، قیامت کے دن وہ اس میں ترکیب پائے گا۔ لوگوں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ! وہ کونسی ہڈی ہے؟ آپؐ نے فرمایا ریڑھ کی ہڈی کا آخری حصہ۔

5241: **اطراف:** **مسلم** کتاب الفتن واشراط الساعۃ باب مابین النفختین 5239، 5240

تخریج: **بخاری** کتاب التفسیر باب ونفخ فی الصور فصعق ... 4814 باب یوم ینفخ فی الصور فتاتون افواجًا 4935 **نسائی** کتاب الجنائز ارواح المؤمنین 2077 **ابو داؤد** کتاب السنة باب فی ذکر البعث والصور 4743 **ابن ماجه** کتاب الزهد باب ذکر القبر والبلیٰ 4266

بسم الله الرحمن الرحيم

كِتَابُ الزُّهْدِ وَالرَّقَائِقِ

زُہداور دل کو نرم کرنے والی باتوں کی کتاب

5242{1} حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي الدَّرَاوَرْدِيَّ عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَجَنَّةُ الْكَافِرِ[7417]

5242: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا دنیا مومن کا قید خانہ ہے اور کافر کی جنت ہے۔

5243{2} حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ قَعْنَبٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ يَعْنِي ابْنَ بِلَالٍ عَنْ جَعْفَرٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِالسُّوقِ دَاخِلًا مِنْ بَعْضِ الْعَالِيَةِ وَالنَّاسُ كَنَفَتَهُ فَمَرَّ بِجَدْيٍ أَسَكَّ مَيِّتٍ فَتَنَاوَلَهُ فَأَخَذَ بِأُذُنِهِ ثُمَّ قَالَ أَيُّكُمْ يُحِبُّ أَنَّ هَذَا لَهُ بِدِرْهَمٍ فَقَالُوا مَا نُحِبُّ أَنَّهُ لَنَا بِشَيْءٍ وَمَا نَصْنَعُ بِهِ قَالَ أَتُحِبُّونَ أَنَّهُ لَكُمْ قَالُوا وَاللَّهِ لَوْ كَانَ حَيًّا كَانَ عَيْبًا فِيهِ لِأَنَّهُ أَسَكُّ فَكَيْفَ وَهُوَ مَيِّتٌ فَقَالَ فَوَاللَّهِ لَلدُّنْيَا أَهْوَنُ عَلَى

5243: حضرت جابر بن عبد اللہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ (مدینہ کی) ایک نواحی بستی کے بازار کے اندر جا رہے تھے اور لوگ آپؐ کے پہلو میں تھے۔ آپؐ بھیڑ کے ایک کان کٹے مردہ بچے کے پاس سے گذرے۔ آپؐ نے اسے اس کے کان سے پکڑا اور فرمایا کہ تم میں سے کون اسے ایک درہم کے بدلہ لینا پسند کرے گا؟ انہوں نے عرض کیا ہم اسے کسی چیز کے بدلہ لینا پسند نہیں کریں گے اور ہم اسے کیا کریں گے؟ آپؐ نے فرمایا کیا تم چاہتے ہو کہ تمہیں یہ مل جائے؟ انہوں نے کہا اللہ کی قسم اگر یہ زندہ ہوتا تب بھی اس میں نقص تھا کہ اس کے کان کٹے ہوئے ہیں تو

5242 :تخریج: ترمذی کتاب الزھد باب ماجاء ان الدنیا سجن المؤمن وجنة الکافر 2324 **ابن ماجه** کتاب الزھد باب مثل الدنیا 4113

5243 :تخریج: ابوداؤد کتاب الطھارۃ باب ترک الوضوء من مس المیتة 186

اللَّهِ مِنْ هَذَا عَلَيْكُمْ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى الْعَنَزِيُّ وَإِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَرْعَرَةَ السَّامِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ يَعْنِيَانِ الثَّقَفِيَّ عَنْ جَعْفَرٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ غَيْرَ أَنَّ فِي حَدِيثِ الثَّقَفِيِّ فَلَوْ كَانَ حَيًّا كَانَ هَذَا السَّكَكُ بِهِ عَيْبًا [7419,7418]

کیسے جب یہ مرا ہوا ہو۔۔؟ آپؐ نے فرمایا اللہ کی قسم! دنیا اللہ کے سامنے اس سے بھی زیادہ بے حیثیت ہے جتنا یہ تمہارے نزدیک ہے۔

ایک اور روایت میں (لَوْكَانَ حَيًّا كَانَ عَيْبًا فِيْهِ لِاَنَّهُ اَسَكُّ کی بجائے) فَلَوْكَانَ حَيًّا كَانَ هَذَا السِّكَكُ بِهِ عَيْبًا کے الفاظ ہیں۔

5244{3} حَدَّثَنَا هَدَّابُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقْرَأُ أَلْهَاكُمُ التَّكَاثُرُ قَالَ يَقُولُ ابْنُ آدَمَ مَالِي مَالِي قَالَ وَهَلْ لَكَ يَا ابْنَ آدَمَ مِنْ مَالِكَ إِلَّا مَا أَكَلْتَ فَأَفْنَيْتَ أَوْ لَبِسْتَ فَأَبْلَيْتَ أَوْ تَصَدَّقْتَ فَأَمْضَيْتَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ وَقَالَا جَمِيعًا حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ عَنْ سَعِيدٍ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنَا أَبِي كُلُّهُمْ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ انْتَهَيْتُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ بِمِثْلِ حَدِيثِ هَمَّامٍ [7421,7420]

5244: مطرف اپنے والد سے روایت کرتے ہیں میں نبی ﷺ کے پاس آیا تو آپؐ أَلْهَاكُمُ التَّكَاثُرُ کی تلاوت فرما رہے تھے۔ آپؐ نے فرمایا ابن آدم کہتا ہے میرا مال میرا مال۔ آپؐ نے فرمایا اے ابن آدم! تیرا مال تو وہی ہے جو تو نے کھایا اور ختم کر دیا، پہن کر پرانا کر دیا یا صدقہ کیا اور آگے بھیج دیا۔

ایک روایت میں (اَتَيْتُ النَّبِىَّ ﷺ کی بجائے) اِنْتَهَيْتُ اِلَى النَّبِيِّ ﷺ کے الفاظ ہیں۔

5244 :تخریج : ترمذی کتاب الزھد باب ماجاء فی الذھادة فی الدنیا 2342 نسائی کتاب الوصایاالکراھیة فی تاخیر الوصیة 3613

5245{4}حَدَّثَنِي سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنِي حَفْصُ بْنُ مَيْسَرَةَ عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَقُولُ الْعَبْدُ مَالِي مَالِي إِنَّمَا لَهُ مِنْ مَالِهِ ثَلَاثٌ مَا أَكَلَ فَأَفْنَى أَوْ لَبِسَ فَأَبْلَى أَوْ أَعْطَى فَاقْتَنَى وَمَا سِوَى ذَلِكَ فَهُوَ ذَاهِبٌ وَتَارِكُهُ لِلنَّاسِ و حَدَّثَنِيهِ أَبُو بَكْرِ بْنُ إِسْحَقَ أَخْبَرَنَا ابْنُ أَبِي مَرْيَمَ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ أَخْبَرَنِي الْعَلَاءُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ[7423,7422]

5245: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بندہ کہتا ہے میرا مال میرا مال حالانکہ اس کے لئے اس کے مال کی تو تین صورتیں ہیں وہ جو اس نے کھایا اور ختم کر دیا پہنا اور پرانا کر دیا یا اس نے دیا اور (آخرت کے لئے) ذخیرہ کر لیا اور جو اس کے علاوہ ہے وہ جانے والا ہے اور وہ اسے لوگوں کے لئے چھوڑنے والا ہے۔

5246{5}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ كِلَاهُمَا عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ قَالَ يَحْيَى أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ قَالَ سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتْبَعُ الْمَيِّتَ ثَلَاثَةٌ فَيَرْجِعُ اثْنَانِ وَيَبْقَى وَاحِدٌ يَتْبَعُهُ أَهْلُهُ وَمَالُهُ وَعَمَلُهُ فَيَرْجِعُ أَهْلُهُ وَمَالُهُ وَيَبْقَى عَمَلُهُ [7424]

5246: حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تین چیزیں مرنے والے کے ساتھ جاتی ہیں دو واپس لوٹ آتی ہیں اور ایک رہ جاتی ہے۔ اس کے ساتھ اس کے اہل اس کا مال اور اس کا عمل جاتے ہیں اس کا اہل اور مال تو واپس آجاتے ہیں اور عمل باقی رہ جاتا ہے۔

5247{6} حَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللَّهِ يَعْنِي ابْنَ حَرْمَلَةَ بْنِ عِمْرَانَ

5247: حضرت عمرو بن عوفؓ جو بنو عامر بن لُؤَيّ کے حلیف تھے اور بدر میں رسول اللہ ﷺ کے

5246 : تخریج : بخاری كتاب الرقاق باب سكرات الموت 6514 **ترمذی** كتاب الزهد باب ماجاء مثل ابن آدم واهله وولده 2379 **نسائی** كتاب الجنائز النهى عن سب الاموات 1937

5247 : تخریج: بخاری كتاب المغازی باب شهود الملائكة بدرًا 4015 كتاب الرقاق باب ما يحذر من زهرة الدنيا 6425 كتاب الجزية والموادعة باب الجزية والموادعة مع اهل الذمة والحرب 3158 **ترمذی** كتاب صفة القيامة والرقائق والورع باب ما جاء فی صفة اوانی الحوض 2462 **ابن ماجه** كتاب الفتن باب فتنة المال 3997

التُّجِيبِيَّ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنْ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ أَنَّ الْمِسْوَرَ بْنَ مَخْرَمَةَ أَخْبَرَهُ أَنَّ عَمْرَو بْنَ عَوْفٍ وَهُوَ حَلِيفُ بَنِي عَامِرِ بْنِ لُؤَيٍّ وَكَانَ شَهِدَ بَدْرًا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخْبَرَهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ أَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ إِلَى الْبَحْرَيْنِ يَأْتِي بِجِزْيَتِهَا وَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ صَالَحَ أَهْلَ الْبَحْرَيْنِ وَأَمَّرَ عَلَيْهِمُ الْعَلَاءَ بْنَ الْحَضْرَمِيِّ فَقَدِمَ أَبُو عُبَيْدَةَ بِمَالٍ مِنَ الْبَحْرَيْنِ فَسَمِعَتِ الْأَنْصَارُ بِقُدُومِ أَبِي عُبَيْدَةَ فَوَافَوْا صَلَاةَ الْفَجْرِ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا صَلَّى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْصَرَفَ فَتَعَرَّضُوا لَهُ فَتَبَسَّمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ رَآهُمْ ثُمَّ قَالَ أَظُنُّكُمْ سَمِعْتُمْ أَنَّ أَبَا عُبَيْدَةَ قَدِمَ بِشَيْءٍ مِنَ الْبَحْرَيْنِ فَقَالُوا أَجَلْ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ فَأَبْشِرُوا وَأَمِّلُوا مَا يَسُرُّكُمْ فَوَاللَّهِ مَا الْفَقْرَ أَخْشَى عَلَيْكُمْ وَلَكِنِّي أَخْشَى عَلَيْكُمْ أَنْ تُبْسَطَ الدُّنْيَا عَلَيْكُمْ كَمَا بُسِطَتْ عَلَى مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ فَتَنَافَسُوهَا كَمَا تَنَافَسُوهَا وَتُهْلِكَكُمْ كَمَا

ساتھ موجود تھے بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت ابوعبیدہ بن جراح ؓ کو جزیہ لینے کے لئے بحرین بھیجا۔ رسول اللہ ﷺ نے بحرین والوں سے صلح کا معاہدہ کیا تھا اور حضرت علاء حضرمی ؓ کو ان پر امیر مقرر فرمایا تھا۔ حضرت ابوعبیدہ ؓ بحرین سے مال لے کر آئے۔ انصار ؓ نے حضرت ابوعبیدہ ؓ کے آنے کا سنا تو نماز فجر رسول اللہ ﷺ کے ساتھ (ادا کرنے کے لئے) پہنچ گئے۔ جب آپ ﷺ نے نماز ادا کی تو آپ ؐ مڑے۔ وہ ان کے سامنے ہوئے تو رسول اللہ ﷺ انہیں دیکھ کر مسکرائے اور فرمایا میرا خیال ہے تم نے سن لیا ہے کہ بحرین سے ابوعبیدہ ؓ کچھ لائے ہیں۔ انہوں نے عرض کیا ہاں یا رسول ؐ اللہ! آپ ؐ نے فرمایا خوش ہو جاؤ اور اس بات کی امید رکھو جو تم کو خوش کر دے گی۔ اللہ کی قسم مجھے تمہارے بارہ میں غربت کا ڈر نہیں ہے ہاں مگر تمہارے بارہ میں یہ ڈر ہے کہ تم پر دنیا کشادہ کر دی جائے جیسے تم سے پہلے لوگوں پر کشادہ کر دی گئی تھی اور پھر تم اس میں ایک دوسرے سے مقابلہ کرنے لگو جیسے انہوں نے کیا تھا اور وہ تمہیں ہلاک کر دے جیسے اس نے ان کو ہلاک کیا تھا۔

ایک روایت میں (وَتُهْلِكَكُمْ كَمَا اَهْلَكَتْهُمْ کی بجائے) وَتُلْهِيَكُمْ كَمَا اَلْهَتْهُمْ کے الفاظ ہیں۔

أَهْلَكَتْهُمْ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ جَمِيعًا عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ صَالِحٍ ح و حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدَّارِمِيُّ أَخْبَرَنَا أَبُو الْيَمَانِ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ كِلَاهُمَا عَنِ الزُّهْرِيِّ بِإِسْنَادِ يُونُسَ وَمِثْلِ حَدِيثِهِ غَيْرَ أَنَّ فِي حَدِيثِ صَالِحٍ وَتُلْهِيَكُمْ كَمَا أَلْهَتْهُمْ [7426,7425]

5248{7}حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ سَوَّادٍ الْعَامِرِيُّ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ أَنَّ بَكْرَ بْنَ سَوَادَةَ حَدَّثَهُ أَنَّ يَزِيدَ بْنَ رَبَاحٍ هُوَ أَبُو فِرَاسٍ مَوْلَى عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ حَدَّثَهُ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ إِذَا فُتِحَتْ عَلَيْكُمْ فَارِسُ وَالرُّومُ أَيُّ قَوْمٍ أَنْتُمْ قَالَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ نَقُولُ كَمَا أَمَرَنَا اللَّهُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْ غَيْرَ ذَلِكَ تَتَنَافَسُونَ ثُمَّ تَتَحَاسَدُونَ ثُمَّ تَتَدَابَرُونَ ثُمَّ تَتَبَاغَضُونَ أَوْ نَحْوَ ذَلِكَ ثُمَّ تَنْطَلِقُونَ فِي مَسَاكِينِ الْمُهَاجِرِينَ فَتَجْعَلُونَ بَعْضَهُمْ عَلَى رِقَابِ بَعْضٍ [7427]

5248: حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاصؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب فارس اور روم تمہارے ہاتھوں فتح ہوجائیں گے تم کیسے لوگ ہوجاؤ گے؟ حضرت عبدالرحمان بن عوفؓ نے عرض کیا کہ ہم وہی کہیں گے جس کا اللہ نے ہمیں حکم دیا ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یا کچھ اور، تم باہم مقابلہ کرو گے اور باہم حسد کرو گے پھر تم باہم قطع تعلق کرو گے اور تم باہم بغض رکھو گے یا اس جیسے اور (فرمایا) پھر تم مسکین مہاجروں کے پاس جاؤ گے پھر تم ان میں سے بعض کو بعض کی گردنوں پر سوار کردو گے۔

5248 :تخريج : ابن ماجه كتاب الفتن باب فتنة المال 3996

5249{8} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا و قَالَ يَحْيَى أَخْبَرَنَا الْمُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحِزَامِيُّ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا نَظَرَ أَحَدُكُمْ إِلَى مَنْ فُضِّلَ عَلَيْهِ فِي الْمَالِ وَالْخَلْقِ فَلْيَنْظُرْ إِلَى مَنْ هُوَ أَسْفَلَ مِنْهُ مِمَّنْ فُضِّلَ عَلَيْهِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِيثِ أَبِي الزِّنَادِ سَوَاءً [7429,7428]

5249: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب تم میں سے کوئی اس کو دیکھے جسے اس پر مال اور شکل وصورت میں فضیلت عطا کی گئی تو چاہئے کہ وہ اسے (بھی) دیکھے جو اس سے نیچے ہے جس پر اسے فضیلت دی گئی ہے۔

5250{9} وحَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ح و حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ح و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ وَوَكِيعٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْظُرُوا إِلَى مَنْ أَسْفَلَ مِنْكُمْ وَلَا تَنْظُرُوا إِلَى مَنْ هُوَ فَوْقَكُمْ فَهُوَ أَجْدَرُ أَنْ لَا تَزْدَرُوا نِعْمَةَ اللَّهِ قَالَ أَبُو مُعَاوِيَةَ عَلَيْكُمْ [7430]

5250: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اس کی طرف دیکھو جو تم سے نیچے ہے اور اس کی طرف مت دیکھو جو تم سے اوپر ہے یہ اس بات کے زیادہ لائق ہے کہ تم اللہ کی نعمت کی تحقیر نہ کرو۔

ایک روایت میں (نِعْمَةَ اللّٰهِ کے بعد) عَلَيْكُمْ کے الفاظ ہیں۔

5249 : اطراف: مسلم کتاب الذھد والرقائق باب الدنیا سجن المؤمن 5250

تخریج: بخاری کتاب الرقائق باب لینظر الی من ھو اسفل منہ 6490

5250 : اطراف: مسلم :کتاب الذھد والرقائق باب الدنیا سجن المؤمن 5249

تخریج: بخاری کتاب الرقائق باب لینظر الی من ھو اسفل منہ 6490

5251{10}حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي عَمْرَةَ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ حَدَّثَهُ أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ ثَلَاثَةً فِي بَنِي إِسْرَائِيلَ أَبْرَصَ وَأَقْرَعَ وَأَعْمَى فَأَرَادَ اللَّهُ أَنْ يَبْتَلِيَهُمْ فَبَعَثَ إِلَيْهِمْ مَلَكًا فَأَتَى الْأَبْرَصَ فَقَالَ أَيُّ شَيْءٍ أَحَبُّ إِلَيْكَ قَالَ لَوْنٌ حَسَنٌ وَجِلْدٌ حَسَنٌ وَيَذْهَبُ عَنِّي الَّذِي قَدْ قَذِرَنِي النَّاسُ قَالَ فَمَسَحَهُ فَذَهَبَ عَنْهُ قَذَرُهُ وَأُعْطِيَ لَوْنًا حَسَنًا وَجِلْدًا حَسَنًا قَالَ فَأَيُّ الْمَالِ أَحَبُّ إِلَيْكَ قَالَ الْإِبِلُ أَوْ قَالَ الْبَقَرُ شَكَّ إِسْحَقُ إِلَّا أَنَّ الْأَبْرَصَ أَوِ الْأَقْرَعَ قَالَ أَحَدُهُمَا الْإِبِلُ وَقَالَ الْآخَرُ الْبَقَرُ قَالَ فَأُعْطِيَ نَاقَةً عُشَرَاءَ فَقَالَ بَارَكَ اللَّهُ لَكَ فِيهَا قَالَ فَأَتَى الْأَقْرَعَ فَقَالَ أَيُّ شَيْءٍ أَحَبُّ إِلَيْكَ قَالَ شَعَرٌ حَسَنٌ وَيَذْهَبُ عَنِّي هَذَا الَّذِي قَدْ قَذِرَنِي النَّاسُ قَالَ فَمَسَحَهُ فَذَهَبَ عَنْهُ وَأُعْطِيَ شَعَرًا حَسَنًا قَالَ فَأَيُّ الْمَالِ أَحَبُّ إِلَيْكَ قَالَ الْبَقَرُ فَأُعْطِيَ بَقَرَةً حَامِلًا فَقَالَ بَارَكَ اللَّهُ لَكَ فِيهَا قَالَ فَأَتَى الْأَعْمَى فَقَالَ أَيُّ شَيْءٍ أَحَبُّ إِلَيْكَ قَالَ أَنْ

5251: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ بنی اسرائیل میں تین شخص تھے ایک مبروص تھا ایک گنجا اور ایک نابینا۔ اللہ نے ارادہ کیا کہ ان کی آزمائش کرے۔ اس نے ان کی طرف ایک فرشتہ بھیجا وہ مبروص کے پاس آیا اور پوچھا کہ تجھے کیا چیز سب سے زیادہ پسند ہے؟ اس نے کہا کہ خوبصورت رنگ، خوبصورت جلد اور یہ مجھ سے دور ہو جائے جس کی وجہ سے لوگ مجھ سے کراہت کرتے ہیں۔ فرمایا اس (فرشتہ) نے اس پر ہاتھ پھیرا تو اس سے وہ بیماری جاتی رہی اور اسے خوبصورت رنگ اور خوبصورت جلد عطا کی گئی۔ اس (فرشتہ) نے کہا کہ کونسا مال تجھے پسند ہے؟ اس نے کہا اونٹ یا کہا گائے۔ راوی اسحاق کو اس بارہ میں شک ہے کہ مبروص یا گنجے میں سے کسی ایک نے اونٹ کہا تھا اور دوسرے نے گائے۔ فرمایا اسے دس ماہ کی گابھن اونٹنی دی گئی اور کہا کہ اللہ تجھے اس میں برکت دے۔ فرمایا پھر وہ گنجے کے پاس آیا اور کہا تجھے سب سے زیادہ کیا اچھا لگتا ہے؟ اس نے کہا خوبصورت بال اور یہ مجھ سے دور ہو جائے جس کی وجہ سے لوگوں کو مجھ سے کراہت آتی ہے۔ فرمایا اس (فرشتہ) نے اس پر ہاتھ پھیرا اور اس سے وہ (بیماری) جاتی رہی اور اسے خوبصورت بال عطا کئے

5251: تخریج: بخاری کتاب احادیث الانبیاء باب حدیث ابرص واعمی واقرع فی بنی اسرائیل 3464 کتاب الایمان والنذور باب لا یقول ماشاء اللہ وشئت 6653

يَرُدَّ اللَّهُ إِلَيَّ بَصَرِي فَأُبْصِرَ بِهِ النَّاسَ قَالَ فَمَسَحَهُ فَرَدَّ اللَّهُ إِلَيْهِ بَصَرَهُ قَالَ فَأَيُّ الْمَالِ أَحَبُّ إِلَيْكَ قَالَ الْغَنَمُ فَأُعْطِيَ شَاةً وَالِدًا فَأُنْتِجَ هَذَانِ وَوَلَّدَ هَذَا قَالَ فَكَانَ لِهَذَا وَادٍ مِنَ الْإِبِلِ وَلِهَذَا وَادٍ مِنَ الْبَقَرِ وَلِهَذَا وَادٍ مِنَ الْغَنَمِ قَالَ ثُمَّ إِنَّهُ أَتَى الْأَبْرَصَ فِي صُورَتِهِ وَهَيْئَتِهِ فَقَالَ رَجُلٌ مِسْكِينٌ قَدِ انْقَطَعَتْ بِيَ الْحِبَالُ فِي سَفَرِي فَلَا بَلَاغَ لِي الْيَوْمَ إِلَّا بِاللَّهِ ثُمَّ بِكَ أَسْأَلُكَ بِالَّذِي أَعْطَاكَ اللَّوْنَ الْحَسَنَ وَالْجِلْدَ الْحَسَنَ وَالْمَالَ بَعِيرًا أَتَبَلَّغُ عَلَيْهِ فِي سَفَرِي فَقَالَ الْحُقُوقُ كَثِيرَةٌ فَقَالَ لَهُ كَأَنِّي أَعْرِفُكَ أَلَمْ تَكُنْ أَبْرَصَ يَقْذَرُكَ النَّاسُ فَقِيرًا فَأَعْطَاكَ اللَّهُ فَقَالَ إِنَّمَا وَرِثْتُ هَذَا الْمَالَ كَابِرًا عَنْ كَابِرٍ فَقَالَ إِنْ كُنْتَ كَاذِبًا فَصَيَّرَكَ اللَّهُ إِلَى مَا كُنْتَ قَالَ وَأَتَى الْأَقْرَعَ فِي صُورَتِهِ فَقَالَ لَهُ مِثْلَ مَا قَالَ لِهَذَا وَرَدَّ عَلَيْهِ مِثْلَ مَا رَدَّ عَلَى هَذَا فَقَالَ إِنْ كُنْتَ كَاذِبًا فَصَيَّرَكَ اللَّهُ إِلَى مَا كُنْتَ قَالَ وَأَتَى الْأَعْمَى فِي صُورَتِهِ وَهَيْئَتِهِ فَقَالَ رَجُلٌ مِسْكِينٌ وَابْنُ سَبِيلٍ انْقَطَعَتْ بِيَ الْحِبَالُ فِي سَفَرِي فَلَا بَلَاغَ لِي الْيَوْمَ إِلَّا بِاللَّهِ ثُمَّ بِكَ

گئے۔اس (فرشتہ) نے کہا کہ کونسا مال تجھے پسند ہے؟ اس نے کہا گائیاں چنانچہ اسے حاملہ گائے دی گئی اور کہا اللہ تجھے اس میں برکت دے۔فرمایا وہ نابینا کے پاس آیا اور کہا کہ تجھے سب سے زیادہ کیا پسند ہے؟ اس نے کہا یہ کہ اللہ مجھے میری نظر لوٹا دے جس سے میں لوگوں کو دیکھ سکوں۔فرمایا پھر اس نے اس پر ہاتھ پھیرا تو اللہ نے اسے اس کی نظر لوٹا دی۔ اس نے پوچھا کہ تجھے کون سا مال زیادہ پسند ہے؟ اس نے کہا بکریاں پس اسے زیادہ بچے دینے والی بکری عطا کی گئی سوان دونوں نے بھی بچے دیئے اور اس نے بھی بچے دیئے۔فرمایا کہ اس کے لئے اونٹوں کی وادی ہوگئی اور اس کے لئے گائیوں کی وادی اور اس کے لئے بکریوں کی وادی۔فرمایا کہ پھر وہ (فرشتہ) مبروص کے پاس اس کی (پرانی) صورت اور ہیئت میں گیا اور کہا کہ میں ایک مسکین آدمی ہوں اور سفر میں میرے سب اسباب جاتے رہے۔پس آج اللہ اور پھر تمہارے بغیر میرا پہنچنا ممکن نہیں۔میں تم سے اس کے نام پر سوال کرتا ہوں جس نے تمہیں خوبصورت رنگ اور خوبصورت جلد اور مال عطا کیا ہے ایک اونٹ مانگتا ہوں جو میرے سفر میں میرا کام بنا دے اس نے کہا ذمہ داریاں بہت ہیں۔اس پر اس نے کہا میرا خیال ہے کہ میں تمہیں پہچانتا ہوں کیا تم مبروص نہیں تھے جس سے لوگ کراہت کرتے تھے؟ (کیا تم) وہ فقیر (نہیں تھے)

أَسْأَلُكَ بِالَّذِي رَدَّ عَلَيْكَ بَصَرَكَ شَاةً أَتَبَلَّغُ بِهَا فِي سَفَرِي فَقَالَ قَدْ كُنْتُ أَعْمَى فَرَدَّ اللَّهُ إِلَيَّ بَصَرِي فَخُذْ مَا شِئْتَ وَدَعْ مَا شِئْتَ فَوَاللَّهِ لَا أَجْهَدُكَ الْيَوْمَ شَيْئًا أَخَذْتَهُ لِلَّهِ فَقَالَ أَمْسِكْ مَالَكَ فَإِنَّمَا ابْتُلِيتُمْ فَقَدْ رُضِيَ عَنْكَ وَسُخِطَ عَلَى صَاحِبَيْكَ[7431]

جسے اللہ نے عطا کیا ہے۔اس نے کہا کہ میں تو اس مال کا نسل درنسل وارث ہوں۔اس نے کہا کہ اگر تم جھوٹے ہو تو اللہ تمہیں تمہاری پہلی حالت کی طرف لوٹا دے گا۔فرمایا وہ (فرشتہ) گنجے کے پاس اس کی (پرانی) صورت میں آیا اور اسے بھی وہی کہا جو پہلے کو کہا تھا اور اس نے وہی جواب دیا جو پہلے نے جواب دیا تھا اس پر اس نے کہا اگر تو جھوٹا ہے تو اللہ تجھے ویسا ہی کر دے جیسے تو تھا فرمایا پھر وہ اندھے کے پاس اس کی شکل وصورت میں آیا اور کہا کہ میں ایک مسکین شخص مسافر ہوں میرے سفر کے سب ذرائع کٹ چکے ہیں۔ آج اللہ اور پھر تمہارے بغیر میرا (منزل تک) پہنچنا ناممکن ہے۔ میں تم سے اس کے واسطہ سے جس نے تمہاری نظر تمہیں لوٹائی ہے ایک بکری مانگتا ہوں جو میرے سفر میں مجھے کفایت کر جائے۔اس پر اس نے کہا کہ میں اندھا تھا اللہ نے مجھے میری نظر لوٹائی۔پس جو تو چاہے لے لے اور جو تو چاہے چھوڑ دے اللہ کی قسم آج کے دن میں تجھ پر اس بارہ میں جو تو نے اللہ کی خاطر لیا میں تمہیں کوئی روک ٹوک نہیں کروں گا۔اس پر اس نے کہا کہ اپنا مال اپنے پاس ہی رکھو۔(تم تینوں کی) آزمائش کی گئی تھی اللہ تجھ سے راضی ہو گیا اور تیرے دونوں ساتھیوں سے ناراض ہوا۔

5252{11} حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ وَاللَّفْظُ لِإِسْحَقَ قَالَ عَبَّاسٌ حَدَّثَنَا و قَالَ إِسْحَقُ أَخْبَرَنَا

5252: عامر بن سعد سے روایت ہے کہ حضرت سعد بن ابی وقاصؓ اپنے اونٹوں میں تھے کہ ان کا بیٹا عُمرؓ اُن کے پاس آیا۔جب حضرت سعدؓ نے

أَبُوبَكْرٍ الْحَنَفِيُّ حَدَّثَنَا بُكَيْرُ بْنُ مِسْمَارٍ حَدَّثَنِي عَامِرُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ كَانَ سَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ فِي إِبِلِهِ فَجَاءَهُ ابْنُهُ عُمَرُ فَلَمَّا رَآهُ سَعْدٌ قَالَ أَعُوذُ بِاللَّهِ مِنْ شَرِّ هَذَا الرَّاكِبِ فَنَزَلَ فَقَالَ لَهُ أَنَزَلْتَ فِي إِبِلِكَ وَغَنَمِكَ وَتَرَكْتَ النَّاسَ يَتَنَازَعُونَ الْمُلْكَ بَيْنَهُمْ فَضَرَبَ سَعْدٌ فِي صَدْرِهِ فَقَالَ اسْكُتْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْعَبْدَ التَّقِيَّ الْغَنِيَّ الْخَفِيَّ [7432]

اسے دیکھا تو کہا میں اس سوار کے شر سے اللہ کی پناہ میں آتا ہوں۔ وہ نیچے اترا تو اس نے ان سے کہا کہ آپ اپنے اونٹوں اور بھیڑ بکریوں میں آ گئے ہیں اور لوگوں کو سلطنت کے بارہ میں باہمی تنازعہ کرتے ہوئے چھوڑ آئے ہیں۔ اس پر حضرت سعدؓ نے اس کے سینہ پر ہاتھ مارا اور کہا کہ خاموش ہو جاؤ۔ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ یقیناً اللہ متقی، بے نیاز اور (لوگوں کی نظر سے) پوشیدہ بندہ کو پسند کرتا ہے۔

5253{12} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيبٍ الْحَارِثِيُّ حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ قَالَ سَمِعْتُ إِسْمَعِيلَ عَنْ قَيْسٍ عَنْ سَعْدٍ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي وَابْنُ بِشْرٍ قَالَا حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ عَنْ قَيْسٍ قَالَ سَمِعْتُ سَعْدَ بْنَ أَبِي وَقَّاصٍ يَقُولُ وَاللَّهِ إِنِّي لَأَوَّلُ رَجُلٍ مِنَ الْعَرَبِ رَمَى بِسَهْمٍ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَلَقَدْ كُنَّا نَغْزُو مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا لَنَا طَعَامٌ نَأْكُلُهُ إِلَّا وَرَقُ الْحُبْلَةِ وَهَذَا السَّمُرُ حَتَّى إِنَّ أَحَدَنَا لَيَضَعُ كَمَا تَضَعُ الشَّاةُ ثُمَّ أَصْبَحَتْ بَنُو

5253: حضرت سعد بن ابی وقاصؓ بیان کرتے ہیں کہ اللہ کی قسم! میں عربوں میں سے پہلا شخص ہوں جس نے خدا کی راہ میں تیر چلایا اور کبھی یہ بھی ہوا جب ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ غزوہ میں جاتے تو ہمارے لئے سوائے حُبلہ (جنگلی درخت) کے پتوں اور اس کیکر کے کچھ کھانے کو نہ ہوتا یہانتک کہ ہم بکری کی طرح مینگنیاں کرتے پھر بنو اسد دین کے بارہ میں مجھ پر نکتہ چینی کرنے لگے تب تو میں خائب و خاسر ہو گیا اور میرے اعمال رائیگاں گئے۔

ایک روایت میں إِذًا کا لفظ نہیں۔

ایک اور روایت میں حَتَّى إِنْ كَانَ أَحَدُنَا لَيَضَعُ

5253: تخریج: بخاری كتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب سعد بن ابی وقاص 3728 كتاب الاطعمة باب ما كان النبی ﷺ واصحابه یاكلون 5412 كتاب الرقاق باب كيف كان عيش النبی ﷺ واصحابه 6453 **ترمذی** كتاب الزهد باب ما جاء فی معیشة اصحاب النبی ﷺ 2365، 2366 **ابن ماجه** باب فی فضائل اصحاب رسول الله ﷺ 131 كتاب الزهد باب المعيشة اصحاب النبی ﷺ 4156

أَسَدٍ تُعَزِّرُنِي عَلَى الدِّينِ لَقَدْ خِبْتُ إِذًا وَضَلَّ عَمَلِي وَلَمْ يَقُلْ ابْنُ نُمَيْرٍ إِذًا {13} وَ حَدَّثَنَاه يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا وَكِيعٌ عَنْ إِسْمَعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَقَالَ حَتَّى إِنْ كَانَ أَحَدُنَا لَيَضَعُ كَمَا تَضَعُ الْعَنْزُ مَا يَخْلِطُهُ بِشَيْءٍ [7434,7433]

كَمَا تَضَعُ الْعَنْزُ مَا يَخْلِطُهُ بِشَيْءٍ کے الفاظ ہیں۔

5254{14}حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ عُمَيْرٍ الْعَدَوِيِّ قَالَ خَطَبَنَا عُتْبَةُ بْنُ غَزْوَانَ فَحَمِدَ اللَّهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ أَمَّا بَعْدُ فَإِنَّ الدُّنْيَا قَدْ آذَنَتْ بِصَرْمٍ وَوَلَّتْ حَذَّاءَ وَلَمْ يَبْقَ مِنْهَا إِلَّا صُبَابَةٌ كَصُبَابَةِ الْإِنَاءِ يَتَصَابُّهَا صَاحِبُهَا وَإِنَّكُمْ مُنْتَقِلُونَ مِنْهَا إِلَى دَارٍ لَا زَوَالَ لَهَا فَانْتَقِلُوا بِخَيْرِ مَا بِحَضْرَتِكُمْ فَإِنَّهُ قَدْ ذُكِرَ لَنَا أَنَّ الْحَجَرَ يُلْقَى مِنْ شَفَةِ جَهَنَّمَ فَيَهْوِي فِيهَا سَبْعِينَ عَامًا لَا يُدْرِكُ لَهَا قَعْرًا وَ وَاللَّهِ لَتُمْلَأَنَّ أَفَعَجِبْتُمْ وَلَقَدْ ذُكِرَ لَنَا أَنَّ مَا بَيْنَ مِصْرَاعَيْنِ مِنْ مَصَارِيعِ الْجَنَّةِ مَسِيرَةُ أَرْبَعِينَ سَنَةً وَلَيَأْتِيَنَّ عَلَيْهَا يَوْمٌ وَهُوَ كَظِيظٌ

5254: خالد بن عمیر عدَوی بیان کرتے ہیں کہ حضرت عتبہ بن غزوانؓ نے ہمیں خطاب کیا انہوں نے اللہ کی حمد وثنا کی پھر کہا اما بعد دنیا نے اپنے ختم ہونے کا اعلان کر دیا ہے اور اس نے تیزی سے پیٹھ پھیر لی ہے۔اور اس میں کچھ بھی باقی نہ رہا سوائے اس کے جتنا برتن میں کچھ مشروب بچ رہتا ہے۔ جسے اس کا پینے والا چھوڑ دیتا ہے۔تم یہاں سے ایک لازوال گھر کی طرف منتقل ہونے والے ہو پس جو تمہارے پاس ہے اس سے بہتر میں منتقل ہو جاؤ۔ کیونکہ ہمارے پاس ذکر کیا گیا ہے کہ ایک پتھر جہنم کے کنارے سے پھینکا جائے گا۔ پھر وہ ستر برس تک اس میں گرتا چلا جائے گا اور اس کی تہہ تک نہ پہنچ پائے گا اور اللہ کی قسم اس (دوزخ) کو ضرور بھرا جائے گا کیا تم تعجب کرتے ہو؟ اور ہمیں بتایا گیا کہ جنت کے دو کواڑوں سے ایک کواڑ سے دوسرے کواڑ تک چالیس

5254 : اطراف: مسلم :کتاب الذھد والرقائق باب الدنیا سجن المؤمن 5255

تخریج : **ترمذی** :کتاب صفة جھنم باب ما جاء فی صفة جھنم 2575 **ابن ماجه** کتاب الذھدباب معیشة اصحاب النبی ﷺ 4156

مِنَ الزِّحَامِ وَلَقَدْ رَأَيْتُنِي سَابِعَ سَبْعَةٍ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا لَنَا طَعَامٌ إِلَّا وَرَقُ الشَّجَرِ حَتَّى قَرِحَتْ أَشْدَاقُنَا فَالْتَقَطْتُ بُرْدَةً فَشَقَقْتُهَا بَيْنِي وَبَيْنَ سَعْدِ بْنِ مَالِكٍ فَاتَّزَرْتُ بِنِصْفِهَا وَاتَّزَرَ سَعْدٌ بِنِصْفِهَا فَمَا أَصْبَحَ الْيَوْمَ مِنَّا أَحَدٌ إِلَّا أَصْبَحَ أَمِيرًا عَلَى مِصْرٍ مِنَ الْأَمْصَارِ وَإِنِّي أَعُوذُ بِاللَّهِ أَنْ أَكُونَ فِي نَفْسِي عَظِيمًا وَعِنْدَ اللَّهِ صَغِيرًا وَإِنَّهَا لَمْ تَكُنْ نُبُوَّةٌ قَطُّ إِلَّا تَنَاسَخَتْ حَتَّى يَكُونَ آخِرُ عَاقِبَتِهَا مُلْكًا فَسَتَخْبُرُونَ وَتُجَرِّبُونَ الْأُمَرَاءَ بَعْدَنَا و حَدَّثَنِي إِسْحَقُ بْنُ عُمَرَ بْنِ سَلِيطٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ عُمَيْرٍ وَقَدْ أَدْرَكَ الْجَاهِلِيَّةَ قَالَ خَطَبَ عُتْبَةُ بْنُ غَزْوَانَ وَكَانَ أَمِيرًا عَلَى الْبَصْرَةِ فَذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ شَيْبَانَ [7436,7435]

برس کا فاصلہ ہے اور ضرور اس پر ایک ایسا دن آئے گا کہ وہ لوگوں کی کثرت سے بھر جائے گی۔ میں نے اپنے تئیں دیکھا ہے کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سات میں سے ایک تھا اور کبھی درختوں کے پتوں کے سوا ہمارا کوئی کھانا نہیں تھا یہانتک کہ ہماری باچھیں زخمی ہوگئیں۔ مجھے ایک چادر ملی اور اسے پھاڑ کر اپنے اور سعد بن مالکؓ کے لئے دوٹکڑے کرلیا۔ آدھے کا میں نے ازار بنالیا اور آدھے کا سعدؓ نے بنالیا۔ لیکن آج جب ہم میں سے کوئی صبح کرتا ہے تو کسی شہر کا امیر ہوتا ہے اور میں اس بات سے اللہ کی پناہ میں آتا ہوں کہ میں اپنے نفس میں بڑا سمجھوں اور اللہ کے نزدیک بہت چھوٹا ہوں۔ کوئی نبوت (ماضی) میں ایسی نہیں ہوئی جس کا اثر زائل نہ ہوا ہو حتی کہ اس کا انجام بادشاہت نہ ہوا اور تم حقیقتِ حال جان لوگے اور حکام کا تمہیں ہمارے بعد تجربہ ہوجائے گا۔

ایک اور روایت خالد بن عُمیر سے مروی ہے جنہوں نے جاہلیت کا زمانہ پایا تھا وہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عتبہ بن غزوانؓ نے خطاب کیا اور وہ بصرہ کے امیر تھے۔

5255{15} وحَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ قُرَّةَ بْنِ خَالِدٍ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ عُمَيْرٍ قَالَ

5255: حضرت عتبہ بن غزوانؓ بیان کرتے ہیں کہ میں اپنے تئیں دیکھتا ہوں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سات میں سے ایک تھا اور کبھی حبلہ درخت

5255 : اطراف: مسلم كتاب الذهد والرقائق باب الدنيا سجن المؤمن 5254

تخریج: ترمذی کتاب صفة جهنم باب ما جاء فی صفة جهنم 2575 **ابن ماجه** کتاب الذهد باب معيشة اصحاب النبی ﷺ 4156

سَمِعْتُ عُتْبَةَ بْنَ غَزْوَانَ يَقُولُ لَقَدْ رَأَيْتُنِي سَابِعَ سَبْعَةٍ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا طَعَامُنَا إِلَّا وَرَقُ الْحُبْلَةِ حَتَّى قَرِحَتْ أَشْدَاقُنَا [7437]

کے پتوں کے سوا ہمارا کوئی کھانا نہیں ہوتا تھا یہاں تک کہ ہماری باچھیں زخمی ہوگئیں۔

5256{16} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ هَلْ نَرَى رَبَّنَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَالَ هَلْ تُضَارُّونَ فِي رُؤْيَةِ الشَّمْسِ فِي الظَّهِيرَةِ لَيْسَتْ فِي سَحَابَةٍ قَالُوا لَا قَالَ فَهَلْ تُضَارُّونَ فِي رُؤْيَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ لَيْسَ فِي سَحَابَةٍ قَالُوا لَا قَالَ فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَا تُضَارُّونَ فِي رُؤْيَةِ رَبِّكُمْ إِلَّا كَمَا تُضَارُّونَ فِي رُؤْيَةِ أَحَدِهِمَا قَالَ فَيَلْقَى الْعَبْدَ فَيَقُولُ أَيْ فُلْ أَلَمْ أُكْرِمْكَ وَأُسَوِّدْكَ وَأُزَوِّجْكَ وَأُسَخِّرْ لَكَ الْخَيْلَ وَالْإِبِلَ وَأَذَرْكَ تَرْأَسُ وَتَرْبَعُ فَيَقُولُ بَلَى قَالَ فَيَقُولُ أَفَظَنَنْتَ أَنَّكَ مُلَاقِيَّ فَيَقُولُ لَا فَيَقُولُ فَإِنِّي أَنْسَاكَ كَمَا نَسِيتَنِي

5256: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! کیا ہم قیامت کے دن اپنے رب کو دیکھیں گے؟ آپؐ نے فرمایا کیا تمہیں دوپہر کے وقت سورج دیکھنے میں جب وہ بادل میں نہ ہو کوئی دقّت ہوتی ہے؟ انہوں نے عرض کیا نہیں۔ آپؐ نے فرمایا کیا تمہیں چودھویں رات کو چاند دیکھنے میں کوئی دشواری ہوتی ہے جب وہ کسی بادل میں نہ ہو؟ انہوں نے عرض کیا نہیں۔ آپؐ نے فرمایا اس کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے جیسے تم ان میں سے کسی کی رؤیت میں دشواری محسوس نہیں کرتے اسی طرح اپنے رب کی رؤیت میں بھی دقت محسوس نہیں کروگے۔ فرمایا پھر وہ بندہ سے ملے گا اور کہے گا اے فلاں! کیا میں نے تجھے عزت نہیں دی تھی اور سرداری نہیں دی تھی؟ کیا میں نے تیری شادی نہیں کی تھی؟ اور گھوڑوں اور اونٹوں کو تیرے تابع نہیں کیا تھا؟ اور تجھے موقعہ نہیں دیا تھا کہ تو ریاست کرتا اور پھولتا

5256: تخریج: **بخاری** کتاب الاذان باب فضل السجود 806 کتاب التفسیر باب ان اللہ لا یظلم مثقال ذرة 4581 کتاب الرقاق باب الصراط جسر جھنم 6573 کتاب التوحید باب قول اللہ وجوہ یومئذ ناضرة 7434، 7437 **ترمذی** کتاب صفة الجنة باب ما جاء فی سوق الجنة 2549 باب ما جاء فی رؤیة الرب تبارک وتعالیٰ 2551، 2554 باب ما جاء فی خلود اھل الجنة واھل النار 2557 **ابوداؤد** کتاب السنة باب فی الرؤیة 4729، 4730، 4731 **ابن ماجه** باب فیما انکرت الجھیمة 177، 178، 179، 180

ثُمَّ يَلْقَى الثَّانِيَ فَيَقُولُ أَيْ فُلْ أَلَمْ أُكْرِمْكَ وَأُسَوِّدْكَ وَأُزَوِّجْكَ وَأُسَخِّرْ لَكَ الْخَيْلَ وَالْإِبِلَ وَأَذَرْكَ تَرْأَسُ وَتَرْبَعُ فَيَقُولُ بَلَى أَيْ رَبِّ فَيَقُولُ أَفَظَنَنْتَ أَنَّكَ مُلَاقِيَّ فَيَقُولُ لَا فَيَقُولُ فَإِنِّي أَنْسَاكَ كَمَا نَسِيتَنِي ثُمَّ يَلْقَى الثَّالِثَ فَيَقُولُ لَهُ مِثْلَ ذَلِكَ فَيَقُولُ يَا رَبِّ آمَنْتُ بِكَ وَبِكِتَابِكَ وَبِرُسُلِكَ وَصَلَّيْتُ وَصُمْتُ وَتَصَدَّقْتُ وَيُثْنِي بِخَيْرٍ مَا اسْتَطَاعَ فَيَقُولُ هَاهُنَا إِذًا قَالَ ثُمَّ يُقَالُ لَهُ الْآنَ نَبْعَثُ شَاهِدَنَا عَلَيْكَ وَيَتَفَكَّرُ فِي نَفْسِهِ مَنْ ذَا الَّذِي يَشْهَدُ عَلَيَّ فَيُخْتَمُ عَلَى فِيهِ وَيُقَالُ لِفَخِذِهِ وَلَحْمِهِ وَعِظَامِهِ انْطِقِي فَتَنْطِقُ فَخِذُهُ وَلَحْمُهُ وَعِظَامُهُ بِعَمَلِهِ وَذَلِكَ لِيُعْذِرَ مِنْ نَفْسِهِ وَذَلِكَ الْمُنَافِقُ وَذَلِكَ الَّذِي يَسْخَطُ اللَّهُ عَلَيْهِ [7438]

پھلتا؟ وہ کہے گا کیوں نہیں۔ پھر فرمایا اللہ فرمائے گا کیا تجھے خیال تھا کہ تو مجھ سے ملے گا؟ تو وہ کہے گا نہیں تو اللہ کہے گا کہ آج میں بھی تجھے بھلاتا ہوں جیسے تو نے مجھے بھلا دیا۔ پھر وہ دوسرے سے ملے گا اور کہے گا اے فلاں! کیا میں نے تجھے عزت نہیں دی تھی اور سرداری نہیں دی تھی کیا میں نے تیری شادی نہیں کی تھی؟ اور گھوڑوں اور اونٹوں کو تیرے تابع نہیں کیا تھا؟ اور تجھے موقعہ نہیں دیا کہ تو ریاست کرتا اور پھولتا پھلتا؟ وہ کہے گا کیوں نہیں۔ پھر فرمایا اللہ فرمائے گا کیا تجھے خیال تھا کہ تو مجھ سے ملنے والا ہے؟ تو وہ کہے گا نہیں۔ پھر اللہ کہے گا کہ آج میں بھی تجھے بھلاتا ہوں جیسے تو نے مجھے بھلایا۔ پھر وہ تیسرے سے ملے گا تو وہ اسے ایسا ہی کہے گا تو وہ کہے گا اے میرے رب! میں تجھ پر، تیری کتاب پر اور تیرے رسولوں پر ایمان لایا تھا۔ میں نے نماز پڑھی تھی اور روزہ رکھا تھا اور صدقہ کیا تھا اور جہاں تک ہوسکا اچھی تعریف کرے گا۔ وہ (اللہ) فرمائے گا تو پھر یہیں رہو فرمایا پھر اسے کہا جائے گا اب ہم تم پر اپنا گواہ کھڑا کریں گے۔ وہ اپنے دِل میں سوچے گا کہ کون ہے جو میرے خلاف گواہی دے گا؟ پھر اس کے منہ پر مہر لگا دی جائے گی اور پھر اس کی ران اور اس کے گوشت اور اس کی ہڈیوں سے کہا جائے گا کہ بولو تو اس کی ران اور اس کا گوشت اور اس کی ہڈیاں اس کے اعمال کو بیان کریں

گی اور یہ اسلئے ہوگا کہ اس کے پاس کوئی عذر نہ ہوگا۔
اور یہ منافق ہے اور یہ وہ ہے جس پر اللہ غضبناک ہوا۔

5257{17}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ النَّضْرِ بْنِ أَبِي النَّضْرِ حَدَّثَنِي أَبُو النَّضْرِ هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ الْأَشْجَعِيُّ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ عَنْ عُبَيْدٍ الْمُكْتِبِ عَنْ فُضَيْلٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضَحِكَ فَقَالَ هَلْ تَدْرُونَ مِمَّ أَضْحَكُ قَالَ قُلْنَا اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ قَالَ مِنْ مُخَاطَبَةِ الْعَبْدِ رَبَّهُ يَقُولُ يَا رَبِّ أَلَمْ تُجِرْنِي مِنْ الظُّلْمِ قَالَ يَقُولُ بَلَى قَالَ فَيَقُولُ فَإِنِّي لَا أُجِيزُ عَلَى نَفْسِي إِلَّا شَاهِدًا مِنِّي قَالَ فَيَقُولُ كَفَى بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ شَهِيدًا وَبِالْكِرَامِ الْكَاتِبِينَ شُهُودًا قَالَ فَيُخْتَمُ عَلَى فِيهِ فَيُقَالُ لِأَرْكَانِهِ انْطِقِي قَالَ فَتَنْطِقُ بِأَعْمَالِهِ قَالَ ثُمَّ يُخَلَّى بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْكَلَامِ قَالَ فَيَقُولُ بُعْدًا لَكُنَّ وَسُحْقًا فَعَنْكُنَّ كُنْتُ أُنَاضِلُ [7439]

5257: حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس تھے کہ آپؐ ہنس پڑے۔ پھر فرمایا کیا تمہیں پتہ ہے میں کیوں ہنسا ہوں؟ راوی کہتے ہیں ہم نے کہا اللہ اور اس کا رسولؐ بہتر جانتے ہیں آپؐ نے فرمایا کہ بندہ کی اپنے رب سے گفتگو پر۔ وہ کہے گا کہ اے میرے رب! کیا تو نے مجھے ظلم سے اپنی پناہ نہیں دی تھی؟ آپؐ نے فرمایا وہ کہے گا کیوں نہیں۔ آپؐ نے فرمایا وہ (بندہ) کہے گا میں اپنے خلاف کسی کی گواہی کا جواز نہیں دیکھتا سوائے جو مجھ سے ہو۔ آپؐ نے فرمایا اللہ فرمائے گا آج کے دن تیرا نفس ہی تجھ پر گواہی کے لئے کافی ہے اور معزز لکھنے والے گواہ ہیں۔ آپؐ نے فرمایا پھر اس کے منہ پر مہر لگا دی جائے گی اور اس کے اعضاء سے کہا جائے گا بولو فرمایا پھر وہ اس کے اعمال کے بارہ میں بولیں گے۔ اور فرمایا پھر اس کو بولنے دیا جائے گا فرمایا پھر وہ کہے گا دور ہو جاؤ تمہاری ہلاکت ہو۔ میں تمہارے لئے جھگڑا کرتا تھا۔

5258{18}حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ

5258: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے اللہ آل محمدؐ کو ضرورت

5258 : اطراف: مسلم :کتاب الزکوۃ باب فی الکفاف والقناعۃ 1733 کتاب الذھد والرقائق باب الدنیا سجن المؤمن 5259
تخریج : بخاری کتاب الرقاق باب کیف کان عیش النبی ﷺ واصحابہ 6460 **ترمذی** کتاب الذھد باب ما جاء فی معیشۃ النبی ﷺ واھلہ 2361 **ابن ماجہ** کتاب الذھد باب القناعۃ 4139

الْقَعْقَاعِ عَنْ أَبِي زُرْعَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللَّهُمَّ اجْعَلْ رِزْقَ آلِ مُحَمَّدٍ قُوتًا[7440]

کے مطابق رزق عطا فرما۔

5259{19} وحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَعَمْرٌو النَّاقِدُ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالُوا حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ عَنْ أَبِي زُرْعَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللَّهُمَّ اجْعَلْ رِزْقَ آلِ مُحَمَّدٍ قُوتًا وَفِي رِوَايَةِ عَمْرٍو اللَّهُمَّ ارْزُقْ و حَدَّثَنَاه أَبُو سَعِيدٍ الْأَشَجُّ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ قَالَ سَمِعْتُ الْأَعْمَشَ ذَكَرَ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَقَالَ كَفَافًا [7442,7441]

5259: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے اللہ! آل محمدؐ کو ضرورت کے مطابق رزق عطا فرما۔
ایک روایت میں (اللَّهُمَّ اجْعَلْ رِزْقَ کی بجائے) اللَّهُمَّ ارْزُقْ کے الفاظ ہیں۔ایک اور روایت میں (قُوتًا کی بجائے) كَفَافًا کے الفاظ ہیں (یعنی بقدر ضرورت)۔

5260{20} حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ إِسْحَقُ أَخْبَرَنَا و قَالَ زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا شَبِعَ آلُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنْذُ

5260: حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ جب سے آپ ﷺ مدینہ تشریف لائے آل محمد ﷺ کبھی گندم کی روٹی سے متواتر تین راتیں سیر نہیں ہوئے یہاںتک کہ آپؐ کی وفات ہوگئی۔

5259 : اطراف: مسلم کتاب الزکوۃ باب فی الکفاف والقناعۃ 1733 کتاب الذھد والرقائق باب الدنیا سجن المؤمن 5258
تخریج: بخاری کتاب الرقاق باب کیف کان عیش النبی ﷺ واصحابہ 6460 **ترمذی** کتاب الذھد باب ما جاء فی معیشۃ النبی ﷺ واھلہ 2361 **ابن ماجہ** کتاب الذھد باب القناعۃ 4139

5260 : اطراف: مسلم کتاب الذھد والرقائق باب الدنیا سجن المؤمن 5261، 5262، 5263، 5264، 5265
تخریج: بخاری کتاب الاطعمۃ باب ما کان النبی ﷺ واصحابہ یاکلون 5416 کتاب الرقاق باب کیف کان عیش النبی ﷺ واصحابہ 6454، 6455 **نسائی** کتاب الضحایا الادخار من الضاحی 4432 **ابن ماجہ** کتاب الاطعمۃ باب خبز البر 3343 3344 باب خبز الشعیر 3346

قَدِمَ الْمَدِينَةَ مِنْ طَعَامِ بُرٍّ ثَلَاثَ لَيَالٍ تِبَاعًا حَتَّى قُبِضَ [7443]

5261{21} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ إِسْحَقُ أَخْبَرَنَا و قَالَ الْآخَرَانِ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا شَبِعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ تِبَاعًا مِنْ خُبْزِ بُرٍّ حَتَّى مَضَى لِسَبِيلِهِ [7444]

5261: حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے کبھی متواتر تین دن گندم کی روٹی سیر ہو کر نہیں کھائی یہاں تک کہ آپؐ نے رحلت فرمائی۔

5262{22} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ يَزِيدَ يُحَدِّثُ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ مَا شَبِعَ آلُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ خُبْزِ شَعِيرٍ يَوْمَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ حَتَّى قُبِضَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [7445]

5262: حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ آلِ محمد ﷺ نے کبھی متواتر دو دن جو کی روٹی سیر ہو کر نہیں کھائی یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ کی وفات ہو گئی۔

5261 : **اطراف: مسلم** كتاب الذهد والرقائق باب الدنيا سجن المؤمن5260 ، 5262 ، 5263 ، 5264 ، 5265
تخريج: بخاری كتاب الاطعمة باب ما كان النبی ﷺ واصحابه ياكلون5416كتاب الرقاق باب كيف كان عيش النبی ﷺ واصحابه 6454 ، 6455 **نسائی** كتاب الضحايا الادخار من الاضاحی 4432 **ابن ماجه** كتاب الاطعمة باب خبز البر 3343 3344 باب خبز الشعير3346

5262 : **اطراف: مسلم** كتاب الذهد والرقائق باب الدنيا سجن المؤمن5260،5261،5263، 5264 ، 5265
تخريج: بخاری كتاب الاطعمة باب ما كان النبی ﷺ واصحابه ياكلون5416كتاب الرقاق باب كيف كان عيش النبی ﷺ واصحابه 6454 ، 6455 **نسائی** كتاب الضحايا الادخار من الاضاحی 4432 **ابن ماجه** كتاب الاطعمة باب خبز البر 3343 3344 باب خبز الشعير3346

5263{23} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَابِسٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا شَبِعَ آلُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ خُبْزِ بُرٍّ فَوْقَ ثَلَاثٍ [7446]

5263: حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ آل محمد ﷺ نے کبھی تین دن سے زیادہ گندم کی روٹی سیر ہو کر نہیں کھائی۔

5264{24} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَتْ عَائِشَةُ مَا شَبِعَ آلُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ خُبْزِ الْبُرِّ ثَلَاثًا حَتَّى مَضَى لِسَبِيلِهِ [7447]

5264: حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ آل محمد ﷺ نے کبھی بھی تین دن گندم کی روٹی سیر ہو کر نہیں کھائی یہانتک کہ آپؐ رحلت فرما گئے۔

5265{25} حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ مِسْعَرٍ عَنْ هِلَالِ بْنِ حُمَيْدٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا شَبِعَ آلُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَيْنِ مِنْ خُبْزِ بُرٍّ إِلَّا وَأَحَدُهُمَا تَمْرٌ [7448]

5265: حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ آل محمد ﷺ نے متواتر دو دن گندم کی روٹی سیر ہو کر نہیں کھائی ہاں ان دو میں سے ایک (دن) کھجور ہوتی تھی۔

5263 : **اطراف**: **مسلم** کتاب الذھد والرقائق باب الدنیا سجن المؤمن5260، 5261، 5262، 5264 ، 5265
تخریج: **بخاری** کتاب الاطعمة باب ما کان النبی ﷺ واصحابہ یاکلون5416 کتاب الرقاق باب کیف کان عیش النبی ﷺ واصحابہ 6454 ، 6455 **نسائی** کتاب الضحایا الادخار من الاضاحی 4432 **ابن ماجه** کتاب الاطعمة باب خبز البر 3343 3344 باب خبز الشعیر3346

5264 : **اطراف**: **مسلم** کتاب الذھد والرقائق باب الدنیا سجن المؤمن 5260 ، 5261 ، 5262 ، 5263 ، 5265
تخریج: **بخاری** کتاب الاطعمة باب ما کان النبی ﷺ واصحابہ یاکلون5416 کتاب الرقاق باب کیف کان عیش النبی ﷺ واصحابہ6454 ، 6455 **نسائی** کتاب الضحایا الادخار من الاضاحی 4432 **ابن ماجه** کتاب الاطعمة باب خبز البر 3343 3344 باب خبز الشعیر3346

5265 : **اطراف**: **مسلم** کتاب الذھد والرقائق باب الدنیا سجن المؤمن5260 ، 5261 ، 5262 ، 5263 ، 5264
تخریج: **بخاری** کتاب الاطعمة باب ما کان النبی ﷺ واصحابہ یاکلون5416 کتاب الرقاق باب کیف کان عیش النبی ﷺ واصحابہ6454 ، 6455 **نسائی** کتاب الضحایا الادخار من الاضاحی 4432 **ابن ماجه** کتاب الاطعمة باب خبز البر 3343 3344 باب خبز الشعیر3346

5266 {26} حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ وَيَحْيَى بْنُ يَمَانٍ حَدَّثَنَا عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ إِنْ كُنَّا آلَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَنَمْكُثُ شَهْرًا مَا نَسْتَوْقِدُ بِنَارٍ إِنْ هُوَ إِلَّا التَّمْرُ وَالْمَاءُ و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ وَابْنُ نُمَيْرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ إِنْ كُنَّا لَنَمْكُثُ وَلَمْ يَذْكُرْ آلَ مُحَمَّدٍ وَزَادَ أَبُو كُرَيْبٍ فِي حَدِيثِهِ عَنِ ابْنِ نُمَيْرٍ إِلَّا أَنْ يَأْتِيَنَا اللُّحَيْمُ [7450,7449]

5266: حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ حقیقت یہ ہے کہ ہم آل محمد ﷺ مہینہ مہینہ آگ نہ جلا پاتے اور صرف کھجور اور پانی پر ہی ہوتے تھے ایک روایت میں آل محمدؐ کے الفاظ نہیں ہیں اور ایک روایت میں یہ اضافہ ہے کہ اِلَّا اَنْ یَـأْتِیَنَا اللُّحَیْمُ سوائے اس کے کہ ہمیں تھوڑا سا گوشت (کہیں سے) آجاتا۔

5267{27} حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ تُوُفِّيَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا فِي رَفِّي مِنْ شَيْءٍ يَأْكُلُهُ ذُو كَبِدٍ إِلَّا شَطْرُ شَعِيرٍ فِي رَفٍّ لِي فَأَكَلْتُ مِنْهُ حَتَّى طَالَ عَلَيَّ فَكِلْتُهُ فَفَنِيَ [7451]

5267: حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کی وفات ہوئی تو میری پرچھتی پر کوئی ایسی چیز نہ تھی جو جاندار کھا سکے۔ میری پرچھتی پر موجود کچھ جو تھے جس میں سے میں کھاتی رہی یہانتک کہ بہت عرصہ گذر گیا پھر جب میں نے انہیں ماپا تو وہ جلد ہی ختم ہو گئے۔

5266 : اطراف: مسلم کتاب الذھد والرقائق باب الدنیا سجن المؤمن 5268
تخریج: بخاری کتاب الھبة وفضلھا والتحریض علیھا باب فضل الھبة 2567 کتاب الرقاق باب کیف کان عیش النبی ﷺ واصحابه 6458 **ترمذی** کتاب صفة القیامة والرقائق والورع باب ما جاء فی صفة اوانی الحوض 2471 **ابن ماجه** کتاب الذھد باب معیشة آل محمد ﷺ 4144، 4145

5267 : تخریج: بخاری کتاب فرض الخمس نفقة نساء النبی ﷺ بعد وفاته 3097 **ترمذی** صفة القیامة والرقائق والورع باب ما جاء فی صفة اوانی الحوض 2467 **ابن ماجه** کتاب الاطعمة باب خبز الشعیر 3345

5268{28} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ يَزِيدَ بْنِ رُومَانَ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا كَانَتْ تَقُولُ وَاللَّهِ يَا ابْنَ أُخْتِي إِنْ كُنَّا لَنَنْظُرُ إِلَى الْهِلَالِ ثُمَّ الْهِلَالِ ثُمَّ الْهِلَالِ ثَلَاثَةَ أَهِلَّةٍ فِي شَهْرَيْنِ وَمَا أُوقِدَ فِي أَبْيَاتِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَارٌ قَالَ قُلْتُ يَا خَالَةُ فَمَا كَانَ يُعَيِّشُكُمْ قَالَتْ الْأَسْوَدَانِ التَّمْرُ وَالْمَاءُ إِلَّا أَنَّهُ قَدْ كَانَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جِيرَانٌ مِنَ الْأَنْصَارِ وَكَانَتْ لَهُمْ مَنَائِحُ فَكَانُوا يُرْسِلُونَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ أَلْبَانِهَا فَيَسْقِينَاهُ [7452]

5268: عروہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہؓ بیان فرمایا کرتی تھیں کہ اے میرے بھانجے! بخدا ہم پہلی رات کا چاند دیکھتے پھر پہلی رات کا دوسرا چاند دیکھتے پھر پہلی رات کا تیسرا چاند دیکھتے ـــــ دو ماہ میں تین چاند دیکھتے ـــــ اور رسول اللہ ﷺ کے گھروں میں آگ نہ جلتی۔ وہ کہتے ہیں میں نے کہا خالہ آپؐ کا کھانا کیا تھا؟ انہوں نے کہا یہ دو چیزیں کھجور اور پانی یا پھر یہ کہ رسول اللہ ﷺ کے کچھ انصار ہمسائے تھے۔ ان کے جانور تھے۔ وہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں ان کا دودھ بھیجا کرتے تھے۔ آپؐ ہمیں وہ پلایا کرتے تھے۔

5269{29} حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ أَحْمَدُ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي أَبُو صَخْرٍ عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ قُسَيْطٍ ح و حَدَّثَنِي هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي أَبُو صَخْرٍ عَنِ ابْنِ قُسَيْطٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ لَقَدْ مَاتَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا شَبِعَ مِنْ خُبْزٍ

5269: نبی ﷺ کی زوجہ مطہرہ حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے کبھی ایک دن میں دومرتبہ روٹی اور زیتون کا تیل سیر ہوکر نہیں کھایا یہانتک کہ آپؐ کی وفات ہوگئی۔

5268 : **اطراف: مسلم** كتاب الزهد والرقائق باب الدنيا سجن المؤمن 5266
تخريج: بخارى كتاب الهبة وفضلها والتحريض عليها باب فضل الهبة 2567 كتاب الرقاق باب كيف كان عيش النبى ﷺ واصحابه 6458، 6459 **ترمذى** كتاب صفة القيامة والرقاق والورع باب ما جاء فى صفة اوانى الحوض 2471 **ابن ماجه** كتاب الزهد باب معيشة آل محمد ﷺ 4144، 4145

وَزَيْتٍ فِي يَوْمٍ وَاحِدٍ مَرَّتَيْنِ [7453]

5270{30} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمَكِّيُّ الْعَطَّارُ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ أُمِّهِ عَنْ عَائِشَةَ ح و حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْعَطَّارُ حَدَّثَنِي مَنْصُورُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحَجَبِيُّ عَنْ أُمِّهِ صَفِيَّةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ تُوُفِّيَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ شَبِعَ النَّاسُ مِنَ الْأَسْوَدَيْنِ التَّمْرِ وَالْمَاءِ [7454]

5270: حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کی وفات ہوئی تو اس وقت لوگ ان دو عام چیزوں کھجور اور پانی سے سیر ہوتے تھے۔

5271{31} حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ مَنْصُورِ بْنِ صَفِيَّةَ عَنْ أُمِّهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ تُوُفِّيَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ شَبِعْنَا مِنَ الْأَسْوَدَيْنِ الْمَاءِ وَالتَّمْرِ و حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا الْأَشْجَعِيُّ ح و حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا أَبُو أَحْمَدَ كِلَاهُمَا عَنْ سُفْيَانَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ غَيْرَ أَنَّ فِي حَدِيثِهِمَا عَنْ سُفْيَانَ وَمَا شَبِعْنَا مِنَ الْأَسْوَدَيْنِ [7456,7455]

5271: حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ جب ہم ان عام چیزوں یعنی کھجور اور پانی سے سیر ہونے لگ گئے تھے تو رسول اللہ ﷺ کی وفات ہوگئی۔
ایک روایت میں (وَقَدْ شَبِعْنَا کی بجائے) وَمَا شَبِعْنَا کے الفاظ ہیں۔

5270 : اطراف: مسلم كتاب الزهد والرقائق باب الدنيا سجن المؤمن 5271
تخريج: بخاری كتاب الاطعمة باب من اكل حتى شبع 5383 باب الرطب والتمر 5442
5271 : اطراف: مسلم كتاب الزهد والرقائق باب الدنيا سجن المؤمن 5272
تخريج: بخاری كتاب الاطعمة باب من اكل حتى شبع 5383 باب الرطب والتمر 5442

5272{32} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ قَالَا حَدَّثَنَا مَرْوَانُ يَعْنِيَانِ الْفَزَارِيَّ عَنْ يَزِيدَ وَهُوَ ابْنُ كَيْسَانَ عَنْ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ و قَالَ ابْنُ عَبَّادٍ وَالَّذِي نَفْسُ أَبِي هُرَيْرَةَ بِيَدِهِ مَا أَشْبَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَهْلَهُ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ تِبَاعًا مِنْ خُبْزِ حِنْطَةٍ حَتَّى فَارَقَ الدُّنْيَا [7457]

5272: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ اس کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے اہل تین دن لگاتار گندم کی روٹی سے سیر نہیں ہوئے یہانتک کہ آپؐ رحلت فرما گئے۔ ایک روایت میں (وَالَّذِی نَفْسِیْ بِیَدِهٖ کی بجائے) وَالَّذِی نَفْسُ اَبِیْ هُرَیْرَةَ بِیَدِهٖ کے الفاظ ہیں۔

5273{33} حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ يَزِيدَ بْنِ كَيْسَانَ حَدَّثَنِي أَبُو حَازِمٍ قَالَ رَأَيْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يُشِيرُ بِإِصْبَعِهِ مِرَارًا يَقُولُ وَالَّذِي نَفْسُ أَبِي هُرَيْرَةَ بِيَدِهِ مَا شَبِعَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَهْلُهُ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ تِبَاعًا مِنْ خُبْزِ حِنْطَةٍ حَتَّى فَارَقَ الدُّنْيَا [7458]

5273: ابو حازم بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ابو ہریرہؓ کو کئی بار اپنی انگلی سے اشارہ کرتے دیکھا۔ وہ کہتے کہ اس کی قسم جس کے ہاتھ میں ابو ہریرہؓ کی جان ہے کہ اللہ کے نبی ﷺ اور آپؐ کے اہل نے تین دن لگاتار گندم کی روٹی سیر ہو کر نہیں کھائی یہانتک کہ آپؐ دنیا سے رخصت ہو گئے۔

5274{34} حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَأَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ

5274: سماک بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت نعمانؓ بن بشیر کو کہتے ہوئے سنا کیا تمہارے

5272 : **اطراف: مسلم** کتاب الزھد والرقائق باب الدنیا سجن المؤمن 5273

تخریج: بخاری کتاب الاطعمة باب قول اللہ تعالیٰ کلوا من طیبات ما رزقناکم 5374 **ترمذی** کتاب الذھدباب ما جاء فی معیشة النبی ﷺ واھله 2358 **ابن ماجه** کتاب الاطعمة باب خبز الشعیر 3343 ، 3344

5273 : **اطراف: مسلم** کتاب الزھد والرقائق باب الدنیا سجن المؤمن5272

تخریج: بخاری کتاب الاطعمة باب قول اللہ تعالیٰ کلوا من طیبات ما رزقناکم 5374 **ترمذی** کتاب الذھدباب ما جاء فی معیشة النبی ﷺ واھله 2358 **ابن ماجه** کتاب الاطعمة باب خبز الشعیر 3343 ، 3344

5274 : **اطراف: مسلم** کتاب الزھد والرقائق باب الدنیا سجن المؤمن5275

تخریج: ترمذی کتاب الذھد باب ما جاء فی معیشة اصحاب النبی ﷺ 2372 **ابن ماجه** کتاب الذھد باب معیشة اھل محمد ﷺ 4146

عَنْ سِمَاكٍ قَالَ سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيرٍ يَقُولُ أَلَسْتُمْ فِي طَعَامٍ وَشَرَابٍ مَا شِئْتُمْ لَقَدْ رَأَيْتُ نَبِيَّكُمْ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا يَجِدُ مِنَ الدَّقَلِ مَا يَمْلَأُ بِهِ بَطْنَهُ وَقُتَيْبَةُ لَمْ يَذْكُرْ بِهِ {35} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ ح و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا الْمُلَائِيُّ حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ كِلَاهُمَا عَنْ سِمَاكٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ وَزَادَ فِي حَدِيثِ زُهَيْرٍ وَمَا تَرْضَوْنَ دُونَ أَلْوَانِ التَّمْرِ وَالزُّبْدِ [7460,7459]

لئے کھانے اور پینے میں وہ کچھ نہیں جو تم چاہتے ہو؟ میں نے تمہارے نبی ﷺ کو دیکھا ہے آپؐ اتنی بھی ردّی کھجور نہیں پاتے تھے جو آپؐ کو سیر کردے۔ ایک روایت میں یہ اضافہ ہے وَمَا تَرْضَوْنَ دُوْنَ اَلْوَانِ التَّمْرِ وَالزُّبْدِ اور جو تم کھجور اور مکھن کی طرح طرح کی اقسام کے علاوہ راضی نہیں ہوتے۔

5275{36} وحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ قَالَ سَمِعْتُ النُّعْمَانَ يَخْطُبُ قَالَ ذَكَرَ عُمَرُ مَا أَصَابَ النَّاسُ مِنَ الدُّنْيَا فَقَالَ لَقَدْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَظَلُّ الْيَوْمَ يَلْتَوِي مَا يَجِدُ دَقَلًا يَمْلَأُ بِهِ بَطْنَهُ [7461]

5275: سماک بن حرب کہتے ہیں کہ میں نے حضرت نعمانؓ کو خطاب کرتے ہوئے سنا انہوں نے کہا حضرت عمرؓ نے اس کا ذکر کرتے ہوئے جو کچھ لوگوں نے دنیا سے پایا ہے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپؐ سارا دن بھوک کی شدت محسوس کرتے اور خشک کھجور بھی نہ پاتے جس سے اپنا پیٹ بھر سکیں۔

5276{37} حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سَرْحٍ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي أَبُو هَانِئٍ سَمِعَ أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحُبُلِيَّ

5276: ابوعبد الرحمان حُبُلی کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ کو کہتے ہوئے سنا جب ایک شخص نے ان سے پوچھا کہ کیا ہم درویش

5275 : **اطراف**: **مسلم** کتاب الزھد والرقائق باب الدنیا سجن المؤمن5274

تخریج: **ترمذی** کتاب الزھد باب ما جاء فی معیشۃ اصحاب النبی ﷺ 2372 **ابن ماجه** کتاب الذھد باب معیشۃ اھل محمد ﷺ 4146

گزرتا اور اس کے پاس بیٹھ جاتا۔ جب وہ جادوگر کے پاس آتا تو وہ اسے مارتا تو وہ اس کی شکایت راہب کے پاس کرتا راہب نے کہا کہ جب تمہیں جادوگر کا ڈر ہو تو کہو کہ مجھے میرے گھر والوں نے روک لیا تھا اور جب اپنے گھر والوں کا ڈر ہو تو کہو کہ مجھے جادوگر نے روک لیا تھا۔ وہ اسی حالت میں تھا کہ وہ ایک بہت بڑے جانور کے پاس آیا جس نے لوگوں کو روک رکھا تھا۔ اس نے کہا کہ آج مجھے پتہ لگ جائے گا کہ جادوگر زیادہ فضیلت والا ہے یا راہب اس نے ایک پتھر لیا اور کہا اے اللہ اگر تیرے نزدیک راہب کا معاملہ جادوگر کے معاملہ سے زیادہ محبوب ہے تو اس جانور کو مار دے۔ تاکہ لوگ گزر سکیں۔ پھر اس نے وہ پتھر پھینکا اور اسے قتل کر دیا، اور لوگ گزر گئے۔ پھر وہ راہب کے پاس آیا اور اسے بتایا تو راہب نے اسے کہا اے میرے پیارے بیٹے آج سے تو مجھ سے افضل ہے۔ تیرا معاملہ وہاں تک پہنچ گیا ہے جو میں دیکھ رہا ہوں۔ عنقریب تیری آزمائش کی جائے گی۔ پس جب تجھے آزمایا جائے تو میرا پتہ نہ دینا اور وہ لڑکا اندھوں اور مبروصوں کو ٹھیک کرتا تھا اور لوگوں کی تمام بیماریوں کا علاج کرتا تھا۔ بادشاہ کے ایک مصاحب نے جو اندھا ہوگیا تھا سنا تو وہ اس کے پاس بہت سے تحائف لے کر آیا اور کہا کہ اگر تو مجھے شفا دے دے تو جو کچھ یہاں ہے سب تیرا ہوگا۔ اس نے کہا میں کسی کو شفاء نہیں دیتا شفاء تو

فَأَخَذَهُ فَلَمْ يَزَلْ يُعَذِّبُهُ حَتَّى دَلَّ عَلَى الْغُلَامِ فَجِيءَ بِالْغُلَامِ فَقَالَ لَهُ الْمَلِكُ أَيْ بُنَيَّ قَدْ بَلَغَ مِنْ سِحْرِكَ مَا تُبْرِئُ الْأَكْمَهَ وَالْأَبْرَصَ وَتَفْعَلُ وَتَفْعَلُ فَقَالَ إِنِّي لَا أَشْفِي أَحَدًا إِنَّمَا يَشْفِي اللَّهُ فَأَخَذَهُ فَلَمْ يَزَلْ يُعَذِّبُهُ حَتَّى دَلَّ عَلَى الرَّاهِبِ فَجِيءَ بِالرَّاهِبِ فَقِيلَ لَهُ ارْجِعْ عَنْ دِينِكَ فَأَبَى فَدَعَا بِالْمِئْشَارِ فَوَضَعَ الْمِئْشَارَ فِي مَفْرِقِ رَأْسِهِ فَشَقَّهُ حَتَّى وَقَعَ شِقَّاهُ ثُمَّ جِيءَ بِجَلِيسِ الْمَلِكِ فَقِيلَ لَهُ ارْجِعْ عَنْ دِينِكَ فَأَبَى فَوَضَعَ الْمِئْشَارَ فِي مَفْرِقِ رَأْسِهِ فَشَقَّهُ بِهِ حَتَّى وَقَعَ شِقَّاهُ ثُمَّ جِيءَ بِالْغُلَامِ فَقِيلَ لَهُ ارْجِعْ عَنْ دِينِكَ فَأَبَى فَدَفَعَهُ إِلَى نَفَرٍ مِنْ أَصْحَابِهِ فَقَالَ اذْهَبُوا بِهِ إِلَى جَبَلِ كَذَا وَكَذَا فَاصْعَدُوا بِهِ الْجَبَلَ فَإِذَا بَلَغْتُمْ ذُرْوَتَهُ فَإِنْ رَجَعَ عَنْ دِينِهِ وَإِلَّا فَاطْرَحُوهُ فَذَهَبُوا بِهِ فَصَعِدُوا بِهِ الْجَبَلَ فَقَالَ اللَّهُمَّ اكْفِنِيهِمْ بِمَا شِئْتَ فَرَجَفَ بِهِمْ الْجَبَلُ فَسَقَطُوا وَجَاءَ يَمْشِي إِلَى الْمَلِكِ فَقَالَ لَهُ الْمَلِكُ مَا فَعَلَ أَصْحَابُكَ قَالَ كَفَانِيهِمُ اللَّهُ فَدَفَعَهُ إِلَى نَفَرٍ مِنْ أَصْحَابِهِ فَقَالَ اذْهَبُوا بِهِ فَاحْمِلُوهُ فِي قُرْقُورٍ فَتَوَسَّطُوا بِهِ الْبَحْرَ فَإِنْ

صرف اللہ دیتا ہے۔ پس اگر تو اللہ پر ایمان لاتا ہے تو میں اللہ سے دعا کرتا ہوں اور وہ تجھے شفا دے گا۔ وہ اللہ پر ایمان لایا اور اللہ نے اسے شفا دے دی۔ پھر وہ بادشاہ کے پاس آیا اور جیسے بیٹھا کرتا تھا اس کے پاس بیٹھ گیا۔ بادشاہ نے اسے کہا کہ تمہاری نظر تمہیں کس نے لوٹائی ہے؟ اس نے کہا میرے رب نے اس نے کہا کیا میرے علاوہ بھی تمہارا رب ہے؟ اس نے کہا میرا اور تیرا رب اللہ ہے پس اس نے اسے پکڑا اور عذاب دینے لگا یہانتک کہ اس نے اس لڑکے کا بتا دیا۔ لڑکے کو لایا گیا بادشاہ نے اسے کہا اے میرے بیٹے تیرا تو جادو یہاں تک پہنچ گیا ہے کہ اندھوں اور مبروصوں کو اچھا کر دیتا ہے تو یہ کرتا ہے یہ کرتا ہے۔ اس نے کہا کہ میں تو کسی کو شفا نہیں دیتا شفا تو اللہ دیتا ہے۔ اس نے اسے پکڑا اور عذاب دینے لگا یہانتک کہ اس نے راہب کا پتہ بتا دیا۔ راہب کو لایا گیا اور اس سے کہا گیا کہ اپنے دین سے پھر جاؤ مگر اس نے انکار کیا۔ اس نے آرہ منگوایا اور اس کے سر کی مانگ پر رکھا اور اسے چیر دیا اور اس (راہب) کے دونوں ٹکڑے گر گئے پھر بادشاہ کے مصاحب کو لایا گیا اور اسے کہا گیا کہ اپنے دین سے پھر جاؤ مگر اس نے انکار کیا اور آرہ اس کے سر کی مانگ پر رکھ دیا اور اسے اس کے ساتھ چیر دیا یہاں تک کہ اس کے دونوں ٹکڑے گر گئے۔ پھر لڑکے کو لایا گیا اور اسے کہا گیا کہ اپنے دین سے پھر جاؤ لیکن اس نے انکار

رَجَعَ عَنْ دِينِهِ وَإِلَّا فَاقْذِفُوهُ فَذَهَبُوا بِهِ فَقَالَ اللَّهُمَّ اكْفِنِيهِمْ بِمَا شِئْتَ فَانْكَفَأَتْ بِهِمْ السَّفِينَةُ فَغَرِقُوا وَجَاءَ يَمْشِي إِلَى الْمَلِكِ فَقَالَ لَهُ الْمَلِكُ مَا فَعَلَ أَصْحَابُكَ قَالَ كَفَانِيهِمُ اللَّهُ فَقَالَ لِلْمَلِكِ إِنَّكَ لَسْتَ بِقَاتِلِي حَتَّى تَفْعَلَ مَا آمُرُكَ بِهِ قَالَ وَمَا هُوَ قَالَ تَجْمَعُ النَّاسَ فِي صَعِيدٍ وَاحِدٍ وَتَصْلُبُنِي عَلَى جِذْعٍ ثُمَّ خُذْ سَهْمًا مِنْ كِنَانَتِي ثُمَّ ضَعْ السَّهْمَ فِي كَبِدِ الْقَوْسِ ثُمَّ قُلْ بِاسْمِ اللَّهِ رَبِّ الْغُلَامِ ثُمَّ ارْمِنِي فَإِنَّكَ إِذَا فَعَلْتَ ذَلِكَ قَتَلْتَنِي فَجَمَعَ النَّاسَ فِي صَعِيدٍ وَاحِدٍ وَصَلَبَهُ عَلَى جِذْعٍ ثُمَّ أَخَذَ سَهْمًا مِنْ كِنَانَتِهِ ثُمَّ وَضَعَ السَّهْمَ فِي كَبْدِ الْقَوْسِ ثُمَّ قَالَ بِاسْمِ اللَّهِ رَبِّ الْغُلَامِ ثُمَّ رَمَاهُ فَوَقَعَ السَّهْمُ فِي صُدْغِهِ فَوَضَعَ يَدَهُ فِي صُدْغِهِ فِي مَوْضِعِ السَّهْمِ فَمَاتَ فَقَالَ النَّاسُ آمَنَّا بِرَبِّ الْغُلَامِ آمَنَّا بِرَبِّ الْغُلَامِ آمَنَّا بِرَبِّ الْغُلَامِ فَأُتِيَ الْمَلِكُ فَقِيلَ لَهُ أَرَأَيْتَ مَا كُنْتَ تَحْذَرُ قَدْ وَاللَّهِ نَزَلَ بِكَ حَذَرُكَ قَدْ آمَنَ النَّاسُ فَأَمَرَ بِالْأُخْدُودِ فِي

کر دیا۔ اس نے اسے اپنے ساتھیوں کے ایک گروہ کے سپرد کر دیا اور کہا کہ اسے فلاں فلاں پہاڑ کی طرف لے جاؤ اور پہاڑ پر چڑھاؤ جب تم اس پہاڑ کی چوٹی پر پہنچ جاؤ پھر اگر یہ اپنے دین سے لوٹ آئے (تو ٹھیک) ورنہ اسے نیچے پھینک دو۔ پس وہ اسے لے گئے اور اسے لے کر پہاڑ پر چڑھے اس پر اس (لڑکے) نے کہا کہ اے اللہ تو جس طرح چاہے ان کے مقابل میں میرے لئے کافی ہو جا۔ پہاڑ ہلنے لگا اور وہ گر گئے۔ وہ (لڑکا) بادشاہ کے پاس چل کر آیا تو بادشاہ نے اسے کہا کہ تمہارے ساتھیوں کا ساتھ کیا ہوا اس نے کہا کہ اللہ ان کے مقابل پر میرے لئے کافی ہو گیا پھر اس نے اسے اپنے ساتھیوں کے ایک گروہ کے سپرد کیا اور کہا کہ اسے لے جاؤ اور ایک کشتی میں سوار کرو اور سمندر کے درمیان میں لے جاؤ اگر تو یہ اپنے دین سے پھر جائے (تو ٹھیک) ورنہ اس میں پھینک دو۔ جب وہ اسے لے گئے تو اس نے کہا کہ اے اللہ! تو جس طرح چاہے ان کے مقابل میں میرے لئے کافی ہو جا۔ کشتی الٹ گئی اور وہ غرق ہو گئے۔ وہ (لڑکا) بادشاہ کے پاس چل کر آیا تو بادشاہ نے اسے کہا تمہارے ساتھیوں کے ساتھ کیا ہوا اس نے کہا کہ اللہ میرے لئے ان کے مقابل پر کافی ہو گیا اور اس نے کہا کہ تم مجھے نہیں مار سکتے یہانتک کہ تم وہ کرو جو میں تمہیں کہتا ہوں اس نے کہا وہ کیا؟ اس نے کہا کہ تم لوگوں کو ایک میدان میں جمع کرو اور ایک

أَفْوَاهِ السِّكَكِ فَخُدَّتْ وَأَضْرَمَ النِّيرَانَ وَقَالَ مَنْ لَمْ يَرْجِعْ عَنْ دِينِهِ فَأَحْمُوهُ فِيهَا أَوْ قِيلَ لَهُ اقْتَحِمْ فَفَعَلُوا حَتَّى جَاءَتْ امْرَأَةٌ وَمَعَهَا صَبِيٌّ لَهَا فَتَقَاعَسَتْ أَنْ تَقَعَ فِيهَا فَقَالَ لَهَا الْغُلَامُ يَا أُمَّهْ اصْبِرِي فَإِنَّكِ عَلَى الْحَقِّ [7511]

تنے پر مجھے لٹکاؤ۔ پھر میرے ترکش سے تیر لو اور اس تیر کو کمان کے اندر رکھو اور کہو اللہ کے نام کے ساتھ جو اس لڑکے کا رب ہے پھر مجھے تیر مارو اگر تم ایسا کرو گے تو مجھے مار سکو گے۔ چنانچہ اس نے لوگوں کو ایک میدان میں جمع کیا اور ایک تنے پر اسے لٹکایا پھر اس کے ترکش سے ایک تیر لیا اور تیر کو کمان میں رکھا اور کہا اللہ کے نام کے ساتھ جو اس لڑکے کا رب ہے پھر اسے تیر مارا تو تیر اس کی کن پٹی پر لگا اس نے اپنے ہاتھ کو اپنی کن پٹی پر تیر کی جگہ پر رکھا اور مر گیا لوگوں نے کہا کہ ہم اس لڑکے کے رب پر ایمان لے آئے ہم اس لڑکے کے رب پر ایمان لے آئے ہم اس لڑکے کے رب پر ایمان لے آئے لوگ بادشاہ کے پاس آئے اور اسے کہا دیکھو اللہ کی قسم! جو تمہارا ڈر تھا وہی تم پر نازل ہو گیا۔ لوگ ایمان لے آئے ہیں۔ اس (بادشاہ) نے راستوں کے سِروں پَر کھائی کھودنے کا حکم دیا چنانچہ کھائیاں کھودی گئیں اور اس نے آگیں بھڑکائیں اور اس نے کہا کہ جو اپنے دین سے نہ پھرے، اسے اس میں جلا دو یا یہ کہا گیا کہ اسے کہو کہ آگ میں داخل ہو جائے۔ چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا یہانتک کہ ایک عورت آئی اس کے ساتھ اس کا ایک بچہ بھی تھا وہ پیچھے ہٹی مبادا اس میں گر جائے۔ بچے نے اسے کہا کہ اے میری ماں صبر کر یقیناً تو حق پر ہے۔

[18]19: بَاب: حَدِيثُ جَابِرٍ الطَّوِيلُ وَقِصَّةُ أَبِي الْيَسَرِ

باب: حضرت جابرؓ کی طویل روایت اور ابوالیسرؓ کا قصہ

5314{74} حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ وَتَقَارَبَا فِي لَفْظِ الْحَدِيث وَالسِّيَاقُ لِهَارُونَ قَالَا حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَعِيلَ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ مُجَاهِدٍ أَبِي حَزْرَةَ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الْوَلِيدِ بْنِ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ خَرَجْتُ أَنَا وَأَبِي نَطْلُبُ الْعِلْمَ فِي هَذَا الْحَيِّ مِنَ الْأَنْصَارِ قَبْلَ أَنْ يَهْلِكُوا فَكَانَ أَوَّلُ مَنْ لَقِينَا أَبَا الْيَسَرِ صَاحِبَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ غُلَامٌ لَهُ مَعَهُ ضِمَامَةٌ مِنْ صُحُفٍ وَعَلَى أَبِي الْيَسَرِ بُرْدَةٌ وَمَعَافِرِيٌّ وَعَلَى غُلَامِهِ بُرْدَةٌ وَمَعَافِرِيٌّ فَقَالَ لَهُ أَبِي يَا عَمِّ إِنِّي أَرَى فِي وَجْهِكَ سَفْعَةً مِنْ غَضَبٍ قَالَ أَجَلْ كَانَ لِي عَلَى فُلَانِ ابْنِ فُلَانٍ الْحَرَامِيِّ مَالٌ فَأَتَيْتُ أَهْلَهُ فَسَلَّمْتُ فَقُلْتُ ثَمَّ هُوَ قَالُوا لَا فَخَرَجَ عَلَيَّ ابْنٌ لَهُ جَفْرٌ فَقُلْتُ لَهُ أَيْنَ أَبُوكَ قَالَ سَمِعَ صَوْتَكَ فَدَخَلَ أَرِيكَةَ أُمِّي فَقُلْتُ اخْرُجْ إِلَيَّ فَقَدْ عَلِمْتُ أَيْنَ أَنْتَ فَخَرَجَ فَقُلْتُ مَا حَمَلَكَ عَلَى أَنْ اخْتَبَأْتَ

5314: عبادہ بن ولید بن عبادہ بن صامتؓ بیان کرتے ہیں کہ میں اور میرے والد انصار کے ایک قبیلہ میں قبل اس کے کہ وہ فوت ہوجائیں (ان سے) تحصیل علم کے لئے نکلے۔ اور سب سے پہلے ہم رسول اللہ ﷺ کے ایک صحابی ابوالیسرؓ سے ملے۔ ان کے ساتھ ان کا ایک غلام تھا جس کے پاس کتابوں کا ایک بستہ تھا اور ابولیسرؓ پر ایک چادر اور ایک معافری☆ کپڑا تھا اور ان کے غلام پر بھی ایک چادر اور ایک معافری کپڑا تھا۔ میرے باپ نے ان سے کہا اے چچا میں آپ کے چہرے پر رنج کے آثار دیکھتا ہوں۔ انہوں نے کہا ہاں بنوحرام کے فلاں بن فلاں کے ذمہ میرا مال تھا میں اس کے ہاں گیا میں نے سلام کیا اور پوچھا کہ وہ یہاں ہے؟ انہوں نے کہا نہیں۔ پھر اس کا بیٹا جو بلوغت کے قریب تھا میرے پاس آیا میں نے اس سے پوچھا تمہارا باپ کہاں ہے؟ اس نے کہا اس نے آپ کی آواز سنی اور میری ماں کے چھپر کھٹ میں گھس گیا۔ میں نے کہا میرے پاس باہر آ! کیونکہ مجھے پتہ چل گیا ہے کہ تو کہاں ہے۔ چنانچہ وہ باہر آیا تو میں نے کہا تم کیوں مجھ سے چھپے۔ اس نے کہا اللہ کی قسم میں تمہیں بتاتا ہوں اور تم

☆ ایک قسم کا دھاری دار کپڑا یا معافرہ بستی کا بنا ہوا کپڑا۔ (شرح نووی)

5314 : تخریج: ابن ماجه کتاب الاحکام باب انظار المعسر 2419

مِنِّي قَالَ أَنَا وَاللَّهِ أُحَدِّثُكَ ثُمَّ لَا أَكْذِبُكَ خَشِيتُ وَاللَّهِ أَنْ أُحَدِّثَكَ فَأَكْذِبَكَ وَأَنْ أَعِدَكَ فَأُخْلِفَكَ وَكُنْتَ صَاحِبَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكُنْتُ وَاللَّهِ مُعْسِرًا قَالَ قُلْتُ آللَّهِ قَالَ اللَّهِ قُلْتُ آللَّهِ قَالَ اللَّهِ قُلْتُ آللَّهِ قَالَ اللَّهِ قَالَ فَأَتَى بِصَحِيفَتِهِ فَمَحَاهَا بِيَدِهِ فَقَالَ إِنْ وَجَدْتَ قَضَاءً فَاقْضِنِي وَإِلَّا أَنْتَ فِي حِلٍّ فَأَشْهَدُ بَصَرُ عَيْنَيَّ هَاتَيْنِ وَوَضَعَ إِصْبَعَيْهِ عَلَى عَيْنَيْهِ وَسَمْعُ أُذُنَيَّ هَاتَيْنِ وَوَعَاهُ قَلْبِي هَذَا وَأَشَارَ إِلَى مَنَاطِ قَلْبِهِ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقُولُ مَنْ أَنْظَرَ مُعْسِرًا أَوْ وَضَعَ عَنْهُ أَظَلَّهُ اللَّهُ فِي ظِلِّهِ قَالَ فَقُلْتُ لَهُ أَنَا يَا عَمِّ لَوْ أَنَّكَ أَخَذْتَ بُرْدَةَ غُلَامِكَ وَأَعْطَيْتَهُ مَعَافِرِيَّكَ وَأَخَذْتَ مَعَافِرِيَّهُ وَأَعْطَيْتَهُ بُرْدَتَكَ فَكَانَتْ عَلَيْكَ حُلَّةٌ وَعَلَيْهِ حُلَّةٌ فَمَسَحَ رَأْسِي وَقَالَ اللَّهُمَّ بَارِكْ فِيهِ يَا ابْنَ أَخِي بَصَرُ عَيْنَيَّ هَاتَيْنِ وَسَمْعُ أُذُنَيَّ هَاتَيْنِ وَوَعَاهُ قَلْبِي هَذَا وَأَشَارَ إِلَى مَنَاطِ قَلْبِهِ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقُولُ أَطْعِمُوهُمْ مِمَّا تَأْكُلُونَ

سے جھوٹ نہیں بولوں گا۔ اللہ کی قسم میں ڈرا کہ تمہیں بتاؤں اور تم سے جھوٹ بولوں اور تم سے وعدہ کروں اور پھر وعدہ خلافی کروں اور آپ تو رسول اللہ ﷺ کے صحابی ہیں اور اللہ کی قسم میں محتاج ہوں۔ وہ کہتے ہیں میں نے کہا اللہ کی قسم؟ اس نے کہا ہاں اللہ کی قسم۔ میں نے کہا اللہ کی قسم؟ اس نے کہا اللہ کی قسم۔ میں نے کہا اللہ کی قسم؟ اس نے کہا اللہ کی قسم۔ (راوی) کہتے ہیں پھر وہ (ابوالیسرؓ) اپنی تحریر لے کر آئے اور اپنے ہاتھ سے اسے مٹا دیا اور کہا اگر تمہیں ادائیگی کی توفیق ملے تو مجھے ادا کر دینا ورنہ تم آزاد ہو۔ میں گواہی دیتا ہوں ــــ میرا ان دو آنکھوں کی بصارت ــــ انہوں نے اپنی دو انگلیاں اپنی آنکھوں پر رکھیں ــــ اور میری ان دو کانوں کی شنوائی ــــ اور میرے دل نے اسے یاد رکھا اور انہوں نے دل کی جگہ کی طرف اشارہ کیا ــــ (میں گواہی دیتا ہوں) میں رسول اللہ ﷺ کو دیکھ رہا ہوں آپؐ فرما رہے تھے جس نے کسی تنگ دست کو مہلت دی یا اس کا تمام (مالی) بوجھ اتار دیا اللہ تعالیٰ اسے اپنے سایہ میں جگہ دے گا۔ وہ کہتے ہیں میں نے ان سے کہا اے چچا! اگر تم اپنے غلام کی چادر لے لیتے اور اپنا کپڑا معافری اسے دے دیتے یا اس کا کپڑا معافری لے لیتے اور اپنی چادر اسے دے دیتے تو آپؐ پر بھی پورا جوڑا ہو جاتا اور اس پر بھی پورا جوڑا ہو جاتا۔ انہوں نے میرے سر پر ہاتھ پھیرا اور کہا

وَأَلْبِسُوهُمْ مِمَّا تَلْبَسُونَ وَكَانَ أَنْ أَعْطَيْتُهُ مِنْ مَتَاعِ الدُّنْيَا أَهْوَنَ عَلَيَّ مِنْ أَنْ يَأْخُذَ مِنْ حَسَنَاتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ ثُمَّ مَضَيْنَا حَتَّى أَتَيْنَا جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ فِي مَسْجِدِهِ وَهُوَ يُصَلِّي فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ مُشْتَمِلًا بِهِ فَتَخَطَّيْتُ الْقَوْمَ حَتَّى جَلَسْتُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْقِبْلَةِ فَقُلْتُ يَرْحَمُكَ اللَّهُ أَتُصَلِّي فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ وَرِدَاؤُكَ إِلَى جَنْبِكَ قَالَ فَقَالَ بِيَدِهِ فِي صَدْرِي هَكَذَا وَفَرَّقَ بَيْنَ أَصَابِعِهِ وَقَوَّسَهَا أَرَدْتُ أَنْ يَدْخُلَ عَلَيَّ الْأَحْمَقُ مِثْلُكَ فَيَرَانِي كَيْفَ أَصْنَعُ فَيَصْنَعُ مِثْلَهُ أَتَانَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَسْجِدِنَا هَذَا وَفِي يَدِهِ عُرْجُونُ ابْنِ طَابٍ فَرَأَى فِي قِبْلَةِ الْمَسْجِدِ نُخَامَةً فَحَكَّهَا بِالْعُرْجُونِ ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَيْنَا فَقَالَ أَيُّكُمْ يُحِبُّ أَنْ يُعْرِضَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ فَخَشَعْنَا ثُمَّ قَالَ أَيُّكُمْ يُحِبُّ أَنْ يُعْرِضَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ فَخَشَعْنَا ثُمَّ قَالَ أَيُّكُمْ يُحِبُّ أَنْ يُعْرِضَ اللَّهُ عَنْهُ قُلْنَا لَا أَيُّنَا يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ فَإِنَّ أَحَدَكُمْ إِذَا قَامَ يُصَلِّي فَإِنَّ اللَّهَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى قِبَلَ وَجْهِهِ فَلَا يَبْصُقَنَّ قِبَلَ وَجْهِهِ

اے اللہ! اس کو برکت دے۔ اے میرے بھتیجے! میری ان دو آنکھوں نے دیکھا اور ان دو کانوں نے سنا اور میرے دل نے اس کو یاد رکھا اور انہوں نے اپنے دل کی جگہ کی طرف اشارہ کیا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا انہیں کھلاؤ جس میں سے تم کھاتے ہو اور انہیں وہ پہناؤ جو تم پہنتے ہو اور یہ بات مجھ پر زیادہ آسان ہے کہ میں اسے (اس) دنیا کے مال ومتاع میں سے دوں بہ نسبت اس بات کے کہ قیامت کے روز وہ میری نیکیوں میں سے لے لے۔ پھر ہم چلے یہاں تک کہ حضرت جابر بن عبد اللہؓ کی مسجد میں ان کے پاس پہنچے وہ ایک چادر لپیٹے ہوئے نماز پڑھ رہے تھے۔ میں لوگوں کے اوپر سے گزرتا ہوا ان کے اور قبلہ کے درمیان جا بیٹھا۔ میں نے کہا اللہ آپ پر رحم کرے کیا آپ ایک کپڑے میں نماز پڑھ رہے ہیں اور آپ کی چادر آپ کے پہلو میں ہے۔ راوی کہتے ہیں انہوں نے اپنے ہاتھ سے میرے سینہ پر اس طرح اشارہ کیا کہ انگلیوں میں فاصلہ دیا اور ان کو خم دیا (اور کہا) میں چاہتا تھا کہ تم جیسا بے وقوف میرے پاس آئے اور دیکھے کہ میں کیا کر رہا ہوں اور وہ بھی ایسا ہی کرے۔ رسول اللہ ﷺ ہمارے پاس ہماری اس مسجد میں تشریف لائے تھے اور آپؐ کے ہاتھ میں ابن طاب (کھجور) کی ایک ٹہنی تھی۔ آپؐ نے مسجد کے قبلہ میں رینٹھ دیکھی تو اسے کھجور کی ٹہنی سے کھرچ

وَلَا عَنْ يَمِينِهِ وَلْيَبْصُقْ عَنْ يَسَارِهِ تَحْتَ رِجْلِهِ الْيُسْرَى فَإِنْ عَجِلَتْ بِهِ بَادِرَةٌ فَلْيَقُلْ بِثَوْبِهِ هَكَذَا ثُمَّ طَوَى ثَوْبَهُ بَعْضَهُ عَلَى بَعْضٍ فَقَالَ أَرُونِي عَبِيرًا فَقَامَ فَتًى مِنَ الْحَيِّ يَشْتَدُّ إِلَى أَهْلِهِ فَجَاءَ بِخَلُوقٍ فِي رَاحَتِهِ فَأَخَذَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَهُ عَلَى رَأْسِ الْعُرْجُونِ ثُمَّ لَطَخَ بِهِ عَلَى أَثَرِ النُّخَامَةِ فَقَالَ جَابِرٌ فَمِنْ هُنَاكَ جَعَلْتُمْ الْخَلُوقَ فِي مَسَاجِدِكُمْ سِرْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةِ بَطْنِ بُوَاطٍ وَهُوَ يَطْلُبُ الْمَجْدِيَّ بْنَ عَمْرٍو الْجُهَنِيَّ وَكَانَ النَّاضِحُ يَعْقُبُهُ مِنَّا الْخَمْسَةُ وَالسِّتَّةُ وَالسَّبْعَةُ فَدَارَتْ عُقْبَةُ رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ عَلَى نَاضِحٍ لَهُ فَأَنَاخَهُ فَرَكِبَهُ ثُمَّ بَعَثَهُ فَتَلَدَّنَ عَلَيْهِ بَعْضَ التَّلَدُّنِ فَقَالَ لَهُ شَأْ لَعَنَكَ اللَّهُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ هَذَا اللَّاعِنُ بَعِيرَهُ قَالَ أَنَا يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ انْزِلْ عَنْهُ فَلَا تَصْحَبْنَا بِمَلْعُونٍ لَا تَدْعُوا عَلَى أَنْفُسِكُمْ وَلَا تَدْعُوا عَلَى أَوْلَادِكُمْ وَلَا تَدْعُوا عَلَى أَمْوَالِكُمْ لَا تُوَافِقُوا مِنَ اللَّهِ سَاعَةً يُسْأَلُ فِيهَا عَطَاءٌ فَيَسْتَجِيبُ لَكُمْ

دیا پھر ہماری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا تم میں سے کون چاہتا ہے کہ اللہ اس سے منہ پھیر لے۔ راوی کہتے ہیں کہ ہم ڈر گئے پھر آپؐ نے فرمایا تم میں سے کون چاہتا ہے کہ اللہ اس سے منہ پھیر لے؟ ہم ڈر گئے آپؐ نے پھر فرمایا تم میں سے کون چاہتا ہے کہ اللہ اس سے منہ پھیر لے۔ ہم نے کہا ہم میں سے کوئی نہیں (چاہتا) یا رسولؐ اللہ! آپؐ نے فرمایا تم میں جب کوئی کھڑا نماز پڑھ رہا ہوتا ہے تو اللہ تبارک وتعالیٰ اس کے چہرہ کے سامنے ہوتا ہے۔ پس وہ اپنے چہرہ کے سامنے نہ تھوکے اور نہ اپنے دائیں اور اسے چاہئے کہ وہ اپنے بائیں طرف تھوکے اپنے بائیں پاؤں کے نیچے۔ اگر اس کو جلدی ہو تو وہ اسے اپنے کپڑے میں اس طرح لے —— آپؐ نے اپنے کپڑے کے ایک حصہ کو دوسرے پر تہہ کیا —— اور آپؐ نے فرمایا مجھے خوشبو دو تو قبیلہ کا ایک شخص اپنے گھر والوں کی طرف اٹھ کر تیزی سے گیا اور اپنی ہتھیلی میں خوشبو لے آیا رسول اللہ ﷺ نے اسے لیا اور اس ٹہنی کے سرے پر اسے لگایا۔ پھر اسے رینٹھ کے نشان پر لگا دیا۔ حضرت جابرؓ کہتے ہیں پس اسی وجہ سے تم اپنی مساجد میں خوشبو لگاتے ہو۔ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ بطن بواط کی لڑائی میں چلے اور آپؐ مجدی بن عمرو جہنی کی تلاش میں تھے۔ ایک ایک اونٹ پر ہم میں سے پانچ، چھ، یا سات

سِرْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى إِذَا كَانَتْ عُشَيْشِيَةٌ وَدَنَوْنَا مَاءً مِنْ مِيَاهِ الْعَرَبِ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ رَجُلٌ يَتَقَدَّمُنَا فَيَمْدُرُ الْحَوْضَ فَيَشْرَبُ وَيَسْقِينَا قَالَ جَابِرٌ فَقُمْتُ فَقُلْتُ هَذَا رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللَّهِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّ رَجُلٍ مَعَ جَابِرٍ فَقَامَ جَبَّارُ بْنُ صَخْرٍ فَانْطَلَقْنَا إِلَى الْبِئْرِ فَنَزَعْنَا فِي الْحَوْضِ سَجْلًا أَوْ سَجْلَيْنِ ثُمَّ مَدَرْنَاهُ ثُمَّ نَزَعْنَا فِيهِ حَتَّى أَفْهَقْنَاهُ فَكَانَ أَوَّلَ طَالِعٍ عَلَيْنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَتَأْذَنَانِ قُلْنَا نَعَمْ يَا رَسُولَ اللَّهِ فَأَشْرَعَ نَاقَتَهُ فَشَرِبَتْ شَنَقَ لَهَا فَشَجَتْ فَبَالَتْ ثُمَّ عَدَلَ بِهَا فَأَنَاخَهَا ثُمَّ جَاءَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْحَوْضِ فَتَوَضَّأَ مِنْهُ ثُمَّ قُمْتُ فَتَوَضَّأْتُ مِنْ مُتَوَضَّإِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَهَبَ جَبَّارُ بْنُ صَخْرٍ يَقْضِي حَاجَتَهُ فَقَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيُصَلِّيَ وَكَانَتْ عَلَيَّ بُرْدَةٌ ذَهَبْتُ أَنْ أُخَالِفَ بَيْنَ طَرَفَيْهَا فَلَمْ تَبْلُغْ لِي وَكَانَتْ لَهَا ذَبَاذِبُ فَنَكَّسْتُهَا

افراد باری باری سوار ہوتے تھے۔ اونٹ پر بیٹھنے کی انصار میں سے ایک شخص کی باری آئی۔اس نے اسے بٹھایا اور اس پر سوار ہوگیا۔ پھر اسے اٹھایا لیکن اس نے اڑی کی۔اس نے اسے ڈانٹ کر کہا تجھ پہ اللہ کی لعنت ہو۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یہ اپنے اونٹ پر لعنت کرنے والا کون ہے؟ اس نے کہا میں یا رسولؐ اللہ! آپؐ نے فرمایا اس سے اتر آؤ، ملعون لے کر ہمارے ساتھ نہ رہو، تم میں سے کوئی اپنے لئے بددعا نہ کرے اپنی اولاد کے لئے بددعا نہ کرے اور اپنے اموال کے لئے بددعا نہ کرے مبادا تم اللہ سے اس گھڑی میں موافقت کر بیٹھو جس میں اللہ سے عطا مانگی جاتی ہے اور وہ تمہاری دعا قبول کرے۔ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ چلے یہانتک کہ جب کچھ شام ہوگئی ہم عرب کے پانیوں میں سے ایک پانی کے پاس پہنچے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کون شخص ہم سے آگے جا کر حوض کو ٹھیک کرے اور خود بھی پیئے اور ہمیں بھی پلائے۔ حضرت جابرؓ کہتے ہیں میں کھڑا ہوا اور عرض کیا یہ شخص یا رسولؐ اللہ! تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جابر کے ساتھ کون شخص؟ جبار بن صخرؓ کھڑے ہوئے پھر ہم کنویں کی طرف گئے اور (کنویں) سے ایک یا دو ڈول نکال کر حوض میں ڈالے پھر ہم نے اسے ٹھیک کیا پھر ہم نے پانی نکال کر اس میں ڈالا یہانتک کہ اسے منہ تک بھر دیا۔ سب سے پہلے

ثُمَّ خَالَفْتُ بَيْنَ طَرَفَيْهَا ثُمَّ تَوَاقَصْتُ عَلَيْهَا ثُمَّ جِئْتُ حَتَّى قُمْتُ عَنْ يَسَارِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخَذَ بِيَدِي فَأَدَارَنِي حَتَّى أَقَامَنِي عَنْ يَمِينِهِ ثُمَّ جَاءَ جَبَّارُ بْنُ صَخْرٍ فَتَوَضَّأَ ثُمَّ جَاءَ فَقَامَ عَنْ يَسَارِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخَذَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدَيْنَا جَمِيعًا فَدَفَعَنَا حَتَّى أَقَامَنَا خَلْفَهُ فَجَعَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْمُقُنِي وَأَنَا لَا أَشْعُرُ ثُمَّ فَطِنْتُ بِهِ فَقَالَ هَكَذَا بِيَدِهِ يَعْنِي شُدَّ وَسَطَكَ فَلَمَّا فَرَغَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا جَابِرُ قُلْتُ لَبَّيْكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ إِذَا كَانَ وَاسِعًا فَخَالِفْ بَيْنَ طَرَفَيْهِ وَإِذَا كَانَ ضَيِّقًا فَاشْدُدْهُ عَلَى حَقْوِكَ سِرْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ قُوتُ كُلِّ رَجُلٍ مِنَّا فِي كُلِّ يَوْمٍ تَمْرَةً فَكَانَ يَمَصُّهَا ثُمَّ يَصُرُّهَا فِي ثَوْبِهِ وَكُنَّا نَخْتَبِطُ بِقِسِيِّنَا وَنَأْكُلُ حَتَّى قَرِحَتْ أَشْدَاقُنَا فَأُقْسِمُ أُخْطِئَهَا رَجُلٌ مِنَّا يَوْمًا فَانْطَلَقْنَا بِهِ نَنْعَشُهُ فَشَهِدْنَا أَنَّهُ لَمْ يُعْطَهَا فَأُعْطِيَهَا فَقَامَ

ہمارے پاس تشریف لانے والے رسول اللہ ﷺ تھے اور فرمایا کیا تم دونوں اجازت دیتے ہو؟ ہم نے عرض کیا جی یا رسولؐ اللہ! پھر آپؐ اپنی اونٹنی کو پانی تک لے گئے تو اس نے پانی پیا۔ آپؐ نے اس کی لگام کھینچی اور اس نے ٹانگیں کھولیں اور پیشاب کیا۔ پھر رسول اللہ ﷺ اسے علیحدہ لے گئے اور اس کو بٹھا دیا پھر رسول اللہ ﷺ حوض کی طرف تشریف لائے اور اس سے وضوء کیا پھر میں کھڑا ہوا اور رسول اللہ ﷺ کے وضوء کی جگہ پر وضوء کیا۔ حضرت جبارؓ بن صخر قضاء حاجت کے لئے چلے گئے۔ رسول اللہ ﷺ نماز پڑھنے کے لئے کھڑے ہوئے مجھ پر ایک چادر تھی میں اس کے کناروں کو الٹنے لگا۔ وہ مجھ پر پوری نہ آتی تھی اس پر پھندنے لگے ہوئے تھے میں نے اسے الٹایا پھر اس کے دونوں کنارے الٹے اپنی گردن کے ساتھ باندھا پھر میں آیا اور رسول اللہ ﷺ کے بائیں طرف کھڑا ہو گیا۔ آپؐ نے میرا ہاتھ پکڑا اور گھما کر اپنے دائیں طرف کھڑا کر دیا۔ پھر حضرت جبارؓ بن صخر آئے اور انہوں نے وضوء کیا اور آ کر رسول اللہ ﷺ کے بائیں طرف کھڑے ہو گئے۔ حضورؐ نے ہم دونوں کے ہاتھ پکڑے اور ہمیں ہٹایا یہانتک کہ آپؐ نے ہمیں اپنے پیچھے کھڑا کر دیا پھر رسول اللہ ﷺ مجھے غور سے دیکھنے لگے اور مجھے پتہ نہیں چلا۔ پھر مجھے اس کے بارہ میں پتہ چلا تو آپؐ نے ہاتھ سے اس طرح

فَأَخَذَهَا سِرْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى نَزَلْنَا وَادِيًا أَفْيَحَ فَذَهَبَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْضِي حَاجَتَهُ فَاتَّبَعْتُهُ بِإِدَاوَةٍ مِنْ مَاءٍ فَنَظَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَرَ شَيْئًا يَسْتَتِرُ بِهِ فَإِذَا شَجَرَتَانِ بِشَاطِئِ الْوَادِي فَانْطَلَقَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى إِحْدَاهُمَا فَأَخَذَ بِغُصْنٍ مِنْ أَغْصَانِهَا فَقَالَ انْقَادِي عَلَيَّ بِإِذْنِ اللَّهِ فَانْقَادَتْ مَعَهُ كَالْبَعِيرِ الْمَخْشُوشِ الَّذِي يُصَانِعُ قَائِدَهُ حَتَّى أَتَى الشَّجَرَةَ الْأُخْرَى فَأَخَذَ بِغُصْنٍ مِنْ أَغْصَانِهَا فَقَالَ انْقَادِي عَلَيَّ بِإِذْنِ اللَّهِ فَانْقَادَتْ مَعَهُ كَذَلِكَ حَتَّى إِذَا كَانَ بِالْمَنْصَفِ مِمَّا بَيْنَهُمَا لَأَمَ بَيْنَهُمَا يَعْنِي جَمَعَهُمَا فَقَالَ الْتَئِمَا عَلَيَّ بِإِذْنِ اللَّهِ فَالْتَأَمَتَا قَالَ جَابِرٌ فَخَرَجْتُ أُحْضِرُ مَخَافَةَ أَنْ يُحِسَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقُرْبِي فَيَبْتَعِدَ وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ فَيَتَبَعَّدَ فَجَلَسْتُ أُحَدِّثُ نَفْسِي فَحَانَتْ مِنِّي لَفْتَةٌ فَإِذَا أَنَا بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُقْبِلًا وَإِذَا الشَّجَرَتَانِ قَدْ

اشارہ کر کے فرمایا اس طرح اپنی کمر کو باندھ لو۔ جب رسول اللہ ﷺ فارغ ہوئے تو فرمایا اے جابر! میں نے عرض کیا حاضر ہوں یا رسولؐ اللہ! آپؐ نے فرمایا جب (چادر) بڑی ہو تو اس کے کنارے الٹ لو اور اگر چادر چھوٹی ہو تو اسے اپنی کمر پر باندھ لو۔ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ چلے اور ہم میں سے ہر شخص کے لئے روزانہ ایک کھجور غذا تھی وہ اسے چوستا تھا پھر وہ اسے چوس کر اپنے کپڑے میں باندھ لیتا تھا۔ پھر ہم اپنی کمانوں سے پتے جھاڑتے اور ہم کھاتے یہاں تک کہ ہماری باچھیں زخمی ہو گئیں۔ میں قسم کھاتا ہوں کہ ہم میں سے ایک آدمی اس (کھجور) سے رہ گیا ہم اس کو اٹھا کر لے گئے اور ہم نے گواہی دی کہ اس کو یہ (کھجور) نہیں دی گئی پھر اس کو کھجور دی گئی اور اس نے لے لی۔ پھر ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ چلے یہاں تک کہ ہم نے ایک وسیع وادی میں پڑاؤ کیا۔ رسول اللہ ﷺ قضائے حاجت کے لئے تشریف لے گئے۔ میں پانی کا چھاگل لے کر آپؐ کے پیچھے چلا۔ رسول اللہ ﷺ نے اوٹ کے لئے کوئی چیز نہ پائی۔ وادی کے کنارے پر دو درخت تھے۔ رسول اللہ ﷺ ان میں سے ایک درخت کے پاس گئے اور اس کی ایک ٹہنی پکڑی اور کہا اللہ کے حکم سے میری پیروی کرو۔ وہ (درخت) آپؐ کے ساتھ چلا جیسے نکیل والا اونٹ اپنے مالک کا تابع فرمان ہو جاتا ہے پھر آپؐ

افْتَرَقَتَا فَقَامَتْ كُلُّ وَاحِدَةٍ مِنْهُمَا عَلَى سَاقٍ فَرَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَفَ وَقْفَةً فَقَالَ بِرَأْسِهِ هَكَذَا وَأَشَارَ أَبُو إِسْمَعِيلَ بِرَأْسِهِ يَمِينًا وَشِمَالًا ثُمَّ أَقْبَلَ فَلَمَّا انْتَهَى إِلَيَّ قَالَ يَا جَابِرُ هَلْ رَأَيْتَ مَقَامِي قُلْتُ نَعَمْ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ فَانْطَلِقْ إِلَى الشَّجَرَتَيْنِ فَاقْطَعْ مِنْ كُلِّ وَاحِدَةٍ مِنْهُمَا غُصْنًا فَأَقْبِلْ بِهِمَا حَتَّى إِذَا قُمْتَ مَقَامِي فَأَرْسِلْ غُصْنًا عَنْ يَمِينِكَ وَغُصْنًا عَنْ يَسَارِكَ قَالَ جَابِرٌ فَقُمْتُ فَأَخَذْتُ حَجَرًا فَكَسَرْتُهُ وَحَسَرْتُهُ فَانْذَلَقَ لِي فَأَتَيْتُ الشَّجَرَتَيْنِ فَقَطَعْتُ مِنْ كُلِّ وَاحِدَةٍ مِنْهُمَا غُصْنًا ثُمَّ أَقْبَلْتُ أَجُرُّهُمَا حَتَّى قُمْتُ مَقَامَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْسَلْتُ غُصْنًا عَنْ يَمِينِي وَغُصْنًا عَنْ يَسَارِي ثُمَّ لَحِقْتُهُ فَقُلْتُ قَدْ فَعَلْتُ يَارَسُولَ اللَّهِ فَعَمَّ ذَاكَ قَالَ إِنِّي مَرَرْتُ بِقَبْرَيْنِ يُعَذَّبَانِ فَأَحْبَبْتُ بِشَفَاعَتِي أَنْ يُرَفَّهَ عَنْهُمَا مَا دَامَ الْغُصْنَانِ رَطْبَيْنِ قَالَ فَأَتَيْنَا الْعَسْكَرَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

دوسرے درخت کے پاس آئے اور اس کی ٹہنی پکڑی اور اسے کہا اللہ کے حکم سے میری پیروی کرو۔اس نے بھی اس طرح کیا یہانتک کہ جب آپؐ دونوں درختوں کے درمیان پہنچے تو ان دونوں کو ایک جگہ لے آئے اور فرمایا اللہ کے حکم سے میرے سامنے ایک دوسرے سے پیوست ہوجاؤ۔ پس وہ دونوں اکٹھے ہوگئے حضرت جابرؓ کہتے ہیں میں وہاں سے اس خوف سے نکلا کہ کہیں رسول اللہ ﷺ میری قربت کو محسوس کرتے ہوئے دور نہ نکل جائیں۔ محمد بن عباد کی روایت میں (فَيُبْتَعِدَ کی بجائے) فَيَتَبَعَّدَ کا لفظ ہے۔ میں بیٹھ کر خود کلامی کرنے لگا۔ایک دَم جو میری نظر پڑی تو میں نے دیکھا کہ رسول اللہ ﷺ سامنے سے آرہے ہیں اور دونوں درخت علیحدہ ہوکر اپنی جگہ پر تھے۔ میں نے دیکھا کہ رسول اللہ ﷺ کچھ دیر ٹھہرے۔آپؐ نے اپنے سر سے اشارہ کیا—— اور ابو اسماعیل نے اپنے سر سے دائیں اور بائیں اشارہ کر کے بتایا—— پھر آپؐ تشریف لائے۔ جب میرے پاس پہنچے تو فرمایا اے جابر! کیا تو نے میری جگہ دیکھی ہے جہاں میں کھڑا تھا؟ میں نے عرض کیا ہاں یا رسولؐ اللہ! آپؐ نے فرمایا ان دونوں درختوں کے پاس جاؤ اور ان میں سے ہر ایک کی ٹہنی کاٹو اور لے آؤ یہانتک کہ تم میرے کھڑے ہونے کی جگہ کھڑے ہو تو ایک ٹہنی اپنے دائیں ہاتھ رکھو اور ایک اپنے بائیں۔ جابرؓ کہتے ہیں میں اٹھا ایک پتھر لیا اسے

وَسَلَّمَ يَا جَابِرُ نَادِ بِوَضُوءٍ فَقُلْتُ أَلَا وَضُوءَ أَلَا وَضُوءَ أَلَا وَضُوءَ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا وَجَدْتُ فِي الرَّكْبِ مِنْ قَطْرَةٍ وَكَانَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ يُبَرِّدُ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَاءَ فِي أَشْجَابٍ لَهُ عَلَى حِمَارَةٍ مِنْ جَرِيدٍ قَالَ فَقَالَ لِيَ انْطَلِقْ إِلَى فُلَانِ ابْنِ فُلَانٍ الْأَنْصَارِيِّ فَانْظُرْ هَلْ فِي أَشْجَابِهِ مِنْ شَيْءٍ قَالَ فَانْطَلَقْتُ إِلَيْهِ فَنَظَرْتُ فِيهَا فَلَمْ أَجِدْ فِيهَا إِلَّا قَطْرَةً فِي عَزْلَاءِ شَجْبٍ مِنْهَا لَوْ أَنِّي أُفْرِغُهُ لَشَرِبَهُ يَابِسُهُ فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي لَمْ أَجِدْ فِيهَا إِلَّا قَطْرَةً فِي عَزْلَاءِ شَجْبٍ مِنْهَا لَوْ أَنِّي أُفْرِغُهُ لَشَرِبَهُ يَابِسُهُ قَالَ اذْهَبْ فَأْتِنِي بِهِ فَأَتَيْتُهُ بِهِ فَأَخَذَهُ بِيَدِهِ فَجَعَلَ يَتَكَلَّمُ بِشَيْءٍ لَا أَدْرِي مَا هُوَ وَيَغْمِزُهُ بِيَدَيْهِ ثُمَّ أَعْطَانِيهِ فَقَالَ يَا جَابِرُ نَادِ بِجَفْنَةٍ فَقُلْتُ يَا جَفْنَةَ الرَّكْبِ فَأُتِيتُ بِهَا تُحْمَلُ فَوَضَعْتُهَا بَيْنَ يَدَيْهِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ فِي الْجَفْنَةِ هَكَذَا فَبَسَطَهَا وَفَرَّقَ بَيْنَ أَصَابِعِهِ ثُمَّ وَضَعَهَا فِي قَعْرِ

توڑا اور تیز کیا جب وہ میرے کام کے لئے تیز ہو گیا۔ ان درختوں کے پاس آیا اور ان دونوں میں سے ہر ایک کی ایک ایک ٹہنی کاٹی پھر ان کو گھسیٹتے ہوئے آیا یہاں تک کہ میں رسول اللہ ﷺ جہاں کھڑے ہوئے تھے وہاں کھڑا ہوا اور میں نے ایک ٹہنی اپنے دائیں اور ایک ٹہنی اپنے بائیں رکھ دی پھر میں آپؐ سے جا ملا اور عرض کیا میں نے تعمیل کر دی ہے یا رسولؐ اللہ! لیکن اس کی وجہ کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا میں دو قبروں کے پاس سے گذرا جنہیں عذاب دیا جا رہا تھا۔ میں نے چاہا کہ میں اپنی شفاعت کے ذریعہ جب تک یہ شاخیں ہری رہیں ان کے عذاب کو دور کردوں۔ وہ کہتے ہیں پھر ہم لشکر میں آئے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے جابر! وضوء کے لئے اعلان کر دو، میں نے کہا سنو! وضوء کرو! وضوء! وضوء! وہ کہتے ہیں میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! میں نے قافلہ میں پانی کا قطرہ بھی نہیں پایا اور انصار میں سے ایک شخص رسول اللہ ﷺ کے لئے اپنے مشکیزوں میں ٹہنیوں کے ایک سٹینڈ پر ٹھنڈا کیا کرتا تھا۔ وہ کہتے ہیں آپؐ نے مجھ سے فرمایا کہ فلاں بن فلاں انصاری کی طرف جاؤ اور دیکھو کہ کیا اس کی مشک میں کچھ ہے؟ وہ کہتے ہیں میں اس کی طرف گیا اور اس میں دیکھا تو اس کے مشکیزوں میں سے ایک کے منہ میں ایک قطرہ تھا۔ اگر میں اُسے انڈیلتا تو اس کی خشک جگہ اسے پی جاتی۔ پھر میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا اور عرض کیا

الْجَفْنَةِ وَقَالَ خُذْ يَا جَابِرُ فَصُبَّ عَلَيَّ وَقُلْ بِاسْمِ اللَّهِ فَصَبَبْتُ عَلَيْهِ وَقُلْتُ بِاسْمِ اللَّهِ فَرَأَيْتُ الْمَاءَ يَفُورُ مِنْ بَيْنِ أَصَابِعِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ فَارَتِ الْجَفْنَةُ وَدَارَتْ حَتَّى امْتَلَأَتْ فَقَالَ يَا جَابِرُ نَادِ مَنْ كَانَ لَهُ حَاجَةٌ بِمَاءٍ قَالَ فَأَتَى النَّاسُ فَاسْتَقَوْا حَتَّى رَوُوا قَالَ فَقُلْتُ هَلْ بَقِيَ أَحَدٌ لَهُ حَاجَةٌ فَرَفَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ مِنَ الْجَفْنَةِ وَهِيَ مَلْأَى وَشَكَا النَّاسُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجُوعَ فَقَالَ عَسَى اللَّهُ أَنْ يُطْعِمَكُمْ فَأَتَيْنَا سِيفَ الْبَحْرِ فَزَخَرَ الْبَحْرُ زَخْرَةً فَأَلْقَى دَابَّةً فَأَوْرَيْنَا عَلَى شِقِّهَا النَّارَ فَاطَّبَخْنَا وَاشْتَوَيْنَا وَأَكَلْنَا حَتَّى شَبِعْنَا قَالَ جَابِرٌ فَدَخَلْتُ أَنَا وَفُلَانٌ وَفُلَانٌ حَتَّى عَدَّ خَمْسَةً فِي حِجَاجِ عَيْنِهَا مَا يَرَانَا أَحَدٌ حَتَّى خَرَجْنَا فَأَخَذْنَا ضِلَعًا مِنْ أَضْلَاعِهِ فَقَوَّسْنَاهُ ثُمَّ دَعَوْنَا بِأَعْظَمِ رَجُلٍ فِي الرَّكْبِ وَأَعْظَمِ جَمَلٍ فِي الرَّكْبِ وَأَعْظَمِ كِفْلٍ فِي الرَّكْبِ فَدَخَلَ تَحْتَهُ مَا يُطَأْطِئُ رَأْسَهُ[7516,7515,7514,7513,7512]
[7520,7519,7518,7517]

یا رسولؐ اللہ ! اس مشک کے منہ میں مَیں نے صرف ایک قطرہ پانی پایا ہے۔ اگر میں اسے انڈیلوں تو اس کا خشک حصہ اسے پی جائے گا آپؐ نے فرمایا جاؤ اسے میرے پاس لاؤ۔ میں اسے آپؐ کے پاس لایا۔ آپؐ نے اسے ہاتھ میں پکڑا اور کچھ کہنے لگے۔ مجھے نہیں پتہ کیا فرمایا۔ آپؐ اسے اپنے ہاتھوں سے دباتے جاتے تھے پھر آپؐ نے مجھے وہ دیا اور فرمایا اے جابر! ایک بڑے ٹب کے لئے آواز دو۔ میں نے کہا قافلہ کا ٹب! وہ میرے پاس اٹھا کر لایا گیا تو میں نے اسے آپؐ کے سامنے رکھ دیا۔ رسول اللہ ﷺ نے ٹب میں اس طرح ہاتھ اٹھایا اور اسے پھیلایا اور اپنی انگلیوں کو کشادہ کیا پھر اسے ٹب کی تہہ میں رکھ دیا اور فرمایا اے جابر! لو اور میرے (ہاتھ پر) انڈیلو اور بسم اللہ پڑھو۔ میں نے اسے آپؐ (کے ہاتھ) پر انڈیلا اور بسم اللہ پڑھی کر میں نے پانی کو دیکھا کہ آپؐ کی انگلیوں کے درمیان پانی (چشمہ کی طرح) جوش مارنے لگا پھر ٹب گھومنے لگا اور (پانی) گھومنے لگا یہانتک کہ وہ بھر گیا۔ آپؐ نے فرمایا اے جابر! ہر اس شخص کو پکارو جسے پانی کی ضرورت ہے وہ کہتے ہیں لوگ آئے انہوں نے پانی پیا یہانتک کہ وہ سیر ہوگئے وہ کہتے ہیں میں نے کہا کیا کوئی اور ضرورت مند باقی ہے؟ پھر رسول اللہ ﷺ نے لگن سے اپنا ہاتھ نکالا اور وہ بھرا ہوا تھا پھر لوگوں نے رسول اللہ ﷺ سے بھوک کی شکایت کی آپؐ نے

فرمایا قریب ہے کہ اللہ تمہیں کھانا کھلائے ہم سمندر کے کنارے آئے تو سمندر کی لہر بلند ہوئی اور ایک جانور باہر پھینکا ہم نے اس کے ایک حصہ پر آگ جلائی اور پکایا اور بھونا اور ہم نے کھایا یہاں تک کہ ہم سیر ہو گئے۔ حضرت جابرؓ کہتے ہیں میں اور فلاں اور فلاں یہاں تک کہ انہوں نے پانچ افراد کا شمار کیا اس کی آنکھ کے گڑھے میں داخل ہوئے اور ہمیں کوئی نہیں دیکھتا تھا یہاں تک کہ ہم نکلے اور ہم نے اس کی پسلیوں میں سے ایک پسلی لی پھر ہم نے اس کی قوس بنائی اور قافلہ کے سب سے بڑے آدمی اور سب سے بڑے اونٹ اور زین منگوائی وہ اس کے نیچے گیا اور اس نے اپنا سر نہیں جھکایا۔☆

[19]20: بَاب: فِي حَدِيثِ الْهِجْرَةِ وَيُقَالُ لَهُ حَدِيثُ الرَّحْلِ

باب: حدیث ہجرت جسے حدیث رحل بھی کہا جاتا ہے

5315{75} حَدَّثَنِي سَلَمَةُ بْنُ شَبِيبٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ أَعْيَنَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا أَبُو إِسْحَقَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ يَقُولُ جَاءَ أَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ إِلَى أَبِي فِي مَنْزِلِهِ فَاشْتَرَى مِنْهُ رَحْلًا فَقَالَ لِعَازِبٍ ابْعَثْ مَعِيَ ابْنَكَ يَحْمِلْهُ مَعِي إِلَى مَنْزِلِي

5315: حضرت براء بن عازبؓ کہتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیقؓ میرے والد کے پاس ان کے گھر میں آئے اور ان سے ایک کجاوہ خریدا اور عازبؓ سے کہا کہ میرے ساتھ اپنے بیٹے کو بھیجو کہ میرے ساتھ اسے میرے گھر تک اٹھا کر لے جائے میرے والد نے مجھے کہا کہ اسے اٹھاؤ میں نے اسے اٹھا لیا

☆ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس روایت میں بعض مختلف موقعوں پر ہونے والے واقعات کو جمع کر دیا گیا ہے۔ واللہ اعلم

5315 :اطراف: مسلم كتاب الاشربة باب جواز شرب اللبن 3735، 3736

تخريج: بخارى كتاب اللقطة باب من عرف اللقطة ولم يدفعها الى السلطان 2439 كتاب المناقب باب علامات النبوة فى الاسلام 3615 كتاب فضائل اصحاب النبى ﷺ باب مناقب المهاجرين وفضلهم 3652 كتاب مناقب الانصار باب هجرة النبى ﷺ واصحابه الى المدينة 3908، 3917 كتاب الاشربة باب شرب اللبن 5607

فَقَالَ لِي أَبِي احْمِلْهُ فَحَمَلْتُهُ وَخَرَجَ أَبِي مَعَهُ يَنْتَقِدُ ثَمَنَهُ فَقَالَ لَهُ أَبِي يَا أَبَا بَكْرٍ حَدِّثْنِي كَيْفَ صَنَعْتُمَا لَيْلَةَ سَرَيْتَ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَعَمْ أَسْرَيْنَا لَيْلَتَنَا كُلَّهَا حَتَّى قَامَ قَائِمُ الظَّهِيرَةِ وَخَلَا الطَّرِيقُ فَلَا يَمُرُّ فِيهِ أَحَدٌ حَتَّى رُفِعَتْ لَنَا صَخْرَةٌ طَوِيلَةٌ لَهَا ظِلٌّ لَمْ تَأْتِ عَلَيْهِ الشَّمْسُ بَعْدُ فَنَزَلْنَا عِنْدَهَا فَأَتَيْتُ الصَّخْرَةَ فَسَوَّيْتُ بِيَدِي مَكَانًا يَنَامُ فِيهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ظِلِّهَا ثُمَّ بَسَطْتُ عَلَيْهِ فَرْوَةً ثُمَّ قُلْتُ نَمْ يَا رَسُولَ اللَّهِ وَأَنَا أَنْفُضُ لَكَ مَا حَوْلَكَ فَنَامَ وَخَرَجْتُ أَنْفُضُ مَا حَوْلَهُ فَإِذَا أَنَا بِرَاعِي غَنَمٍ مُقْبِلٍ بِغَنَمِهِ إِلَى الصَّخْرَةِ يُرِيدُ مِنْهَا الَّذِي أَرَدْنَا فَلَقِيتُهُ فَقُلْتُ لِمَنْ أَنْتَ يَا غُلَامُ فَقَالَ لِرَجُلٍ مِنْ أَهْلِ الْمَدِينَةِ قُلْتُ أَفِي غَنَمِكَ لَبَنٌ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ أَفَتَحْلُبُ لِي قَالَ نَعَمْ فَأَخَذَ شَاةً فَقُلْتُ لَهُ انْفُضِ الضَّرْعَ مِنَ الشَّعَرِ وَالتُّرَابِ وَالْقَذَى قَالَ فَرَأَيْتُ الْبَرَاءَ يَضْرِبُ بِيَدِهِ عَلَى الْأُخْرَى يَنْفُضُ فَحَلَبَ لِي فِي قَعْبٍ مَعَهُ كُثْبَةً مِنْ لَبَنٍ قَالَ وَمَعِي إِدَاوَةٌ أَرْتَوِي فِيهَا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

اور میرے والد بھی ان کے ساتھ اس کی قیمت لینے کے لئے چل پڑے میرے والد نے ان سے کہا اے ابوبکرؓ مجھے یہ بتائیں کہ آپ جب رسول اللہ ﷺ کے ساتھ رات کو سفر پر نکلے تو آپ دونوں نے کیا کیا؟ انہوں نے کہا کہ ہم ساری رات چلتے رہے یہانتک کہ دوپہر ہوگئی اور راستہ خالی ہوگیا اور اس راستہ میں کوئی چلنے والا نہ رہا یہانتک کہ ایک بلند چٹان ہمارے سامنے آئی اس کا سایہ تھا ابھی اس پر دھوپ نہیں آئی تھی۔ ہم اس کے قریب اُترے۔ میں اس پتھر کے پاس آیا اور اپنے ہاتھ سے ایک جگہ کو برابر کیا جہاں نبی ﷺ اس کے سائے میں سو جائیں اور میں نے فر (fur) کی چادر بچھادی اور عرض کی یا رسولؐ اللہ! آپؐ سوجائیں، میں آپؐ کا پہرہ دیتا ہوں چنانچہ آپؐ سوگئے۔ میں آپؐ کے پہرہ کے لئے نکلا تو میں نے سامنے سے ایک چرواہے کو اپنی بکریوں کے ساتھ اس چٹان کی طرف آتے دیکھا اس کا بھی وہی مقصد تھا جو ہمارا تھا۔ میں اسے ملا اور کہا کہ اے لڑکے تم کس کے (ملازم) ہو؟ اس نے کہا کہ اہلِ (مدینہ) میں سے ایک شخص کا۔ میں نے کہا کیا تمہاری بکریوں میں دودھ ہے؟ اس نے کہا ہاں میں نے کہا کیا تم میرے لئے دودھ دوہو گے؟ اس نے کہا ہاں اس نے بکری لی میں نے کہا کہ اس کے تھن سے بال، مٹی اور گندگی جھاڑ دو ـــــ راوی کہتے ہیں کہ میں نے براء کو دیکھا کہ وہ اپنا ہاتھ دوسرے پر مار رہے

وَسَلَّمَ لِيَشْرَبَ مِنْهَا وَيَتَوَضَّأَ قَالَ فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَرِهْتُ أَنْ أُوقِظَهُ مِنْ نَوْمِهِ فَوَافَقْتُهُ اسْتَيْقَظَ فَصَبَبْتُ عَلَى اللَّبَنِ مِنَ الْمَاءِ حَتَّى بَرَدَ أَسْفَلُهُ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ اشْرَبْ مِنْ هَذَا اللَّبَنِ قَالَ فَشَرِبَ حَتَّى رَضِيتُ ثُمَّ قَالَ أَلَمْ يَأْنِ لِلرَّحِيلِ قُلْتُ بَلَى قَالَ فَارْتَحَلْنَا بَعْدَمَا زَالَتْ الشَّمْسُ وَاتَّبَعَنَا سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ وَنَحْنُ فِي جَلَدٍ مِنْ الْأَرْضِ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ أُتِينَا فَقَالَ لَا تَحْزَنْ إِنَّ اللَّهَ مَعَنَا فَدَعَا عَلَيْهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَارْتَطَمَتْ فَرَسُهُ إِلَى بَطْنِهَا أُرَى فَقَالَ إِنِّي قَدْ عَلِمْتُ أَنَّكُمَا قَدْ دَعَوْتُمَا عَلَيَّ فَادْعُوَا لِي فَاللَّهُ لَكُمَا أَنْ أَرُدَّ عَنْكُمَا الطَّلَبَ فَدَعَا اللَّهَ فَنَجَا فَرَجَعَ لَا يَلْقَى أَحَدًا إِلَّا قَالَ قَدْ كَفَيْتُكُمْ مَا هَاهُنَا فَلَا يَلْقَى أَحَدًا إِلَّا رَدَّهُ قَالَ وَوَفَى لَنَا و حَدَّثَنِيهِ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ ح و حَدَّثَنَاه إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ كِلَاهُمَا عَنْ إِسْرَائِيلَ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ عَنْ الْبَرَاءِ قَالَ اشْتَرَى أَبُو بَكْرٍ مِنْ

تھے —— اس نے ایک برتن میں کچھ دودھ دوہا۔ وہ کہتے ہیں میرے پاس ایک چھاگل تھی جس میں میں نبی ﷺ کے لئے پانی رکھتا تھا تا کہ آپؐ اسے پئیں اور وضوء کریں۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نبی ﷺ کے پاس آیا لیکن میں آپؐ کو نیند سے جگانا پسند نہ کرتا تھا مگر جب میں آپؐ کے پاس گیا تو آپؐ جاگ گئے تھے۔ میں نے دودھ پر کچھ پانی ڈالا یہاںتک کہ اس کا نچلا حصہ (بھی) ٹھنڈا ہو گیا۔ میں نے عرض کیا یارسولؐ اللہ! اس دودھ سے پی لیں۔ وہ کہتے ہیں کہ آپؐ نے پیا یہاںتک کہ میں خوش ہوگیا پھر آپؐ نے فرمایا کیا چلنے کا وقت نہیں ہوا؟ میں نے عرض کیا جی حضور۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم سورج کے زوال کے بعد چلے اور سراقہ بن مالک نے ہمارا پیچھا کیا ہم سخت زمین پر تھے میں نے عرض کیا یارسولؐ اللہ! ہم تک پہنچ گئے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا غم نہ کر یقیناً اللہ ہمارے ساتھ ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے اس کے خلاف دعا کی تو اس کا گھوڑا پیٹ تک دھنس گیا۔ اس نے کہا کہ میں سمجھتا ہوں کہ تم دونوں نے مجھے بددعا دی ہے اس لئے میرے لئے دعا کریں اللہ کے نام کا یہ وعدہ ہے کہ میں تعاقب کرنے والوں کو آپ دونوں سے واپس کردوں گا کیونکہ اللہ تم دونوں کے ساتھ ہے۔ پھر آپؐ نے دعا کی تو اسے نجات ملی۔ وہ واپس لوٹ گیا اور جس سے بھی وہ ملتا تو وہ کہتا کہ میں تمہارے لئے کافی ہوں یہاں نہیں ہیں اس طرح جس سے بھی

أَبِي رَحْلًا بِثَلَاثَةَ عَشَرَ دِرْهَمًا وَسَاقَ الْحَدِيثَ بِمَعْنَى حَدِيثِ زُهَيْرٍ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ و قَالَ فِي حَدِيثِهِ مِنْ رِوَايَةِ عُثْمَانَ بْنِ عُمَرَ فَلَمَّا دَنَا دَعَا عَلَيْهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاخَ فَرَسُهُ فِي الْأَرْضِ إِلَى بَطْنِهِ وَوَثَبَ عَنْهُ وَقَالَ يَا مُحَمَّدُ قَدْ عَلِمْتُ أَنَّ هَذَا عَمَلُكَ فَادْعُ اللَّهَ أَنْ يُخَلِّصَنِي مِمَّا أَنَا فِيهِ وَلَكَ عَلَيَّ لَأُعَمِّيَنَّ عَلَى مَنْ وَرَائِي وَهَذِهِ كِنَانَتِي فَخُذْ سَهْمًا مِنْهَا فَإِنَّكَ سَتَمُرُّ عَلَى إِبِلِي وَغِلْمَانِي بِمَكَانِ كَذَا وَكَذَا فَخُذْ مِنْهَا حَاجَتَكَ قَالَ لَا حَاجَةَ لِي فِي إِبِلِكَ فَقَدِمْنَا الْمَدِينَةَ لَيْلًا فَتَنَازَعُوا أَيُّهُمْ يَنْزِلُ عَلَيْهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَنْزِلُ عَلَى بَنِي النَّجَّارِ أَخْوَالِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ أُكْرِمُهُمْ بِذَلِكَ فَصَعِدَ الرِّجَالُ وَالنِّسَاءُ فَوْقَ الْبُيُوتِ وَتَفَرَّقَ الْغِلْمَانُ وَالْخَدَمُ فِي الطُّرُقِ يُنَادُونَ يَا مُحَمَّدُ يَا رَسُولَ اللَّهِ يَا مُحَمَّدُ يَا رَسُولَ اللَّهِ [7522,7521]

وہ ملتا اسے لوٹا دیتا۔ وہ (حضرت ابوبکرؓ) کہتے ہیں اس نے ہم سے وفا کی۔

ایک روایت میں (جَاءَ اَبُوْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ اِلَى أَبِيْ فِيْ مَنْزِلِهِ کی بجائے) اِشْتَرَى اَبُوْ بَكْرٍ مِنْ اَبِيْ رَحْلًا بِثَلَاثَةَ عَشَرَ دِرْهَمًا کے الفاظ ہیں مگر اس میں یہ بھی ہے کہ جب وہ قریب ہوا تو رسول اللہ ﷺ نے اسے بددعا دی تو اس کا گھوڑا پیٹ تک دھنس گیا اور وہ اس سے کود گیا اور کہا کہ اے محمدؐ! مجھے پتہ چل گیا ہے کہ یہ آپؐ کا کام ہے، آپؐ میرے لئے اللہ سے دعا کریں کہ وہ مجھے اس حالت سے جس میں میں ہوں نجات دے اور یہ میری ذمہ داری ہے کہ میں اپنے پچھلوں پر اس بات کو اندھیرے میں رکھوں گا یہ میرا ترکش ہے اس میں سے ایک تیر لیں آپؐ فلاں فلاں جگہ سے میرے اونٹوں اور غلاموں کے پاس سے گزریں گے جو آپ کی ضرورت ہو وہ لے لینا۔ آپؐ نے فرمایا مجھے تمہارے اونٹوں کی ضرورت نہیں ہم رات کو مدینہ آئے تو لوگ آپس میں بحث کرنے لگے کہ ان میں سے کون ہے جس کے ہاں رسول اللہ ﷺ قیام فرمائیں گے۔ تو آپؐ نے فرمایا کہ میں عبدالمطلب کے ننھیال بنی نجار کے ہاں قیام کروں گا۔ اسی طرح میں ان کا احترام کروں گا۔ مرد اور عورتیں گھروں کے اوپر چڑھ گئے اور بچے اور خادم راستوں میں پھیل گئے وہ یا محمدؐ یا رسولؐ اللہ! یا محمدؐ یا رسولؐ اللہ! پکارتے تھے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

كِتَابُ التَّفْسِيْرِ

تفسیر کی کتاب

فِيْ تَفْسِيْرِ آيَاتٍ مُتَفَرِّقَةٍ

متفرق آیات کی تفسیر

5316{1} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ هَذَا مَا حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ أَحَادِيثَ مِنْهَا وَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِيلَ لِبَنِي إِسْرَائِيلَ ادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَقُولُوا حِطَّةٌ يُغْفَرْ لَكُمْ خَطَايَاكُمْ فَبَدَّلُوا فَدَخَلُوا الْبَابَ يَزْحَفُونَ عَلَى أَسْتَاهِهِمْ وَقَالُوا حَبَّةٌ فِي شَعَرَةٍ [7523]

5316: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ بنی اسرائیل کو کہا گیا کہ اس دروازہ میں سجدہ کرتے ہوئے داخل ہوجاؤ اور کہو ہم بوجھ ہلکا کرنے کی التجا کرتے ہیں تمہاری خطائیں بخش دی جائیں گی مگر انہوں نے بات بدل دی اور وہ دروازہ میں اپنی پیٹھ کے بل گھسٹ کر چل رہے تھے اور کہہ رہے تھے سٹہ میں دانہ!

5317{2} حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بُكَيْرٍ النَّاقِدُ وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ عَبْدٌ حَدَّثَنِي و قَالَ الْآخَرَانِ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ يَعْنُونَ ابْنَ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ صَالِحٍ وَهُوَ ابْنُ

5317: حضرت انسؓ بن مالک بیان کرتے ہیں کہ اللہ عزّ وجل نے رسول اللہ ﷺ پر آپؐ کی وفات سے پہلے پے در پے وحی نازل فرمائی یہانتک کہ آپؐ کی وفات ہوگئی اور سب سے زیادہ وحی اس روز ہوئی جس روز رسول اللہ ﷺ کی وفات ہوئی۔

5316: تخریج: بخاری كتاب احاديث الانبياء باب حديث الخضر مع موسىٰ عليهما السلام 3403 كتاب التفسير باب و اذ قلنا ادخلوا هذه القرية.... 4479 باب و قولوا حطة 4641 **ترمذی** كتاب تفسير القرآن باب و من سورة البقرة 2956

5317: تخریج: بخاری كتاب فضائل القرآن باب كيف نزول الوحى وأوّل ما نزل 4982

كَيْسَانَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ أَخْبَرَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ أَنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ تَابَعَ الْوَحْيَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ وَفَاتِهِ حَتَّى تُوُفِّيَ وَأَكْثَرُ مَا كَانَ الْوَحْيُ يَوْمَ تُوُفِّيَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [7524]

5318{3} حَدَّثَنِي أَبُو خَيْثَمَةَ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ وَهُوَ ابْنُ مَهْدِيٍّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ أَنَّ الْيَهُودَ قَالُوا لِعُمَرَ إِنَّكُمْ تَقْرَءُونَ آيَةً لَوْ أُنْزِلَتْ فِينَا لَاتَّخَذْنَا ذَلِكَ الْيَوْمَ عِيدًا فَقَالَ عُمَرُ إِنِّي لَأَعْلَمُ حَيْثُ أُنْزِلَتْ وَأَيَّ يَوْمٍ أُنْزِلَتْ وَأَيْنَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيْثُ أُنْزِلَتْ أُنْزِلَتْ بِعَرَفَةَ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاقِفٌ بِعَرَفَةَ قَالَ سُفْيَانُ أَشُكُّ كَانَ يَوْمَ جُمُعَةٍ أَمْ لَا يَعْنِي الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي [7525]

5318:طارق بن شہاب بیان کرتے ہیں کہ یہود نے حضرت عمرؓ سے کہا آپ لوگ ایک آیت پڑھتے ہیں اگر وہ ہم پر نازل ہوتی تو ہم اس دن کو عید بنا لیتے۔حضرت عمرؓ نے فرمایا میں خوب جانتا ہوں کہ وہ آیت کہاں اور کس دن اتری؟اور جب وہ اتری اس وقت رسول اللہ ﷺ کہاں تھے یہ آیت عرفہ میں اتری اور رسول اللہ ﷺ عرفہ میں وقوف فرما تھے۔ سفیان کہتے ہیں کہ مجھے اس بات میں شبہ ہے کہ وہ جمعہ کا دن تھا یا نہیں۔اس آیت سے اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ مراد ہے۔☆

☆ المائدة : 4

5318:اطراف: **مسلم** کتاب التفسیر فی تفسیر آیات متفرقة 5319 ، 5320

تخریج: **بخاری** کتاب الایمان باب زیادة الایمان ونقصانه 45 کتاب المغازی باب حجة الوداع 4407 کتاب التفسیر باب قوله الیوم اکملت لکم دینکم 4606 کتاب الاعتصام بالکتاب والسنة باب 7268 **ترمذی** کتاب تفسیر القرآن باب ومن سورة المآئدة 3043 **نسائی** کتاب مناسک الحج ماذکر فی یوم عرفة 3002 کتاب الایمان و شرائعه،زیادة الایمان 5012

5319{4} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ وَاللَّفْظُ لِأَبِي بَكْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ إِدْرِيسَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ قَالَ قَالَتْ الْيَهُودُ لِعُمَرَ لَوْ عَلَيْنَا مَعْشَرَ يَهُودَ نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةَ الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيتُ لَكُمْ الْإِسْلَامَ دِينًا نَعْلَمُ الْيَوْمَ الَّذِي أُنْزِلَتْ فِيهِ لَاتَّخَذْنَا ذَلِكَ الْيَوْمَ عِيدًا قَالَ فَقَالَ عُمَرُ فَقَدْ عَلِمْتُ الْيَوْمَ الَّذِي أُنْزِلَتْ فِيهِ وَالسَّاعَةَ وَأَيْنَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ نَزَلَتْ نَزَلَتْ لَيْلَةَ جَمْعٍ وَنَحْنُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَرَفَاتٍ [7526]

5319: طارق بن شہاب بیان کرتے ہیں کہ یہود نے حضرت عمرؓ سے کہا اگر ہم گروہ یہود پر یہ آیت نازل ہوتی اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ وَرَضِیْتُ لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا (ترجمہ) آج ہم نے تمہارے لئے تمہارا دین مکمل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت تمام کر دی اور تمہارے لئے دینِ اسلام کو پسند کر لیا۔[1] اور ہم وہ دن جانتے جس میں وہ نازل ہوئی تو ہم اس دن کو عید بنا لیتے ۔وہ (طارق بن شہاب) کہتے ہیں حضرت عمرؓ نے فرمایا مجھے اس دن کا علم ہے جب یہ آیت نازل ہوئی اور اس گھڑی کا بھی اور یہ بھی کہ رسول اللہ ﷺ کہاں تھے جب یہ آیت نازل ہوئی۔ یہ مزدلفہ کی رات نازل ہوئی[2] اور ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ عرفات میں تھے۔

5320{5} وحَدَّثَنِي عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ أَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ أَخْبَرَنَا أَبُو عُمَيْسٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ قَالَ جَاءَ

5320: طارق بن شہاب بیان کرتے ہیں کہ یہود میں سے ایک شخص حضرت عمرؓ کے پاس آیا اور کہنے لگا اے امیر المؤمنین! آپ لوگوں کی کتاب میں ایک

5319:اطراف:**مسلم** كتاب التفسير فى تفسير آيات متفرقة 5318 ، 5320

تخريج:**بخاری** كتاب الايمان باب زيادة الايمان ونقصانه 45 كتاب المغازى باب حجة الوداع 4407 كتاب التفسير باب قوله اليوم اكملت لكم دينكم 4606 كتاب الاعتصام بالكتاب والسنة باب 7268 **ترمذی** كتاب تفسير القرآن باب ومن سورة المآئدة 3043 **نسائی** كتاب مناسک الحج ماذكر فى يوم عرفة 3002 كتاب الايمان وشرائعه،زيادة الايمان 5012

1:۔ المائدة : 4 2:۔بخاری میں لَیْلَةَ الْجُمُعَةِ ہے۔

5320:اطراف:**مسلم** كتاب التفسير فى تفسير آيات متفرقة 5318 ، 5319

تخريج:**بخاری** كتاب الايمان باب زيادة الايمان ونقصانه 45 كتاب المغازى باب حجة الوداع 4407 كتاب التفسير باب قوله اليوم اكملت لكم دينكم 4606 كتاب الاعتصام بالكتاب والسنة 7268 **ترمذی** كتاب تفسير القرآن باب ومن سورة المآئدة 3043 **نسائی** كتاب مناسک الحج ماذكر فى يوم عرفة 3002 كتاب الايمان وشرائعه،زيادة الايمان 5012

رَجُلٌ مِنَ الْيَهُودِ إِلَى عُمَرَ فَقَالَ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ آيَةٌ فِي كِتَابِكُمْ تَقْرَءُونَهَا لَوْ عَلَيْنَا نَزَلَتْ مَعْشَرَ الْيَهُودِ لَاتَّخَذْنَا ذَلِكَ الْيَوْمَ عِيدًا قَالَ وَأَيُّ آيَةٍ قَالَ الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيتُ لَكُمُ الْإِسْلَامَ دِينًا فَقَالَ عُمَرُ إِنِّي لَأَعْلَمُ الْيَوْمَ الَّذِي نَزَلَتْ فِيهِ وَالْمَكَانَ الَّذِي نَزَلَتْ فِيهِ نَزَلَتْ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَرَفَاتٍ فِي يَوْمِ جُمُعَةٍ [7527]

آیت ہے جسے آپ لوگ پڑھتے ہیں اگر ہم گروہ یہود پر نازل ہوتی تو ہم اس دن کو عید بنا لیتے۔ آپؓ نے پوچھا کونسی آیت! اس نے کہا اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا (ترجمہ) آج ہم نے تمہارے لئے تمہارا دین مکمل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت تمام کر دی اور تمہارے لئے دینِ اسلام کو پسند کر لیا۔☆ حضرت عمرؓ نے فرمایا مجھے وہ دن بھی خوب معلوم ہے جس دن یہ آیت نازل ہوئی اور وہ جگہ بھی جہاں یہ آیت نازل ہوئی۔ رسول اللہ ﷺ پر یہ آیت عرفات میں جمعہ کے دن اتری۔

5321{6} حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سَرْحٍ وَحَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى التُّجِيبِيُّ قَالَ أَبُو الطَّاهِرِ حَدَّثَنَا و قَالَ حَرْمَلَةُ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَأَلَ عَائِشَةَ عَنْ قَوْلِ اللَّهِ وَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا تُقْسِطُوا فِي الْيَتَامَى فَانْكِحُوا مَا طَابَ

